احسن الفتاوی

مؤلف

فقیہ العصر مفتی رشید احمد صاحب

ناشر

ایچ ایم سعید کمپنی

ادب منزل پاکستان چوک کراچی

بسم الله الرحمن الرحیم

فَسْئَلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ

اِنَّمَا شِفَاءُ الْعِيِّ السُّوَالُ

احسن الفتاویٰ

بحذف مکررات و تخریجات فرائض مسائل غیر مہمہ

جلد ۲

(از)

فقیہ العصر مفتی اعظم مفتی رشید احمد صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ

(واحد تقسیم کنندگان)

ایچ ایم سعید کمپنی

ادب منزل پاکستان چوک، کراچی

نام کتاب ـــــ احسن الفتاوی

جلد ـــــ دوم

زیر اہتمام ـــــ ایچ ایم سعید کمپنی کراچی

ضخامت ـــــ ۵۶۴ صفحات

کتابت ـــــ محمد فاروق خطاط کراچی

تعداد ـــــ ایک ہزار

پریس ـــــ ایجوکیشنل پریس کراچی

سن طبع ـــــ سنہ ۱۴۰۰ھ

طبع یازدہم ـــــ ۱۴۲۵ھ

(ملنے کا پتہ)

ایچ ایم سعید کمپنی

ادب منزل پاکستان چوک کراچی

فہرست مضامین احسن الفتاوی جلد دوم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

کتاب الطہارۃ

زبان سے وضوء کی نیت کرنا مستحب ہے:

سوال: وضو کرتے وقت جو نیت کرتے ہیں زبان سے کرنا ثابت ہے یا نہیں؟ بیّنوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

مستحب ہے۔ قال فی التنویر ومن آدابہ الجمع بین نیۃ القلب وفعل اللسان وفی الشرح ھذہ رتبۃ وسطی بین من سن التلفظ بالنیۃ وبین من کرھہ لعدم نقلہ عن السلف (رد المحتار ص ۱۱۵ ج ۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۸ رمضان سنہ ۹۳ھ

بدون نیت نہانے سے وضوء ہو جائے گا:

سوال: بغیر کسی نیت کے یونہی نہالیا جائے یا سمندر میں تیر لیا جائے تو کیا وضوء خود بخود ہو جائیگا؟ اگر ہو جائیگا تو کیا سر کا مسح بھی ہو جائیگا؟ بیّنوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

وضوء مع مسح صحیح ہو جائیگا، البتہ بدون نیت کے ثواب نہیں ملیگا۔ قال فی العلائیۃ وصرحوا بانہ بدونھا لیس بعبادۃ وفی الشامیۃ ای الوضوء بدون النیۃ لیس عبادۃ وذلک کان دخل الماء مدفوعا او مختارا لقصد التبرد او لمجرد ازالۃ الوسخ کما فی الفتح (رد المحتار ص ۹۹ ج ۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۱ جمادی الآخرہ سنہ ۹۳ھ

وضوء سے قبل اعوذ باللہ پڑھنا:

سوال: وضو سے قبل اعوذ باللہ الخ تک پڑھنا مستحب و جائز ہے یا نہیں؟ بیّنوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

وضو سے قبل بسم اللہ پڑھنا سنّت ہے۔ بسم اللہ سے قبل اعوذ باللہ پڑھنے کا بھی ضعیف قول ہے،

راجح یہی ہے کہ نہ پڑھے۔ قال فی الشامیۃ، وقیل الافضل بسم اللہ الرحمٰن الرحیم بعد التعوذ وفی المجتبیٰ یجمع بینهما (رد المحتار ص۷۴ ج ۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۵ جمادی الاولیٰ سنہ ۹۱ھ

وضوء میں ہر عضو پر بسم اللہ پڑھنا:

سوال: وضوء میں ہر عضو پر بسم اللہ پڑھنا مستحب ہے، یا نہیں؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصواب

وضوء میں صحیح حدیث سے صرف یہ دعاء ثابت ہے:

اللهم اغفرلی ذنبی ووسع لی فی داری وبارك لی فی رزقی۔

کتب فقہ میں یہ دعائیں بھی منقول ہیں:

(۱) ہر عضو دھوتے وقت بسم اللہ العظیم والحمد للہ علی دین الاسلام۔

(۲) ہر عضو پر کلمۂ شہادت۔

(۳) ہر عضو پر درود شریف۔

(۴) کلی کرتے وقت اللهم اعنی علی تلاوۃ القرآن وذکرك وشکرك وحسن عبادتك۔

(۵) ناک میں پانی ڈالتے وقت اللهم ارحنی رائحۃ الجنۃ ولا ترحنی رائحۃ النار۔

(۶) چہرہ دھوتے وقت اللهم بیض وجهی یوم تبیض وجوہ وتسود وجوہ۔

(۷) دایاں ہاتھ دھوتے وقت اللهم اعطنی کتابی بیمینی وحاسبنی حسابا یسیرا۔

(۸) بایاں ہاتھ دھوتے وقت اللهم لا تعطنی کتابی بشمالی ولا من وراء ظهری۔

(۹) سر کے مسح کے وقت اللهم اظلنی تحت عرشك یوم لا ظل الا ظل عرشك۔

(۱۰) کانوں کے مسح کے وقت اللهم اجعلنی من الذین یستمعون القول فیتبعون احسنه۔

(۱۱) گردن کے مسح کے وقت اللهم اعتق رقبتی من النار۔

(۱۲) دایاں پاؤں دھوتے وقت اللهم ثبت قدمی علی الصراط یوم تزل الاقدام۔

(۱۳) بایاں پاؤں دھوتے وقت اللهم اجعل ذنبی مغفورا وسعیی مشکورا وتجارتی لن تبور۔

ان میں سے کوئی دعاء بھی کسی صحیح روایت سے ثابت نہیں، اور ضعیف حدیث پر عمل کرنے کے جواز کی تین شرائط میں سے ایک شرط یہ بھی ہے کہ اسکو سنت نہ سمجھے (رد المحتار ص۱۱۹ ج ۲) اس زمانہ میں غلبۂ جہالت کی وجہ سے عوام بلکہ اکثر خواص بھی سنت سمجھنے لگے ہیں، لہٰذا

اس سے احتراز کرنا چاہیئے۔

علاوہ ازیں ان دعاؤں میں مشغولیت صحیح حدیث سے ثابت مسنون دعا "اللہم اغفرلی ذنبی الخ" کے ترک بلکہ اس سے اعراض کو مستلزم ہے۔ واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم۔ ۲۵ ذی الحجہ سنہ ۱۳۸۶ھ

گھر سے وضو کرکے مسجد میں آنا افضل ہے:

سوال: زید کہتا ہے کہ مسجد میں آکر وضو کرنے کے بجائے گھر سے وضو کرکے آنا زیادہ ثواب ہے، کیا زید کا یہ قول صحیح ہے؟ بیّنوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصّواب

زید کا قول صحیح ہے، گھر سے وضو کرکے مسجد کی طرف آنے کی فضیلت احادیث میں آئی ہے

عن ابی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم صلوٰة الرجل فی الجماعة تضعف علی صلوٰته فی بیته وسوقه خمسا وعشرین ضعفا وذلك انه اذا توضأ فاحسن الوضوء ثم خرج الی المسجد لا یخرجه الا الصّلوٰة لم یخط خطوة الا رفعت له بها درجة وحط عنه بها خطیئة فاذا صلی لم تزل الملائکة تصلّی علیه ما دام فی مصلاه اللّهم صل علیه اللّهم ارحمه ولا یزال احدکم فی صلوٰة ما انتظر الصّلوٰة (متفق علیه)

وعن ابی امامة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم من خرج من بیته متطهرا الی صلوٰة مکتوبة فاجره کاجر الحاج المحرم ومن خرج الی تسبیح الضحی لا ینصبه الا ایاه فاجره کاجر المعتمر وصلوة علی اثر صلوٰة لا لغو بینهما کتاب فی علیین (رواه احمد وابوداود)

وعن عبد الله بن مسعود رضی الله تعالیٰ عنه (فی حدیث طویل) وما من رجل یتطهر فیحسن الطهور ثم یعمد الی مسجد من هذه المساجد الا کتب الله له بکل خطوة یخطوها حسنة ورفعه بها درجة وحط عنه بها سیئة (رواه مسلم)

وعن سهل بن حنیف مرفوعا من تطهر فی بیته ثم اتی مسجد قباء فصلی فیه صلوٰة کان له کاجر عمرة (ابن ماجه)

عقلاً بھی گھر سے وضو کرکے مسجد کی طرف چلنے کی فضیلت ظاہر ہے اسلئے کہ اسمیں مسجد اور جماعت کا احترام ہے۔ کوئی شخص کسی دربار میں حاضر ہونا چاہے تو اس کی عظمت کا تقاضا ہے کہ گھر سے صاف ستھرا ہوکر چلے، نہ یہ کہ دربار میں پہنچکر پانی تلاش کرے، یہ دربار کی عظمت کے خلاف ہے، جیساکہ حرم میں داخل ہونے والے کے لئے مواقیت سے احرام باندھنے کے حکم سے بھی بیت اللہ کی عظمت کا اظہار مقصود ہے۔

اس سے ثابت ہوا کہ آجکل مساجد میں جاکر وضو کرنیکا جو عام دستور ہوگیا ہے یہ درست نہیں البتہ مسافر یا معذور وغیرہ کے لئے کوئی مضایقہ نہیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۲۴ر ربیع الآخر سنہ ۷۸ ہجری

تحقیق مسح گردن

سوال: روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ گردن کا مسح کانوں سے پہلے سر کے ساتھ کرنا چاہیئے حتیٰ بلغ القفا کے الفاظ عام روایات میں ہیں اور کتب فقہ میں کانوں کے بعد مسح گردن تحریر ہے۔ پس صورت تطبیق کیا ہوگی؟ بیّنوا توجروا

الجواب ومنہ الصدق والصواب

حتّٰی بلغ القفا کے الفاظ سے مسح رقبہ ثابت نہیں ہوتا۔ قفا اور رقبہ میں فرق ہے۔ قفا سر کا جزء ہے اور رقبہ مستقل عضو ہے۔ بالفرض قفا بمعنی رقبہ لے لیا جائے تو بھی اس پر قصداً مسح کرنا ثابت نہیں ہوتا بلکہ بغرض استیعاب رأس ہوا ہے۔ مسح رقبہ کے اثبات پر حضرت مولانا عبد الحی صاحب لکھنوی قدس سرہٗ کا رسالہ "تحفۃ الطلبۃ فی تحقیق مسح الرقبۃ" قابلِ قدر ہے۔ اس میں مندرجہ ذیل روایات بھی ہیں۔

(۱) ذکر ابن السکن فی کتاب الحروف حدیث مصرف بن عمرو یبلغ بہ عمرو بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال رأیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم توضأ فمسح لحیتہ وقفاہ۔

(۲) روی ابونعیم فی تاریخ اصبہان من حدیث ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال من توضأ ومسح عنقہ وقی الغل یوم القیامۃ۔

(۳) روی الدیلمی فی مسند الفردوس من حدیث ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما مسح الرقبۃ امان من الغل یوم القیامۃ۔

(۴) روی ابوعبید فی کتاب الطہور عن عبد الرحمٰن بن مہدی یبلغ بہ موسیٰ بن طلحۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ انہ قال من مسح قفاہ مع رأسہ وقی الغل یوم القیامۃ قال العینی فی شرح الہدایۃ ہٰذا وان کان موقوفاً لٰکن لہ حکم الرفع لانہ لا مجال للرأی فیہ انتہیٰ

(۵) حکی ابن ہمام من حدیث وائل فی صفۃ وضوء رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ثم مسح علی رأسہ ثلاثا وظاہر اذنیہ ثلاثا وظاہر رقبتہ الخ رواہ الترمذی۔

وقال قدس سرہٗ فی حاشیۃ رسالتہ المذکورۃ (قولہ رواہ الترمذی) ہٰکذا ذکر فی الفتح وتبعہ الشیخ الدہلوی

فی شرح سفر السعادة لکنی لم اجدہ فی النسخ المتداولة من جامع الترمذی وذکر العینی فی البنایة والجمال الزیلعی فی تخریج احادیث الهدایة المسمی بنصب الرایة وابن حجر العسقلانی فی ملخص تخریج الزیلعی المسمی بالدرایة هذه الروایة مسندة الی البزار اھ۔

ان روایات کی سند میں اگرچہ کلام ہے مگر فضائل میں ضعیف روایت پر بھی عمل جائز ہے۔ نیز تعدد طرق کی وجہ سے روایت میں قوت آجاتی ہے اگرچہ ہر سند ضعیف ہو۔

رسالہ مذکورہ میں حتیٰ بلغ القفا اور حتیٰ بلغ القذال والی روایات بھی ہیں، مگر ان سے استدلال تام نہیں کما مرّ مذکورہ بالا روایت میں سے روایت اولیٰ ورابعہ میں بھی اگرچہ قفا کا ذکر ہے مگر اسے مستقلاً ذکر کرنے سے ظاہر ہے کہ اس سے مسح رقبہ ہی مراد ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

سلخ جمادی الآخرہ سنہ ۷۹ھ

وضو میں انگلیوں کا خلال سنّتِ مؤکدہ ہے:

سوال: وضو میں انگلیوں کا خلال کرنا سنّتِ مؤکدہ ہے یا نہیں؟ اور سنّتِ مؤکدہ کا ترک گناہِ صغیرہ ہے یا کبیرہ؟ وضو میں خلال کا ترک کرنا مکروہ تحریمی ہے یا تنزیہی؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصواب

سنّتِ مؤکدہ ہے اور بلا عذر مع الاصرار ترک کرنا مکروہ تحریمی ہونے کی وجہ سے گناہِ کبیرہ ہے قال فی شرح التنویر وتخلیل (الاصابع) الیدین بالتشبیك والرجلین بخنصر یدہ الیسری بادیًا بخنصر رجله الیمنی وهذا بعد دخول الماء خلالها فلو منضمة فرض قال فی الشامیة (قوله وتخلیل الاصابع) هو سنة مؤکدة اتفاقا سراج (رد المحتار ص۱۰۶ ج ۱) وفی موضع أخر منه فی الحدیث من ترك سنتی لم ینل شفاعتی فترك السنة المؤکدة قریب من الحرام قال ابن عابدین تحت (قوله وفی الزیلعی) ومقتضاہ ان ترك السنة المؤکدة مکروہ تحریمًا لجعله قریبًا من الحرام والمراد بها سنن الهدی کالجماعة والاذان والاقامة فان تارکها مضلل ملوم والمراد الترك علی وجه الاصرار بلا عذر (رد المحتار ص۲۳۷ ج ۵) وفی واجبات الصلوٰة ولها واجبات لا تفسد بترکها وتعاد وجوبًا فی العمد والسهو ان لم یسجد لها یکون فاسقا اٰثمًا قال الشامی (قوله یکون فاسقا) اقول صرح العلامة ابن نجیم فی رسالته المؤلفة فی بیان المعاصی بان کل مکروہ تحریمًا من الصغائر وصرح ایضًا بانهم شرطوا لاسقاط العدالة بالصغیرة الادمان علیها (رد المحتار ص۴۲۵ ج ۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۵ رجمادی الآخرہ سنہ ۸۷ھ

وضوء میں وِلاء اور ہر عضو پر دُعاء :

سوال : وضوء میں جلدی کرنا مستحب ہے یا نہیں ؟ اگر مستحب ہے تو ہر عضو دھوتے وقت بسم اللہ ، کلمۂ شہادت اور ہر عضو کے لئے مستقل ماثور دُعاء ، ہر عضو دھونے کے بعد درود شریف ، علاوہ ازیں دُعاء رَبِّ اغْفِرْ لِیْ ذَنْبِیْ الخ کیسے پڑھ سکتا ہے ؟ بینوا توجروا ۔

الجواب باسم ملہم الصواب

وضوء اور غُسل میں ولاء سنت ہے ، یعنی اتنی تاخیر نہ کرے کہ معتدل ہوا میں دوسرا عضو دھونے سے قبل پہلا عضو خشک ہو جائے ، اسی طرح مسح کے بعد اور تیمم میں اتنی دیر کرنا کہ اس وقت اگر کوئی عضو دھویا ہوتا تو وہ خشک ہو جاتا خلافِ سنّت ہے ۔ کذا حرر العلامۃ ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ وقال فاغتنم ھذا التحریر (ردّ المحتار ص۱۱۲ ج ۲) وِلاء کی تعریف مذکور کے تحت اتنے وقت میں تو بہت کچھ پڑھ سکتا ہے ، علاوہ ازیں کتبِ فقہ میں ان دعاؤں میں سے کوئی ایک پڑھنا مذکور ہے ، اور حقیقت یہ ہے کہ اللھم اغْفِرْ لِیْ ذَنْبِیْ الخ کے سوا کوئی دُعاء بھی کسی صحیح حدیث سے ثابت نہیں ، فضائل میں کسی ضعیف حدیث پر عمل کرنیکے جواز کی شرائط میں سے ایک شرط یہ بھی ہے کہ اسے سُنت نہ سمجھا جائے ، اس زمانہ میں غلبۂ جہالت کی وجہ سے لوگ سنت سمجھنے لگتے ہیں ، لہٰذا ایسے اُمور سے احتراز کرنا چاہیئے ۔

قال فی الشامیۃ تحت (قولہ والتسمیۃ کما مرّ) فصار مجموع ما یذکر عند کل عضو التسمیۃ والشھادۃ والدعاء والصّلوٰۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم لکن قال صاحب الھدایۃ فی مختارات النوازل ویسمی عند غسل کل عضو او یدعوا بالدعاء المأثور فیہ او یأتی بکلمۃ الشھادۃ او یصلی علی النبیّ صلی اللہ علیہ وسلم فانی فی الجمیع باو ولکن رأیت فی الحلیۃ عن المختارات ویدعو بالواو وباو فی البواقی فلیراجع (ردالمحتار ص۸۱ ج ۱) وقال العلامۃ الرافعی رحمہ اللہ تعالیٰ راجعت النوازل فرأیتہ عبر باو فی جمیع المعاطیف ، (التحریر المختار ص۱۸ ج ۱)

وفی ھذا البحث من العلائیۃ قال محقق الشافعیۃ الرملی فیعمل بہ فی فضائل الاعمال وان انکرہ النووی (فائدۃ) شرط العمل بالحدیث الضعیف عدم شدۃ ضعفہ وان یدخل تحت اصل عام وان لا یعتقد سنیۃ ذلک الحدیث (ردالمحتار ص۱۱۹ ج ۲)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم ۔۔۔ ۲۸ شعبان ۸۷ ھ

مسواک کا ایک بالشت ہونا مستحب ہے :

سوال : ایک بالشت سے کم شروع میں مسواک کا استعمال کرنا درست ہے یا نہیں؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملہم الصّواب

شروع ہی سے ایک بالشت سے کم مسواک بنانا خلافِ استحباب ہے۔ استعمال کے بعد کم ہو جائے تو کچھ حرج نہیں۔ لما فی العلائیۃ وندب امساکہ بیمناہ وکونہ لینا مستویا بلاعقد فی غلظ الخنصر وطول شبر وفی الشامیۃ (قولہ وطول شبر) الظاہر انہ فی ابتداء استعمالہ فلا یضر نقصہ بعد ذلک بالقطع منہ لتسویتہ تأمل وھل المراد شبر المستعمل او المعتاد الظاہر الثانی لانہ محمل الاطلاق غالبًا (رد المحتار ص ۸۵ ج ۱) ایسے مستحبات عمومًا سہولت وغیرہ پر مبنی ہوتے ہیں انہیں حکم شرعی نہ سمجھنا چاہئے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔ ۱۷ رجب سنہ ۸۸ ہجری

اعضاءِ وضو کو تین بار سے زیادہ دھونا :

سوال : وضو میں بعض لوگ تین بار کہنی تک ہاتھ دھوکر پھر تین بار پانی بہاتے ہیں تو یہ چھ مرتبہ ہوگیا، وضو میں یہ فعل درست ہے یا مکروہ یا ناجائز اور اس طرح کرنا چھ مرتبہ سمجھا جائیگا یا تین مرتبہ۔ بیّنوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصّواب

اگر تین سے زائد اس اعتقاد سے دھورہا ہے کہ یہ ثواب یا سنّت ہے تو مکروہ تحریمی ہے۔ اور اگر یہ اعتقاد نہیں مگر بدون کسی داعیہ کے کر رہا ہے تو عبث ہونے کی وجہ سے مکروہ تنزیہی ہے، اور اگر کبھی ازالۂ شک اور طمانینت قلب کی خاطر تین سے زیادہ بار دھولیا تو کوئی کراہت نہیں، البتہ مسجد اور مدرسہ کے وقف پانی سے تین بار سے زیادہ دھونا حرام ہے۔ قال فی شرح التنویر والاسراف ومنہ الزیادۃ علی الثلث فیہ تحریمًا لو بماء النھر والمملوک لہ اما الموقوف علی من یتطھر بہ ومنہ ماء المدارس فحرام وقال فی الشامیۃ (قولہ والاسراف) ای بان یستعمل منہ فوق الحاجۃ الشرعیۃ لما اخرج ابن ماجۃ وغیرہ عن عبد اللہ بن عمرو بن العاص ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مر بسعد وھو یتوضأ فقال ما ھٰذا السرف فقال أفی الوضوء اسراف فقال نعم وان کنت علیٰ نھر جار حلیہ (قولہ ومنہ) ای من الاسراف الزیادۃ علی الثلاث ای فی الغسلات مع اعتقاد ان ذلک ھو السّنۃ لما قدمنا من ان الصحیح ان النھی محمول علی ذلک فاذا لم یعتقد ذلک وقصد الطمانینۃ عند الشک او قصد

الوضوء علمه الوضوء بعد الفراغ منه فلا كراهة كما مرّ تقريره اهـ واما الكراهة التنزيهية فلا كرها تحت قوله تحريمًا (ردالمحتار ص ۱۲۳ ج ۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۱۲ ربیع الآخر سنہ ۹۰ ھ

وضوء میں ڈاڑھی کے بالوں کا تر کرنا:

سوال: وضوء کے درمیان اگر ڈاڑھی کے بالوں میں کچھ خشکی رہ جائے تو وضو ہوجائیگا؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصواب

اگر ڈاڑھی اتنی ہلکی ہو کہ اس میں سے چہرے کی کھال نظر آتی ہو تو کھال تک پانی پہنچانا ضروری ہے ورنہ نہیں۔ بال جو چہرے کی حدّ کے اندر ہیں ان کا دھونا فرض ہے اور جو ٹھوڑی سے نیچے لٹک رہے ہیں ان کا دھونا ضروری نہیں، اولیٰ ہے۔ لانہ فرض عند الشافعی رحمه الله تعالیٰ قال فی شرح التنویر لاخلاف ان المسترسل لایجب غسله ولا مسحه بل یسن وان الخفیفة التی تری بشرتها یجب غسل ما تحتها کذا فی النهر۔ وفی الشامیة (قوله ان المسترسل) ای الخارج عن دائرة الوجه وفسره ابن حجر فی شرح المنهاج بما لومدّ من جهة نزوله لخرج عن دائرة الوجه وعلیٰ هٰذا فالنابت علی اسفل الذقن لایجب غسل شیء منه لانه بمجرد ظهوره یخرج عن حدّ الوجه لان ذٰلك جهة نزوله وان کان لومدّ الی فوق لایخرج عن حدّ الجبهة وکذا النابت علی اطراف الحنك من اللحیة واما النابت علی الخدین فیجب غسل ما دخل منه فی دائرة الوجه دون الزائد علیها (قوله بل یسن) ای المسح لکونه الاقرب لمرجع الضمیر وعبارة المنیة صریحة فی ذٰلك کذا فی ح (ردالمحتار ج ۱ ص ۹۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۳۰ جمادی الاولیٰ سنہ ۹۳ ھ

وضو کے بعد آسمان کی طرف دیکھنا:

سوال: وضو کرنے کے بعد آسمان کی طرف دیکھنے کا کیا حکم ہے؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصواب

وضوء کے بعد کلمۂ شہادت پڑھتے وقت آسمان کی طرف دیکھنا حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے، کما فی روایة ابی داؤد۔

وقال العلامة ابن عابدین رحمه الله تعالیٰ تحت (قوله وان یقول بعده) وزاد فی

المنیۃ ایضًا وان یقول بعد فراغہ سبحانک اللّٰھم وبحمدک اشھد ان لا الٰہ الا انت
استغفرک واتوب الیک واشھد ان محمدًا عبدک ورسولک ناظرًا الی السماء (رد المحتار ص۹۵ ج۱)
(اس سے رجوع کی تفصیل تتمہ میں ہے)　　　فقط واللہ تعالیٰ اعلم
۵ ر صفر سنہ ۸۴ ہجری

حالتِ وضوء میں قبلہ کی طرف تھوکنا:

سوال: قبلہ رُخ بیٹھ کر وضو کرتے ہیں تو اس صورت میں تھوکتے بھی ہیں۔ ویسے قبلہ کی طرف تھوکنے سے لوگ منع کرتے ہیں اس کی کیا حیثیت ہے؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملہم الصواب

قبلہ کی طرف تھوکنا مکروہ ہے۔ اگر قبلہ کی طرف منہ ہو مگر نیچے زمین کی طرف تھوکے تو اس میں کوئی کراہت نہیں، چنانچہ حدیث میں ہے کہ نماز میں تھوکنے کی ضرورت پیش آئے تو پاؤں کے نیچے تھوک دے، حالانکہ اسوقت نمازی قبلہ رُخ ہے اسکے باوجود نیچے کی طرف تھوکنے کی اجازت دی گئی ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۱۵ ر رجب سنہ ۹۲ھ

جس کے ہاتھ کٹے ہوئے ہوں وہ وضوء کیسے کرے؟:

سوال: اگر کسی شخص کے ہاتھ کٹے ہوئے ہوں وہ نماز کے لئے وضو کیسے کرے؟ بیّنوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

اعضاء وضوء پر پانی بہالے۔ اگر اس پر قدرت نہ ہو تو تیمم کرے۔ اگر ہاتھوں پر زخم ہوں یا بازو پورے کٹے ہوں اور چہرے پر کسی طرح پانی بہانے کی قدرت بھی نہ ہو تو چہرے کو زمین یا دیوار وغیرہ سے تیمم کی نیت سے مل لے، اگر چہرے پر زخم وغیرہ کی وجہ سے اس پر بھی قادر نہ ہو تو بدون طہارت کے ہی نماز پڑھتا رہے۔ قال فی التنویر مقطوع الیدین والرجلین اذا کان بوجھہ جراحۃ یصلی بغیر طہارۃ ولا یعید علی الاصح۔ وفی الشامیۃ (قولہ وبوجھہ جراحۃ) والا مسحہ علی التراب ان لم یمکنہ غسلہ (رد المحتار ص۲۳۳ ج۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم
۲۲ ر ربیع الآخر سنہ ۹۷ھ

جرمانہ کے لوٹے سے وضو کرنا:

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین و مفتیانِ شرع متین مندرجہ ذیل مسئلہ کے متعلق۔

جملہ پنچ صاحبان نے کسی دنیوی یا دینی قصور پر زید پر یہ جرمانہ کیا کہ مسجد میں بیس عدد لوٹے خرید کر لوگوں کے وضوء کے لئے رکھدو۔ تو اب سوال یہ ہے کہ جرمانہ تو حنفیہ کے نزدیک ناجائز ہے مگر اب جو زید پر جرمانہ ہوا اور اس نے لوٹے رکھدیئے تو ان لوٹوں سے وضوء کرنا بھی جائز ہے یا نہیں؟ اور جو اس وضوء سے نماز پڑھی ہے یہ نماز بلا کراہت درست ہوگی یا نہیں؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصواب

اگر زید لوٹے رکھنے پر بشرح قلب راضی ہو جائے، تو ان لوٹوں کا استعمال جائز ہے ورنہ نہیں، بدوں رضائے زید ان لوٹوں سے وضوء کرنا اگرچہ گناہ ہے مگر وضوء ہو جائے گا اور نماز بلا کراہت صحیح ہو جائے گی، صرف لوٹوں کے استعمال کا گناہ ہوگا۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۴ ذی قعدہ سنہ ۸۶ھ

نماز جنازہ یا سجدۂ تلاوت کے لئے وضوء کیا تو اس سے نماز پڑھ سکتا ہے:

سوال: نماز جنازہ یا سجدۂ تلاوت کے لئے وضوء کیا تو اس سے نماز پڑھنا جائز ہے یا نہیں؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصواب

جائز ہے بلکہ پانی نہ ملنے یا مرض کی وجہ سے نماز جنازہ کے لئے تیمم کیا ہو تو اس سے بھی دوسری نماز پڑھنا جائز ہے۔ قال ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ (قوله بخلاف صلوة جنازة) ای فان تیممها تجوز به سائر الصلوات لکن عند فقد الماء واما عند وجوده اذا خاف فوتها فانما تجوز به الصلوة علی جنازة اخری اذا لم یکن بینهما فاصل کما مر ولا یجوز به غیرها من الصلوات افاده ح (رد المحتار ص۲۳۶ ج۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۳ صفر سنہ ۹۰ ہجری

اخبار میں لکھی ہوئی آیات قرآن کو بے وضوء چھونا:

سوال: اخبار کے جس صفحہ پر آیتِ قرآنی لکھی ہو اسکو بے وضوء ہاتھ لگانا کیسا ہے؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصواب

جہاں آیتِ قرآن لکھی ہو صرف اس جگہ بے وضوء ہاتھ لگانا منع ہے، دوسرے مواضع کو ہاتھ لگانا جائز ہے، البتہ اگر چھوٹی سے چھوٹی آیت یعنی چھ حروف سے بھی کم ہو تو ایک قول کے مطابق اس پر

بھی ہاتھ لگانے کی گنجائش ہے۔ قال فی شرح التنویر ویحرم بہ ای بالاکبر و بالاصغر مس مصحف ای مافیہ اٰیۃ کدرھم وجدار وفی الحاشیۃ تحت (قولہ ای مافیہ اٰیۃ الخ) لکن لایحرم فی غیر المصحف الا المکتوب ای موضع الکتابۃ کذا فی باب الحیض من البحر وقید بالاٰیۃ لانہ لوکتب مادونہا لایکرہ مسہ کما فی حیض القہستانی وینبغی ان یجری ھنا ما جری فی قراءۃ مادون اٰیۃ من الخلاف والتفصیل المارین ھناک بالاولی لان المس یحرم بالحدث ولو اصغر بخلاف القراءۃ فکانت دونہ تأمل (رد المحتار ص۱۱۶ ج۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۷ رجب سنہ ۹۲ھ

قرآن کے ٹیپ یا پلیٹ کو بے وضوء ہاتھ لگانا:

سوال: فونو گرام یا ریڈیو میں تلاوتِ قرآن شریف کرائی جاتی ہے اور جو پلیٹ یا ٹیپ ریکارڈ میں قرآن شریف ہے ان کو بے وضو یا جنابت کی حالت میں چھونا اور سجدۂ تلاوت وغیرہ میں قرآنِ کریم کی طرح حکم ہے یا نہیں؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملھم الصواب

ریڈیو میں اگر آیتِ سجدہ پڑھی گئی تو سامع پر سجدہ واجب ہوگا۔ پلیٹ یا ٹیپ ریکارڈ میں نہ قرآنِ کریم کی کتابت ہے اور نہ ہی اسکی آواز قرآن کی آواز ہے بلکہ صدائے بازگشت کی طرح آواز کی نقل ہے لہٰذا اسکے احکام قرآنِ کریم جیسے نہیں، اسے بے وضو چھونا جائز ہے اور سجدہ کی آیت سننے سے سجدہ واجب نہ ہوگا۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۹ صفر سنہ ۹۴ ہجری

بے وضوء قرآن کے خالی صفحہ کو ہاتھ لگانا جائز نہیں:

سوال: بلا وضوء قرآنِ کریم کے اس صفحہ کو ہاتھ لگانا جہاں قرآنِ کریم کی آیت نہ لکھی ہو جیساکہ قرآن کریم میں اوپر کے صفحہ پر آیت قرآنی کے حروف نہیں ہوتے اسکا شرعاً کیا حکم ہے؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملھم الصواب

قرآنِ کریم کے خالی صفحہ کو بھی بے وضو چھونا جائز نہیں، بلکہ جلد پر بھی ہاتھ لگانا منع ہے قال فی التنویر ویحرم بہ ای بالاکبر و بالاصغر مس مصحف الا بغلاف متجاف (رد المحتار ص۱۱۶ ج۱) وفی الحیض منہ ومسہ الا بغلافہ وفی الشرح المنفصل عنہ وفی الحاشیۃ (قولہ و

مسہ) ای القرآن ولوفی لوح او درھم اوحائط لکن لا یمنع الا من مس المکتوب بخلاف المصحف فلا یجوز مس الجلد وموضع البیاض منہ (رد المحتار ص۲۷ ج۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۸ رجب سنہ ۹۶ھ

روغن چھڑائے بغیر وضوء نہ ہوگا:

سوال: جو لوگ رنگریزی کا کام کرتے ہیں یا تارکول (ڈامبر) کا کاروبار کرتے ہیں ان کے متعلق یہ امر دریافت طلب ہے کہ رنگ یا تارکول جو انکے ہاتھ پیر وغیرہ پر لگے ہوتے ہیں یہ دھونے سے صاف نہیں ہوتے اور وضوء کرنے سے انکے نیچے پانی نہیں جاتا تو کیا انکے ہاتھوں پر لگنے کی صورت میں ان کا وضوء ہو جائے گا؟ بینوا توجروا

الجواب باسم ملہم الصواب

رنگریز جو کپڑا رنگنے کا کام کرتے ہیں ان کے ہاتھوں پر جو رنگ لگا ہوتا ہے اُسے اتارنے کی ضرورت نہیں۔ البتہ لکڑی اور لوہے وغیرہ پر کرنے کا چپکنے والا روغن اگر جم گیا تو اسے اُتارے بغیر وضوء نہ ہوگا۔ ہاں اگر ایسے روغن کی تہ نہیں جمی صرف رنگ نظر آتا ہے تو وضوء ہو جائیگا اسلئے کہ یہاں پانی کے پہنچنے سے کوئی مانع نہیں۔ قال فی شرح التنویر ولا یمنع ما علی ظفر صباغ ولا طعام بین اسنانہ او سنہ المجوف بہ یفتی وقیل ان صلبا منع وھو الاصح وفی الشامیۃ (قولہ وھو الاصح) صرح بہ فی شرح المنیۃ وقال لامتناع نفوذ الماء مع عدم الضرورۃ والحرج اھ (رد المحتار ص۱۴۳ ج۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲ شعبان سنہ ۹۵ ہجری

شرمگاہ میں انگلی داخل کرکے نکالنے سے وضوء ٹوٹ گیا:

سوال: زید نے اپنی زوجہ کی شرمگاہ میں مع کپڑے کے یا بغیر کپڑے کے انگلی داخل کی تو زوجہ کا وضوء ٹوٹ گیا یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

وضوء ٹوٹ گیا خواہ انگلی پر کپڑا ہو یا نہو۔ اسلئے کہ جب انگلی نکلے گی تو اس پر نجاست ضرور لگی ہوگی اور خروجِ نجاست ناقضِ وضوء ہے۔ البتہ اگر انگلی فرج داخل یعنی گول سوراخ کے اندر نہیں گئی تو وضوء نہیں گیا۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۱۵ ذی الحجہ سنہ ۸۶ ہجری

زکام اور رمد کے پانی کا حکم :

سوال : زکام کی حالت میں ناک سے پانی بہتا ہے کیا اس سے وضو ٹوٹ جاتا ہے یا نہیں؟ بیّنوا توجروا،

الجواب باسم ملهم الصواب

فی الدرالمختار فی مباحث المعذور وصاحب عذر من به سلس بول (الی ان قال) او بعینه رمد او عمش او غرب وکذا کل ما یخرج بوجع ولو من اذن وثدی وسرّة وقال فی الشامیة (قوله وکذا کل ما یخرج بوجع الخ) ظاهره یعم الانف اذا زکم ط (رد المحتار ص۲۲۳ ج ۱)

عبارتِ بالا سے معلوم ہوا کہ زکام کی وجہ سے جو پانی ناک سے بہتا رہتا ہے ناقضِ وضو ہے، اور جس شخص کو ایسا زکام ہو وہ معذور ہے اس پر احکام معذور جاری ہونگے ۔

علامہ شامی نے لکن صرحوا بان ماء فم النائم طاهر ولو منتنا فتأمل سے اشکال وارد کیا ہے اسکا جواب یہ ہے کہ ماء الفم بسبب علت نہیں ہوتا اور ماء الزکام للعلة ہوتا ہے۔ یہ فرق ظاہر بھی ہے اور علامہ رافعی نے التحریر المختار میں اس کی تصریح بھی کی ہے ۔ ونصه (قوله لکن صرحوا بان ماء فم النائم الخ) ای مقتضی ما صرحوا ان لا یکون الزکام ناقضا بالاولی لانبعاثه من الرّأس الذی لیس محل النجاسة وانبعاث الاوّل من الجوف الذی محلها لکن یفرق بینهما بان الزکام خارج بعلة بخلاف ماء فم النائم ولو منتنا اھ (التحریر المختار ص۳۱ ج ۱)

وجع ضروری نہیں بسبب علت خروج مار نجس ہے اور ناقضِ وضوء کما فی الشامیة تحت القول المذکور۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۱۳ ذی قعدہ سنہ ۸۳ھ

اصلاح مسئلہ بالا :

نظرِ غائر سے معلوم ہوتا ہے کہ مارِ رمد و مارِ زکام ناقض نہیں اسلئے کہ منہ کی طرح ناک اور آنکھ اصلی رطوبت کا محل ہے، منہ میں زخم ہونے کی صورت میں جب تک پیپ کا یقین یا خون نظر نہ آئے اسوقت تک لعاب ناقض نہیں اگرچہ عارض کی وجہ سے لعاب کثرت سے بہے، یہی حکم ناک، کان اور آنکھ کا ہونا چاہیئے، ماہرینِ فن ڈاکٹروں سے تحقیق کرنے پر معلوم ہوا کہ زکام اور رمد کے پانی کا زخم کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۱۶ شوال سنہ ۹۳ھ

پاخانہ کے مقام سے کیڑا نکلنا ناقضِ وضو ہے :

سوال : اگر دورانِ نماز میں پاخانہ کے مقام سے کیڑا باہر نکل آئے تو نماز یا وضو ٹوٹ جائیگا یا نہیں ؟ بیّنوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصّواب

وضو ٹوٹ جائے گا لہٰذا نماز نہ ہوگی۔ کما فی نواقض التنویر وریح اودودة او حصاة من دبر (ردالمحتار ص۱۳۶ ج۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲ ذی قعدہ سنہ ۹۱ھ

نوم قاعد کے ناقضِ وضو ہونے کی صورتیں :

سوال : بیٹھ کر سونے کی کونسی صورتیں ناقضِ وضو نہیں، انکی تفصیل مطلوب ہے، بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصّواب

قال فی الدر (نوم يزيل مسكته) ای قوته الماسكة بحيث تزول مقعدته من الارض وهو النوم على احد جنبيه او وركيه او قفاه او وجهه و (الا) يزل مسكته (لا) ينقض وان تعمده فی الصلاة او غيرها على المختار كالنوم قاعدا ولو مستندا الى ما لو ازيل لسقط على المذهب وساجدا على الهيئة المسنونة ولو فی غير الصلاة على المعتمد ذكره الحلبی اد متوركا او محتبيا و رأسه على ركبتيه او شبه المنكب (الى قوله) ولو نام قاعدا يتمايل فقط ان انتبه حين سقط فلا نقض به يفتى وقال ابن عابدين رحمه الله تعالى (قوله على المذهب) ای على ظاهر المذهب عن ابی حنيفة وبه اخذ عامة المشايخ وهو الاصح كما فی البدائع و اختار الطحاوی والقدوری وصاحب الهداية النقض ومشى عليه بعض اصحاب المتون و هذا اذا لم تكن مقعدته زائلة عن الارض والا نقض اتفاقا كما فی البحر وغيره - (قوله او شبه المنكب) ای على وجهه وهو كما فی شروح الهداية ان ينام واضعا اليتيه على عقبيه وبطنه على فخذيه ونقل عدم النقض به فی الفتح عن الذخيرة ايضا ثم نقل عن غيرها لو نام متربعا و رأسه على فخذيه نقض قال وهذا يخالف ما فی الذخيرة واختار فی المنية النقض فی مسألة الذخيرة لارتفاع المقعدة وزوال التمكن واذا نقض فی التربع مع انه اشد تمكنا فالوجه الصحيح النقض هنا ثم ايده بما فی الكفاية عن المبسوطين من انه لو نام قاعدا او وضع اليتيه على عقبيه وصار شبه المنكب على وجهه قال ابو يوسف عليه الوضوء (ردالمحتار ص۱۳۲ ج۱)

تفصیلِ بالا سے امورِ ذیل ثابت ہوئے۔

① اگر کسی چیز کے ساتھ ٹیک لگائے بغیر سویا اور گرا نہیں یا گرتے ہی فوراً بیدار ہوگیا تو وضو نہیں ٹوٹا۔

② سجدہ کی ہیئتِ مسنونہ پر سونا ناقضِ وضو نہیں اگرچہ غیر نماز میں ہو۔

③ اگر پوری مقعد زمین پر قائم نہیں اور ٹیک لگاکر سویا، خواہ اپنی ران وغیرہ ہی پر ہو تو وضوء ٹوٹ گیا، لہٰذا دو زانو بیٹھ کر ران وغیرہ پر ٹیک لگاکر سونے سے وضوء جاتا رہے گا۔ اسی طرح چار زانو بیٹھ کر ران پر ٹیک لگائی اور اتنا جھک گیا کہ پوری مقعد زمین پر قائم نہیں رہی تو بھی وضوء جاتا رہا، البتہ اگر پوری مقعد زمین پر قائم رہے مثلاً گھٹنے کھڑے کرکے ہاتھوں سے پکڑ لئے، یا کپڑے وغیرہ سے کمر کے ساتھ باندھ لئے اور گھٹنوں پر سر رکھ کر سوگیا یا چار زانو بیٹھ کر کہنیوں سے رانوں پر ٹیک لگاکر صرف اتنا جھکا کہ پوری مقعد زمین پر قائم رہی تو وضو نہیں ٹوٹا۔

④ اگر پوری مقعد زمین پر قائم ہے اور ٹیک لگاکر اتنی گہری نیند سویا کہ اس چیز کو ہٹا دیا جائے تو گر جائے، اس صورت میں اختلاف ہے، عدمِ نقض مفتی بہ ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۰ ذی الحجہ سنہ ۹۶ھ

وریدی انجکشن ناقضِ وضوء ہے:

سوال: حضرتِ والا نے بیان فرمایا تھا کہ وریدی انجکشن میں خون نکلنے کی وجہ سے وضوء ٹوٹ جاتا ہے تو کیا ہر انجکشن میں خون نکلنا ضروری ہے۔ نیز اگر خون نکلا تو وہ پچکاری میں دوا کے ساتھ ملکر دوبارہ بدن میں داخل ہو جائے گا۔ اگر اس خون کو خارج مان لیا جائے تو کیا اس صورت میں تداوی بالمحرم نہ ہوگی؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصواب

وریدی انجکشن میں سوئی کے ورید میں پہنچنے کا یقین حاصل کرنیکا صرف یہی ذریعہ ہے کہ پچکاری میں خون آجائے، جب تک پچکاری میں خون نظر نہیں آتا اسوقت تک دوا بدن میں داخل نہیں کی جاتی، عضلاتی اور جلدی انجکشن میں خون نہیں نکلتا اسلئے صرف وریدی انجکشن ناقضِ وضو ہے عضلاتی اور جلدی نہیں۔

باقی رہا تداوی بالمحرم کا مسئلہ تو اگرچہ پچکاری میں خون نکلکر دوا کے ساتھ شامل ہو جاتا ہے جس کی وجہ سے دوا نجس ہو جاتی ہے لیکن انجکشن خارجی استعمال میں داخل ہے یہی وجہ ہے

کہ انجکشن سے روزہ نہیں ٹوٹتا اور مائع متنجس مغلوب النجاسۃ کا خارجی استعمال جائز ہے ۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۴ر جمادی الاولیٰ سنہ ۹۶ھ

وضوء کے دوران گھٹنے کھل جانا :

سوال : اگر وضوء کے دوران کسی شخص کے گھٹنے کھلے ہوں تو کیا اس کے وضوء میں کوئی نقص تو نہیں آئے گا ؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصّواب

وضو میں کوئی نقص نہیں، البتہ دوسروں کے سامنے گھٹنے کھولنے کا سخت گناہ ہوگا ۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۱۱ر صفر سنہ ۹۷ ہجری

کسی کا ستر دیکھنے سے وضوء نہیں جاتا :

سوال : اگر وضو کی حالت میں یا وضو کرتے ہوئے کسی کے ستر کی جگہ پر نگاہ پڑجائے تو کیا وضو میں کچھ حرج ہوتا ہے ؟ مزید اسمیں محرم اور غیر محرم کیلئے کچھ فرق ہے یا نہیں ؟ بیّنوا توجروا ۔

الجواب باسم ملهم الصّواب

وضوء میں کچھ حرج نہیں ۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم ۔

۱۱ر صفر سنہ ۹۷ ہجری

نماز میں ہنسی کی آواز سے وضوء ٹوٹ جاتا ہے :

سوال : میں ایک روز جماعت کے ساتھ نماز پڑھ رہا تھا، مسجد میں اچانک صفوں کے درمیان بلی گھس آئی جس کی وجہ سے مجھے ہنسی آئی، میں نے بہت روکنے کی کوشش کی، مگر منہ کو دبایا تو ناک سے زور سے ہنسی کی آواز نکل گئی، اس سے نماز اور وضوء میں فساد آیا یا نہیں ؟ بیّنوا توجروا،

الجواب باسم ملهم الصّواب

اگر اتنی آواز نکلی کہ صرف پاس والا آدمی سُن سکے تو صرف نماز فاسد ہوئی وضو نہیں گیا، اور اگر ہنسی کی آواز اتنی بلند ہو کہ پاس والے آدمی کے علاوہ کچھ گرد و نواح کے لوگ بھی سُن لیں تو وضوء بھی جاتا رہا، یہ حکم بالغ کے لئے ہے، نابالغ کا وضوء نماز میں ہنسنے سے نہیں ٹوٹتا ۔

اسمیں اختلاف ہے کہ بالغ کا وضو مطلقاً فاسد ہوگیا یا کہ صرف نماز کے حق میں اسے بے وضوء

قرار دیا گیا ہے اور اس کے لئے مسِ مصحف وغیرہ جائز ہے، قول ثانی راجح ہے۔

فی نواقض الوضوء من شرح التنویر (وقہقہۃ) ھی ما یسمع جیرانہ (بالغ) ولو امرأۃ سہوًا (یقظان) فلا یبطل وضوء صبی ونائم بل صلاتھما۔

وفی الشامیۃ قیل انہا من الاحداث وقیل لا وانما وجب الوضوء بہا عقوبۃ وزجرا وفائدۃ الخلاف فی مس المصحف یجوز علی الثانی لا الاول کما فی المعراج قال فی النہرو ینبغی ان یظہر ایضًا فی کتابۃ القرآن واما حل الطواف بہذا الوضوء ففیہ تردد والحاق الطواف بالصلوٰۃ یؤذن بانہ لا یجوز فتدبرہ ورجح فی البحر القول الثانی ؤایدہ فی النہر (رد المحتار ص ۱۳۲ ج ۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۵ ربیع الاول سنہ ۹۷ھ

وضو کے بعد تولیہ سے پونچھنا :

سوال : وضو کرنے کے بعد وضو کے اعضاء کو کسی کپڑے سے خشک کیا جائے یا ویسے ہی رہنے دیا جائے ؟ بیّنوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصّواب

وضو کے بعد رومال سے صاف کرنے میں کوئی حرج نہیں۔ مگر بہتر یہ ہے کہ زیادہ نہ رگڑے تاکہ وضو کا کچھ اثر باقی رہے۔ قال فی الشامیۃ تحت (قولہ والتمسح بمندیل) فی الخانیۃ ولا بأس بہ للمتوضئ والمغتسل، روی عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انہ کان یفعلہ ومنہم من کرہ ذٰلک ومنہم من کرہہ للمتوضئ دون المغتسل والصحیح ما قلنا الا انہ ینبغی ان لا یبالغ ولا یستقصی فیبقی اثر الوضوء علیٰ اعضائہ (رد المحتار ص ۱۲۱ ج ۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم ۱۱ رمضان سنہ ۹۷ھ

فرج خارج میں انگلی لگانا ناقض وضو نہیں :

سوال : کیا یہ ہو سکتا ہے کہ کوئی سیلان کی مریضہ عورت نماز یا تلاوت کے دوران کچھ وقفے سے کھال کے اندر انگلی سے چھو کر دیکھ لیا کرے کہ آیا پانی نکلا ہے یا نہیں اور اگر اس نے اسی طریقہ سے دیکھا مگر جگہ بالکل پاک تھی تو اس صورت میں اس کے شرمگاہ دیکھنے اور چھونے سے وضو ٹوٹے گا یا نہیں ؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملہم الصواب

اس سے وضو نہیں ٹوٹے گا، البتہ آگے گول سوراخ کے اندر انگلی داخل کرنے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے، اس لئے کہ انگلی کے ساتھ اندرونی نجاست بھی باہر آئے گی۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۱۰ رشوال ۹۰ھ

پانی اور مٹی دونوں نہوں تو کیا کرے ؟ :

سوال : زید گاڑی پر سفر کر رہا ہے اور بے وضوء ہے ادھر نماز کا وقت ہو چکا ہے اور پانی بھی معدوم ہے نیز نماز پڑھنے کے لئے گاڑی میں جگہ بھی موجود نہیں ہے تو کیا بلا وضو بالاشارہ نماز ادا کر سکتا ہے یا نہیں ؟ دوسری صورت، اگر اس کو وضو تو ہے لیکن جگہ نہیں ہے تو عدم موضع کی وجہ سے نماز بالاشارہ پڑھ سکتا ہے یا نہیں ؟ مذکورہ دونوں صورتوں میں نماز کے فوت ہونے کا بھی خوف ہے، بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملہم الصواب

دونوں صورتوں میں جیسے بھی ممکن ہو نماز پڑھ لے مگر بعد میں قضا کرے۔ فقط واللہ اعلم

۶ ربیع الاول ۹۸ھ

ناخن پالش وضوا ورغسل سے مانع ہے :

سوال : علماء کرام و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کیا فرماتے ہیں کہ اس دور میں عورتیں جو ناخن پالش لگاتی ہیں، جب ان سے کہا جائے کہ ناخن پالش لگانا ناجائز ہے، اس کے ہوتے ہوئے وضو نہیں ہوتا جو کہ نماز کے لئے شرط ہے اور نماز ارکان اسلام میں سے ہے جب وضو ہی نہ ہوا تو نماز جو اس پر مرتب ہوتی ہے وہ کیسے صحیح ہوگی، تو جواباً کہتی ہیں کہ یہ تزیین کے لئے لگائی جاتی ہے جو کہ عورت کے لئے ضروری ہے۔ فقہاء کرام بھی فرماتے ہیں کہ عورت کو خاوند کے لئے ہر وقت تیار و مزین رہنا چاہیئے پھر کیونکر نہ لگائی جائے کیا اس کا لگانا جائز ہے یا ناجائز ؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملہم الصواب

ایسی تزیین حرام ہے جو شرعی فرائض کی صحت سے مانع ہو، جو چیز بدن تک پانی پہنچنے سے مانع ہو اس کی موجودگی میں وضوا ورغسل صحیح نہیں ہوتا اگر بال برابر بھی جگہ خشک رہ گئی تو وضوا ور

غسل نہ ہوگا، حضرات فقہاء رحمہم اللہ تعالیٰ نے گندھے ہوئے خشک آٹے کو صحت وضوء سے مانع قرار دیا ہے حالانکہ وہ ناخن پالش جتنا سخت نہیں ہوتا اور اس کی ضرورت بھی ہے تو ناخن پالش کی اجازت کیسے ہو سکتی ہے۔ جتنی بھی نمازیں ناخن پالش لگا کر پڑھی ہیں وہ واجب الاعادہ ہیں اور ساتھ ساتھ توبہ و استغفار بھی کرے۔ قال فی الشامیۃ (قولہ بخلاف نحو عجین) ای کعلك وشمع وقشر سمك وخبز ممضوغ متلبد جوهرة، لکن فی النهر ولو فی اظفاره طین او عجین فالفتوی علی انه مغتفر قرویا کان او مدنیا آه نعم ذکر الخلاف فی شرح المنیة فی العجین واستظهر المنع لان فیه لزوجة وصلابة تمنع نفوذ الماء، (رد المحتار ص۱۳۳ ج ۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۱۴ جمادی الاولیٰ ۹۸ھ

کتب تفسیر و حدیث کو بلا وضوء چھونا:

سوال: تفسیر قرآن پاک اور حدیث کی کتابوں یعنی بخاری، مشکوٰۃ وغیرہ کو بغیر وضو کے چھو کر پڑھ سکتا ہے یا نہیں؟ اس کا جواب عنایت فرمائیں۔

الجواب باسم ملہم الصواب

تفسیر میں غیر قرآن زیادہ ہو تو اس کو بلا وضوء ہاتھ لگانا جائز ہے مگر جہاں قرآن لکھا ہو وہاں ہاتھ نہ لگائے۔ حدیث کی کتابوں کو بلا وضو چھونا جائز ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲ جمادی الآخرہ ۹۸ھ

خون نکالنا ناقض وضوء ہے:

سوال: کیا خون ٹیچ کرنا (جو ہسپتالوں میں مروج ہے) ناقضِ وضوء ہے یا نہیں اسلئے کہ خون خارج نہیں بلکہ مستخرج ہے۔ بینوا توجروا

الجواب باسم ملہم الصواب

نقض وضوء کے لئے دم کا خروج و استخراج دونوں برابر ہیں لہٰذا جس طرح خون نکلنا ناقض ہے اسی طرح خون نکالنے سے بھی وضوء ٹوٹ جاتا ہے اسی لئے وریدی انجکشن بھی ناقض وضوء ہے، کیونکہ اس میں خون پچکاری میں آجاتا ہے قال فی العلائیۃ والمخرج والخارج بنفسه سیان فی حکم النقض علی المختار، کذا فی البزازیۃ قال لان فی الاخراج خروجا فصار کالفصد وفی الفتح عن الکافی انه الاصح واعتمده القهستانی و فی القنیۃ وجامع الفتاویٰ

انہ الاشبہ ومعناہ انہ الاشبہ بالمنصوص روایۃً والراجح درایۃً فیکون الفتوٰی علیہ (رد المحتار ص۱۲۷ ج-۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲ جمادی الآخرہ سنہ ۹۸ھ

رسنے والے خون کے ناقض وضو ہونے کی تفصیل :

سوال : ایک زخم سے خون رستا رہتا ہے اور کپڑے کو لگتا رہتا ہے مگر بہتا نہیں، کیا یہ ناقضِ وضو ہے یا نہیں ؟ بیّنوا توجروا۔

الجواب باسم مُلہم الصّواب

ایک مجلس میں مختلف دفعات میں کپڑے پر لگنے والے خون کا اندازہ کیا جائے، اگر یہ مجموعہ اس قدر نظر آئے کہ اگر کپڑا اس کو جذب نہ کرتا تو خون بہ پڑتا تو وضو ٹوٹ جائے گا ورنہ نہیں، اگر ایک مجلس میں تو اتنا خون کپڑے پر نہیں لگا مگر مختلف مجالس کا مجموعہ اتنا ہو گیا تو وہ ناقض نہیں ۔

قال ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ (قولہ لو مسح الدم کلما خرج الخ) وکذا اذا وضع علیہ قطنا او شیئا اٰخر حتی ینشف ثم وضعہ ثانیا وثالثا فانہ یجمع جمیع ما نشف فان کان بحیث لو ترکہ سال نقض وانما یعرف ھٰذا بالاجتہاد وغالب الظن، وکذا لو القی علیہ رمادا او ترابا ثم ظہر ثانیا فتربہ ثم وثم فانہ یجمع، قالوا وانما یجمع اذا کان فی مجلس واحد مرۃ بعد اخرٰی، فلو فی مجالس فلا تاترخانیۃ، ومثلہ فی البحر، اقول وعلیہ فما یخرج من الجرح الذی ینزّ دائما ولیس فیہ قوۃ السیلان ولکنہ اذا ترک یتقوی باجتماعہ ویسیل عن محلہ فاذا نشفہ او ربطہ بخرقۃ وصار کلما خرج منہ شیء تشربتہ الخرقۃ ینظر ان کان ما تشربتہ الخرقۃ فی ذٰلک المجلس شیئا فشیئا بحیث لو ترک واجتمع لسال بنفسہ نقض والا لا، ولا یجمع ما فی المجلس الی ما فی مجلس آخر وفی ذٰلک توسعۃ عظیمۃ لاصحاب القروح ولصاحب کیّ الحمصۃ، فاغتنم ھٰذہ الفائدۃ، وکانھم قاسوھا علی القیء، ولما لم یکن ھنا اختلاف سبب تعین اعتبار المجلس فتنبہ (ردّ المحتار ص۱۲۵ ج-۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۹ رجب سنہ ۹۸ھ

گرمی دانہ کے پانی کا حکم :

سوال : موسم گرما اور برسات میں اکثر گرمی دانے نکل آتے ہیں اور کچل دینے سے ان سے پانی نکلتا ہے، اس سے وضو تو نہیں ٹوٹتا ؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم مُلہم الصّواب

اگر دانہ ٹوٹنے سے پانی از خود نہیں بہا بلکہ ہاتھ یا کپڑا لگنے سے پھیل گیا تو وضو نہیں ٹوٹا اور اگر

پانی زخم سے ابھر کر اوپر آگیا اور دانہ کے سوراخ سے زائد جگہ میں پھیل گیا مگر اوپر ابھرنے کے بعد نیچے نہیں اترا تو اس کے ناقض ہونے میں اختلاف ہے۔ راجح یہ ہے کہ ناقض نہیں قال فی العلائیۃ لو مسح الدم کلما خرج ولو ترکہ لسال نقض والا لا، وقال ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ (قولہ عین السیلان) اختلف فی تفسیرہ ففی المحیط عن ابی یوسف ان یعلو وینحدر وعن محمد اذا انتفخ علی رأس الجرح وصار اکثر من رأسہ نقض والصحیح لا ینقض اھ قال فی الفتح بعد نقلہ ذلک وفی الدرایۃ جعل قول محمد اصح ومختار السرخسی الاول وھو اولیٰ اھ اقول وکذا صححہ قاضی خان وغیرہ وفی البحر تحریف تبعہ علیہ فاجتنبہ (رد المحتار ص۱۲۵ ج ۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۹ رجب سنہ ۹۸ھ

وضو کے بعد شک غیر معتبر ہے:

سوال: وضو کرنے کے بعد شبہہ ہوا کہ وضو صحیح ہوا یا نہیں اب اس کا کیا حکم ہے؟ وضو کا اعادہ ضروری ہے یا نہیں؟ بیّنوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

اعادہ ضروری نہیں۔ قال العلاء رحمہ اللہ تعالیٰ شک فی بعض وضوئہ اعاد ماشک فیہ لو فی خلالہ ولم یکن الشک عادۃ لہ والا لا، وقال ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ (قولہ والا لا) ای وان لم یکن فی خلالہ بل کان بعد الفراغ منہ وان کان اول ماعرض لہ الشک او کان الشک عادۃ لہ وان کان فی خلالہ فلا یعید شیئا قطعا للوسوسۃ عنہ کما فی التاترخانیۃ وغیرھا فقط واللہ تعالیٰ اعلم - ۲۱ جمادی الآخرہ سنہ ۹۹ھ

با وضو ہونے میں شک کا حکم:

سوال: صورت مسئلہ یہ ہے کہ ایک شخص کو طہارت کا یقین ہے بعد میں حدث کا شک ہوگیا یا اس کے برعکس کسی کو حدث کا یقین ہے لیکن وضو کرنے میں شک ہے یعنی یہ یقین نہیں کہ اس نے وضو کیا ہے یا نہیں دونوں صورتوں کا حکم کیا ہے؟ بیّنوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

پہلی صورت میں اس کا وضو باقی ہے، دوسری صورت میں بے وضو شمار ہوگا، قال شارح التنویر رحمہ اللہ تعالیٰ ولو ایقن بالطہارۃ وشک بالحدث او بالعکس اخذ بالیقین، (رد المحتار ص۱۵۱ ج ۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۶ جمادی الآخرہ سنہ ۹۹ھ

باب الغسل

جنب کو بغیر کلّی پانی پینا مکروہ ہے :

سوال : جنبی شخص کو غسل کرنے سے پہلے کوئی چیز پینا جائز ہے یا نہیں؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصّواب

بغیر کلّی کئے پانی پینا مکروہ تنزیہی ہے اور کسی چیز کے پینے یا کھانے میں کوئی کراہت نہیں، پانی بھی صرف پہلا گھونٹ مکروہ ہے اس لئے کہ یہ پانی منہ کی جنابت زائل کرنے میں استعمال ہوا ہے، اسی طرح ہاتھ دھونے سے قبل کچھ کھانا پینا مکروہ تنزیہی ہے۔ قال العلاء ویکفی الشرب عبالان المج لیس بشرط فی الاصح وفی الشامیة (قوله لان المج الخ) ای طرح الماء لیس بشرط للمضمضة خلافا لما ذکرہ فی الخلاصة نعم ھو الاحوط من حیث الخروج عن الخلاف وبلعه ایاہ مکروہ کما فی الحلیة (ردالمحتار ص۱۴۲ ج ۱) وقال العلاء ولا ۱کله وشربه بعد غسل ید وفم وفی الشامیة (قوله بعد غسل ید وفم) اما قبله فلا ینبغی لانه یصیر شاربا للماء المستعمل وھو مکروہ تنزیھا ویدہ لا تخلو عن النجاسة فینبغی غسلھا ثم یأکل بلا ئح (ردالمحتار ص۱۶۳ ج ۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۱۹ ذی الحجہ سنہ ۸۵ ھ

غسل میں غرغرہ ضروری نہیں :

سوال : فرض غسل میں اگر صرف کلّی کرلی، غرغرہ نہیں کیا روزہ کی وجہ سے تو غسل صحیح ہوجائے گا یا نہیں؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصّواب

غسل میں غرغرہ ضروری نہیں، منہ بھر کر کُلّی کرنا ضروری ہے اگر منہ بھر کر کلّی کرلی تو غسل ہوگیا روزہ کی حالت میں غرغرہ نہیں کرنا چاہیئے۔ قال ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ (قوله غسل کل فمه الخ) عبر عن المضمضة والاستنشاق بالغسل لافادة الاستیعاب (ردالمحتار ص۱۴۱ ج ۱)

واللہ تعالیٰ اعلم ۲۵ جمادی الاولیٰ سنہ ۹۶ ھ

منہ بھر کر پانی پی لیا تو کلی کا فرض ادا ہوگیا:

سوال: اگر جنبی نے بغیر کلی کئے پانی پی لیا تو کلی کی ضرورت باقی ہے یا نہیں؟ اگر اب غسل کرلیا کلی نہیں کی تو غسل صحیح ہوا یا نہیں؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصواب

جنب کے لئے کلی سے پہلے پانی پینا مکروہ تنزیہی ہے اگر پی لیا اور منہ بھر کر پیا تو یہ کلی کے قائم مقام ہو جائے گا، اس لئے اب مستقل کلی کی حاجت نہیں مگر پھر بھی کلی کر لینا بہتر ہے۔

قال فی العلائیۃ ویکفی الشرب عبًّا لان المج لیس بشرط فی الاصح قال فی الشامیۃ (قوله ویکفی الشرب عبًّا) ای لا مصًّا فتح وهو بالعین المهملۃ والمراد به هنا الشرب بجمیع الفم وهذا هو المراد بما فی الخلاصۃ ان شرب علی غیر وجه السنۃ یخرج عن الجنابۃ والا فلا وبما قیل ان کان جاهلا جاز وان کان عالما فلا ای لان الجاهل یعب والعالم یشرب مصًّا کما هو السنۃ (قوله لان المج) ای طرح الماء من الفم لیس بشرط للمضمضۃ خلافًا لما ذکره فی الخلاصۃ نعم هو الاحوط من حیث الخروج عن الخلاف وبلعه ایاه مکروه کما فی الحلیۃ (رد المحتار ص۱۴۲ ج۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۲ رذی الحجہ سنہ ۹۶ھ

خلوت میں برہنہ غسل کرنا جائز ہے:

سوال: سنا ہے کہ غسلخانہ کی چھت نہ ہو تو اسکے اندر برہنہ غسل کرنا جائز نہیں اور فرشتوں کو حیا آتی ہے تو کیا صحیح ہے یا نہیں؟ اور غسل کرنا جائز ہوگا یا نہیں؟ بیّنوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

غیر مسقف غسلخانے میں بلکہ اکیلا ہو تو کھلی فضا میں بھی برہنہ غسل کرنا جائز ہے۔ البتہ چوگرد پردہ افضل ہے اوپر کی طرف پردہ کی کوئی حاجت نہیں۔ روی البخاری رحمه الله تعالی ان ام هانئ رضی الله تعالی عنها بنت ابی طالب انها ذهبت الی رسول الله صلی الله علیه وسلم عام الفتح فوجدته یغتسل وفاطمۃ تستره الحدیث وعن میمونۃ رضی الله تعالی عنها قالت سترت النبی صلی الله علیه وسلم وهو یغتسل من الجنابۃ فغسل یدیه الحدیث

وعن ابی هریرة رضی الله عنه عن النبی صلی الله علیه وسلم قال کانت بنو اسرائیل یغتسلون عراة ینظر بعضهم الی بعض وکان موسیٰ یغتسل وحده فقالوا والله ما منع موسیٰ

ان یغتسل معنا الا انہ اٰدر فذھب مرۃً یغتسل فوضع ثوبہ علی الحجر ففر الحجر بثوبہ الحدیث وعنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال بینا ایوب یغتسل عریاناً الحدیث - حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کپڑا بدن پر باندھنے کی بجائے کپڑے کا پردہ کراکر اس کے پیچھے غسل فرمایا، اس سے ثابت ہوا کہ لنگی وغیرہ باندھ کر غسل کرنے کی بجائے پس پردہ غسل کرنا افضل ہے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۵ رجمادی الاولیٰ سنہ ۸۸ھ

حالتِ نفاس میں احتلام ہو جائے تو غسل فرض نہیں:

سوال: نفاس والی عورت کو احتلام ہو جائے تو غسل واجب ہے یا نہیں، یا کہ پاک ہونے کے بعد ایک ہی غسل کافی ہے؟ بیّنوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

پاک ہونے کے بعد ایک ہی غسل فرض ہوگا - قال فی الخانیۃ المرأۃ اذا اجنبت ثم حاضت ان شاءت اغتسلت وان شاءت اخرت الاغتسال لانہ لا فائدۃ فی لتعجیل فانها ان کانت تخرج من الجنابۃ لا تخرج من الحیض وحکمهما واحد (خانیہ ص ۲۲ ج ۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۱۷ صفر سنہ ۸۸ ہجری

غسل میں مصنوعی دانتوں کا حکم:

سوال: بعض لوگوں کے دانت ہلتے ہیں اور بعض کے تو بالکل گر جاتے ہیں اسکے بعد یہ لوگ سونے کے خول چڑھاتے ہیں اب جبکہ غسل کی حاجت پیش آتی ہے تو کیا غسل کے وقت اس خول کو نکالنا ضروری ہے یا نہیں اور اکثر یہ بہت مضبوط ہوتے ہیں بغیر ڈاکٹر کے نکالنے کے نہیں نکل سکتے اور بہت ہی مشکل ہوتا ہے تو اس کو درن وعجین پر قیاس کر سکتے ہیں یا نہیں؟ عجین کا تو اُتارنا آسان ہے لیکن یہ تکلیف مالایطاق کے قبیل سے ہے بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصواب

یہ خول لگانا ضرورت میں داخل ہے اور اُتارنے میں حرج ہے وھو مدفوع شرعاً، لہٰذا بدون اُتارے غسل صحیح ہو جائیگا، ونظائرھا مشهورۃ وفی کتب القوم مسطورۃ، بل نصوا علی

علی جواز اتخاذ الاسنان من الذھب وشدھا بہ ولو کان مانعاً عن صحۃ الغسل لما افتوا بہ ،
فقط واللہ تعالیٰ اعلم
۲۶ رمضان المبارک سنہ ۸۸ھ

غسل میں کلّی بھول گیا :

سوال : غسل میں کلّی کرنا بھول گیا بعد میں یاد آیا تو از سرِ نو غسل کرے یا کہ صرف کلّی کرلے ؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملھم الصّواب

جس وقت بھی یاد آجائے کلّی کرلے ، دوبارہ غسل کرنے کی ضرورت نہیں ۔ ولو ترکھا (ای المضمضۃ) ناسیاً فصلی ثم تذکر یتمضمض ویعید ما صلی (منیۃ ص ۴۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم
۳۰ محرم سنہ ۸۹ھ

حالتِ جنابت میں سلام کہنا جائز ہے :

سوال : حالتِ جنابت اور حیض میں کسی سے سلام مصافحہ کرنا کھانا پینا مویشی وغیرہ رہنے کے گھر میں داخل ہونا شرعاً منع ہے یا نہیں ؟ بیّنوا توجرو ۔

الجواب باسم ملھم الصّواب

بحالتِ جنابت نماز پڑھنا ، کلامِ پاک کی تلاوت کرنا یا بلا غلاف چھونا اور مسجد میں داخل ہونا منع ہے اس کے سوا اور سب کچھ جائز ہے ۔ حالتِ حیض میں بھی اُمورِ مذکورہ اور روزہ اور جماع کے سوا سب کچھ جائز ہے ۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۱۴ رجب سنہ ۹۱ ہجری

منی کو ہاتھ سے روک لیا اور شہوت ختم ہونیکے بعد نکالدی :

سوال : احتلام میں ایسا محسوس ہوا کہ منی نکلنے والی ہے مگر آنکھ کھل گئی اور آلۂ تناسل کو ہاتھ سے دبا کر منی کو روک لیا ، حتیٰ کہ شہوت بالکل ختم ہوگئی تو چھوڑنے کے بعد کافی مقدار میں منی خارج ہوئی تو غسل فرض ہے یا نہیں ؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملھم الصّواب

اگر خروج کے وقت شہوت نہیں تھی تو امام ابو یوسف رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک غسل فرض نہیں ، سفر وغیرہ جیسی ضرورت کے موقع پر اس کے مطابق عمل کرنے کی گنجائش ہے ۔ قال فی

التنویر و فرض عند منی منفصل عن مقرہ بشهوة وان لم یخرج بها۔ و فی الشرح ومشرطہ ابو یوسف و بقوله یفتی فی ضیف خاف ریبة او استحیی کما فی المستصفی و فی القهستانی والتاترخانیة معزیا للنوازل و بقول ابی یوسف نأخذ لانه ایسر علی المسلمین قلت ولاسیما فی الشتاء والسفر۔ و فی الحاشیة (قوله وشرطه ابو یوسف) ای شرط الدفق و اثر الخلاف یظهر فیما لو احتلم او نظر بشهوة فامسك ذکرہ حتی سکنت شهوته، ثم ارسله فانزل وجب عندهما لا عنده (قوله قلت الخ) ظاهرہ المیل الی اختیار ما فی النوازل ولکن اکثر الکتب علی خلافه حتی البحر والنهر ولاسیما قد ذکروا ان قوله قیاس و قولهما استحسان وانه الاحوط فینبغی الافتاء بقوله فی مواضع الضرورة فقط تأمل و فی شرح الشیخ اسمٰعیل عن المنصوریة قال الامام قاضیخان یؤخذ بقول ابی یوسف فی صلوات ماضیة فلا تعاد و فی مستقبلة لا یصلی مالم یغتسل اھ۔

(رد المحتار ص۱۴۹ ج۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۰ ربیع الآخر سنہ ۹۷ھ

بلاشہوت منی نکلے تو غسل فرض نہیں:

سوال: ایک شخص پیشاب کرتا ہے اور پیشاب کے بعد زور لگانے سے سفید رنگ کا مادّہ کافی مقدار میں خارج ہوجاتا ہے جس کے متعلق معلوم نہیں کہ یہ منی ہے یا ودی، تو ایسے شخص پر غسل واجب ہے یا نہیں، یہ مادّہ بغیر شہوت کے نکلتا ہے۔ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصواب

پیشاب کے بعد نکلنے والا مادّہ اگرچہ منی ہو مگر بدوں شہوت خارج ہو تو غسل فرض نہیں، قال فی العلائیة خرج منی بعد البول وذکرہ منتشر لزمه الغسل قال فی البحر و محمله ان وجد الشهوة و فی الشامیة ان عدم وجوب الغسل بخروجه بعد البول اتفاقا اذا لم یکن ذکرہ منتشرا الخ

(رد المحتار ص۱۴۹ ج۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۰ جمادی الآخرہ سنہ ۹۲ھ

حالتِ جنابت میں وضو سے کیا فائدہ؟:

سوال: غسل جنابت میں اوّل وضو کرنے میں کیا فائدہ ہے؟ کیا ناپاکی دُور کئے بغیر وضو ہوجاتا ہے؟ اسی طرح یہ چیز بھی کتب میں پائی جاتی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نصیحت کی اور صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا عمل رہا کہ مباشرت کے بعد وضو کرکے سونا چاہیے، یہ ناپاکی میں

وضو کیسا؟ سمجھ میں نہیں آیا۔ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصواب

حالتِ جنابت میں وضو کرنے سے طہارت تو حاصل نہیں ہوتی مگر حدث میں کچھ تخفیف ہوجاتی ہے اگر کسی حکم شرعی کی حکمت سمجھ میں نہ آئے تو کیا حرج ہے؟ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۱ جمادی الآخرہ سنہ ۹۳ ہجری

غسل بیٹھکر کرنا اولیٰ ہے:

غسل بیٹھ کر کرنا اولیٰ ہے یا کھڑے ہو کر؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصواب

بیٹھ کر غسل کرنا اولیٰ ہے کیونکہ اس میں پردہ زیادہ ہے۔ روایات سے مفہوم ہوتا ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بیٹھ کر غسل فرماتے تھے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۱ ربیع الآخر سنہ ۹۴ ہجری

بغیر غسل کئے دوسری بار جماع کرنا:

سوال: ایک دفعہ جماع کرنے کے بعد بغیر وضو یا غسل کئے دوسری دفعہ جماع کرنا کیسا ہے؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصواب

جائز ہے مگر غسل یا وضو یا استنجا کر لینا افضل اور مستحب ہے۔ قال فی شرح التنویر ویکرہ معاودۃ اهله قبل اغتساله الا اذا احتلم لم یأت اهله قال الحلبی ظاهر الاحادیث انما یفید الندب لا نفی الجواز المفاد من کلامه (رد المحتار ص ۱۶۳ ج ۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۳۰ جمادی الاولیٰ سنہ ۹۵ ھ

غسل میں عورت کے بالوں کا حکم:

سوال: عورت کے فرض غسل میں سر کے بالوں میں کچھ خشکی رہ جائے تو کیا فرض ادا ہوجائیگا؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصواب

اگر بال کھلے ہوں تو بالوں کا تر کرنا فرض ہے، جڑوں تک بھی پانی پہنچائے۔ اور اگر عورت کے بال گندھے ہوئے ہوں تو ان کو کھولنا ضروری نہیں صرف جڑوں کا تر کرنا فرض ہے البتہ بدون

کھولے جڑوں تک پانی نہ پہنچ سکے تو کھول کر سب بالوں کو دھونا فرض ہے۔ قال فی شرح التنویر (وکفی بل اصل ضفیرتہا) ای شعر المرأۃ المضفور للحرج اما المنقوض فیفرض غسل کلہ اتفاقا ولو لم یبتل اصلہا یجب نقضہا مطلقا ھو الصحیح (رد المحتار ص۱۴۳ ج۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۳۰ رجمادی الاولیٰ سنہ ۹۵ ہجری

حالتِ جنابت میں بچّے کو دودھ پلانا اور کھانا پکانا جائز ہے :

سوال : حالتِ جنابت میں عورت بچّے کو دودھ پلا سکتی ہے؟ اور کھانا وغیرہ پکا سکتی ہے؟ جبکہ سردی کی شدّت کے سبب مشکل ہو۔ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصّواب

دودھ پلا سکتی ہے اور کھانا وغیرہ بھی پکا سکتی ہے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۱۷ ر ذی قعدہ سنہ ۹۴ ہجری

جنب کا کتبِ تفسیر وحدیث اور ترجمۂ قرآن کو ہاتھ لگانا :

سوال : جنبی کے لئے کتبِ حدیث وتفسیر کو چھونا یا پڑھنا یا حدیث و قرآن کا ترجمہ لکھنا یا زبانی پڑھنا شرعاً جائز ہے یا نہیں؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصّواب

جنب کے لئے کتبِ حدیث وفقہ کو چھونا اور پڑھنا درست ہے مگر خلافِ اولیٰ ہے اور کتبِ تفسیر میں اگر تفسیر غالب ہو تو چھونا درست ہے ورنہ نہیں۔

قرآن کو لکھنے کے جواز میں اس صورت میں اختلاف ہے جبکہ کتابت اس طور پر ہو کہ کاغذ کو ہاتھ نہ لگے، عند الضرورۃ اسکی گنجائش ہے لیکن کاغذ کو ہاتھ لگانا کسی صورت میں جائز نہیں، ترجمۂ قرآن کو بھی بے وضو چھونے کے بارے میں فقہاء رحمہم اللہ تعالیٰ نے بحکمِ قرآن قرار دیا ہے۔ قال فی الدر المختار وقد جوّز اصحابنا مس کتب التفسیر للمحدث ولم یفصّلوا بین کون الاکثر تفسیرا او قرآنا ولو قیل بہ اعتبارا للغالب لکان حسنا قلت لکنہ یخالف ما مرّ فتدبر۔ قال العلامۃ ابن عابدین (قولہ فتدبر) لعلہ یشیر الی انہ یمکن ادعاء تقیید اطلاق المتن بما اذا لم یکن التفسیر اکثر فلا ینافی دعوی التفصیل (رد المحتار ص۱۶۲ ج۱) وفی الدر ولا تکرہ کتابۃ قرآن والصحیفۃ او اللوح علی الارض عند الثانی خلافا لمحمد وینبغی ان یقال ان وضع علی الصحیفۃ ما یحول بینہا وبین یدہ یؤخذ بقول الثانی والا فبقول الثالث قالہ الحلبی (رد المحتار ص۱۶۳ ج۱) وفی باب الحیض منہ وقراءۃ قرآن بقصدہ ومسّہ ولو مکتوبا بالفارسیۃ فی الاصح (رد المحتار ص۲۷۰ ج۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۹ ر ذی قعدہ سنہ ۸۷ ہجری

غسل میں فرج خارج کا دھونا فرض ہے :

سوال : عورت کے فرض غسل میں شرمگاہ کو اندر سے دھونا بھی ضروری ہے یا کہ عام دستور کے مطابق استنجا کافی ہے ؟ بیّنوا توجروا۔

الجواب باسم مُلهم الصّواب

عورت کی شرمگاہ کے دو حصے ہیں ایک بیرونی حصہ جو مستطیل شکل کا ہے اس کے بعد کچھ گہرائی میں جاکر گول سوراخ ہے ، اس گولائی سے اوپر کے حصہ کو فرج خارج اور اندرونی حصے کو فرج داخل کہا جاتا ہے ، فرض غسل میں فرج خارج کا دھونا فرض ہے ، یعنی گول سوراخ تک پانی پہنچانا ضروری ہے ، بدون اس کے غسل صحیح نہ ہوگا ، البتہ فرج داخل کے اندر پانی پہنچانا ضروری نہیں ۔ قال فی التنویر و یجب غسل سرۃ وشارب وحاجب ولحیۃ وفرج خارج ، وفی الشرح لانہ کالفم لا داخل لانہ باطن (ردّ المحتار ص۱۴۲ ج-۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۶ رشوال سنہ ۹۸ھ

غسل خانہ میں دخول وخروج کا طریقہ اور دعاء :

سوال : غسل خانہ میں داخل ہونے اور اس سے نکلنے کا مسنون طریقہ کیا ہے اور اس وقت کونسی دعاء مسنون ہے ؟ بیّنوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

غسل خانہ میں بالعموم صفائی نہیں ہوتی اس لئے بیت الخلاء کی طرح غسل خانہ میں بھی داخل ہوتے وقت پہلے بایاں پاؤں اندر رکھے اور نکلتے وقت پہلے دایاں پاؤں نکالے ۔ غسل سے پہلے بسم اللہ پڑھنا مسنون ہے ، مگر غسل خانہ میں داخل ہونے سے پہلے پڑھے اور فارغ ہونے کے بعد غسل خانہ سے باہر نکل کر وضو کے بعد والی دعاء پڑھے ۔ اگر غسل خانہ نہایت صاف ستھرا ہو اور اس کے اندر بیت الخلاء نہ ہو تو اس میں داخل ہوتے وقت اور نکلتے وقت جو پاؤں چاہے پہلے رکھے اور بسم اللہ بھی غسل خانہ کے اندر کپڑے اتارنے سے پہلے پڑھے ۔ اگر کوئی لنگی وغیرہ باندھکر غسل کر رہا ہو تو کپڑے اتارنے کے بعد بسم اللہ پڑھے اور حالتِ غسل میں وضو کی دعائیں بھی پڑھ سکتا ہے ۔ قال فی العلائیۃ وسننہ کسنن الوضوء سوی الترتیب وأدابہ کأدابہ ، وقال ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ (قولہ کسنن الوضوء) ای من البداءۃ بالنیۃ والتسمیۃ والسواک والتخلیل والدلک والولاء الخ واخذ ذلک فی البحر من قولہ ثم یتوضأ (قولہ سوی الترتیب) ای المعهود فی الوضوء والا فالغسل لہ ترتیب أخر بیّنہ المصنف بقولہ بادئا الخ ط عن

ابی السعود واقول ویستثنی الدعاء ایضا فانہ مکروہ کما فی نور الایضاح (قولہ وأدابہ کاٰدابہ) نص علیہ فی البدائع قال الشرنبلالی ویستحب ان لایتکلم بکلام مطلقا اما کلام الناس فلکراھتہ حال الکشف واما الدعاء فلانہ فی مصب المستعمل ومحل الاقذار والاوحال اھ اقول قد عدّ التسمیۃ من سنن الغسل فیشکل علی ماذکرہ تأمّل (رد المحتار ص۱۴۳ ج۱) قلت ویشکل علی التعلیل بکونہ فی مصب الماء التسمیۃ والدعاء فی الوضوء۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۲/ذی قعدہ ۹۸ھ

حالت جنابت میں بال اور ناخن کاٹنا:

سوال: حالتِ جنابت میں بال وناخن کاٹنا مکروہ تحریمی ہے یا تنزیہی؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملہم الصواب

مطلق کراہت کا قول ملتا ہے جس سے بالعموم کراہت تحریمیہ مراد ہوتی ہے مگر یہاں قرائن سے کراہت تنزیہیہ معلوم ہوتی ہے۔ قال فی الھندیۃ حلق الشعر حالۃ الجنابۃ مکروہ وکذا قص الاظافیر۔ کذا فی الغرائب (عالمگیریہ ص۳۵۸ ج ۵) فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔ ۳۰/شوال ۸۸ھ

حالت جنابت میں ذکر وتلاوت کا حکم:

سوال: جنابت کی حالت میں کلمہ طیبہ، درود شریف اور قرآن کریم پڑھنا جائز ہے؟

الجواب باسم ملہم الصواب

کلمہ طیبہ، درود شریف اور ہر قسم کا ذکر جائز ہے، مگر قرآن کریم کی تلاوت جائز نہیں۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۹/ربیع الآخر ۹۹ھ

غسل میں ناک کے اندر پانی پہنچانے کی حد

سوال: غسل کے تین فرائض میں سے ایک فرض ہے ناک میں پانی ڈالنا، میرے ایک دوست کہتے ہیں کہ پانی ناک کی نرم ہڈی تک پہنچانے کے لئے ضروری ہے کہ چلّو میں پانی لیکر ناک سے دماغ کی طرف کھینچو یعنی سانس کے ذریعہ پانی ناک میں چڑھاؤ تو کیا یہ درست ہے یا جس طرح وضو میں ناک میں پانی ڈالتے ہیں وہ صحیح ہے کیونکہ ناک میں پانی چڑھاتے وقت تکلیف سی محسوس ہوتی ہے

الجواب باسم ملہم الصواب

ہڈی کے اندر پانی پہنچانا ضروری نہیں بلکہ ہڈی جہاں شروع ہوتی ہے وہاں تک پانی پہنچانا فرض ہے جو معمولی اہتمام سے بسہولت ہو سکتا ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔ ۲۹/ربیع الآخر ۹۹ھ

باب المیاہ

کنویں میں ناپاک چیز گر گئی اور نکل نہیں سکتی :

سوال : کنویں میں کوئی پلید چیز گر جائے اور نکل نہ سکے تو اسے کیسے پاک کیا جائے؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصّواب

کنویں میں نجس چیز گر جائے اور نکل نہ سکے تو اسے نکالنا ضروری نہیں، صرف پانی نکالنے سے کنواں پاک ہو جائے گا۔ البتہ اگر عین نجاست گر جائے تو اُسے نکالے بغیر کنواں پاک نہ ہوگا۔ اگر کسی صورت سے بھی نکالنا ممکن نہ ہو تو اتنی مدّت تک کنویں کو استعمال نہ کیا جائے جب تک ظن غالب نہ ہو جائے کہ گری ہوئی نجاست مٹی ہو گئی ہو گی۔ اتنی مدّت گزرنے کے بعد کنویں کا پانی نکالکر کنواں پاک کیا جائے۔ بعض فقہاء کا قول ہے کہ چھ ماہ تک انتظار کیا جائے۔ ظن غالب ہے کہ چھ ماہ میں گری ہوئی چیز مٹی ہو جاتی ہے۔ قال فی شرح التنویر الا اذا تعذر کخشبۃ او خرقۃ متنجسۃ فینزح الماء الی حد لا یملأ نصف الدلو یطهر الکل تبعًا۔ و فی الشامیۃ تحت (قوله متنجسۃ) واشار بقوله متنجسۃ الی انه لابد من اخراج عین النجاسۃ کلحم میتۃ وخنزیر اھ قلت فلو تعذر ایضًا ففی القهستانی عن الجواهر لو وقع عصفور فیها فعجزوا عن اخراجه فما دام فیها فنجسۃ فتترك مدۃ یعلم انه استحال وصار حمأۃ وقیل مدۃ ستۃ اشهر اھ (رد المحتار ج ۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم ،

(مشین سے جاری ہونے کی حالت میں پانی پاک ہوگا، تفصیل تتمہ میں ہے۔)　　　غرۃ محرم الحرام ۷۳ھ

کنویں میں جوتہ گر جانا :

سوال : کنویں میں سلیپر گر گیا جس کے متعلق طہارت اور نجاست کا کوئی علم نہیں تو کنواں پاک ہے یا پلید ؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصّواب

اگر سلیپر کے پلید ہونے کا یقین نہیں تو کنواں پاک ہے۔ قال فی الشامیۃ ناقلا عن البحر قید نا بالعلم لانهم قالوا فی البقر ونحوه یخرج حیا لا یجب نزح شیء وان کان الظاهر اشتمال بولها علی افخاذها لکن یحتمل طهارتها بان سقطت عقب دخولها ماء کثیرا مع ان الاصل الطهارۃ الخ (رد المحتار ج ۱) ومثله فی الفتح ایضًا۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۳۰ ذی الحجہ سنہ ۷۴ ہجری

مستعمل پانی کا حکم :

سوال : وضو یا غسل میں مستعمل پانی کا کیا حکم ہے ؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصواب

وضو یا غسل میں مستعمل پانی پاک ہے، لیکن اس کا اندرونی استعمال مکروہ تنزیہی ہے اور اس سے وضو اور غسل درست نہیں البتہ نجاست حقیقیہ کے لئے مطہر ہے یعنی اس سے نجس چیز دھوئی جائے تو پاک ہوجائے گی ، قال فی العلائیۃ وھو طاھر ولو من جنب وھو الظاھر لکن یکرہ شربہ والعجن بہ تنزیھا للاستقذار وعلی روایۃ نجاستہ تحریما وحکمہ انہ لیس بطھور لحدث بل لخبث علی الراجح المعتمد ، وفی الشامیۃ (قولہ علی الراجح) مرتبط بقولہ بل لخبث ای نجاسۃ حقیقیۃ فانہ یجوز ازالتھا بغیر الماء المطلق من المائعات خلافا لمحمد رحمہ اللہ تعالیٰ ، (رد المحتار ص ۱۸۵ ج ۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم ،

۲۹ ، ذی الحجہ سنہ ۸۵ھ

جنب نے پانی میں ہاتھ ڈالدیا :

سوال : جنبی اگر بالٹی میں ہاتھ ڈال کے پانی لیکر غسل کرے تو پانی پاک رہے گا یا نہیں؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصواب

اگر جنب کے ہاتھ میں ظاہری نجاست نہ لگی ہو تو پانی پاک ہے مگر ہاتھ ڈالنے سے مستعمل ہوجانے کی وجہ سے اس پانی سے غسل درست نہ ہوگا ، لہٰذا ہاتھ دھو کر بالٹی میں ڈالے ۔ البتہ اگر بدوں ہاتھ ڈالے پانی لینے کی اور کوئی صورت نہ ہو تو ایسی مجبوری میں یہ پانی مستعمل شمار نہ ہوگا ۔ بعض فتاوی کے مطابق اگر صرف انگلیاں پانی میں ڈالیں ہتھیلی نہیں ڈوبی تو پانی مستعمل نہیں ہوا ، مگر اس کی وجہ غیر معقول ہے ، اللّٰھم الا ان یوجہ بتعسر الصون منہ ۔ قال فی شرح التنویر بان یغسل بعض اعضائہ او یدخل یدہ او رجلہ فی جب لغیر اغتراف ونحوہ فانہ یصیر مستعملا وفی الشامیۃ تحت (قولہ بان یغسل) فی الخلاصۃ وغیرھا ان کان اصبعا او اکثر دون الکف لایضر قال فی الفتح ولا یخلو من حاجۃ الی تامل وجھہ (رد المحتار ص ۱۸۳ ج ۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

(اس تحقیق پر اشکال وجواب تتمہ میں ہے)

غرۃ ذی قعدہ سنہ ۹۳ھ

جنب کا ایسے برتن میں ہاتھ ڈالنا جس میں نل کا پانی گر کر بہ رہا ہو :

سوال : نل سے پانی بالٹی میں گر کر بہنے لگے اور جنبی ہاتھ ڈال کر غسل کرے تو پانی

پاک ہے یا ناپاک؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملہم الصواب

یہ پانی پاک ہے اور اس سے غسل بھی درست ہے اس لئے کہ یہ جاری ہے، قال فی الھدایۃ والماء الجاری اذا وقعت فیہ نجاسۃ جاز الوضوء بہ اذا لم یرلھا اثر وقال والجاری مالا یتکرر استعمالہ (ھدایہ ص۳۶ ج۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

غرّہ ذی قعدہ سنہ ۹۳ھ

غسل کے پانی کی چھینٹوں کا حکم:

سوال: غسل کے وقت نیچے سے چھینٹیں اُٹھ کر بالٹی میں گرتی ہیں تو یہ پاک ہے یا ناپاک؟ بیّنوا توجروا.

الجواب باسم ملہم الصواب

پاک ہے اور اس سے غسل بھی صحیح ہے، کیونکہ مستعمل پانی دوسرے پانی سے کم ہو تو وہ مطہر ہے۔ البتہ مستعمل پانی زیادہ ہو یا دونوں برابر ہوں تو اس سے غسل درست نہیں۔ قال فی العلائیۃ فان المطلق اکثر من النصف جاز التطہیر بالکل والا لا (ردالمحتار ص۱۶۸ ج۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

غرہ ذی قعدہ سنہ ۹۳ھ

بچہ پانی میں ہاتھ ڈالدے:

سوال: اگر بچّہ پانی میں ہاتھ ڈالدے تو پانی پاک ہے یا نہیں؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملہم الصواب

بچے کے ہاتھ ڈالنے سے پانی نجس نہیں ہوتا، البتہ اگر معلوم ہو جائے کہ اسکے ہاتھ میں نجاست لگی تھی تو ناپاک ہو جائیگا چونکہ چھوٹے بچوں کا اعتبار نہیں، اسلئے دوسرے پانی کے ہوتے ہوئے اس پانی سے وضو کرنا بہتر نہیں۔ ولو ادخل الکفار والصبیان ایدیھم لا یتنجس اذا لم یکن علی ایدیھم نجاسۃ حقیقیۃ فلو ادخل الصبی یدہ فی الاناء لا یتوضأ بہ استحسانا ولو توضأ بہ جاز (منیۃ)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۷ صفر سنہ ۸۶ ہجری

بکری کنویں سے زندہ نکال لی گئی :

سوال : اگر کوئی بکری کنویں میں گر جائے اور زندہ نکال لی جائے تو کنواں پاک ہے یا ناپاک ؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم مُلهم الصّواب

اگر بکری کے جسم پر کوئی نجاست ظاہر نہ ہو تو کنواں پاک ہے۔ معہٰذا بیس ڈول نکالدینا بہتر ہے، قال فی العلائیۃ لواخرج حیا ولیس بنجس العین ولا بہ حدث او خبث لم ینزح شیء الا ان یدخل فمہ الماء فیعتبر بسورہ فان نجسا نزح الکل والا لا ھو الصحیح نعم یندب عشرۃ فی المشکوک لاجل الطھوریۃ، کذا فی الخانیۃ -

قال ابن عابدین (قولہ ولیس بنجس العین) ای بخلاف الخنزیر وکذا الکلب علی القول الاٰخر فانہ ینجس لبئر مطلقا وبخلاف المحدث فانہ یندب فیہ نزح اربعین کما یذکرہ وبخلاف ما اذا کان علی الحیوان خبث ای نجاسۃ وعلم بھا فانہ ینجس مطلقا قال فی البحر وقیّد بالعلم لانھم قالوا فی البقر ونحوہ یخرج حیا لا یجب نزح شیء وان کان الظاہر اشتمال بولھا علی افخاذھا لکن یحتمل طھارتھا بان سقطت عقب دخولھا ماءً کثیرا مع ان الاصل الطھارۃ اھ ومثلہ فی الفتح (قولہ لم ینزح شیء) ای وجوبا لما فی الخانیۃ لو وقعت الشاۃ وخرجت حیۃ ینزح عشرون دلوا لتسکین القلب لا للتطھیر حتی لو لم ینزح وتوضأ جاز وکذا الحمار والبغل لو خرج حیا ولم یصب فمہ الماء وکذا ماٰیوکل لحمہ من الابل والبقر والغنم والطیور والدجاجۃ المحبوسۃ اھ ومثلہ فی مختارات النوازل (رد المحتار ص ۱۹۶ ج ۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۱۵ر صفر سنہ ۸۶ ہجری

کنویں میں گوبر گرجانے کا حکم :

سوال : کنویں میں گوبر کا اُپلہ سارا یا آدھا گر جائے اور ریزہ ریزہ ہو جائے تو کنواں ناپاک ہوگا یا نہیں ؟ اور اگر ناپاک ہوگا تو کتنا پانی نکالا جائے گا ؟ اسی طرح کنویں میں گدھے یا گھوڑے کی لید کی دو لینڈی گر جائے تو کنواں پاک ہے یا ناپاک ؟ اور ناپاک ہونے کی صورت میں کتنا پانی نکالا جائے ؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم مُلهم الصّواب

اگر کنواں ایسی جگہ واقع ہے کہ وہاں عام طور سے جانوروں کی آمد و رفت رہتی ہے ان سے

حفاظت دشوار ہے تو مسئولہ جانوروں کی قلیل نجاست معاف ہے خصوصاً جبکہ خشک بھی ہو۔ اور اگر کنواں محفوظ ہے شاذو نادر کبھی کبھار وہاں جانوروں کی آمد سے گوبر لید وغیرہ اندر گر جائے تو وہ کنواں ناپاک ہوگا اور سارا پانی نکالنا ضروری ہوگا، قال فی الشامیۃ تحت (قولہ وبعرتی ابل وغنم) وفی التاترخانیۃ ولم یذکر محمد فی الاصل روث الحمار والخثی واختلفوا فیہ فقیل ینجس ولو قلیلا او یابسا وقیل لو یابسا فلا واکثرھم علی انہ لوفیہ ضرورۃ وبلوی لا ینجس والا نجسہ (فائدۃ) قال نوح أفندی الروث للفرس والبغل والحمار والخثی بکسر فسکون للبقر والفیل والبعر للابل والغنم والخرء للطیور والنجو للکلب والعذرۃ للانسان (ردالمحتار ص ۱۵۸ ج ۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۹ رجب سنہ ۸۷ ہجری

کھلی مرغی کا جھوٹا مکروہ ہے:

سوال: مرغی کا جھوٹا پاک ہے یا مکروہ تنزیہی ہے یا تحریمی جبکہ نجاست اس کی چونچ میں لگی ہوئی نہ ہو؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملھم الصواب

مرغی کا جھوٹا پاک ہے مگر نجاست کھانے والی مرغی میں یہ تفصیل ہے کہ اس کی چونچ کی طہارت کا یقین ہے تو پانی پاک ہے اور اگر چونچ کی نجاست کا یقین ہو تو پانی ناپاک ہے۔ اور اگر کسی امر کا یقین نہیں تو مکروہ تنزیہی ہے۔ قال فی الشامیۃ تحت (قولہ طاھر للضرورۃ) واما المخلاۃ فلعا بھا طاھر فسؤرھا کذلک لکن لما کانت تأکل العذرۃ کرہ سؤرھا ولم یحکم بنجاستہ للشک حتی لو علمت النجاسۃ فی فمھا تنجس ولو علمت الطھارۃ انتفت الکراھۃ، وقال تحت (قولہ فی الاصح) انھا کراھۃ تنزیہ الخ (ردالمحتار ص ۲۰۶ ج ۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۵ رجب سنہ ۸۷ھ

مارِ مشمس کی کراہت کی شرائط:

سوال: حدیث میں مارِ مشمس کے استعمال سے نہی وارد ہے۔ اب سوال یہ ہے کہ مارِ مشمس کی کیا تعریف ہے؟ کیا وہ پانی جو ٹنکی کے اندر دھوپ کی وجہ سے گرم ہو گیا ہو اس میں داخل ہے۔ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصواب

احناف کے ہاں ماء مشمس کے استعمال کی کراہت مختلف فیہ ہے۔ راجح یہ ہے کہ مکروہ تنزیہی ہے یہ کراہت بھی تب ہے کہ گرم علاقہ میں اور گرم وقت میں ہو اور سونے چاندی کے سوا کسی دوسری دھات کے برتن میں ہو اور گرم ہونے کی حالت ہی میں استعمال کرے۔ قال فی العلائیۃ وبماء قصد تشمیسہ بلا کراھۃ وکراھتہ عند الشافعیۃ طبیۃ وفی الشامیۃ وذکر شروط کراھتہ عندھم (الشافعیۃ) وھی ان یکون بقطر حار وقت الحر فی اناء منطبع غیر نقد وان یستعمل وھو حار (الیٰ قولہ) وفی الغایۃ کرہ بالمشمس فی قطر حار فی اوان منطبعۃ (الی قولہ) ان المعتمد الکراھۃ عندنا لصحۃ الاثر وان عدمھا روایۃ والظاھر انھا تنزیھیۃ عندنا ایضاً بدلیل عدہ فی المندوبات فلا فرق حینئذ بین من ھبنا ومذھب الشافعی (ردالمحتار ص۱۶۷ ج۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۲ رجب سنہ ۸۸ھ

پانی میں رنگ کی بو آگئی تو اس سے وضو درست ہے :

سوال : ڈرم یا ڈبہ وغیرہ کو سفیدہ یا رنگ لگانے سے کچھ دن پانی میں رنگ کی بو آتی ہے اور ذائقہ میں بھی فرق آجاتا ہے یہ پانی وضو اور غسل کے استعمال کیلئے جائز ہے یا نہیں ؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصواب

اگر یہ رنگ خنزیر کے بالوں کے برش سے نہ کیا ہو تو اس پانی سے وضو اور غسل جائز ہے۔ اگرچہ پانی میں رنگ کی بو یا ذائقہ آجائے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

یکم صفر سنہ ۸۹ ہجری

برتن میں مینگنی گرنے سے پانی ناپاک ہو جائیگا :

سوال : بکری یا اونٹ کی مینگنی خشک یا تر پانی پینے کے برتن مثلاً ٹنکی، مٹکوں وغیرہ میں گر جانے سے پانی پاک ہے یا ناپاک، جبکہ اس ٹنکی میں پانچ من پانی آتا ہو یا اس سے کم۔ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصواب

اس سے ٹنکی اور مٹکے کا پانی نجس ہو جائیگا البتہ اگر ٹنکی زمین دوز ہو اور ایسی جگہ واقع ہو کہ مینگنی وغیرہ سے احتراز مشکل ہو اور اسمیں پانی بھی کافی زیادہ ہو تو ایک دو مینگنی معاف ہے۔

قال شارح التنویر فی فصل البئر و بعرتی ابل وغنم کما یعفی لو وقعتا فی محلب وقت الحلب فرمیتا فورًا قبل تفتت وتلون وقال ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ (قوله وقت الحلب) فلو وقعت فی غیر زمان الحلب فهو کوقوعها فی سائر الاوانی فتنجس فی الاصح لان الضرورة انما هی فی زمان الحلب لان من عادتها ان تبعر ذلك الوقت والاحتراز عنه عسیر ولا كذلك غیرہ اھ شارح منیة (ردالمحتار ص۲۰۴ ج ۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۴ ربیع الآخر سنہ ۸۸ ہجری

دہ دردہ حوض کی پیمائش :

سوال : ایک حوض مندرجہ ذیل طول عرض وعمق رکھتا ہے ۔
لمبائی تیرہ فٹ چار انچ ، چوڑائی ساڑھے گیارہ فٹ ، اور دو فٹ آٹھ انچ گہرائی ۔
آیا یہ شرعی حوض دہ در دہ کے حکم میں ہے یا نہیں ؟ شرعی حوض کے حکم میں نہ ہونیکی صورت میں ابھی تک جتنے لوگوں نے اس حوض سے وضو کیا ہے یا دیگر ضروریات کے لئے استعمال کیا ہے ان کے بارے میں کیا حکم ہے ؟ آیا وہ نمازیں وغیرہ لوٹائیں ؟
حوض کے لئے دہ دردہ ہونا لازمی ہے یا کہ یہ شرعی حوض کی ایک پہچان کی صورت ہے ؟
اور شرعی حوض کی صحیح پہچان کیا ہے ؟

الجواب باسم ملھم الصواب

حوض دہ دردہ کی تعریف یہ ہے کہ اسکا کل رقبہ یعنی طول وعرض کا حاصل ضرب سو ذراع = ۲۲۵ فٹ = ۲۰٫۹ میٹر ہو۔ گول حوض کا رقبہ معلوم کرنیکا طریقہ یہ ہے ، مربع ½ قطر × پائی ۔ اس لئے گول حوض کا قطر ۱۶٫۹۳ فٹ = ۵٫۱۶ میٹر ہو تو یہ حوض دہ دردہ ہوگا ۔ عمق کا اعتبار نہیں ، مذکور حوض کا رقبہ سو ذراع سے کم ہے لہذا اس میں نجاست گرنیکا یقین ہو تو یہ نجس ہو جائیگا جبتک نجاست گرنیکا یقین نہ ہو اسوقت تک اسے نجس کہنے کی کوئی وجہ نہیں ، فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۱۷ جمادی آخرہ سنہ ۸۹ ھ

چھوٹے حوض میں پاک آدمی کا داخل ہونا :

سوال : ایک حوض دو گز چوڑا ½۲ گز لمبا ہے اس میں زید نے غسل کر لیا ، ٹھنڈک حاصل کرنے کے لئے ، تو یہ حوض ناپاک ہوا یا نہیں جبکہ آدمی پاک ہو ؟ بینوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصواب

اگر زید باوضو تھا اور اس نے صرف ٹھنڈک حاصل کرنے کے لئے غسل کیا اور تازہ وضوء کی نیت نہ تھی تو یہ پانی پاک ہے بلکہ مستعمل بھی نہیں ہوا لہٰذا اس سے وضو کرنا درست ہے۔ البتہ اگر پہلے باوضو نہ تھا یا وضو ہونے کے باوجود تازہ وضو کی نیت کی ہو تو یہ پانی مستعمل ہوگیا جو پاک ہے مگر اس سے وضو اور غسل صحیح نہیں اور پینا مکروہ تنزیہی ہے۔ قال فی التنویر واستعمل لقربة اورفع حدث وفی الشرح ولو مع قربة کوضوء محدث ولو للتبرد فلو توضأ متوضئ لتبرد اوتعلیم اولطین بیدہ لم یصر مستعملاً اتفاقا وقال فی شرح قوله لما تن اواسقاط فرض هو الاصل فی الاستعمال کما نبه علیه الکمال بان یغسل بعض اعضائه اویدخل یده اورجله فی جب لغیر اغتراف ونحوه فانه یصیر مستعملا لسقوط الفرض اتفاقاً وفی الحاشیة (قوله بان یغسل) ای المحدث او الجنب بعض اعضائه التی یجب غسلها احترازا عن غسل المحدث نحو الفخذ (رد المحتار ص ۱۸۴ ج ۱)

۳ جمادی الاولیٰ سنہ ۹۳ ہجری والله تعالیٰ اعلم

شیعہ یا مرزائی سے پانی لیکر وضو کرنا:

سوال: شیعہ یا مرزائی یا کافر کے گھر سے پانی لیکر وضو کرنا جائز ہے یا نہیں اور نماز ہوگی یا نہیں، اور ان لوگوں کے گھر کا کھانا جائز ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصواب

شیعہ اور قادیانی زندیق ہیں، اس لئے یہ اپنے کسی قسم کے مال کے مالک نہیں، انکے سب اموال بیت المال کی ملک ہیں جو مساکین کے لئے حلال ہیں، غنی کے لئے ان کی کوئی چیز حلال نہیں، اور ذبیحہ مساکین پر بھی حرام ہے، البتہ ان سے پانی لینا غنی وفقیر سب کے لئے جائز ہے، لانہ قبل قبض الزندیق ان لم یکن مملوکا لاحد فللاباحة الاصلیة والا فللاذن دلالة۔

عام کفار کا ذبیحہ حرام ہے دوسرے اموال غنی وفقیر سب کے لئے حلال ہیں۔ والله تعالیٰ اعلم

۲۳ صفر سنہ ۹۰ ہجری

حکم ماء المراحیض اذا تکرر وتحلل من مدینة الرسول صلی الله علیه وسلم

سوال: ما یقول العلماء المحققون وارباب الفتوی فی ماء المراحیض ای اذا تکرر وتحلل هل یجوز استعماله للوضوء والغسل ما هو القول المصحح عندکم۔ بینوا توجروا

الجواب باسم مُلهم الصواب

قال فی الهندية والماء الجاری بعد ما تغير احد اوصافه وحكم بنجاسته لا يحكم بطهارته مالم يزل ذلك التغير بان يرد عليه ماء طاهر حتى يزيل ذلك التغير (عالمگیریہ ص ۱۷ ج ۱)

وفی التنوير ويجار وقعت فيه نجاسة (الی قوله) ان لم ير اثره وهو طعم اولون اوريح، وقال العلامة ابن عابدين رحمه الله تعالى لوسال دم رجله مع العصير لا ينجس خلافا لمحمد وفی الخزانة اناءان ماء احدهما طاهر والآخر نجس فصبا من مكان عال فاختلطا فی الهواء ثم نزلا طهر كله ولو اجرى ماء الاناءين فی الارض صار بمنزلة ماء جار اه ونحوه فی الخلاصة ونظم المسئلة المصنف فی منظومته تحفة الاقران وفی الذخيرة لو اصابت الارض نجاسة فصب عليها الماء فجرى قدر ذراع طهرت الارض والماء طاهر بمنزلة الماء الجاری ولو اصابها المطر وجرى عليها طهرت ولو كان قليلا لم يجر فلا. (رد المحتار ص ۱۲۳ ج ۱) وقال ايضا اذا رسب الزبل فی القساطل ولم يظهر اثره فالماء طاهر واذا وصل الى الحياض فی البيوت متغيرا ونزل فی حوض صغير او كبير فهو نجس وان زال تغيره بنفسه لان الماء النجس لا يطهر بتغيره بنفسه الا اذا جرى بعد ذلك بماء صاف فانه حينئذ يطهر فاذا انقطع الجريان بعد ذلك فان كان الحوض صغيرا والزبل راسب فی سفله تنجس مالم يصر الزبل حمأة وهی الطين الاسود فانه اذا جرى بعد ذلك بماء صاف ثم انقطع لا ينجس (رد المحتار ص ۱۲۴ ج ۱)

ثبت من العبارات المذكورة ان الماء النجس الذی لم يتغير احد اوصافه بالنجاسة يطهر بمجرد جريانه بالماء الطاهر والماء المتغير لا يطهر الا ان يزول التغير ثم جرى بعد ذلك بماء طاهر واما الجريان بدون الاختلاط بالماء الطاهر فلا يطهر اصلا. فقط والله تعالى اعلم

۲۲ شعبان سنہ ۹۵ ہجری

چشمہ دار کنواں پاک کرنیکا طریقہ:

سوال: ایک جامع مسجد کے کنویں میں کتّے کا بچّہ گر کر مرگیا اور پھولا پھٹا نہیں تھا کہ نکال لیا گیا۔ یہ کنواں چشمہ دار ہے، پانی نکالنے سے اس کا پیندا چھٹ نہیں سکتا ایک مولوی صاحب نے تین صد ڈول نکالنے کا فتوی دیا ہے کہ اس سے کنواں بلا شک وشبہہ پاک ہوجائیگا اسی فتوی پر تین صد ڈول نکالے گئے اور اسے پاک سمجھ لیا گیا، اب ایک اور مولوی صاحب مصر ہیں کہ تین صد ڈول نکالنے سے کنواں ہرگز پاک نہیں ہوگا بلکہ تمام پانی نکالنے پر اصرار

کرتے ہیں کہ اس کنوئیں کی گہرائی اور گولائی ناپ کر اسی قدر گہرائی و گولائی کا گڑھا کھود کر اسے بھر دیا جائے تو جب جا کر کنواں پاک ہوگا۔ نیز دوسرا طریقہ یہ بتلاتے ہیں کہ پانی کی گہرائی کو ناپ کر پانی نکالنا شروع کیا جائے، ایک گھنٹہ میں پانی جسقدر نیچے گرے اسی قدر اتنے گھنٹے پانی نکالا جائے۔ مثلاً پانی دس ہاتھ گہرا ہے اور ایک گھنٹہ پانی نکالنے سے ایک ہاتھ کم ہوا ہے تو دس گھنٹے پانی نکالنا چاہیئے، اگر آدمیوں کے نکالنے سے دشواری ہو تو موجودہ دور کا پائپ پمپ مشینی منگوا کر تمام پانی نکالا جائے مؤخر الذکر مولوی صاحب کہتے ہیں کہ بہشتی زیور اور تعلیم الاسلام نامی کتب میں تین صد ڈول نکالنے کا کوئی ذکر نہیں، اور بریلوی مسلک کی کتاب بہارِ شریعت میں بھی تمام پانی نکالنے کو لکھا ہے۔ تین صد ڈول کا اسمیں بھی ذکر نہیں اب کس مولوی صاحب کے مسئلہ پر عمل کیا جائے۔ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصواب

جب پانی ختم ہونیکا امکان نہو تو کنواں پاک کرنے کی یہ تینوں صورتیں صحیح ہیں جو سوال میں مذکور ہیں۔ بہشتی زیور میں تین سو ڈول نکالنے کا ذکر موجود ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۷ ربیع الآخر سنہ ۸۹ھ

چھوٹا حوض پاک کرنیکا طریقہ

سوال: مکان کے صحن میں پانی کی ٹنکی یا چھت پر بنی ہوئی ٹنکی ناپاک ہو جائے تو اس کو پاک کرنیکا کیا طریقہ ہے؟ اگر زمین کی ٹنکی اور چھت والی ٹنکی اور ان دونوں کے درمیان میں پائپ لائن اور پھر چھت کی ٹنکی سے غسل خانوں وغیرہ تک آنے والے پائپ ان سب کے مجموعہ کے طول و عرض کا کل رقبہ سو ہاتھ ہو جائے تو کیا یہ دہ در دہ کے حکم میں ہوگا کہ نجاست گرنے سے ناپاک نہ ہو۔ بیّنوا توجروا،

الجواب باسم ملهم الصواب

دونوں ٹنکیوں کے درمیانی پائپ اور اوپر کی ٹنکی سے غسلخانوں وغیرہ تک جانے والے پائپ کو دہ در دہ میں شمار کرنا صحیح نہیں اسلئے کہ طول و عرض وہ معتبر ہے جو اوپر کی چھت کیساتھ ملصق نہ ہو۔ پائپ لائن چونکہ پانی سے بھری رہتی ہے اسلئے اسکی مثال ایسے مسقّف حوض کی ہوگی جس کا پانی اسکی چھت کے ساتھ ملا ہوا ہو، نیز نچلی ٹنکی سے اوپر کی ٹنکی کیطرف جانے والی لائن جہاں اوپر کی ٹنکی میں پہنچتی ہے وہاں اسکے پانی کا اتصال اوپر کی ٹنکی کے پانی سے نہیں ہوتا، اسلئے دونوں ٹنکیوں کے رقبہ کا بالکل الگ الگ حساب کیا جائے۔

ان ٹنکیوں کی تطہیر کا طریقہ یہ ہے کہ زمین دوز ٹنکی میں جب باہر سے پانی آرہا ہو اس وقت اسکا گولہ اُتار لیا جائے یا اسکے ساتھ کوئی وزن وغیرہ باندھ دیا جائے تاکہ گولہ پانی کے ساتھ بلند ہو کر باہر سے آنے والے پانی کا راستہ نہ روکے، اس طرح سے بیرونی پانی آتا رہے گا۔ جب ٹنکی بھر کر پانی اوپر سے بہنے لگے تو پانی جاری ہوجانے کی وجہ سے ٹنکی پاک ہو جائے گی، اوپر کی ٹنکی کو یوں پاک کیا جا سکتا ہے کہ موٹر کے ذریعہ اس ٹنکی کو اس حد تک بھرا جائے کہ اوپر کے پائپ سے پانی جاری ہوجائے، بظاہر تطہیر کی اس صورت میں یہ اشکال معلوم ہوتا ہے کہ پانی کھینچنے کی مشین سے لیکر زمین دوز ٹنکی کے تلے تک پائپ ہوتا ہے جو نجس پانی سے بھرا ہوگا، اسی طرح اوپر والی ٹنکی نجس ہوگئی تو اس ٹنکی سے غسلخانوں وغیرہ میں آنیوالی لائن میں نجس پانی ہوگا، ان ٹنکیوں کو اوپر سے جاری کر دینے سے ان پائپوں کے اندر کے پانی پر کوئی اثر نہیں پڑیگا، تو یہ اندرونی پانی کیسے پاک ہوگا؟ اُس کا جواب یہ ہے کہ تطہیر ماء کا مسئلہ خارج از قیاس ہے، قیاس کا تقاضا تو یہ ہے کہ کوئی چیز ایک دفعہ ناپاک ہونیکے بعد پھر کسی صورت سے بھی پاک نہ ہو سکے اسلئے کہ اسکی تطہیر کے لئے جو پانی بھی اس سے ملا وہ پانی خود ناپاک ہوگیا، تطہیر کے شرعی قاعدہ کے مطابق نجس پانی کو جاری کر دینے سے اسکے ساتھ متصل پانی بھی پاک ہو جاتا ہے۔ چنانچہ اگر حوض بہت گہرا ہو کہ اسکے اوپر کی جانب پانی جاری ہونے سے اسکی تہ تک اثر پہنچنے کا کوئی امکان نہ ہو، تو بالاتفاق اس کے اوپر کا پانی جاری کر دینے سے اسکے تلے تک کا کُل پانی پاک ہو جاتا ہے۔ اسی طرح پائپوں کے اندر کے پانی کا چونکہ ٹنکی کے پانی سے اتصال ہے اسلئے ٹنکی کا پانی جاری کر دینے سے پائپوں کے اندر کا پانی بھی پاک شمار ہوگا۔

ٹنکی کی تطہیر کی ایک دوسری صورت بھی ہو سکتی ہے وہ یہ کہ زمین دوز ٹنکی نجس ہو جائے تو جس وقت اسمیں باہر سے پانی آرہا ہو اسوقت موٹر کے ذریعہ اس ٹنکی کا پانی کھینچنا شروع کر دیا جائے تو یہ ماءِ جاری شمار ہوگا اور اوپر کی ٹنکی کو یوں پاک کیا جائے کہ موٹر کے ذریعہ اسمیں پانی چڑھانا شروع کر دیں اور اس ٹنکی سے غسلخانوں وغیرہ کی طرف آنیوالی لائن کھولدیں، اس صورت میں زمین دوز ٹنکی میں پانی اوپر سے داخل ہوتا ہے مگر مشین اس ٹنکی کے تلے سے پانی کھینچتی ہے، اسی طرح اوپر کی ٹنکی میں مشین کے ذریعہ سے پانی اوپر سے داخل ہوگا اور نیچے آنے والی لائن کو کھولنے سے ٹنکی کے نچلے حصّہ سے پانی خارج ہوگا۔

اس طریقے سے پانی کا جاری ہونا طہارت کے لئے کافی ہے یا نہیں؟ اس میں حضرات

فقہاء رحمہم اللہ تعالیٰ نے تردد ظاہر فرمایا ہے۔ قال فی الشامیۃ تحت (قولہ ویخرج من اٰخر) ثم انّ کلامھم ظاھرہ ان الخروج من اعلاہ فلو کان یخرج من ثقب فی اسفل الحوض لا یعد جاریا لان العبرۃ لوجہ الماء (الی قولہ) ولم ار المسألۃ صریحا نعم رأیت فی شرح سیدی عبدالغنی فی مسألۃ خزانۃ الحمام التی اخبر ابو یوسف برؤیۃ فارۃ فیھا قال فیہ اشارۃ الی ان ماء الخزانۃ اذا کان یدخل من اعلاھا ویخرج من انبوب فی اسفلھا فلیس بجار اھ وفی شرح المنیۃ یطھر الحوض بمجرد ما یدخل الماء من الانبوب ویفیض من الحوض ھو المختار لعدم تیقن بقاء النجاسۃ فیہ وصیرورتہ جاریا اھ وظاھر التعلیل الاکتفاء بالخروج من الاسفل لکنہ خلاف قولہ ویفیض فتأمل وراجع (ردالمحتار ص۱۲۵ ج ۱)

علامہ ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ نے ردالمحتار کے منہیہ میں حاشیۂ اشباہ سے مندرجہ ذیل جزئیہ نقل فرمایا ہے۔

اقول رأیت بعد کتابتی لھذا المحل فی حاشیۃ الاشباہ والنظائر فی اٰخر الفن الاول للعلامۃ الکفیری التی تلقاھا عن شیخہ الشیخ اسمٰعیل الحائک مفتی دمشق ما نصہ مسألۃ اذا کان فی الکوز ماء متنجس فصب علیہ ماء طاھر حتی جری الماء من الانبوب بحیث یعد جریانا ولم یتغیر الماء فانہ یحکم بطھارتہ اھ منہ (ردالمحتار ص۱۸۰ ج ۱) اس جزئیہ سے اسکی تائید ہوتی ہے کہ ٹنکی کی طہارت کے لئے نیچے سے پانی کا جاری ہونا کافی ہے اسلئے کہ لوٹے کی ٹونٹی لوٹے کے وسط میں ہوتی ہے۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۱۸ جمادی الآخرہ سنہ ۹۶ھ

دستی نلکے کی تطہیر:

سوال: زمین سے پانی کھینچنے والے ہینڈ پمپ میں نجاست گر جائے تو اس کو کیسے پاک کیا جائے؟ کیا تھوڑا سا پانی کھینچ دینے سے یہ ماءِ جاری کے حکم میں ہو کر پاک ہو جائے گا یا نہیں؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم مُلهم الصّواب

دستی نلکے سے پانی کھینچنے سے یہ پانی ماءِ جاری کے حکم میں نہیں ہوگا اسلئے کہ نلکے کی جڑ میں جو پانی آرہا ہے وہ زمین کے مسامات سے رِس کر آرہا ہے اور یہ شرعاً دخول کے حکم میں نہیں، چنانچہ اسی فرق کی بنا پر انجکشن کو مفسدِ صوم نہیں قرار دیا گیا، اسی طرح کنویں میں زمین کے

مسامات سے پانی داخل ہوتا رہتا ہے اسکے باوجود کنوئیں سے چند ڈول نکالنے سے یا مشین کے ذریعہ کچھ پانی کھینچنے سے بالاتفاق کنواں پاک نہیں ہوتا، اسی طرح دستی نلکے کی تطہیر کے لئے تھوڑا سا پانی کھینچ لینا کافی نہیں۔

بعض حضرات نے دستی نلکے کو کنوئیں کے حکم میں قرار دیکر یہ فرمایا ہے کہ نلکے کے اندر کا پورا پانی نکالدینے سے نلکا پاک ہوجائے گا مگر نلکے کو کنوئیں پر قیاس کرنے میں یہ اشکال ہے کہ کنوئیں کا پانی زمین کے مسامات سے نکل کر اپنے طبعی جریان تک محدود رہتا ہے اور نلکے کے پانی کو کھینچ کر سطح زمین سے بھی اوپر لے آتے ہیں۔ اس لحاظ سے نلکا برتن کے حکم میں معلوم ہوتا ہے۔ علاوہ ازیں کنوئیں کے تلے اور دیواروں کی تطہیر متعذر ہے اور نلکے کی تطہیر متعذر تو کجا متعسر بھی نہیں اسلئے دستی نلکے کی تطہیر کا طریقہ یہ ہے کہ جتنا پانی اسکے اندر ہے وہ نکالنے کے بعد مزید اتنا پانی نکالا جائے جس سے پورا پائپ تین بار دُھل سکتا ہو، پائپ کے اندر پانی کی مقدار معلوم کرنے کا طریقہ یہ ہے مربع $\frac{1}{2}$ قطر × پائی × عمق۔ اس طرح پانی کا حجم معلوم کرکے اس پیمائش کے مطابق پانی نکال دیا جائے۔ اگر پانی کی گہرائی معلوم نہ ہوسکے تو ظن غالب پر عمل کیا جائے۔ سب سے آسان طریقہ یہ ہے کہ نلکے کے اوپر سے اتنا پانی ڈالا جائے کہ پائپ بھر کر اوپر سے پانی بہنے لگے۔ اس صورت میں یہ پانی جاری ہوجانے کی وجہ سے پاک ہوجائے گا۔ قال العلامۃ ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ ان دلوا تنجس فافرغ فیہ رجل ماء حتی امتلأ وسال من جوانبہ ھل یطھر بمجرد ذلک ام لا والذی یظھر لی الطھارۃ اخذا مما ذکرناہ ھنا ومما مر من انہ لایشترط ان یکون الجریان بمدد (وقال فی المنھیۃ) اقول رأیت بعد کتابتی لھذا المحل فی حاشیۃ الاشباہ والنظائر فی اٰخر الفن الاول للعلامۃ الکفیری التی تلقاھا عن شیخہ الشیخ اسمٰعیل الحائک مفتی دمشق مانصہ مسألۃ اذا کان فی الکوز ماء متنجس فصب علیہ ماء طاھر حتی جری الماء من الانبوب بحیث یعد جریانا ولم یتغیر الماء فانہ یحکم بطھارتہ اھ منہ (ردالمحتار صفحہ ۱۸۰ ج ۱)

(مزید تحقیق تتمہ میں ہے) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۱۸ جمادی الآخرہ سنہ ۹۶ھ

مٹکے کے ناپاک پانی میں پاک پانی ڈالکر بہا دینے سے مٹکا پاک ہوجائیگا:

سوال: عام مشہور ہے کہ مٹکے میں کوّا منہ ڈالدے تو اسمیں اور پانی اتنا ڈالا جائے کہ مٹکا بھر کر کچھ پانی باہر گر جائے تو مٹکا پاک ہوجاتا ہے، یہ کہاں تک صحیح ہے؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملہم الصواب

اس صورت میں پانی جاری ہو جانے کی وجہ سے پاک ہو جاتا ہے۔ قال العلامۃ ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ ان دلوا تنجس فافرغ فیہ رجل ماء حتی امتلأ وسال من جوانبہ ھل یطھر بمجرد ذلک ام لا والذی یظھرلی الطھارۃ اخذا مما ذکرناہ ھنا ومما مر من انہ لا یشترط ان یکون الجریان بمدد ۔ (وکتب فی المنھیۃ) اقول رأیت بعد کتابتی لھذا المحل فی حاشیۃ الاشباہ والنظائر فی آخر الفن الاول للعلامۃ الکفیری التی تلقاھا عن شیخہ الشیخ اسمٰعیل الحائک مفتی دمشق مانصہ مسألۃ اذا کان فی الکوز ماء متنجس فصب علیہ ماء طاھر حتی جری الماء من الانبوب بحیث یعد جریانا ولم یتغیر الماء فانہ یحکم بطھارتہ اھ (رد المحتار ص ۱۸۰ ج ۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۹ ربیع الآخر سنہ ۹۷ھ

گٹر کے قریب کنواں کھودنا :

سوال : کیا فرماتے ہیں علماء دین اس واقعہ میں کہ ایک کنواں جس میں وضو کا مستعمل پانی جمع ہوتا تھا بعض اوقات نجاست بھی ڈالی جاتی تھی اب چند مہینوں سے وہ کنواں خشک ہو گیا اور مٹی بھر کر بند کر دیا گیا اور اس کنواں بند کردہ شدہ کے تقریباً سات فٹ کے فاصلہ پر ایک دوسرا کنواں کھودا گیا جس سے میٹھا پانی نکل رہا ہے اس پانی سے وضو وغسل کر رہے ہیں اور پی رہے ہیں ۔ ایک تیسرا کنواں دوسرے کنویں سے گیارہ ہاتھ یعنی سولہ فٹ کے فاصلہ پر پہلے سے موجود ہے جس میں اس وقت وضو کا پانی گرتا ہے اور کبھی کبھار اس میں ناپاکی بھی گرتی ہے اب حل طلب مسئلہ یہ ہے کہ اس دوسرے کنویں کے پانی کی طہارت میں بعض شک کر رہے ہیں اور بعض مطلقاً طہارت کے قائل ہیں، قول فیصل کیا ہے ؟ خصوصاً جبکہ یہاں پانی کی بڑی قلت ہے ۔

الجواب باسم ملہم الصواب

اس میں اصل معیار یہ ہے کہ کنویں کے پانی میں نجاست کا اثر یعنی رنگ یا بو یا مزہ ظاہر نہ ہو جن حضرات نے فاصلہ کی کچھ مقدار متعین فرمائی ہے انہوں نے اپنی زمین کے تجربہ کی بناء پر یہ تحدید بیان فرمائی ہے جو ہر جگہ کارآمد نہیں اس لئے کہ زمین رخاوت وصلابت میں مختلف ہوتی ہے،

قال فی الدر قبیل احکام السؤر (فرع) البعد بین البئر والبالوعۃ بقدر ما لا یظھر للنجس اثر، وفی الشامیۃ اختلف فی مقدار البعد المانع من وصول نجاسۃ البالوعۃ الی البئر ففی

روایۃ خمسۃ اذرع وفی روایۃ سبعۃ، وقال الحلوانی المعتبر الطعم او اللون او الریح فان لم یتغیر جاز والا لا ولو کان عشرۃ اذرع وفی الخلاصۃ والخانیۃ والتعویل علیہ وصححہ فی المحیط بحر والحاصل انہ یختلف بحسب رخاوۃ الارض وصلابتہا ومن قدرہ اعتبر حال ارضہ، (رد المحتار ص۲۰۴ ج-۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۳ رجمادی الآخرہ ۱۳۹۹ھ

گدھے اور گھوڑے کے جھوٹے کا حکم:

سوال: گھوڑے اور گدھے کے جھوٹے کا کیا حکم ہے پاک ہے یا مکروہ؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملہم الصواب

گھوڑے کا جھوٹا طاہر اور مطہر ہے اور گدھے کے جھوٹے کی طہارت و طہوریت مشکوک ہے اس لئے اس کا پینا جائز نہیں اور اس سے وضوء درست نہیں اگر دوسرا پانی نہ ہو تو اس پانی سے وضوء بھی کرے اور تیمم بھی، اگر کنویں میں گر جائے تو سارا پانی نکالا جائے قال فی شرح التنویر وماکول لحم ومنہ الفرس فی الاصح ومثلہ مالادم لہ طاہر الفوقیۃ للکل طاہر طہور بلا کراہۃ وفی التنویر وسؤر حمار وبغل مشکوک فی طہوریتہ لا فی طہارتہ اھ ورجح ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ الشک فی الطہارۃ ونقل عن الفتح انہ تظافر کلامہم علی انہ ینزح منہ جمیع ماء البئر (رد المحتار ص۲۰۹ ج۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۵ رمضان المبارک ۱۳۹۹ھ

بَابُ التَّیَمُّمِ

پانی کی موجودگی میں خوف فوت وقت سے تیمّم جائز نہیں :

سوال : اگر پانی موجود ہے مگر وضو کرنے سے وقت نکل جانیکا خوف ہے تو تیمّم کر کے نماز پڑھ لینا درست ہے یا نہیں ؟ بیّنوا توجروا

الجواب ومنه الصّدق والصّواب

تیمّم سے نماز نہ ہوگی۔ البتہ بہتر صورت یہ ہے کہ تیمّم کر کے نماز پڑھ لے اور بعد وقت کے وضو کر کے قضا کر لے۔ قال فی التنویر من عجز عن استعمال الماء لبعده میلا۔ (الی قوله) تیمم وفی الشامیة (قوله لبعده) الضمیر یرجع الی من ط وقیل بالبعد لانه عند عدمه لا یتیمم وان خاف خروج الوقت فی صلوٰة لها خلف خلافا لزفر وسیذکر الشارح ان الاحوط ان یتیمم ویصلی ثم یعید ویتفرع علی هذا الاختلاف ما لو ازدحم جمع علی بئر لا یمکن الاستقاء منها الا بالمناوبة او کانوا عراة لیس معهم الا ثوب یتناوبونه وعلم ان النوبة لا تصل الیه الا بعد الوقت فانه لا یتیمم ولا یصلی عاریا بل یصبر عندنا وکذا لو اجتمعوا فی مکان ضیق لیس فیه الا موضع یسع ان یصلی قائما فقط یصبر ویصلی قائما بعد الوقت کعاجز عن القیام والوضوء فی الوقت ویغلب علی ظنه القدرة بعده[عه] وکذا من معه ثوب نجس وماء یلزمه غسل الثوب وان خرج الوقت بحر ملخصا عن التوشیح (شامیة ج ۱)

وایضا فی شرح التنویر لا یتیمم لفوت جمعة ووقت ولو وترا لفواتها الی بدل وقیل یتیمم لفوات الوقت قال الحلبی فالاحوط ان یتیمم ویصلی ثم یعید۔ وفی الشامیة تحت (قوله قال الحلبی) و نظیر هذا مسألة الضیف الذی خاف ریبة فانهم قالوا یصلی ثم یعید (شامیة ج ۱) فقط واللّٰه تعالیٰ اعلم

۲۶ ذی الحجہ

سردی میں پانی گرم کرے تو وقت جاتا رہے گا :

سوال : سردی کا موسم ہے درمیان رات میں ایک شخص پر غسل فرض ہو جاتا ہے وہ یہ سوچ کر سو جاتا ہے کہ فجر سے کافی پہلے اُٹھ کر غسل کر لوں گا، لیکن اس کی نیند سے بیداری صبح صادق سے بہت بعد یعنی طلوع آفتاب سے پندرہ منٹ پہلے ہوتی ہے اب اگر وہ فوراً اُٹھکر نلکے کے پانی سے غسل کر لے تو طلوع آفتاب سے پہلے نماز پڑھ سکتا ہے لیکن نلکے

[عه] ای قبل خروج الوقت الثانی کمن عرض له العذر بعد دخول الوقت ثم انقطع فی اثناء الوقت الثانی فانه یعید تلك الصلوٰة۔ ۱۲ رشید احمد

کے ٹھنڈے پانی سے نہانے سے وہ یقینی بیمار ہوجائے گا۔ اور اگر پانی گرم کریگا تو پندرہ منٹ، میں پانی گرم کر کے نہا نہیں سکتا تو اس صورت میں نماز کس طرح اور کس وقت ادا کرے؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصواب

صورت مسئولہ میں ٹھنڈے پانی سے غسل کر کے فوراً گرم کپڑے لپیٹ لے۔ اگر اس کے باوجود مرض کا ظن غالب ہو تو پانی گرم کر کے غسل کرے اور وقت جاتا رہے تو قضا پڑھے۔ البتہ بہتر یہ ہے کہ اسوقت تیمم کر کے نماز پڑھ لے بعد میں گرم پانی سے غسل کر کے قضا بھی کرے۔ کما حررنا فی من یخاف فوت الوقت لو اشتغل بالوضوء ۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۷ صفر سنہ ۹۶ ہجری

ریل گاڑی میں تیمّم جائز ہے یا نہیں؟ :

سوال : ریل یا موٹر میں نماز قضا ہونیکا ڈر ہو تو تیمم کرنا جائز ہے یا نہیں۔ ریل کے تختہ پر یا موٹر کی لوہے کی چادر پر تیمم جائز ہوگا یا نہیں جبکہ موٹر والا کہنے سے نہ روکے؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصواب

ریل گاڑی اور موٹر میں تیمم سے نماز کی صحت کے لئے مندرجہ ذیل شرائط ہیں،

(۱) ریل گاڑی کے دوسرے کسی ڈبے میں بھی پانی نہ ہو،
(۲) راستہ میں ایک میل شرعی (۱٫۸۳ کلومیٹر) کے اندر کہیں پانی کے وجود کا علم نہ ہو،
(۳) اگر ریل گاڑی یا موٹر کے تختے پر اتنا غبار ہو کہ بخوبی ہاتھ کو لگے تو اس پر تیمم کرے،
(۴) کھڑا ہو کر نماز پڑھے،
(۵) قبلہ رخ پڑھے، قبلہ معلوم نہ ہو تو غور کے بعد جدھر دل شہادت دے اس طرف رخ کرے،

ان میں سے کسی ایک شرط پر قدرت نہ ہو تو جیسے بھی ممکن ہو پڑھ لے مگر بعد میں قضا کرے،

قال فی الدر المختار (او خوف عدو) کحیۃ او نار علی نفسہ ولو من فاسق او حبس غریم او ماله ولو امانۃ ثم ان نشأ الخوف بسبب وعید عبد اعاد الصلاۃ والا لا لانہ سماوی ۔ وقال فی رد المحتار تحت (قولہ ثم ان نشأ الخوف الخ) اعلم ان المانع من الوضوء ان کان من قبل العباد کاسیر منعہ الکفار من الوضوء ومحبوس فی السجن ومن قیل له ان توضأت قتلتک جاز له التیمم ویعید الصلاۃ اذا زال المانع کذا فی الدرر والوقایۃ (رد المحتار ص۲۱۷ ج۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

غرّہ ذی الحجہ سنہ ۸۶ ھ

غسل کا تیمم وضوء کے لئے بھی کافی ہے :

سوال : جنبی شخص مریض ہے وضوء اس کے لئے مضر نہیں، مگر غسل اس کیلئے مضر ہے ایسی صورت میں غسل کی نیت سے وضوء کرے یا پہلے غسل کی نیت سے تیمم کرے اور پھر وضوء کرے؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملہم الصواب

غسل اور وضو دونوں کے لئے ایک ہی تیمم کافی ہے اس کے بعد پھر وضو ٹوٹ جائے تو دوبارہ وضو کرے۔ قال فی الشامیۃ وفی القہستانی اذا کان للجنب ماء یکفی لبعض اعضائہ او للوضوء تیمم ولم یجب علیہ صرفہ الیہ الا اذا تیمم للجنابۃ ثم احدث، فانہ یجب علیہ الوضوء لانہ قدر علی ماء کاف الخ (رد المحتار ص ۲۱۴ ج ۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۱۲ محرم سنہ ۹۵ ہجری

جنب کو سردی سے مرض کا خطرہ ہو تو تیمم جائز ہے :

سوال : زید کو احتلام ہوا اگر سردی کی وجہ سے سخت نقصان کا خطرہ ہے تو تیمم کرسکتا ہے یا نہیں ؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملہم الصواب

اگر گرم پانی میسّر نہ ہو یا اس سے بھی ضرر کا ظن غالب ہو تو تیمم جائز ہے۔ قال فی التنویر من عجز من استعمال الماء لبعدہ میلا او لمرض او برد وفی الشرح یھلک الجنب او یمرضہ ولو فی المصر اذا لم تکن لہ اجرۃ حمام ولا ما یدفئہ (رد المحتار ص ۲۱۶ ج ۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۱۶ رمضان المبارک ۸۶ھ

ہاتھوں پر زخم ہوں تو تیمم کرے :

سوال : ایک شخص کے ہاتھوں پر پھنسیاں ہیں تو کیا یہ شخص تیمم کرسکتا ہے یا کہ دوسرے کسی سے وضوء کرائے۔ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملہم الصواب

اگر دونوں ہاتھوں پر پھنسیاں ہیں اور ان کو پانی نقصان کرتا ہے تو تیمم درست ہے، البتہ اگر کوئی دوسرا شخص وضو کرانیوالا ہو تو جواز تیمم میں اختلاف ہے ارجح و احوط عدم جواز ہے۔ قال فی شرح التنویر ولو بیدہ (ای شقاق) ولا یقدر علی الماء یتیمم وقال ابن عابدین رحمہ اللہ

تعالیٰ زاد فی الخزائن وصلاتہ جائزۃ عندہ خلافا لہما۔ (ردالمحتار ص۹۵ ج۱) وفی تیمم شرح التنویر تیمم لو الجرح بیدیہ وان وجد من یوضئہ خلافا لہما۔ وقال ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ لکن عبر عن ھذا فی القنیۃ والمبتغی بقیل جازما بالتفصیل وھو الموافق لما مرّ فی المریض العاجز من انہ لو وجد من یعینہ لا یتیمم فی ظاہر الروایۃ فتنبہ لذلک (ردالمحتار ص۳۸ ج۱) فقط واللہ اعلم

۲۰ ربیع الآخر سنہ ۹۷ھ

تیمم کن چیزوں پر جائز ہے ؟ :

سوال : کیا ان چیزوں سے تیمم کرسکتے ہیں ؟

① صراحی، گھڑا، مٹکا وغیرہ، خواہ اسمیں پانی بھرا ہوا ہو یا نہ ہو بلکہ خشک ہو اور اس کے اوپر گرد نہ ہو۔

② ایسی دیوار جس پر سفیدی ہوچکی ہو۔ خواہ خالص چونے سے یا چونے میں نیل یا کوئی رنگ ملانے کے بعد۔

③ عورتیں عموماً مٹی بھگوکر جمالیتی ہیں اور اسکے خشک ہوجانے کے بعد اس سے تیمم کرتی رہتی ہیں۔

④ چولہے کی راکھ سے خواہ وہ لکڑی وغیرہ کسی پاک چیز کی ہو یا گوبر کے اُپلوں یا کنڈوں کی جو خشک ہونے کے بعد جل کر راکھ ہوگئے ہوں۔

⑤ ریل گاڑی یا بس اور موٹر کار کی سیٹ پر خواہ اس پر گرد ہو یا نہ ہو، یا معمولی گرد ہو۔ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملہم الصواب

پہلے تین نمبروں میں مذکورہ اشیاء سے تیمم جائز ہے، نمبر چار سے جائز نہیں، اور نمبر پانچ پر گرد ہو تو جائز ہے ورنہ نہیں۔ قاعدہ یہ ہے کہ جو چیز نہ جلانے سے جلے نہ پگھلانے سے پگھلے اس پر تیمم جائز ہے مگر راکھ پر جائز نہیں اور جو چیز جل جائے یا پگھل جائے اس پر تیمم جائز نہیں مگر چونے پر جائز ہے۔ قال فی التنویر بمطہر من جنس الارض وان لم یکن علیہ نقع فلا یجوز بمنطبع و مترمد وفی الشرح الا رماد الحجر فیجوز کحجر مدقوق او مغسول وحائط مطین او مجصص و اوان من طین اھ وقال فی الشامیۃ (قولہ من جنس الارض الخ) الفارق بین جنس الارض وغیرہ ان کل ما یحترق بالنار فیصیر رمادا کالشجر والحشیش او ینطبع و یلین کالحدید و

الصفر والذہب والزجاج ونحوہا فلیس من جنس الارض ابن کمال عن التحفۃ اھ (ردالمحتار ص۲۲۰ ج۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۳۰ ربیع الآخر سنہ ۸۹ھ

تیمم میں ڈاڑھی کا خلال سنّت ہے :

سوال : تیمم میں ڈاڑھی کا خلال مستحب ہے یا سُنت یا واجب ؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملہم الصّواب

تیمم میں ڈاڑھی کا خلال سُنت ہے۔ قال فی الشامیۃ وفی الفیض ویخلل لحیتہ واصابعہ ویحرک الخاتم والقرط کالوضوء والغسل اھ قلت لکن فی الخانیۃ ان تخلیل الاصابع لابد منہ لیتم الاستیعاب وقال فی البحر وکذا نزع الخاتم او تحریکہ اھ فبقی تخلیل اللحیۃ من السنن۔

(ردالمحتار ص۲۱۳ ج۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم —— ۱۰ ذی قعدہ سنہ ۸۹ھ

وضو کے اکثر اعضاء پر زخم ہوں تو تیمم کرے :

سوال : کسی کے ہاتھ پاؤں اور چہرے پر خارش کی پھنسیاں ہوں اور پانی نقصان کرتا ہو تو کیا یہ شخص غسل اور وضو کے لئے تیمم کرسکتا ہے ؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملہم الصّواب

اگر اعضاء وضو (چہرہ، دو ہاتھ، دو پاؤں) میں سے اکثر پر زخم ہوں تو تیمم کرے ورنہ صحیح اعضاء کو دھوئے اور زخمی پر مسح کرے، غسل کا بھی یہی حکم ہے مگر اسمیں اعضاء کے عدد کی بجائے پورے بدن کی پیمائش کو دیکھا جائیگا، اگر آدھے سے زائد بدن پر زخم ہوں تو تیمم کرے اور اگر آدھے بدن پر یا اس سے کم پر ہوں تو مسح کرے، اگر تندرست بدن پر پانی بہانے سے زخمی حصّہ کو پانی سے بچانا مشکل ہو تو اتنا تندرست حصہ بھی زخمی کے حکم میں شمار ہوگا۔ قال فی شرح التنویر تیمم لو کان اکثرہ ای اکثر اعضاء الوضوء عددا وفی الغسل مساحۃ مجروحا او بہ جدری اعتبارا للاکثر وبعکسہ یغسل الصحیح ویمسح الجریح وکذا ان استویا غسل الصحیح من اعضاء الوضوء ولا روایۃ فی الغسل ومسح الباقی منہا وہو الاصح لانہ احوط فکان اولی، وفی الشامیۃ (قولہ وبعکسہ) وہو لو کان اکثر الاعضاء صحیحا یغسل الخ لکن اذا کان یمکنہ غسل الصحیح بدون اصابۃ الجریح والا تیمم حلیۃ فلو کانت الجراحۃ بظہرہ مثلا واذا صب الماء سال علیہا یکون ما فوقہا

فی حکمہا فیضم الیہا کما بحثہ الشرنبلالی فی الامداد - وقال تحت (قولہ وفی روایۃ فی الغسل) ورجح فی البحر تصحیح الثانی (ای الغسل والمسح) بانہ احوط وتبعہ فی المتن (ردالمحتار ص۲۳۶ ج ۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم — ۲۴ ربیع الآخر سنہ ۹۷ھ

نماز جنازہ اور سنتِ مؤکدہ کے لئے تیمم :

سوال : اگر نماز جنازہ تیار ہو اور وضو کرنے لگے تو نماز ختم ہو جانے کا خطرہ ہو اس صورت میں تیمّم کر کے نماز جنازہ میں شریک ہو جانا جائز ہے یا نہیں ؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملہم الصّواب

قاعدہ یہ ہے کہ اگر کسی عبادت کے فوت ہونیکا خطرہ ہو اور اس کی قضا بھی نہ ہو تو پانی موجود ہونے کے باوجود اس کیلئے تیمم جائز ہے . اس لئے اگر نماز جنازہ کی آخری تکبیر سے قبل شرکت کی اُمید ہو تو تیمم جائز نہیں ورنہ تیمم کر کے شریک ہو سکتا ہے - نماز عید کا بھی یہی حکم ہے کہ فراغ امام کا خوف ہو تو تیمم کر کے شریک ہو جائے - اسی طرح چونکہ سُنن مؤکدہ کی قضا نہیں لہٰذا انکے فوت ہونے کا خوف ہو تو بھی پانی ہونے کے باوجود تیمم کر کے سنتیں پڑھ لے - قال فی شرح التنویر وجاز لخوف فوت جنازۃ ای کل تکبیراتھا او فوت عید بفراغ امام اوزوال شمس (الی قولہ) لان المناط خوف الفوت لاالی بدل فجاز لکسوف وسنن رواتب (ردالمحتار ص۲۲۴ ج ۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۵ ربیع الآخر سنہ ۹۷ھ

تلاوت کے لئے تیمم کیا تو اس سے نماز پڑھنا درست نہیں :

سوال : ایک مریض کے لئے پانی مضر ہے اسنے قرآن مجید کی تلاوت کے لئے تیمم کیا تو اس تیمم سے نماز پڑھ سکتا ہے یا نہیں ؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملہم الصّواب

قاعدہ یہ ہے کہ اگر ایسی عبادت کے لئے تیمم کیا جو خود مقصود بالذات ہو اور اسکے لئے طہارت بھی ضروری ہو تو اس تیمم سے نماز صحیح ہے ورنہ صحیح نہیں، مذکورہ بالا دونوں شرطیں پائی جائیں تو اس سے نماز ہوگی ، اور اگر دونوں شرطیں یا دونوں میں سے ایک مفقود ہو تو اس تیمم سے نماز نہیں پڑھ سکتا ،

پس اگر بے وضو شخص نے زبانی تلاوت کے لئے تیمم کیا تو اسمیں دوسری شرط مفقود ہے یعنی طہارت ضروری نہیں اور اگر قرآنِ کریم کو ہاتھ لگانے کے لئے تیمم کیا تو پہلی شرط مفقود ہے یعنی یہ عبادت مقصودہ نہیں، اسلئے ان دونوں صورتوں میں اس تیمم سے نماز نہیں پڑھ سکتا، البتہ اگر بوقتِ تیمم

صرف تلاوت کی نیت کی بجائے طہارت کاملہ کی نیت کرے تو اس سے نماز بھی درست ہے اور اگر جنب نے تلاوت کی نیت سے تیمم کیا تو وہ اس تیمم سے نماز پڑھ سکتا ہے اسلئے کہ تلاوت عبادت مقصودہ ہے اور اس کے لئے جنابت سے طہارت بھی شرط ہے۔ قال العلامۃ ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ (قولہ لم تجز الصلوٰۃ بہ) ای لفقد الشرط وھو امران کون المنوی عبادۃ مقصودۃ و کونہا لا تحل الا بالطہارۃ اما فی دخول المسجد ففی المحدث فقد الامران وفی الجنب فقد الاول واما فی القراءۃ للمحدث فلفقد الثانی ولایراد الجنب ھنا لما تقدم قریبا من قولہ اوجنبا فکالثانی ای فتجوز الصلاۃ بہ واما المس مطلقا فلفقد الاول (رد المحتار ص ۲۳۶ ج ۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۵ ربیع الآخر سنہ ۹۷ھ

باب المسح علی الخفین والجبیرۃ

موزوں پر صحتِ مسح کی شرائط :

سوال : جرابوں پر مسح کرنے کے کیا شرائط ہیں اور کس قسم کی جرابوں پر مسح کرنا صحیح ہے؟ بینوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصواب

فی شرح التنویر الثخینین بحیث یمشی فرسخا ویثبت علی الساق بنفسہ ولا یری ما تحتہ ولا یشف ۔ اس روایت سے معلوم ہوا کہ موزے خواہ اونی ہوں یا سوتی ، ان میں شرائط ذیل ہوں تو ان پر مسح جائز ہے ورنہ نہیں ۔

(۱) اتنے گاڑھے اور موٹے ہوں کہ اگر بغیر جوتے کے ان کو پہن کر تین میل شرعی چلیں تو وہ نہ پھٹیں میل شرعی علی الراجح ۴ ہزار ذراع ہے ۔ اور فقہاء رحمہم اللہ تعالیٰ نے ایک قدم میں ۱½ ذراع شمار کیا ہے اس حساب سے تین میل شرعی = ۸ ہزار قدم ہوئے ۔

(۲) ان کو پہن کر پنڈلی پر باندھا نہ جائے تو گریں نہیں ، اور یہ نہ گرنا انکے موٹے ہونے کی وجہ سے ہو ۔ اگر تنگ ہونے کی وجہ سے یا پلاسٹک کی ڈوری لگی ہوئی ہونے کی وجہ سے نہیں گرتے تو اسکا کوئی اعتبار نہیں ۔

(۳) ان سے پانی نہ چھنے ۔

(۴) ان میں سے پاؤں نظر نہ آئے (ردالمحتار ص۲۴۸ ج ۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲ ذی الحجہ سنہ ۸۵ ہجری

موزوں پر مسح کے احکام :

سوال : مندرجہ ذیل عبارت ایک محقق کی کتاب سے تحریر کر رہا ہوں ذرا اسے پڑھئے اور جو میرا فہم ہے درست کر دیجئے ۔ نافع ، عبداللہ بن عامر ، حفص ، کسائی اور یعقوب کی قرارت اَرْجُلَكُمْ (بالفتح) ہے جس سے پاؤں دھونے کا حکم ثابت ہوتا ہے اور عبداللہ بن کثیر ، حمزۃ بن حبیب ابو عمرو بن العلاء اور عاصم کی قرارت اَرْجُلِكُمْ (بالکسر) ہے جس سے پاؤں پر مسح کرنیکا حکم نکلتا ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے عمل سے ظاہر ہے کہ در اصل انمیں تضاد نہیں بلکہ یہ دو مختلف حالتوں کے لئے دو الگ الگ احکام کی طرف اشارہ کرتی ہیں ۔ بے وضو آدمی کو وضو کرنا ہو تو اسے پاؤں دھونا چاہئے باوضو اگر تجدیدِ وضو کرے تو وہ صرف مسح پر اکتفاء کر سکتا ہے ،

وضو کرکے اگر آدمی پاؤں دھونیکے بعد موزے پہن چکا ہو تو پھر بحالتِ قیام ایک شب و روز تک اور بحالت سفر تین شب و روز تک وہ صرف موزوں پر مسح کرسکتا ہے۔ اس میں یہ سوالات ہیں:

(۱) حالتِ قیام میں کیا ۲۴ گھنٹے تک مسلسل بغیر موزے اُتارے ہوئے کے، جس طرح پہرہ دار وغیرہ

(۲) تین شب و روز کے معنی کیا؟ کیا تین شب اور تین روز؟ کیا بغیر موزے اُتارے ہوئے کے؟

(۳) موزے اُتارے تو کیا مسح ساقط ہوجائے گا؟

(۴) ان مسح کی کیفیتوں سے کیا میں صبح نہانے کے بعد (بغیر وضو ترتیب وار کئے) کپڑے جوتا پہنے دفتر پہنچوں اور قرآن پڑھنے کے لئے فرصت کے اوقات اونچے اونچے واش بیسن پر صرف ہاتھ منہ دھولوں اور سر و پیر کا مسح کرلوں تو کیا وضو کامل سے مشرف ہوجاؤں گا؟

(۵) موزوں سے کیا مراد ہے کیا بند جوتا اور چپل دونوں کو شامل ہے؟

(۶) کیا مسح میں بھی بال برابر جگہ باقی نہ رہنے کی شرط ہے چاہے تیمم ہو یا موزوں پر مسح؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملہم الصواب

(۱) جی ہاں، وضو ٹوٹنے کے وقت سے چوبیس گھنٹے تک۔

(۲) ہاں، تین شب و تین روز تک وضو ٹوٹنے کے وقت سے لے کر۔

(۳) ہاں، موزے اُتارنے سے مسح ساقط ہوجائے گا اور دھونا فرض ہوگا۔

(۴) ہاں، اگر آپ شرعی موزے پہنے ہوں جن پر مسح جائز ہو اور طہارتِ کاملہ پر پہنے ہوں تو موزوں پر مسح کرنے سے وضو کامل کا ثواب ملے گا۔

(۵) موزے سے مراد چرمی جراب یا جوتا ہے جو ٹخنوں سے اوپر تک بالکل بند ہو کہیں سے بھی کھلا نہ ہو۔

(۶) مسح میں یہ شرط نہیں۔ تیمم میں شرط ہے،

مسائل کی تفصیل کے لئے بہشتی زیور کا مطالعہ رکھنا ضروری ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۱ جمادی الآخرہ سنہ ۹۴ھ

پلستر پر مسح جائز ہے:

سوال: کسی کے پھنسی یا زخم پر پلستر لگا ہوا ہو اگر غسل یا وضو کے وقت اس کو کھول کر

دھوئے تو کچھ نقصان نہیں، البتہ جو دوا لگائی تھی پلستر کو ہٹانے کی وجہ سے وہ باقی نہیں رہیگی، لہٰذا وہ دوا مرض کے لئے مفید ثابت نہ ہوگی یا یہ کہ پھر پلستر نہیں ملیگا یا زیادہ گراں ملیگا تو کیا پلستر کو ہٹاکر اس عضو کو دھونا ضروری ہے یا نہیں؟ نیز دوا کی گرانی کی کیا تحدید ہے۔ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصواب

قال فی الدر المختار اولم یجد من یوضئه فان وجد ولو باجر مثل وله ذٰلك لا یتیمم (رد المحتار ص۲۱۵ ج۱) وقال ابن عابدین رحمه الله تعالیٰ (فرع) فی جامع الجوامع رجل به رمد فداواه وامران لا یغسل فهو کالجبیرة (رد المحتار ص۲۶ ج۱) عبارتِ بالا سے معلوم ہوا کہ اگر پلستر کھولنا زخم کے لئے مضر ہو تو پلستر کھول کر اس عضو کا دھونا ضروری نہیں بلکہ پلستر پر مسح کافی ہے اور وہ پلستر جبیرہ کے حکم میں ہے اور اگر کھولنا مضر نہیں مگر پلستر عام مروّج قیمت سے زیادہ گراں ملیگا یا قیمت تو زیادہ نہیں مگر تنگدستی کی وجہ سے خریدنے پر قدرت نہیں تو بھی مسح جائز ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۰ ربیع الآخر سنہ ۸۶ ہجری

پٹی پر مسح کے بعد پٹی گر گئی:

سوال: زخم کی پٹی پر مسح کیا وہ گر گئی اور دوسری پٹی بدلی تو دوبارہ مسح کریگا یا نہیں؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصواب

قال فی التنویر والمسح یبطله سقوطها عن برء والالا (رد المحتار ص۲۵۹ ج۱) اس عبارت سے معلوم ہوا کہ پٹی کے گرنے سے سابق مسح نہیں ٹوٹتا، البتہ زخم اچھا ہونے کے بعد پٹی گری ہو تو سابق مسح ٹوٹ جائیگا اور اس جگہ کا دھونا ضروری ہوگا۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۳ صفر سنہ ۸۷ ہجری

اوپر کی پٹی گر جائے تو نچلی پر اعادۂ مسح واجب نہیں:

سوال: اوپر کی پٹی دور ہو جائے تو نیچے کی پٹی پر مسح کا اعادہ ہے یا نہیں؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصواب

اس صورت میں نچلی پٹی پر مسح کرنا ضروری نہیں، مندوب ہے۔ قال العلائی ولو بدلها باخریٰ او سقطت العلیا لم یجب اعادة المسح بل یندب وفی الشامیة (قوله لم یجب)

وعن الثانی انہ یجب المسح علی العصابۃ الباقیۃ نھر (رد المحتار ص۲۵۸ ج۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم
۲۳ر صفر سنہ ۸۷ ہجری

پھایہ پر مسح کا حکم:

سوال: زید کے منہ پر پھنسی یعنی زخم ہے اس پر انگریزی مرہم کا پھایہ لگایا ہوا ہے، آیا اسکو ہٹا کر وضو کرے یا پھایہ کے اوپر سے پانی بہائے۔ پھایہ کو ہٹانے میں تکلیف ہوگی یعنی یہ سختی سے کھال پر چمٹ گیا ہے۔ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملہم الصواب

اگر زخم کو پانی نقصان کرتا ہو یا پھایہ ہٹانے میں تکلیف ہو تو پھایہ ہٹائے بغیر اس پر مسح کرے قال فی التنویر وحکم مسح جبیرۃ وخرقۃ قرحۃ وموضع فصد ونحو ذلک کغسل لما تحتھا (رد المحتار ص۲۵۷ ج۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم
۸ر ربیع الاول سنہ ۹۱ھ

زخم کے لئے پانی مضر ہو تو مسح کرلے:

سوال: کسی کے ہاتھ یا پاؤں پر زخم ہو اور پانی نقصان دیتا ہو تو وہ وضو کیسے کرے؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملہم الصواب

زخم کے مقام پر مسح کرلے، اگر مسح بھی نقصان دیتا ہو تو معاف ہے مسح بھی نہ کرے، قال فی العلائیۃ فی اعضائہ شقاق غسلہ ان قدر والا مسحہ والا ترکہ ولو بیدہ ولا یقدر علی الماء یتیمم (رد المحتار ص۹۵ ج۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم
۵ر ذی قعدہ سنہ ۸۷ھ

منعل جرابوں پر مسح:

سوال: منعل جراب کی حد کیا ہے، عام دیسی جوتے کی طرح نیچے اور ایڑی پر چمڑا لگانا مراد ہے یا اور کچھ؟ نیز منعل جراب میں جس حصہ پر چمڑا نہیں اس کے لئے مضبوطی اور موٹائی وغیرہ کی کوئی شرط ہے یا کہ ہر قسم پر مسح جائز ہے؟ بیّنوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

جوتے کے صرف تلے کے نیچے چمڑا ہو تو اس کو منعل کہا جاتا ہے، اگر اس سے زائد حصہ پر چمڑا ہو مگر پوری جراب پر ٹخنوں کے اوپر تک نہ ہو تو وہ بھی منعل ہی کے حکم میں ہے۔ قال فی المغرب مُنْعَلٌ ومُنَعَّل وھو الذی

وضع علی اسفله جلدة کالنعل للقدم وفی شرح المنیة منعلین ای جعل الجلد علی مایلی الارض منهما خاصة کالنعل للرجل۔ عرب میں نعل صرف تحت القدم مروج تھا اور صرف تسمے ہوتے تھے چپل کی طرح ۔ وقال العلامة الطحطاوی رحمہ اللہ تعالیٰ تحت قول الدر والمنعلین ماجعل علی اسفله جلدة ای الی قدم دون الکعبین (طحطاوی ص۱۲ ج ۱)

منعل جراب کا چمڑے سے خالی کپڑا اگر ایسا ثخین ہو کہ اس میں جوازِ مسح کی شرائط موجود ہوں تو اس پر بالاتفاق مسح جائز ہے اور عام سوتی کپڑا ہو تو بالاتفاق مسح جائز نہیں اور اگر اونی کپڑا ہو اور دبیز ہو مگر اس میں جوازِ مسح کی شرائط موجود نہ ہوں تو ان پر جوازِ مسح میں متأخرین کا اختلاف ہے، عدمِ جواز قول الاکثر ہونے کے علاوہ احوط بھی ہے، والتفصیل فی رسالة نیل المآرب فی المسح علی الجوارب للشیخ المفتی محمد شفیع رحمہ اللہ تعالیٰ ، فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۴ رمضان ۹۸ھ

چرمی موزے کے نیچے جراب ہو تو مسح جائز ہے :

سوال : چمڑے کے موزوں کے نیچے اگر سوتی یا اونی جراب پہن لئے جائیں تو موزوں پر مسح جائز ہے یا نہیں ؟ بینوا توجروا ۔

الجواب باسم ملہم الصواب

جائز ہے ، قال فی البحر بعد ذکر الاختلاف ومنهم من افتی بالجواز وهو الحق لما قدمناه عن غایة البیان وایدہ العلامة ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ فی منحة الخالق بقول شارح المنیة یعلم منه جواز المسح علی خف لبس فوق مخیط من کرباس اوجوخ ونحوهما مما لایجوز علیه المسح ۔ (البحر الرائق ص۱۹۱ ج ۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم ۔

۲۴ رمضان ۹۸ھ

پلاسٹک کے موزے پر جراب ہو تو مسح جائز نہیں :

سوال : اگر پلاسٹک کا موزہ بنوا لیا جائے اور اس کے اوپر سوتی جراب پہن لیا جائے تو اس پر مسح جائز ہوگا یا نہیں ؟ بینوا توجروا ۔

الجواب باسم ملہم الصواب

اگر پلاسٹک کو جراب کے ساتھ سی لیا جائے تو اس پر مسح جائز ہے اس کو مبطن کہا جاتا ہے ان ماکان رقیقا منها (ای من الجلد الرقیق) لایجوز المسح علیه اتفاقا الا ان یکون مجلدا او منعلا

او مبطنا (شرح المنیة ص۱۳۱)

بدون سلائی کئے جراب پر مسح جائز نہیں، اس لئے کہ مسح چرمی موزہ پر مشروع ہے اور جراب پر مسح کرنے سے موزہ پر مسح متحقق نہیں ہوا، بخلاف مبطن کے کہ اس میں کپڑا اور چمڑا سلائی کے ذریعہ ایک ہو جاتے ہیں اس لئے اس پر مسح جائز ہے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۲۴ رمضان ۹۸ھ

باب الحیض

حالتِ حیض میں ذکر جائز ہے :

سوال : عورت حیض کی حالت میں ذکر اور تسبیح وغیرہ کر سکتی ہے یا نہیں ؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم مُلهم الصّواب

حالتِ حیض میں تلاوتِ قرآن کے سوا ہر قسم کا ذکر جائز ہے، قرآن کی آیت بھی دُعا کی نیت سے پڑھنا جائز ہے ۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲ر ذی الحجہ سنہ ۸۹ ہجری

حائضہ کے لئے تعلیمِ قرآن کا حکم :

سوال : کیا فرماتے ہیں علماءِ دین اس مسئلہ میں کہ حائضہ عورت جو بچوں کو پڑھاتی ہو کیا وہ ان ایام میں پڑھانا چھوڑ دے ۔ نیز دوسری دعائیں اور درود شریف وغیرہ پڑھنا جائز ہے یا نہیں؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصّواب

قال فی شرح التنویر ویمنع قراءة قرآن بقصده ومسّه (الی ان قال) ولا بأس لحائض وجنب بقراءة ادعیة ومسها وحملها وذکر اللّٰہ تعالیٰ وتسبیح وفی الشامیة (قوله قراءة قرآن) ای ولو دون اٰیة من المرکبات لا المفردات لانه جوّز للحائض المعلّمة تعلیمه کلمةً کلمةً (قوله بقصده) فلو قرأت الفاتحة علی وجه الدعاء او شیئًا من الاٰیات التی فیها معنی الدعاء ولم ترد القراءة لابأس به (رد المحتار صـ۲۷ـ ج ۱) وفی غسل شرح التنویر ویحرم به تلاوة القراٰن ولو دون اٰیة علی المختار بقصده وفی الشامیة (قوله علی المختار ای من قولین مصححین ثانیهما انه لا یحرم ما دون اٰیة (الی قوله) اقول وحمله اذا لم تکن طویلة فلو کانت طویلة کان بعضها کاٰیة لانها تعدل ثلاث اٰیات ذکره فی الحلیة عن شرح الجامع لفخر الاسلام ۔

(ردّ المحتار صـ۱۵۹ـ ج ۱)

ان عبارات سے امور ذیل مستفاد ہوئے ۔

(۱) حائضہ کا ایک آیت یا اس سے زیادہ بنیت تلاوت پڑھنا بالاتفاق ناجائز ہے ۔

(۲) آیت کا ٹکڑا بشرطیکہ چھوٹی سے چھوٹی آیت یعنی چھ حروف کے برابر نہ ہو۔ پڑھنے

کے جواز میں اختلاف ہے اور عدم جواز راجح ہے۔

(۳) مفردات میں سے ایک ایک کلمہ پڑھنا بالاتفاق جائز ہے۔

(۴) بقصدِ دعا ران آیاتِ قرآنیہ کا پڑھنا جائز ہے جن میں دعا کا مضمون ہے۔

(۵) ادعیہ ماثورہ کا پڑھنا اور ہاتھ لگانا اور ذکر اللہ و تسبیح وغیرہ پڑھنا جائز ہے۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم — ۱۳ر شعبان سنہ ۹۵ھ

حائضہ پر دم کرنا:

سوال: حیض یا نفاس والی عورت پر قرآن پاک پڑھ کر دم کرنا جائز ہے یا نہیں؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصّواب

جائز ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۱ر ربیع الاول سنہ ۹۵ ہجری

ایّام عادت کے بعد خون آنا:

سوال: ایک عورت کی عادت مستمرہ یہ ہے کہ ہر مہینہ میں پانچ روز حیض آتا ہے، کبھی کبھی چھٹے دن بھی آجاتا ہے کبھی تو یہاں تک نوبت آتی ہے کہ نہا دھوکر دو تین نماز پڑھتی ہے پھر خون آجاتا ہے اسکا کیا حکم ہے؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصّواب

پانچ دن گزرنے کے بعد جب خون بند ہو جائے تو نماز کے آخر وقت میں غسل کر کے نماز پڑھے پھر اگر خون آجائے تو نماز چھوڑ دے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۳ر ربیع الآخر سنہ ۹۶ ہجری

ایّامِ عادت سے قبل خون بند ہوگیا:

سوال: ایک عورت کو ہمیشہ پانچ روز تک خون آتا تھا، اب چوتھے روز بند ہوگیا تو اسکے لئے نماز کا کیا حکم ہے اور ہمبستری جائز ہے یا نہیں؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصّواب

اس صورت میں نماز اور روزہ فرض ہے مگر پانچ روز مکمل ہونے سے قبل ہمبستری جائز نہیں اور نماز کو وقت مستحب کے آخر تک مؤخر کرنا واجب ہے۔ قال العلائی فان لدون عادتها لم یحل وتغتسل وتصلی وتصوم احتیاطًا، وفی الشامیة (قوله لم یحل) ای الوطیٔ وان اغتسلت

لان العود فی العادۃ غالب بحر (قولہ تغتسل وتصلی) ای فی آخر الوقت المستحب وتاخیرہ الیہ واجب ھنا اما فی صورۃ الانقطاع لتمام العادۃ فانہ مستحب کما فی النھایۃ والفتح وغیرھما، (رد المحتار ص۲۷۱ ج۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۷ جمادی الاخری سنہ ۹۲ھ

حیض بند ہونے سے کتنی دیر بعد ہمبستری جائز ہے؟

سوال: عورت جب حیض سے پاک ہو تو غسل سے پہلے اس کے ساتھ ہمبستری جائز ہے یا کہ غسل کے بعد حلال ہے؟ بینوا توجروا

الجواب باسم ملہم الصواب

اگر دس روز مکمل ہونے کے بعد خون بند ہوا ہے تو اسی وقت ہمبستری جائز ہے مگر مستحب یہ ہے کہ غسل کے بعد کرے اور اگر دس روز سے قبل پاک ہوگئی تو حلت وطی کے لئے دو شرطوں میں سے ایک کا وجود ضروری ہے۔ یعنی عورت غسل کرلے، یا خون بند ہونیکے بعد اتنا وقت گذر جائے کہ اس کے ذمہ نماز کی قضا فرض ہوجائے، جب تک ان دونوں میں سے کوئی ایک شرط نہیں پائی جائے گی ہمبستری حلال نہ ہوگی۔ نماز کی قضا تب فرض ہوتی ہے کہ خون بند ہونیکے بعد نماز کا وقت ختم ہونے سے پہلے پھرتی سے غسل کرکے تکبیر تحریمہ کہہ سکے، پس اگر عصر سے کچھ قبل خون بند ہوا مگر غسل کرکے تکبیر تحریمہ کہنے کے برابر وقت نہ تھا تو غروب سے پہلے وطی حلال نہیں اس لئے کہ اس سے قبل اسکے ذمہ کوئی نماز فرض نہیں۔

قال شارح التنویر ویحل وطؤھا اذا انقطع حیضھا لاکثرہ بلا غسل وجوبا بل ندبا وقال ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ اعلم انہ اذا انقطع دم الحائض لاقل من عشرۃ وکان لتمام عادتھا فانہ لا یحل وطؤھا الا بعد الاغتسال او التیمم بشرطہ کما مر لانھا صارت طاھرۃ حقیقۃ او بعد ان تصیر الصلاۃ دینا فی ذمتھا وذلک بان ینقطع ویمضی علیھا ادنی وقت صلوۃ من آخرہ وھو قدر ما یسع الغسل واللبس والتحریمۃ سواء کان الانقطاع قبل الوقت او فی اولہ او قبیل آخرہ بھذا القدر فاذا انقطع قبیل الظھر مثلا او فی اول وقتہ لا یحل وطؤھا حتی یدخل وقت العصر لانھا لما مضی علیھا من آخر الوقت ذلک القدر صارت الصلوۃ دینا فی ذمتھا لان المعتبر فی الوجوب آخر الوقت واذا صارت الصلاۃ دینا فی ذمتھا صارت طاھرۃ حکما لانھا لا تجب فی الذمۃ الا بعد الحکم علیھا بالطھارۃ ولکن لو انقطع فی آخرہ وکان بین الانقطاع وبین وقت العصر ذلک القدر فلہ وطؤھا بعد دخول وقت العصر

لما قلنا اما اذا کان بینہما دون ذلک فلا یحل الا بعد الغروب لصیرورۃ صلوٰۃ العصر دینا فی ذمتہا دون صلوٰۃ الظہر لانہا لم تدرک من وقتہا ما یمکنہا الشروع فیہ الخ (ردالمحتار ص۲۷۳ ج۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۵ ربیع الآخر سنہ ۹۷ھ

خون بند ہونے پر نماز اور روزہ فرض ہونیکی تفصیل:

سوال: عورت کی ماہواری کا خون نماز کے آخر وقت میں بند ہوا تو اس پر یہ نماز فرض ہونے کی کیا شرط ہے۔ نیز رمضان میں بالکل آخر شب میں خون بند ہوا تو اس دن کا روزہ فرض ہے، یا نہیں؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم مُلھم الصّواب

اگر دس روز سے کم خون کی عادت ہے تو نماز فرض ہونے کے لئے یہ شرط ہے کہ خون بند ہونے کے بعد نماز کا وقت ختم ہونے سے قبل پھرتی سے غسل کا فرض ادا کرکے تکبیر تحریمہ کہہ سکے، اگرچہ غسل کی سُنتیں ادا کرنے کا وقت نہ ہو اور پورے دس روز خون آتا ہو تو اگر وقت ختم ہونے سے صرف اتنی دیر پہلے دس روز پورے ہوگئے جس میں بدوں غسل کئے صرف تکبیر تحریمہ کہہ سکے تو یہ نماز فرض ہوگئی اس کی قضا کرے، روزے کا بھی یہی حکم ہے کہ پہلی صورت میں صبح صادق سے قبل فرض غسل کے بعد تکبیر تحریمہ اور دوسری صورت میں صرف تکبیر تحریمہ کا وقت پالیا تو اس دن کا روزہ صحیح ہوگا ورنہ نہیں۔ قال فی شرح التنویر ویقضی علیہا زمن یسع الغسل ولبس لثیاب والتحریمۃ یعنی من اٰخر وقت الصلوٰۃ لتعلیلہم بوجوبہا فی ذمتہا (الی قولہ) وہل تعتبر التحریمۃ فی الصوم الاصح لا وہی من الطہر مطلقا وکذا الغسل لولا کثرہ والا فمن الحیض فتقضی ان بقی قدر الغسل والتحریمۃ ولولعشرۃ فقدر التحریمۃ فقط لئلا تزید ایامہ علی عشرۃ فلیحفظ، وفی الشامیۃ (قولہ یسع الغسل) ای مع مقدماتہ کالاستقاء وخلع الثوب والتستر عن الاعین وفی شرح البزدوی ولم یذکروا ان المراد بہ الغسل المسنون اوالفرض والظاہر الفرض لانہ یثبت بہ رجحان جانب الطہارۃ اھ کذا فی شرح التحریر لابن امیرحاج (قولہ والتحریمۃ) وہی اللہ عند ابی حنیفۃ واللہ اکبر عند ابی یوسف و الفتوی علی الاول کمافی المضمرات قہستانی، وقال تحت (قولہ الاصح لا) ہذا ما صححہ فی المجتبی ونقل بعدہ فی البحر عن التوشیح والسراج انہ لایجزیہا صوم ذلک الیوم اذا

لم یبق من الوقت قدر الاغتسال والتحریمۃ (الیٰ قولہ) ونحوہ فی الزیلعی وقال فی البحر وھذا ھو الحق فیما یظھر اھ قال فی النھر وفیہ نظر ولم یبین وجھہ (الیٰ قولہ) فالذی یظھر ما قال فی البحر انہ الحق (رد المحتار ص۲۷۳ ج۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۶ ربیع الآخر سنہ ۹۷ ہجری

حالت حیض میں دینی کتابیں دیکھنا:

سوال: تبلیغ میں ہر ہفتہ جو تبلیغی نصاب پڑھا جاتا ہے اس کے متعلق بتایا جاتا ہے کہ عورتیں دورانِ حیض میں بھی اس کتاب کو پڑھ چھو سکتی ہیں۔ لیکن چونکہ یہ کتاب پوری قرآنی آیات اور احادیث سے پُر ہے، اس لئے کچھ دل میں خدشہ رہتا ہے کہ اسے پکڑنا چھونا جائز بھی ہے یا نہیں۔ اگر اسے پکڑنا جائز ہے تو پھر دوسری بہت سی دینی کتب ہیں تو ان کے اور بہشتی زیور کے بارے میں کیا حکم ہے؟ بیّنوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

حالتِ حیض میں دینی کتب کو ہاتھ لگانا جائز ہے مگر جہاں آیت قرآنی لکھی ہو اس پر ہاتھ نہ لگائیں فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۰ شعبان سنہ ۹۷ھ

حالت حیض میں آیۃ الکرسی پڑھنا:

سوال: اگر کسی کو رات کو سوتے وقت پنج کلمہ آیۃ الکرسی اور چاروں قُل اور الحمد شریف پڑھنے کی عادت ہے تو حیض کے دنوں میں کیا کیا جائے؟

الجواب باسم ملہم الصواب

دعاء کی نیت سے پڑھ لے۔ تلاوت کی نیت نہ کرے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۰ شعبان سنہ ۹۷ھ

اسقاط کے بعد آنے والے خون کا حکم:

سوال: ایسا بچہ اسقاط ہوگیا جو صرف لوتھڑا تھا اعضاء نہیں بنے تھے تو بعد اسقاط کے نفاس کا حکم ہوگا یا حیض کا، اگر حیض کا حکم ہو تو جو نمازیں نفاس سمجھ کر مسئلہ معلوم نہ ہونے کی وجہ سے دس دن کے بعد چھوڑی گئیں ان کی قضاء واجب ہے یا نہیں؟ بیّنوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

اگر حمل چار ماہ یا اس سے زیادہ مدّت کا ہو تو ولادت کے بعد آنے والا خون نفاس ہوگا،

اگر حمل پر چار ماہ نہ گذرے ہوں تو یہ خون حیض ہے بشرطیکہ تین روز یا اس سے زیادہ آئے، اگر تین روز سے کم آیا تو یہ استحاضہ ہے، اگر چار ماہ نہیں گذرے تھے اس کے باوجود اس خون کو نفاس سمجھ کر نمازیں چھوڑ دیں تو ان کی قضاء فرض ہے، قال فی شرح التنویر؛ سقط ظہر بعض خلقہ کید اورجل او اصبع او ظفر او شعر ولا یستبین خلقہ الا بعد مائۃ و عشرین یوما ولد حکما فتصیر المرأۃ بہ نفساء (الیٰ قولہ) فان لم یظہر لہ شیٔ فلیس بشیٔ والمرئی حیض ان دام ثلاثا وتقدمہ طہر تام والا استحاضۃ الخ (رد المحتار ص ۲۷۹ ج ۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۵ صفر ۹۸ھ

مستحاضہ کا حکم:

سوال: مجھے حیض کے بارے میں یہ مسئلہ معلوم کرنا ہے، شروع سے میری عادت پندرہ دن پاک رہنے کی ہے کبھی کبھی بائیس روز بھی رہی لیکن ایسا بہت کم ہوتا ہے اور گیارہویں دن نہاتی ہوں تین چار سال سے کبھی ایسا بھی ہوا کہ آٹھ یا نو دن بعد نہا لیتی ہوں لیکن یہ کم ہی ہوتا ہے اس دفعہ میں نے ۱۵ ار دسمبر کو نماز شروع کی ۲۳ ر دسمبر کو پھر خون آیا اس زمانے میں تیس دسمبر تک نماز پڑھتی رہی پھر بھی مٹیالا اور زرد سا رنگ آتا رہا گیارہ دن پورے کرکے ۲ ر جنوری سے میں نے پھر نماز شروع کردی اس دوران میں ایک آدھ دن تو صاف رہا اور کچھ ہلکا خاکی سا رنگ آتا رہا دو چار دن ٹھیک رہا لیکن گیارہ جنوری عشاء کے وقت سے پھر خون آنے لگا اور دو دن تک تو خون کا رنگ رہا اور اب کبھی مٹیالا اور کبھی گلابی رنگ رہتا ہے. آج پندرہ تاریخ تک ایسا ہی رنگ ہے اور گیارہ جنوری سے میں نے نماز نہیں پڑھی، تو اب میں کب سے نماز شروع کروں اور یہ نمازیں جو نہیں پڑھی ہیں قضاء کروں یا قضا نہیں ہوگی. اگر بیچ میں پھر حیض آئے تو اس زمانے میں نماز پڑھوں یا نہیں؟ دن کے حساب کس طرح رکھے جائیں گے؟

الجواب باسم ملہم الصواب

پندرہ دسمبر سے قبل جب خون شروع ہوا تھا وہ تاریخ محفوظ کرلیں اس سے ٹھیک دس روز کے بعد پاکی کا زمانہ شمار ہوگا، پھر اس سے ٹھیک پندرہ روز کے بعد دوسرے حیض کا زمانہ ہوگا. درمیان میں خون آئے یا نہ آئے ہر حال میں یہی حساب رکھیں، اس حساب کے مطابق جو زمانہ پاکی کا تھا اس کی نمازیں قضاء پڑھیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔ ۱۲ صفر ۹۸ھ

احکام المعذور

پیشاب کے سوراخ میں رکھی ہوئی روئی کا اندرونی حصہ تر ہوگیا تو وضو نہیں ٹوٹا :

سوال : اگر کسی شخص نے مخرج بول میں روئی رکھی اور روئی کا اندرونی حصّہ تر ہوگیا ، ظاہری حصہ تر نہیں ہوا تو کیا اسکا وضو ٹوٹا یا نہیں ؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملہم الصّواب

جب تک روئی کا ظاہری حصّہ تر نہ ہوگا وضو نہیں ٹوٹے گا ، قال فی التنویر کما ینقض لوحشی احلیلہ بقطنۃ وابتل الطرف الظاھر وان ابتل الطرف الداخل لا ینقض

(ردالمحتار ص۱۳۸ ج۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم ـــــ ۲۳ ر ذی الحجہ سنہ ۸۷ ہجری

قطرہ کے مریض کے لئے نماز پڑھنے کا آسان طریقہ :

سوال : چہل قدمی اور اوپر سے نیچے چلنے کے بعد اگر پیشاب کا قطرہ بند نہ ہوتا ہو تو کیا کرنا چاہیئے ۔ اس صورت میں نماز میں کوئی خلل آئیگا یا نہیں ؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملہم الصّواب

چہل قدمی وغیرہ کوئی قید نہیں ہے ۔ اکثر اس سے استبراء حاصل ہوجاتا ہے ۔ اصل میں مقصود یہ ہے کہ قطرہ ٹپکنے سے اطمینان حاصل ہوجائے ، جب تک اطمینان حاصل نہ ہو وضو شروع کرنا صحیح نہیں جس کو بہت دیر تک قطرہ آتا ہو اس کو چاہیئے کہ وقت سے پہلے پیشاب کرلیا کرے یا پیشاب کے سوراخ کے اندر کوئی چیز روئی وغیرہ اس طرح داخل کردے کہ اسکا اندرونی حصّہ پیشاب کے قطرہ کو جذب کرلے اور تری باہر نہ آنے پائے ۔ قال فی شرح التنویر یجب الاستبراء بمشی او تنحنح او نوم علی شقہ الایسر ویختلف بطباع الناس وقال فی الشامیۃ اما نفس الاستبراء حتی یطمئن قلبہ بزوال الرشح فھو فرض وھو المراد بالوجوب ولذا قال الشرنبلالی یلزم الرجل الاستبراء حتی یزول اثر البول ویطمئن قلبہ قال عبرت باللزوم لکونہ اقوی من الواجب لان ھذا یفوت الجواز بفوتہ فلا یصح لہ الشروع فی الوضوء حتی یطمئن بزوال الرشح اھ قلت ومن کان بطئ الاستبراء فلیفتل نحو ورقۃ مثل الشعیرۃ ویحتشی بھا فی الاحلیل فانھا تتشرب ما بقی من اثر الرطوبۃ التی یخاف خروجھا وینبغی ان یغیبھا فی المحل لئلا تذھب الرطوبۃ الی طرفھا الخارج اھ (ردالمحتار ص۳۱۹ ج۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم ـــــ ۲۸ ر صفر سنہ ۹۱ھ

معذور کے وضوء اور کپڑے کی طہارت کا حکم :

سوال : صاحبِ عذر کے لئے ہر وقتِ صلوٰۃ پر وضو کرنا اور کپڑے دھونا ضروری ہے یا نہیں؟ نیز صاحبِ عذر بننے کے لئے کیا شرائط ہیں؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملہم الصواب

فی العلائیۃ ان استوعب عذرہ تمام وقت صلوٰۃ مفروضۃ بان لا یجد فی جمیع وقتھا زمنًا یتوضأ ویصلی فیہ خالیًا عن الحدث ولو حکمًا لان الانقطاع الیسیر ملحق بالعدم وھذا شرط العذر فی حق الابتداء وفی حق البقاء کفی وجودہ فی جزء من الوقت ولو مرۃً وفی حق الزوال یشترط استیعاب الانقطاع تمام الوقت حقیقۃً لانہ الانقطاع الکامل وحکمہ الوضوء لا غسل ثوبہ ونحوہ لکل فرض اللام للوقت کما فی لدلوك الشمس ثم یصلی بہ فیہ فرضًا ونفلًا فدخل الواجب بالاولی فاذا خرج الوقت بطل ای ظھر حدثہ السابق حتی لو توضأ علی الانقطاع ودام الی خروجہ لم یبطل بالخروج مالم یطرأ حدث اٰخر او یسیل کمسألۃ مسح خفہ وافاد انہ لو توضأ بعد الطلوع ولو لعید او ضحی لم یبطل الا بخروج وقت الظھر وان سال علی ثوبہ فوق الدرھم جاز لہ ان لا یغسلہ ان کان لو غسلہ تنجس قبل الفراغ منھا ای الصلوٰۃ والا یتنجس قبل فراغہ فلا یجوز ترك غسلہ ھو المختار للفتوی وکذا مریض لا یبسط ثوبًا الا تنجس فورًا لہ ترکہ

وفی الشامیۃ (قولہ ھو المختار للفتوی) وقیل لا یجب غسلہ اصلًا وقیل ان کان مفیدًا بان لا یصیبہ مرۃً اُخری یجب وان کان تصیبہ المرۃ بعد الاخری فلا، واختارہ السرخسی بحر قلت بل فی البدائع انہ اختیار مشایخنا وھو الصحیح اھ فاز لم یمکن التوفیق بحملہ علی ما فی المتن فھو اوسع علی المعذورین ویؤید التوفیق ما فی الحلیۃ عن الزاھدی عن البقالی لو علمت المستحاضۃ انھا لو غسلتہ یبقی طاھرًا الی ان تصلی یجب بالاجماع وان علمت انہ یعود نجسًا غسلتہ عند ابی یوسف دون محمد ولکن فیھا عن الزاھدی ایضًا عن قاضی صدر انہ لو یبقی طاھرًا الی ان تفرغ من الصّلوٰۃ ولا یبقی الی ان یخرج الوقت فعندنا تصلی بدون غسلہ (رد المحتار ص۲۸۱ ج۱)

عباراتِ بالا سے امور ذیل مستفاد ہوئے ۔

(۱) صاحب عذر بننے کے لئے ضروری ہے کہ نماز کے پورے وقت میں سے اتنا وقت نہ ملے جس میں وضو کرکے طہارت کے ساتھ نماز ادا کرسکے ۔

(۲) شرعاً معذور بن جانے کے بعد آئندہ پورے وقت میں ایک دفعہ عذر پایا جانا

کافی ہے۔

(۳) زوالِ عذر کے لئے ضروری ہے کہ پورا وقت عذر سے کلیۃً خالی نکل جائے۔

(۴) صاحبِ عذر کے لئے ہر وقتِ فرض کے لئے وضو کرنا ضروری ہے اور اسی وضو سے فرض، واجب، نفل جو چاہے وقت کے اندر پڑھ سکتا ہے۔

(۵) کپڑے کی طہارت کا یہ حکم ہے کہ اگر اسکا یقین ہو کہ کپڑا دھونے کے بعد نماز سے فارغ ہونے سے پہلے دوبارہ ناپاک نہیں ہوگا تو بالاجماع دھونا ضروری ہے۔ اور اگر دوبارہ ناپاک ہونیکا اندیشہ ہو تو دھونا ضروری نہیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

یکم رجب سنہ ۸۸ ہجری

معذور کے کپڑوں کا حکم :

سوال : ایک شخص کے زخم سے خون رستا ہے، وہ کپڑا بدلتا ہے تو وہ بھی ناپاک ہو جاتا ہے یہ شخص نماز کیسے پڑھے؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصواب

اگر کپڑا دھونے یا بدلنے کے بعد نماز ختم کرنے سے پہلے پھر تر ہو جائے تو اسکا بدلنا یا دھونا واجب نہیں ورنہ واجب ہے قال فی العلائیۃ وان سال علی ثوبہ فوق الدرھم جاز لہ ان لا یغسلہ ان کان لو غسلہ تنجس قبل الفراغ منھا ای الصلوٰۃ والا یتنجس قبل فراغہ فلا یجوز ترک غسلہ وھو المختار للفتویٰ (رد المحتار ص۲۸۳ ج۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۶ ربیع الاوّل سنہ ۹۴ھ

مریض کے ناپاک کپڑے بدلنا مشکل ہو تو ویسے ہی نماز پڑھے :

سوال : ہسپتال میں بدن اور کپڑوں کی طہارت کبھی تو یقینی طور پر نہیں ہوتی اور کبھی نامکمل اور مشتبہ ہوتی ہے تو کیا ایسی صورتمیں بہرحال نماز پڑھ لینی چاہیئے یا قضا کر دی جائے؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم مُلهم الصواب

ایسے مریض کو اسی حالت میں نماز پڑھ لینا چاہیئے۔ مریض تحتہ ثیاب نجسۃ وکلما بسط شیئاً تنجس من ساعتہ صلی علی حالہ وکذا لو لم یتنجس الا انہ یلحقہ مشقۃ بتحریکہ (رد المحتار ص۵۶۳ ج۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۴ محرم سنہ ۹۵ھ

حکم معذور میں دخول معلوم کرنیکا آسان طریقہ

سوال : کیا فرماتے ہیں مفتیانِ شرع متین اس بارے میں کہ ایک شخص پیچش کا مریض ہے اس مرض میں ریاح بھی بکثرت خارج ہوتے ہوں تو ایسا شخص نماز کے لئے صرف ایک دفعہ وضو کرے یا ہر دفعہ ریاح خارج ہونے پر وضو کرے۔ میں نے دار العلوم لانڈھی سے جواب منگوایا تھا انھوں نے لکھا تھا کہ ایک وقت نماز کا پورا حالتِ عذر میں گزرجائے اور وہ ریاح کو روکنے پر قدرت بھی نہ رکھتا ہو اور وہ حالتِ عذر اسوقت کے بعد بھی برقرار رہے تو ایسا شخص شرعاً معذور ہے، اب دوسری نمازوں کے لئے وہ ہر نماز کے لئے تازہ وضو کرے مگر مجھے کوئی ایسا وقت نہیں ملتا ہے کہ میں شرعاً معذور مندرجہ بالا جواب کیمطابق ہوں، تو کیا مرض پیچش شرعاً معذوری کے لئے کافی نہیں؟

میں ایک نماز کے لئے بسا اوقات پانچ یا چھ بار وضو کرتا ہوں تب کہیں جاکر نماز ادا کرپاتا ہوں جماعت کی نماز بھی وضو کرتے کرتے ہی رہ جاتی ہے۔ میرے پاس بسا اوقات وقت بھی اتنا نہیں ہوتا کہ اتنی مرتبہ وضو کرسکوں۔ اگر عشاء کی نماز میں یہ حالت پیش آجائے تو میں اس انتظار میں کب تک رہوں کہ ایک وضو سے پوری نماز ادا کرلوں۔ اگر پوری رات جاگوں تو صبح کام پر جانا پڑجاتا ہے اتنی مرتبہ وضو کرنے میں بہت شرم اٹھانی پڑتی ہے لوگ ہنستے ہیں، میرے ساتھ تقریباً ہر نماز میں یہ حالت پیش آتی ہے۔ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصواب

آپ ایک دفعہ ایسی نماز کا وقت منتخب کریں جو کم از کم ہو اور اسوقت میں آپ کو فرصت بھی ہو مغرب کا وقت سب اوقات سے کم ہوتا ہے۔ میرے مرتّبہ نقشہ میں غروبِ شفق احمر کا وقت دیا گیا ہے اسکو وقت مغرب کی انتہاء قرار دیا جاسکتا ہے پس آپ کسی روز بوقت مغرب خوب اہتمام سے اسکی کوشش کریں کہ پورے وقت میں ایسا موقع ملجائے جسمیں آپ وضو کی اور فرض نماز کی سنتیں چھوڑکر فرض پڑھ سکیں۔ اگر اتنا وقت نہیں ملتا تو آپ معذور کی تعریف میں داخل ہوگئے آئندہ کیلئے یہ ضروری نہیں کہ پورا وقت بیٹھے انتظار کرتے رہیں بلکہ صرف پورے وقت میں ایک دفعہ ریاح کا خروج ضروری ہے جبتک یہ حالت رہے گی آپ معذور رہیں، ہر وقت کے لئے نیا وضو ضروری ہوگا، اسوقت کے اندر اس وضو سے جو چاہیں پڑھیں۔ وقت کے اندر عذر پیش آنے سے وضو نہیں ٹوٹے گا۔ البتہ اور کوئی چیز وضو توڑنے والی صادر ہوئی تو اس سے وضو ٹوٹ جائیگا، خروج وقت سے وضو جاتا رہے گا۔

البتہ اگر انقطاعِ عذر کی حالت میں وضو کیا پھر خروجِ وقت تک عذر پیش نہ آیا تو خروجِ وقت سے وضو نہیں گیا بلکہ اسکے بعد جب پھر عذر پیش آئیگا اسوقت وضو ٹوٹے گا۔ غرضیکہ صرف ایک وقت میں صرف ایک دفعہ آپ کو تکلیف کرنا پڑے گی۔ اگر اسمیں عذر ثابت ہوگیا تو آئندہ کے لئے کوئی تکلیف نہیں صرف اسکا خیال رکھیں کہ ہر نماز کے پورے وقت میں ایک دفعہ عذر پیش آتا ہے یا نہیں۔ اگر پورے وقت میں ایک دفعہ بھی عذر پیش نہ آیا تو معذور کا حکم ختم ہوجائیگا۔ حکم معذور ختم ہونیکی صورت میں مزید اس امر کا خیال رکھنا ضروری ہے کہ جو پورا وقتِ نماز عذر سے خالی گزرا ہے اس سے پہلے وقت میں اگر بحالتِ عذر وضو کیا مگر نماز پوری کرنے سے قبل عذر منقطع ہوگیا اور پھر دوسری نماز کا پورا وقت بھی بدون عذر کے گزر گیا تو اس پہلے وقت کی نماز کی قضا فرض ہے۔ مثلاً ظہر کا وضو بحالت عذر کیا مگر ظہر کے فرض شروع کرنے سے قبل یا نماز کے دَوران سلام پھیرنے سے قبل عذر ختم ہوگیا، پھر عصر کا پورا کامل وقت بھی بلا عذر گزر گیا تو نماز ظہر کی قضاء کریں۔ ہاں اگر ظہر کے فرض کا سلام پھیرنے کے بعد عذر منقطع ہوا تو قضا فرض نہیں، ظہر کی قضاء کی صورت میں صاحبِ ترتیب کی بھی عصر کی نماز ہوگئی کیونکہ نماز ظہر کے صحیح نہ ہونیکا علم عصر کی نماز کے بعد ہوا ہے،

اگر آپ کو مغرب کی نماز باوضو پڑھنے کا موقع مل گیا تو پھر کسی اور وقت کا تجربہ کریں۔ عشاء کا وقت زیادہ وسیع ہونے کی وجہ سے اس کے تجربہ میں اگرچہ مشقت زیادہ ہوگی مگر اس لحاظ سے اسمیں فائدہ ہے کہ عشاء کی نماز سب نمازوں سے زیادہ طویل ہے اسلئے کہ اسمیں وتر بھی شامل ہیں، چار فرض اور تین وتر، سات رکعات پڑھنے تک اگر وضو نہ ٹھیرا تو آپ معذورین کی فہرست میں داخل ہوجائیں گے۔ سفید شفق کے غروب سے لیکر صبح صادق تک عشاء کا وقت ہے۔ سفید شفق کے غروب کے اوقات میرے مرتبہ نقشے میں عشاء ع۲ کے تحت دیئے گئے ہیں۔ عشاء کے پورے وقت میں یہ کوشش کریں کہ پھرتی سے اس طرح وضوء کریں کہ صرف چار عضو دھوئیں جنکا دھونا فرض ہے۔ وضو کی سنتیں چھوڑ دیں، پھر چار رکعات فرض اور تین رکعات وتر اس طرح پڑھیں کہ انمیں صرف فرائض اور واجبات ادا کریں سُنتیں چھوڑ دیں جسکی تفصیل یہ ہے کہ شروع میں ثناء، اعوذ باللہ اور بسم اللہ چھوڑ دیں۔ سورۂ فاتحہ کے بعد آمین نہ کہیں، پھر کہیں سے بھی اتنا قرآن پڑھیں کہ کُل تیس ۳۰ حروف ہوجائیں۔ رکوع اور سجدہ میں صرف ایک تسبیح کہیں، قومہ میں ربنا لک الحمد چھوڑ دیں، فرض کی آخری دو رکعتوں میں سورۂ فاتحہ نہ پڑھیں بلکہ ایک بار سُبحَانَ رَبِّیَ الاَعْلیٰ کہنے کی مقدار قیام کرکے رکوع کرلیں، آخر میں صرف تشہد

پڑھ کر سلام پھیر دیں درود شریف اور دعا نہ پڑھیں۔ اور وتر میں مسنون دعاءِ قنوت کی بجائے کوئی مختصر دعا مثلاً رَبَّنَآ اٰتِنَا الخ یا رَبِّ اغْفِرْ لِیْ وغیرہ پڑھیں۔

اگر آپ پر معذور کا حکم ثابت نہ ہو تو وضو کر کے نماز شروع کر دیا کریں۔ اگر درمیان میں بلا اختیار وضو ٹوٹ گیا تو دوبارہ وضو کر کے پڑھی ہوئی نماز پر بناء کر لیا کریں مگر صحت بناء کی شرائط کا لحاظ ضروری ہے (ان شرائط کی تفصیل احسن الفتاوی باب مفسدات الصلوٰۃ میں درج ہے)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۵ شعبان سنہ ۹۱ھ

معذور اشراق کے وضوسے ظہر پڑھ سکتا ہے:

سوال: کوئی معذور آدمی ہے اس نے وضو کر کے فجر پڑھی، پھر طلوع آفتاب کے بعد وضو کر کے اشراق پڑھی، کچھ دیر کے بعد اسی وضو سے چاشت پڑھی کیا ہوگئی؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصواب

چاشت ہوگئی، بلکہ اسی وضو سے ظہر بھی پڑھ سکتا ہے۔ کیونکہ معذور کا وضو وقت کے خروج سے ٹوٹتا ہے۔ اس لئے ظہر کا وقت ختم ہونے تک فرائض نوافل جو چاہے پڑھے۔ قال فی التنویر ثم یصلی فیہ فرضًا ونفلًا فاذا خرج الوقت بطل وفی الشرح وافاد انہ لوتوضأ بعد الطلوع ولو لعید او ضحی لم یبطل الا بخروج وقت الظھر (ردالمحتار ص۲۸۲ ج ۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۰ ربیع الآخر سنہ ۹۴ ہجری

انفلاتِ ریح کے مریض کا سونے سے وضو نہیں ٹوٹتا:

سوال: اگر ریاحی مریض عشاء کی نماز پڑھ کر سو گیا تو وہ عشاء ہی کے وضو سے تہجد کی نماز اور صبح کی نماز ادا کر سکتا ہے یا نہیں؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصواب

فی ردالمحتار والاحسن ما فی فتاوی ابن الشلبی حیث قال سئلت عن شخص بہ انفلات ریح ھل ینقض وضوئہ بالنوم فاجبت بعدم النقض بناء علی ما ھو الصحیح من ان النوم نفسہ لیس بناقض وانما الناقض ما یخرج ومن ذھب الی ان النوم نفسہ ناقض لزمہ النقض (ردالمحتار ص۱۳۱ ج ۱)

اس سے معلوم ہوا کہ جس کو انفلاتِ ریح کا مرض ہو اور وہ شرعاً معذور ہو اس کی نیند ناقضِ وضو نہیں کیونکہ نقض کا سبب خروجِ ریح ہے جو اسکے لئے وقت کے اندر ناقضِ وضو نہیں، لہٰذا

یہ شخص عشاء کے وضو سے تہجد پڑھ سکتا ہے، فجر کی نماز نہیں پڑھ سکتا۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۲ ذی الحجہ سنہ ۸۵ھ

دخولِ وقت کے بعد لحوقِ عذر کا حکم:

سوال: اگر نماز کا وقت داخل ہونے کے بعد کوئی زخم ہوگیا جس سے خون بند نہیں ہو رہا اور فوتِ نماز کا خطرہ ہے تو کیا کرے؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملہم الصواب

آخر وقت تک انتظار کرے، اگر خون بند نہ ہو تو وضو کر کے نماز پڑھ لے، پھر اگر دوسری نماز کے بھی پورے وقت میں خون جاری رہا تو پہلی نماز کا اعادہ نہیں، اور اگر دوسری نماز کا وقت ختم ہونے سے قبل خون رُک گیا تو پہلی نماز کا اعادہ واجب ہے۔ قال العلامۃ ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ ولو عرض بعد دخول وقت فرض انتظر الی اٰخرہ فان لم ینقطع یتوضأ ویصلی ثم ان انقطع فی اثناء الوقت الثانی یعید تلک الصلوٰۃ وان استوعب الوقت الثانی لا یعید لثبوت العذر حینئذٍ من وقت العروض اھ برکویۃ ونحوہ فی الزیلعی والظہیریۃ (ردالمحتار ص۲۸۲ ج۱)

البتہ اگر وقت ثانی ختم ہونے سے قبل زوالِ عذر کا ظن غالب ہو تو آخر وقت میں نماز پڑھنا فرض نہیں، معہٰذا بہتر ہے کہ پڑھ لے اور بعد میں قضاء کرے۔ کما قالوا فی العاجز عن القیام و یغلب علی ظنہ القدرۃ بعدہ، فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۳ ربیع الاوّل سنہ ۹۷ھ

مرض سیلان میں حفاظتِ وضو کی مفید تدبیر:

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین و مفتیانِ کرام مندرجہ ذیل سوالات میں

کسی عورت کو پانی خارج ہوتا ہے لیکن اس کو یہ بالکل پتہ نہیں چلتا کہ پانی کس وقت اور کب آتا ہے جب تک کہ وہ اُسے دیکھتی نہیں کبھی تو کم بہتا ہے اور کبھی زیادہ، نماز شروع کرنے سے پہلے اس نے دیکھا تو کچھ بھی ناپاکی نظر نہ آئی لیکن نماز کے دس منٹ بعد دیکھا تو پانی نکلا ہوا تھا جو کہ کھال کے اندر تھا اور اس سے شلوار گیلی نہیں ہوئی تھی، نماز تقریباً پون گھنٹہ تک جاری رہی پچیس منٹ بعد دیکھا تو پانی نکلا ہوا تھا، آیا اس صورت میں نماز ہوگی یا نہیں؟ جبکہ اسے یہ ہرگز خبر نہیں کہ یہ پانی دورانِ نماز خارج ہوا تھا یا کہ بعد از فراغتِ نماز، اگر اس سے نماز لوٹتی ہے تو کیا ساری نماز جو اس وقت پڑھی گئی تھی لوٹائے یا صرف فرض نماز؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصواب

جب نماز کے اندر وضو ٹوٹنے کا یقین نہ ہو نماز ہو جائے گی۔ ایسی مریضہ شرمگاہ کے اندر اسفنج رکھ لیا کرے یہ پانی کو جذب کرتا رہے گا، جب تک اسفنج کے اس حصہ پہ رطوبت نہیں آئے گی جو شرمگاہ کے گول سوراخ سے باہر ہے اس وقت تک وضو نہیں ٹوٹے گا۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۱۰ رشوال سنہ ۹۷ھ

قعدہ اور سجدہ سے وضو ٹوٹ جاتا ہو تو کھڑا ہو کر اشارہ سے نماز پڑھے:

سوال: ایک شخص کو بواسیر کی شکایت ہے وہ جب نماز پڑھتا ہے تو رکوع اور سجدہ کی حالت میں اور بیٹھنے کی صورت میں بھی ہمیشہ فضلہ خارج ہوتا رہتا ہے ہاں جب تک وہ کھڑا رہتا ہے اس وقت تک یہ صورت نہیں ہوتی ہے ایسی حالت میں نماز کس طرح ادا کرے صرف کھڑے کھڑے نماز پڑھ سکتا ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

اگر بیٹھنے کی کوئی ایسی ہیئت ہو سکتی ہو کہ اس میں فضلہ خارج نہ ہو تو بیٹھ کر نماز پڑھے اور رکوع وسجدہ اشارہ سے ادا کرے، اگر ایسا ممکن نہ ہو تو حالت قیام ہی میں نماز پڑھے رکوع اور سجدہ کے لئے اشارہ کرے اگر پاخانہ کے مقام میں کوئی کپڑا وغیرہ لگانے سے فضلہ خارج نہ ہو اور کپڑے کی بیرونی جانب تک نجاست نہ پہنچے تو اس طرح نماز ادا کرے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۹ جمادی الاولیٰ سنہ ۸۶ھ

سوال مثل بالا:

کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک شخص کا بیٹھنے اور سجدے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے۔ اور رکوع وسجود سے بھی عاجز ہے، تو اس کا کیا حکم ہے؟ حالت قیام میں اشارہ سے نماز ادا کرے یا حالت استلقاء میں یا معذور شمار ہوگا؟ بینوا بالدلیل توجروا عند الجلیل

الجواب باسم ملهم الصواب

ایسا مریض کھڑا ہو کر اشارہ سے نماز پڑھے استلقاء جائز نہیں۔ حالت قیام میں رکوع و سجود کے لئے اشارہ صحیح ہے، قال ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ انہ لو لم یقدر علی الایماء قاعداً کما لو کان بحال لو صلی قاعداً یسیل بولہ او جرحہ ولو مستلقیاً لا صلی قائماً برکوع وسجود

لان الاستلقاء لایجوز بلا عذر کالصلوٰۃ مع الحدث فیترجح مافیہ الاتیان بالارکان کمافی المنیۃ وشرحھا۔ (رد المحتار ص ۴۰۶ ج ۱)، وقال ابن نجیم رحمہ اللہ تعالیٰ (قولہ وخیران طہر اقل من ربعہ) یعنی بین ان یصلی فیہ وھو الافضل لما فیہ من الاتیان بالرکوع والسجود وستر العورۃ الغلیظۃ وبین ان یصلی عریانا قاعدا یؤمی بالرکوع والسجود وھو یلی الاول فی الفضل لما فیہ من ستر العورۃ الغلیظۃ وبین ان یصلی قائما عریانا برکوع وسجود وھو دونھما فی الفضل وفی ملتقی البحار ان شاء صلی عریانا بالرکوع والسجود او مؤمیا بھما اما قاعدا واما قائما فھذا النص علی جواز الایماء قائما۔ (بحر ص ۲۶۳ ج ۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۵ صفر ۹۹ھ

باب الانجاس

انگریزوں کے پرانے کپڑوں میں نماز پڑھنا:

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین اس بارہ میں کہ انگریزوں کے پرانے کوٹ بازار میں فروخت ہوتے ہیں جن کو اکثر غریب لوگ خرید لیتے ہیں ان کو بلا دھوئے پہننا اور نماز پڑھنا جائز ہے یا نہیں؟ بیّنوا توجروا

الجواب ومنہ الصدق والصواب

جائز ہے۔ لما فی شرح التنویر ثیاب الفسقۃ واھل الذمۃ طاھرۃ، فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۵ ربیع الآخر سنہ ۷۳ھ

گندے پانی سے بنا ہوا نمک حلال ہے:

سوال: ایک گندہ پانی ہے اس سے نمک بنتا ہے۔ آیا وہ نمک پاک ہوگا یا ناپاک؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملھم الصواب

گندے پانی سے بنایا ہوا نمک حلال ہے۔ قال ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ وقد ذکر العلامۃ ابن حجر فی باب الانجاس فی التحفۃ انہ اختلف فی انقلاب الشیء عن حقیقتہ کالنحاس الی الذھب ھل ھو ثابت فقیل نعم لانقلاب العصا ثعبانا حقیقۃ والا لبطل الاعجاز وقیل لا لان قلب الحقائق محال والحق الاول الخ وقال بعد اسطر وحاصلہ انہ اذا قلنا باثبات قلب الحقائق وھو الحق جاز العمل بہ وتعلمہ لانہ لیس بغش لان النحاس ینقلب ذھبا اوفضۃ حقیقۃ وان قلنا انہ غیر ثابت لایجوز لانہ غش کما لایجوز لمن لا یعلم حقیقۃ لما فیہ اتلاف المال اوغش المسلمین والظاھر ان من ھھنا ثبوت انقلاب الحقائق بدلیل ما ذکروہ فی انقلاب عین النجاسۃ کانقلاب الخمر خلا والدم مسکا ونحو ذلک واللہ اعلم (رد المحتار ص۲۳۳ ج ۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۴ صفر سنہ ۸۷ ہجری

تلاوت کے لئے لباس کی طہارت ضروری نہیں:

سوال: بدن یا کپڑے پر روپیہ کے پھیلاؤ سے زیادہ نجاست لگی ہو تو وضو کرکے تلاوتِ قرآن کرنا جائز ہے یا نہیں؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم مُلھم الصّواب

جائز ہے، البتہ خلافِ ادب ہے، لہٰذا پورے طور پر پاک ہوکر کلام پاک کی تلاوت کریں، فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۵ ذی الحجہ سنہ ۸۶ھ

دھوبی کی دُھلائی کا حکم :

سوال : قرآن وسنت میں ایسے کپڑے کے بارہ میں کیا حکم ہے جوکہ ناپاک ہو اور اسکو ایسے دھوبی کے ہاں بھیجا جائے جس کے دھونے کے پانی کے بارے میں پاکی یا ناپاکی کا کچھ علم نہ ہو، وہ کپڑا دھوبی کے یہاں سے دُھل کر واپس آنے کے بعد پاک سمجھا جائے گا یا ناپاک؟ ایسے کپڑے کو پہن کر نماز ادا کرنے سے نماز ہوگی یا نہیں، اگر نماز نہیں ہوگی تو جو نمازیں ایسے کپڑوں میں پڑھی جا چکی ہیں ان کا کیا حکم ہے ؟ بینوا توجروا

الجواب باسم ملھم الصّواب

جو کپڑا دھوبی کو پاک دیا گیا ہے وہ دھلنے کے بعد بھی پاک رہے گا اور جو کپڑا ناپاک دیا گیا ہے وہ ناپاک رہے گا، اسلئے کہ شریعت کا اُصول ہے " الیقین لایزول الا بالیقین" لہٰذا جبتک پاک کپڑے کی ناپاکی کا اور ناپاک کپڑے کی طہارت کا یقین نہ ہوگا وہ اپنی اصل حالت پر برقرار رہیں گے، ناپاک کپڑے میں اگر نماز پڑھ لی تو ادا نہ ہوگی اور پڑھی ہوئی نمازوں کا اعادہ ضروری ہے، بضرورتِ ابتلاء قلتین (۲۸ء ۲۱۷ کلو) پر عمل کرنے کی گنجائش ہے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم (مزید تحقیق تتمہ میں ہے)

۲۴ جمادی الآخرہ سنہ ۹۴ھ

ڈرائی کلین :

سوال : کپڑوں کی خشک دُھلائی " Dry cleaning " کے بارے میں آپ کیا حکم فرماتے ہیں، اسکے طریقِ کار سے مجھے واقفیت نہیں، عموماً یہ خیال کیا جاتا ہے کہ پٹرول میں دھوتے ہیں مگر پاک وناپاک کپڑے ایک ساتھ دھوئے جاتے ہیں، چنانچہ ایسی ترکیب بتلائیں کہ کپڑے دُھل بھی سکیں اور پاک بھی رہیں۔ بینوا توجروا

الجواب باسم ملھم الصّواب

اسکا حکم بعینہٖ وہی ہے جوکہ دھوبی سے دُھلانے کا ہے یعنی اگر پاک کپڑا دھوبی کو دیا تو وہ دُھلنے کے بعد بھی پاک رہے گا اور جو کپڑا ناپاک دیا گیا ہے وہ ناپاک رہے گا، اسلئے کہ شریعت

کا اُصول ہے "الیقین لا یزول الا بالیقین" لہٰذا جب تک پاک کپڑے کی ناپاکی کا اور ناپاک کپڑے کی پاکی کا یقین نہ ہوگا وہ اپنی اصلی حالت پر برقرار رہیں گے، البتہ اگر دھوبی جاری پانی میں یا اتنے بڑے حوض میں دھوئے کہ اسکا رقبہ سو ہاتھ یا اس سے زیادہ ہو تو ناپاک کپڑا بھی پاک ہو جائے گا، بضرورت قلتین (۲۸، ۰۷، ۲۱ کلو) پر عمل کی گنجائش ہے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۱۰ ربیع الاوّل سنہ ۹۵ھ

پرندوں کی بیٹ کا حکم :

سوال : کیا فرماتے ہیں بزرگانِ دین مسئلہ ذیل میں کہ فضا میں اُڑنے والے پرندوں کی بیٹ پاک ہے یا نجس ؟ اور ٹڈی کو بغیر صاف کیئے کھانا کیسا ہے ؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملہم الصواب

فضا میں اُڑنے والے حلال پرندوں کی بیٹ پاک ہے اور حرام پرندوں کی نجاست خفیفہ ہے مگر کنوئیں میں گر جائے تو معاف ہے پانی نکالنا ضروری نہیں - قال العلاء فی بیان النجاسۃ الغلیظۃ وخرء کل طیر لا یذرق فی الھواء کبط اھلی ودجاج اما ما یذرق فیہ فان کان مأکولاً فطاھر والا فمخفف، وفی بیان النجاسۃ الخفیفۃ وخرء طیر من السباع او غیرھا غیر ماکول وفی الشامیۃ تحت (قولہ ثم الخفۃ انما تظھر فی غیر الماء) واستثنی ح خرء طیر لا یؤکل بالنسبۃ الی البئر فانہ لا ینجسھا لتعذر صونھا عنہ کما تقدم فی البئر (رد المحتار ص۲۹۵ ج ۱)

ٹڈی کی بیٹ پاک تو ہے حلال نہیں، اسلئے بغیر صاف کئے اگر اس کو پانی میں جوش دیا گیا تو اس کی بیٹ گوشت میں جذب ہو جانے کی وجہ سے گوشت حرام ہو جائے گا -

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۳ محرّم سنہ ۸۶ھ

انڈا باہر سے ناپاک ہے :

سوال : کیا فرماتے ہیں علماء دین اس بارے میں کہ انڈے کے بیرونی حصّہ کی طہارت و نجاست سے متعلق جو امام صاحب اور صاحبین میں اختلاف ہے اسمیں راجح قول کیا ہے، مدلّل بیان فرما کر ممنون فرمائیں، بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملہم الصواب

انڈے کی طہارت سے متعلق حضرات ائمہ رحمہم اللہ تعالیٰ سے کوئی صراحت نظر سے نہیں گزری

البتہ رطوبۃ الفرج سے متعلق اختلاف کتب فقہ میں منصوص ہے، فرج خارج کی رطوبت بالاتفاق طاہر اور رطوبت رحم بالاتفاق نجس ہے، فرج داخل کی رطوبت عند الامام طاہر اور عند الصاحبین نجس ہے، کسی قول کی ترجیح کی صراحت نہیں ملی، قہستانی، نظم اور مجتبیٰ میں قول نجاست اختیار کیا ہے۔ درمختار کی تعبیر سے طہارت کو اور تاتارخانیہ کی تحریر سے نجاست کو ترجیح معلوم ہوتی ہے

قال فی العلائیۃ ولا (یجب الغسل) عند وطء بہیمۃ او میتۃ او صغیرۃ غیر مشتھاۃ بان تصیر مفضاۃ بالوطء وان غابت الحشفۃ ولا ینتقض الوضوء فلا یلزم الا الغسل الذکر قہستانی عن النظم (ردالمحتار ص۱۵۲ ج ۱) وفیھا ایضا وفی المجتبی اولج فنزع فانزل لم یطھر الا بغسلہ لتلوثہ بالنجس اھ ای برطوبۃ الفرج فیکون مفرعاً علی قولھما بنجاستھا اما عندہ فھی طاھرۃ کسائر رطوبات البدن جوھرۃ وفی الشامیۃ (قولہ برطوبۃ الفرج) ای الداخل بدلیل قولہ اولج وامارطوبۃ الفرج الخارج فھی طاھرۃ اتفاقا اھ ح وفی منھاج الامام النووی رطوبۃ الفرج لیست بنجسۃ فی الاصح قال ابن حجر فی شرحہ وھی ماء ابیض متردد بین المذی والعرق یخرج من باطن الفرج الذی لایجب غسلہ بخلاف ما یخرج مما یجب غسلہ فانہ طاھر قطعاً ومن وراء باطن الفرج فانہ نجس قطعاً ککل خارج من الباطن کالماء الخارج مع الولد اوقبیلہ اھ (قولہ اما عندہ) ای عند الامام وظاھر کلامہ فی اٰخر الفصل الاٰتی انہ المعتمد (ردالمحتار ص۲۸۸ ج ۱)

وفی الشامیۃ (قولہ رطوبۃ الفرج طاھرۃ) ولذا نقل فی التاترخانیۃ ان رطوبۃ الولد عند الولادۃ طاھرۃ وکذا السخلۃ اذا خرجت من امھا وکذا البیضۃ فلا یتنجس بھا الثوب والماء اذا وقعت فیہ لکن یکرہ التوضی بہ للاختلاف وکذا الانفحۃ وھو المختار وعندھما تتنجس وھو الاحتیاط اھ قلت وھذا اذا لم یکن معہ دم ولم یخالط رطوبۃ الفرج مذی او منی من الرجل اوالمرأۃ (ردالمحتار ص۲۳۳ ج ۱)

رطوبۃ الولد والسخلۃ والبیضۃ کو مشائخ رحمہم اللہ تعالیٰ نے رطوبۃ الفرج الداخل پر قیاس کیا ہے ــــــ بندہ نے اس پر بارہا غور کیا، مگر وجہ القیاس سمجھ میں نہ آئی اسلئے کہ رطوبۃ الولد رحم کی رطوبت ہے جو بالاتفاق نجس ہے، بالخصوص جبکہ قبیل الولادۃ اور مع الولد رطوبت کا خروج متیقن ہے اور اس کی نجاست متفق علیہ ہے کما مر من الشامیۃ، قال الرافعی رحمہ اللہ (قولہ ولذا نقل فی التتارخانیۃ ان رطوبۃ الولد عند الولادۃ طاھرۃ) عبارۃ السندی

وکذلک رطوبۃ الولد عند الولادۃ الخ ولعلہا اولیٰ فان التعلیل الذی ذکرہ غیر ظاہر تأمل (التحریر المختار ص۳۲ ج۱)

حضرت تھانوی قدس سرہ نے امداد الفتاوی میں اس اشکال کو یوں رفع فرمایا ہے، دما قالوا من طہارۃ رطوبۃ الولد الخارج من الرحم فالمراد ما علی بدنہ وھو کالدم الذی علی اللحم مع ان الدم السائل نجس فکذلک رطوبۃ الرحم نجسۃ ورطوبۃ الولد طاہرۃ فافہم ، مگر اس جواب سے تشفی نہیں ہوتی اسلئے کہ لحم کے ساتھ ملصق دم سائل قبل الخروج اپنے معدن میں ہے، اسلئے اس کا حکم ظاہر نہیں ہوگا اور جب یہ لحم ظاہر ہوتا ہے تو اسکے ساتھ ملصق دم سائل نہیں، بخلاف رطوبۃ الولد کے کہ وہ خروج کی حالت میں بھی رحم ہی کی رطوبت ہے جو بالاتفاق نجس ہے، اگر یہ فرق تسلیم نہ بھی کیا جائے تو یوں کہا جا سکتا ہے کہ طہارۃ اللحم منصوص خلاف قیاس ہے اسلئے اس پر رطوبۃ الولد کو قیاس کرنا صحیح نہیں، پھر اگر رطوبۃ الولد کی طہارت امام رحمہ اللہ سے منقول ہوتی تو بھی اسکی توجیہ میں کوئی تکلف کیا جاتا بلکہ تکلف بھی اگر کوئی توجیہ سمجھ نہ آتی تو بھی قول امام مقلد پر حجت ہوتا مگر اوپر بیان کیا جا چکا ہے کہ رطوبۃ الولد وغیرہ کا حکم امام رحمہ اللہ سے منقول نہیں۔

بعض حضرات رطوبۃ الولد اور رطوبۃ البیضۃ میں یہ فرق کرتے ہیں کہ مرغی میں رحم ہونیکا یقین نہیں اور اگر ہو بھی تو اسکی رطوبۃ کی نجاست منقول نہیں، یہ اسلئے صحیح نہیں کہ عام حیوانات کے خلاف مرغی میں رحم کا نہ ہونا یا اس کی رطوبۃ رحم کا طاہر ہونا محتاج دلیل ہے۔

غرضیکہ دلائل کے پیش نظر رطوبۃ الولد والبیضۃ کی نجاست راجح معلوم ہوتی ہے اور یہ قول ارجح ہونے کے ساتھ احوط بھی ہے اور قول طہارت اوسع ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

غرۃ رجب المرجب سنہ ۹۶ ہجری

کتے کے بدن کی چھینٹیں پاک ہیں:

سوال: پاک پانی کسی نے کتے پر ڈالدیا وہ کتا برابر سے نکلا اور پھڑ پھڑی لی، اسکی چھینٹے بکر کے کپڑوں پر لگ گئی تو کپڑے پاک ہیں یا ناپاک؟ بینوا توجروا

الجواب باسم ملہم الصواب

کپڑے ناپاک نہیں ہوئے۔ قال العلائی ولو اخرج حیا ولم یصب فمہ الماء لا یفسد ماء البئر ولا الثوب بانتفاضہ (رد المحتار ص۱۹۲ ج۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم ——— ۴ ذی قعدہ سنہ ۸۶ھ

حلال جانور کے پیشاب کا حکم :

سوال : حلال جانور کا پیشاب کپڑے میں لگ جائے تو کپڑا ناپاک کتنی مقدار سے ہوگا؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصواب

حلال جانور کا پیشاب بدن یا کپڑے کے عضو مثلاً آستین وغیرہ کی چوتھائی سے کم میں لگا تو نماز ہو جائے گی اور چوتھائی یا اس سے زیادہ میں لگا ہو تو نماز نہ ہوگی - قال فی الدر المختار (و عفی دون ربع) جمیع بدن و (ثوب) ولو کبیرًا هو المختار ذکره الحلبی ورجحه فی النهر علی التقدیر بربع المصاب کید وکم وان قال فی الحقائق وعلیه الفتوی (من) نجاسة (مخففة کبول مأکول) وفی رد المحتار (قوله ولو کبیرًا الخ) اعلم انهم اختلفوا فی کیفیة اعتبار الربع علی ثلاثة اقوال فقیل ربع طرف اصابته النجاسة کالذیل والکم والدخریص ان کان المصاب ثوبا وربع العضو المصاب کالید والرجل ان کان بدنا وصححه فی التحفة والمحیط والمجتبی والسراج وفی الحقائق وعلیه الفتوی (الی قوله) لکن ترجح الاول بان الفتوی علیه (رد المحتار ص۲۹۶ ج۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۲ ذی قعدہ سنہ ۸۶ھ

دودھ پاک کرنیکا طریقہ :

سوال : اگر بھینس کا دودھ نکالتے وقت دودھ کے اندر دو ایک قطرہ خون گر جائے تو دودھ ناپاک ہو جائے گا یا نہیں جبکہ تھن کے اوپر زخم ہو شرعاً کیا حکم ہے - بیّنوا توجروا

الجواب باسم مُلهم الصواب

خون کا ایک قطرہ بھی دودھ میں گرنے سے دودھ ناپاک ہو جائے گا، البتہ دودھ پاک کرنے کی یہ صورت ہو سکتی ہے کہ جتنا دودھ ہو اتنا پانی اسمیں ڈال کر جوش دیا جائے یہانتک کہ پانی ختم ہو کر صرف دودھ رہ جائے - یہی عمل تین مرتبہ کیا جائے تو دودھ پاک ہو جائیگا، قال فی الدر المختار ویطهر لبن وعسل و دبس ودهن بغلی ثلاثا وفی الشامیة وقال فی الدرر ولو تنجس العسل فتطهیره ان یصب فیه ماء بقدره فیغلی حتی یعود الی مکانه والدهن یصب علیه الماء فیغلی فیعلو الدهن الماء فیرفع بشیء وهکذا ثلاث مرات وهذا عند ابی یوسف خلافًا لمحمد وهو اوسع وعلیه الفتوی (الی ان قال) ثم قال ان لفظة فیغلی ذکرت

فی بعض الکتب والظاھر انھا من زیادۃ الناسخ فان المزمن شرط لتطھیر الدھن الغلیان الخ (رد المحتار ص۳۰۹ ج۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۱۴ محرم سنہ ۸۸ ہجری

جگالی نجس ہے:

سوال: بھینس جگالی کرے تو اسکے منہ میں جو جھاگ آتے ہیں یہ پاک ہیں یا ناپاک؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملھم الصواب

قال فی الشامیۃ (قولہ وجرۃ کزبلہ) لکن قال بعدہ فی الصبی ارتضع ثم قاء فاصاب ثیاب الام ان زاد علی الدرھم منع وروی الحسن عن ابی حنیفۃ انہ لا یمنع مالم یفحش لانہ لم یتغیر من کل وجہ فکان نجاسۃ دون نجاسۃ البول لانھا متغیرۃ من کل وجہ وھو الصحیح اھ کذا فی فتح القدیر وظاھرہ المیل الی اعطاء الجرۃ حکم ھذا القیء اخذا من التعلیل (رد المحتار ص۳۲۳ ج۱)

عبارتِ مذکورہ سے بظاہر نجاست خفیفہ ہونیکا رجحان معلوم ہوتا ہے مگر شامیہ نواقض الوضو میں ایسی چیز کے متعلق جو معدہ میں جاتے ہی قے کے ذریعہ خارج ہو جائے۔ معدہ میں استقرار نہ ہوا ہو تین قول نقل کئے ہیں۔

طہارت، نجاستِ خفیفہ، نجاستِ غلیظہ اور نجاست غلیظہ کے قول کو ترجیح دی ہے۔ جب معدہ سے بلا استقرار نکلنے والی چیز قول راجح کی بنا پر نجس غلیظ ہے تو جگالی جو کہ کچھ وقت معدہ میں استقرار کے بعد واپس آتی ہے بطریقِ اولیٰ نجس غلیظ ہوگی۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۱۰ شعبان سنہ ۸۷ھ

فرش خشک ہو جانے سے پاک ہو جاتا ہے:

سوال: پختہ صحن میں اکثر بچے پیشاب کرتے ہیں سوکھنے کے بعد اگر اس صحن پر نماز ادا کرلیں تو نماز ہوگی یا نہیں؟ جبکہ پیشاب کے نشان نظر نہ آتے ہوں۔ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملھم الصواب

جب فرش خشک ہو جائے اور اس پر نجاست کا اثر اور بدبو نہ رہے تو اس پر نماز

درست ہے مگر تیمم صحیح نہیں، قال فی التنویر، وتطہر ارض بیبسھا وذھاب اثرھا للصلوٰۃ لا لتیمم وآجر مفروش وخص وشجر وکلا قائمین فی ارض کذلک وفی الشرح وکذا کل ما کان ثابتاً فیھا لاخذہ حکمھا باتصالہ بھا فالمنفصل یغسل لاغیر الا حجراً خشناً کرحی فکارض۔
(ردالمحتار ص۲۸۶ ج۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۱۸ر شعبان سنہ ۸۷ھ

نجاستِ غلیظہ کی قدرِ عفو کی تحقیق:

سوال: قمیص کی آستین پر چار پانچ چھینٹیں گندے پانی کی یا پیشاب کی یا اور کسی نجاست کی لگ گئیں اور بھولکر اسی قمیص سے نماز پڑھلی تو نماز ہوگئی یا اعادہ واجب ہے بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصواب

اگر نجاست دلدار ہو جیسے گوبر وغیرہ تو چھینٹوں کے مجموعہ کا وزن بقدر ایک مثقال = ۵ ماشہ = ۴ر۸۶ گرام ہو یا اس سے کم ہو تو نماز ہوجائے گی پھیلاؤ میں خواہ کتنا ہی زیادہ ہو، اور اگر پتلی نجاست ہو مثلاً نجس پانی یا پیشاب وغیرہ تو پھیلاؤ میں ہتھیلی کے گہراؤ کے برابر معاف ہے۔

حضرات فقہاء رحمہم اللہ تعالیٰ نے ہتھیلی کے گہراؤ کی وسعت معلوم کرنے کے لئے یہ طریقہ لکھا ہے کہ چلّو میں پانی بھر کر ہتھیلی کو پھیلا دیا جائے، جتنی جگہ میں پانی ٹھہرا رہے اتنی وسعت مراد ہے، اکابر نے اسکی مقدار ایک روپے کے برابر تحریر فرمائی ہے، مگر آجکل دھات کا روپیہ بالکل غائب ہوچکا ہے اور ہتھیلی کی پیمائش آسان نہیں اسلئے اسکی پیمائش کو ضبط کرنے کی ضرورت محسوس کرکے بندہ نے بطریق مذکور متعدد بار احتیاط سے پیمائش کی تو قطر = ۱ر۱ انچ = ۲ر۷۵ سینٹی میٹر ہوا، اسکے بعد اتفاق سے ایک روپیہ دھات کا مل گیا تو اسکا قطر بھی اسکے مطابق پایا۔ لہٰذا اس کی کل پیمائش مربع ½ قطر × پائی = ۹۵ر۰ انچ = ۴ر۵۹۴ سینٹی میٹر ہوئی۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۳ر رجب سنہ ۹۱ھ

نجس دودھ جانور کو پلانے کا حکم:

سوال: دودھ نکالتے وقت تھنوں سے معمولی سا خون آجائے تو بھینس کا سارا دودھ ناپاک ہوگا یا نہیں؟ اگر ناپاک ہے تو جانوروں کو پلانا بھی جائز ہے یا نہیں؟ ایک مولوی صاحب بتاتے ہیں کہ حلال جانور کو پلانا جائز نہیں، بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصواب

ناپاک ہے۔ حلال جانوروں کو بھی پلانا جائز ہے۔ اور اگر نجاست اتنی غالب ہو کہ دودھ کا رنگ یا بو یا مزہ بدل گیا ہو تو وہ حرام جانوروں کو بھی پلانا جائز نہیں، قال فی الشامیۃ فی بحث الماء المستعمل (فرع) الماء اذا وقعت فیہ نجاسۃ فان تغیّر وصفہ لم یجز الانتفاع بہ بحال والا جاز کبلّ الطین وسقی الدواب بحر عن الخلاصۃ (رد المحتار صلاا ج ۱)

وقال العلاء فی فصل البئر وما عجن بہ فیطعم للکلاب وقال ابن عابدین رحمہ اللہ لان ما تنجس باختلاط النجاسۃ بہ والنجاسۃ مغلوبۃ لایباح اکلہ ویباح الانتفاع بہ فیما وراء الاکل ونقل عن الذخیرۃ تحت (قولہ وقیل یباع من شافعی) وعن ابی یوسف لا یطعم بنی آدم (رد المحتار ص ج ۱) ان عبارات سے معلوم ہوا کہ درمختار میں "کلاب" کی قید احترازی نہیں)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۳ر شوال سنہ ۸۷ھ

سوال مثل بالا:

سوال: آپ نے تحریر فرمایا ہے کہ اگر نجاست پڑنے سے دودھ کا رنگ یا بو یا مزہ بدل گیا ہو تو جانوروں کو پلانا جائز نہیں اور بہشتی زیور میں لکھا ہے کہ پانی کی تینوں صفات بدل جائیں تو جانوروں کو پلانا جائز نہیں، دونوں میں سے صحیح کیا ہے؟ بینوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصواب

بہشتی زیور کے حاشیہ میں عالمگیریہ کی یہ عبارت تحریر ہے۔ اذا تنجس الماء القلیل بوقوع النجاسۃ فیہ ان تغیرت اوصافہ لاینتفع بہ من کل وجہ کالبول والا جاز سقیہ للدواب وبل الطین ولا یطین بہ المسجد کذا فی التتارخانیہ (عالمگیریہ قبیل باب التیمم) اس میں متبادر تو اوصاف ثلاثہ ہی ہیں مگر احتمال احد الاوصاف کا بھی ہے اور احسن الفتاوی میں شامیہ سے بحر عن الخلاصہ کی جو عبارت نقل کی گئی ہے اسمیں "وصفہ" ہے، بحر کی اصل عبارت زیادہ واضح ہے ونصہ واما الماء اذا وقعت فیہ نجاسۃ فان تغیر وصف الماء لم یجز الانتفاع بہ بحال وان لم یتغیر الماء جاز الانتفاع بہ کبلّ الطین وسقی الدواب (البحر الرائق ص۹۶ ج ۱) اسمیں افراد وصف کے علاوہ وان لم یتغیر الماء الخ سے بھی ثابت ہوتا ہے کہ احد الاوصاف مراد ہے۔ نیز احسن الفتاوی میں شامیہ فصل البئر سے جو عبارت منقول ہے اسمیں "والنجاسۃ مغلوبۃ" سے

بھی یہی مفہوم ہے لان الغلبۃ تتحقق بتغیر احد الاوصاف۔ فی نواقض الوضوء من الشامیۃ وعلامۃ کون الدم غالباً او مساویاً ان یکون البزاق احمر وعلامۃ کونہ مغلوبا ان یکون اصفر بحرہ (رد المحتار ص ۱۳۹ ج ۱)

وفی مفسدات الصوم من العلائیۃ فان غلب الدم او تساویا فسد والا لا الا اذا وجد طعمہ (رد المحتار ص ۱۰۰ ج ۲) وفی رضاع العنایۃ فسر محمد الغلبۃ قال ان لم یغیر الدواء اللبن تثبت الحرمۃ وان غیرہ لا تثبت (فتح القدیر ص ۱۲ ج ۳) وفی الشامیۃ عن الدر المنتقی تعتبر الغلبۃ بالاجزاء فی الجنس وفی غیرہ بتغیر طعم او لون او ریح (الی قولہ) یوافقہ ما فی الهدایۃ من اعتبار احد الاوصاف (رد المحتار ص ۴۳۳ ج ۲) پس راجح یہی معلوم ہوتا ہے کہ احد الاوصاف بدل جائے تو جانوروں کو پلانا جائز نہیں احتیاط بھی اسی میں ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۴ صفر سنہ ۹۷ ہجری

مُردار کی چربی سے بنا ہوا صابون پاک ہے :

سوال : لوگ کہتے ہیں کہ مردار کی چربی سے صابن تیار ہوتا ہے تو کیا ایسا صابون پاک ہے؟ اور اسکا استعمال جائز ہے؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصواب

مردار کی چربی سے بنا ہوا صابون پاک ہے اسلئے کہ اسمیں دوسری چیزیں ملا کر پکانے سے اسکی حقیقت بدل جاتی ہے اور انقلابِ حقیقت سے شیٔ کا حکم بدل جاتا ہے۔

قال فی الدر ویطهر زیت تنجس بجعلہ صابونا بہ یفتی للبلوی کتنور رش بماء نجس لا بأس بالخبز فیہ الخ وفی الشامیۃ تحت قولہ (ویطهر زیت) ثم هذہ المسئلۃ قد فرعوها علی قول محمد بالطهارۃ بانقلاب العین الذی علیہ الفتوی واختارہ اکثر المشایخ خلافا لابی یوسف کما فی شرح المنیۃ والفتح وغیرهما وعبارۃ المجتبی جعل الدهن النجس فی صابون یفتی بطهارتہ لانہ تغیر والتغیر یطهر عند محمد ویفتی بہ للبلوی وظاهرہ ان دهن المیتۃ کذلک لتعبیرہ بالنجس دون المتنجس الا ان یقال هو خاص بالنجس لان العادۃ فی الصابون وضع الزیت دون بقیۃ الادهان ثم رأیت فی شرح المنیۃ ما یؤید الاول حیث قال وعلیہ یتفرع ما لو وقع انسان او کلب فی قدر الصابون فصار صابونا یکون طاهرا لتبدل الحقیقۃ وانہ یفتی بہ للبلوی کما علم

ممّا مر ومقتضاه عدم اختصاص ذلك الحكم بالصابون فيدخل فيه كل ما كان فيه تغير وانقلاب حقيقة وكان فيه بلوی عامة الخ (رد المحتار ص۲۹۱ ج۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۸ ربیع الاول سنہ ۸۴ھ

فرش اور قالین پاک کرنیکا طریقہ :

سوال : مسجد کے فرش پر کوئی بچہ پیشاب کردے یا کسی دوسری طرح فرشِ مسجد ناپاک ہوجائے تو اس کو کس طرح پاک کیا جائے، اسی طرح مسجد میں یا مسجد کے باہر کوئی بڑی دری یا قالین ناپاک ہوجائے تو اسکو کس طرح پاک کیا جائے؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصواب

فرش خشک ہوکر پاک ہوجاتا ہے مگر مسجد کو جلدی پاک کرنا چاہیے، پانی ڈال کر کپڑے وغیرہ سے خشک کیا جائے، اسی طرح تین بار کیا جائے یا ایک ہی بار زیادہ پانی بہادیا جائے، قالین تین دفعہ دھونے سے پاک ہوجائے گا اس طرح کہ ہر مرتبہ تقاطر موقوف ہوجائے اگر نچوڑنا دشوار ہو، اور اگر نچوڑنا دشوار نہ ہو تو تین بار نچوڑنا بھی ضروری ہے، یہ تفصیل اسوقت ہے جبکہ کسی برتن یا چھوٹے حوض میں ڈال کر دھویا جائے۔ اگر اوپر سے پانی ڈالا یا بہتے پانی میں ڈالدیا تو نہ تثلیث شرط ہے اور نہ عصر، بلکہ یوں اندازہ لگایا جائے کہ اگر برتن میں پانی بھر کر اسمیں کپڑا ڈالا جاتا تو جتنے پانی میں کپڑا ڈوب جاتا اس سے تین گُنا پانی بہادینے سے کپڑا پاک ہوجائے گا۔ قال فی التنویر وقد ریغسل وعصر ثلاثا فیما ینعصر وبتثلیث جفاف ای انقطاع تقاطر فی غیرہ وقال فی الدر المختار وهذا کله اذا غسل فی اجانة اما لو غسل فی غدیر او صب علیه ماء کثیر او جری علیه الماء طهر مطلقا بلا شرط عصر وتجفیف وتکرار غمس هو المختار وفی الشامیة (قوله او صب علیه ماء کثیر) ای بحیث یخرج الماء ویخلفه غیره ثلاثا لان الجریان بمنزلة التکرار والعصر هو الصحیح سراج (رد المحتار ص۳۰۸ ج۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۹ ذی قعدہ سنہ ۸۸ھ

دودھ میں مینگنی گر گئی :

سوال : دودھ نکالتے وقت بھینس کا گوبر اونٹ کی مینگنی کے برابر گر جائے تو دودھ پاک ہے یا ناپاک؟ اگر گرتے ہی فوراً نکالدیا جائے تو پھر کیا حکم ہے، یا اگر

بکری کا دودھ نکالنے میں اسکی مینگنی گر جائے تو کیا حکم ہے؟ اور اگر بکری کی مینگنی کے برابر گوبر گر جائے تب کیا حکم ہے؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصواب

اگر بھینس کا گوبر دودھ میں حل ہو گیا تو دودھ ناپاک ہو گیا، البتہ اگر ایسا خشک تھا کہ دودھ میں حل نہیں ہوا تو اس صورت میں دودھ پاک ہے اسی طرح بکری کی مینگنی کا حکم ہے لیکن یہ حکم بوجہ ضرورت صرف دودھ نکالنے کے وقت کے ساتھ مخصوص ہے۔ قال فی العلائیۃ و بعرتی ابل وغنم کما یعفی لو وقعتا فی محلب وقت الحلب فرمیتا فورًا قبل تفتت وتلون والتعبیر بالبعرتین اتفاقی لان ما فوق ذالک کذلک ذکرہ فی الفیض و غیرہ ولذا قال قیل القلیل المعفو عنہ ما یستقلہ الناظر والکثیر بعکسہ وعلیہ الاعتماد کما فی الهدایۃ وغیرها (رد المحتار ص۲۰۷ ج ۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲ ذی الحجہ سنہ ۸۸ ہجری

استنجاء کا ڈھیلا سوکھنے سے پاک نہیں ہوتا:

سوال: استنجاء کے مستعملہ ڈھیلے سوکھنے کے بعد پاک ہیں یا ناپاک۔ پاک ہونیکی صورت میں دوسری دفعہ استعمال کرنا کراہت ہے یا نہیں؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصواب

زمین سوکھنے سے پاک ہو جاتی ہے۔ ڈھیلے پاک نہیں ہوتے لہٰذا ان سے استنجا مکروہ ہے قال فی العلائیۃ وحکم آجر ونحوہ کلبن مفروش وخص وشجر وکلاً قائمین فی ارض کذلک ای کارض فیطهر بجفاف وکذا کل ما کان ثابتا فیها لاخذہ حکمها باتصالہ بها فالمنفصل یغسل لا غیر الا حجرا خشنا کرحی فکارض (رد المحتار ص۲۸۶ ج ۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۱۰ محرم سنہ ۸۹ ہجری

مور کی بیٹ ناپاک ہے:

سوال: مور کی بیٹ پاک ہے یا نہیں؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصواب

جو پرندے کبوتر اور کوّے وغیرہ کی طرح ہوا میں نہیں اڑتے جیسے مرغی اور بطخ وغیرہ ان کی بیٹ ناپاک اور نجاست غلیظہ ہے۔ چونکہ مور بھی عام پرندوں کی طرح نہیں اڑتا اسلئے

اسکی بیٹ بھی نجاستِ غلیظہ ہے ۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

یکم صفر سنہ ۸۹ ہجری

اگر کپڑا دھونے سے نجاست کا اثر نہ جائے :

سوال : کیا فرماتے ہیں علماء دین مندرجہ ذیل مسئلہ کے بارے میں کہ اگر احتلام والے کپڑے کو باندھ کر نہالیا جائے اور اس پر اچھی طرح پانی بہا دیا جائے یا اس کپڑے کو تین بار دھو کر نچوڑ لیا جائے تو اس صورت میں اگر سوکھنے کے بعد اس مقام پر منی کے کچھ آثار مثلاً سختی یا کھردرا پن پایا گیا تو کیا کپڑا پاک ہوگا ؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم مُلهم الصّواب

اگر ظن غالب ہو کہ نجاست کا یہ اثر بدوں صابون وغیرہ کے زائل نہیں ہوگا تو سوال میں مذکورہ دونوں صورتوں میں کپڑا پاک ہو جائیگا ۔ لما فی الشامیۃ عن شرح المنیۃ ان الجنب اذا اتزر فی الحمام وصب الماء علی جسدہ ثم علی الازار یحکم بطھارۃ الازار وان لم یعصر الخ (رد المحتار ص ۳۰۸ ج ۱)

وفی العلائیۃ ولا یضر بقاء اثر کلون وریح لازم فلا یکلف فی ازالتہ الی ماء حار او صابون ونحوہ (رد المحتار ص ۳۰۴ ج ۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲ ذی الحجہ سنہ ۸۹ ہجری

ناپاک روغن سے رنگی ہوئی لکڑی :

سوال : اگر ناپاک روغن دروازہ پر لگایا جائے تو اوپر سے دھونے سے پاک ہو جائیگا یا نہیں ؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصّواب

اوپر کا حصہ پاک ہو جائیگا ، قال ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ ولو موّہ الحدید بالماء النجس یموہ بالطاھر ثلاثا فیطھر خلافا لمحمد فعندہ لا یطھر ابدا وھذا فی الحمل فی الصلوٰۃ واما لو غسلہ ثلاثا ثم قطع بہ نحو بطیخ او وقع فی ماء قلیل لا ینجسہ فالغسل یطھر ظاھرہ اجماعا (رد المحتار ص ۳۰۷ ج ۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۳ صفر سنہ ۹۰ ھ

مٹی کا تیل پاک ہے :

سوال : مٹی کا تیل پاک ہے یا ناپاک ؟ اگر ہاتھ پاؤں یا کپڑے میں لگ جاوے تو بغیر دھوئے نماز ہو جاتی ہے یا نہیں ؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصواب

مٹی کا تیل پاک ہے لیکن اسکی بدبو کے ساتھ مسجد میں جانا یا نماز پڑھنا حرام ہے ، دوسرے لوگوں پر لازم ہے کہ اسے مسجد سے روکیں ۔ قال فی شرح التنویر ویحرم فیہ السؤال (الی قولہ) واکل نحو ثوم ویمنع منہ وکذا اکل مؤذ (ردالمحتار ص۶۱۹ ج ۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۱۲ ر رجب سنہ ۹۰ھ

اسپرٹ کا حکم :

سوال : اسپرٹ کو فتاوی دارالعلوم میں ناپاک لکھا ہے اب اسکی کیا تحقیق ہے ؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصواب

اسپرٹ اگر انگور کشمش یا کھجور سے حاصل کی گئی ہو تو بالاتفاق نجس ہے اور انکے سوا کسی دوسری چیز سے بنائی گئی ہو تو شیخین رحمہما اللہ تعالیٰ کے نزدیک پاک اور امام محمد رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک نجس ہے ۔ تحقیق سے معلوم ہوا کہ آجکل اسپرٹ اور الکحل کے لئے انگور اور کھجور استعمال نہیں کی جاتی لہٰذا شیخین رحمہما اللہ تعالیٰ کے قول کیمطابق پاک ہے ، حضرات فقہاء رحمہم اللہ تعالیٰ نے اگرچہ فساد زمان کی حکمت کی بنا پر امام محمد رحمہ اللہ تعالیٰ کے قول کو مفتی بہ قرار دیا ہے مگر آجکل ضرورتِ تداوی وعموم بلوی کی رعایت کے پیشِ نظر شیخین رحمہما اللہ تعالیٰ کے قول پر طہارت کا فتوی دیا جاتا ہے، ویسے بھی اصول فتوی کے لحاظ سے قول شیخین رحمہما اللہ تعالیٰ کو ترجیح ہوتی ہے الا لعارض ،

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۵ رمحرم سنہ ۹۲ھ

نجاستِ غلیظہ بقدر درہم کا دھونا واجب نہیں :

سوال : آنجناب نے جو بندہ کی نماز کی کتاب پر اصلاحی نظر فرمائی اس سے بندہ کو بہت فائدہ ہوا اور میں نے بہت سی ترامیم کیں مگر ایک مسئلہ نجاستِ غلیظہ کا آدھی مثقال بھر کپڑے یا بدن پر لگ جائے تو کیا از روئے طحطاوی ومراقی دھونا واجب نہیں ؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصواب

مفتی بہ قول عدم وجوب کا ہے۔ قال العلامۃ ابن عابدین رحمہ اللہ تعالی تحت (قولہ وان کرہ تحریما) والاقرب ان غسل الدرھم ومادونہ مستحب مع العلم بہ والقدرۃ علی غسلہ فترکہ حینئذ خلاف الاولی (رد المحتار ص۲۹۲ ج۱) فقط واللہ تعالی اعلم

۷ محرم سنہ ۹۳ ہجری

بال اُتارنے کے لئے مرغی کو گرم پانی میں ڈالنا :

سوال : کیا فرماتے ہیں علماءِ دین ومفتیانِ کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ مرغیوں کا گوشت فروخت کرنے والے بیشتر تاجر اور بالخصوص ہوٹلوں کے مالک مرغیوں کو ذبح کرکے انھیں مع بال وپر سالم حالت میں بغیر پیٹ چاک کئے گرم پانی میں ڈال دیتے ہیں تاکہ اُنکے پر آسانی سے اُتر سکیں اور گوشت مع کھال کے علیحدہ ہوجائے اس طرح تمام آلائش پیٹ کے اندر رہی حل ہوکر گوشت میں شامل ہوجاتی ہے ایسے پکے ہوئے گوشت کو عوام الناس استعمال کرتے ہیں، اس سلسلے میں کثیر التعداد لوگوں کے ذہنوں میں تخمین وظن پیدا ہونا لازمی امر ہے۔ نیز عوام الناس بھی اس مسئلہ کے متعلق شریعت کی روشنی میں وضاحت چاہتے ہیں اور اس پر عمل پیرا ہونیکے نہایت خواہاں ہیں لہٰذا آپ سے التماس ہے کہ ازروئے شریعت درج ذیل سوالات کی روشنی میں بالتفصیل فتوی صادر فرمادیں۔

(۱) مذکورہ بالا گوشت کھانا جائز ہے یا نہیں ؟

(۲) اگر ایسا گوشت جائز نہیں تو اس قسم کے تاجروں پر مسئلہ سے واقفیت یا عدم واقفیت کی بناپر کونسا گناہ لازم آتا ہے ؟

(۳) مسئلہ معلوم ہونیکے باوجود اگر کوئی اس حرکت کا مرتکب ہو تو شریعت میں اسکے لئے کیا تعزیر ہے ؟ بیّنوا توجروا ،

الجواب باسم ملہم الصواب

(۱) اگر کھولتے ہوئے پانی میں مرغی ڈالی اور اتنی دیر اسکے اندر رکھی کہ اسکے پیٹ کی نجاست گوشت میں سرایت کرجانیکا ظن غالب ہو تو یہ نجس ہوگئی اور اسکے پاک کرنے کا بھی کوئی طریقہ نہیں۔ البتہ اگر پانی گرم ہو مگر کھول نہ رہا ہو اور مرغی اسمیں بہت دیر تک نہیں رکھی، یا کھولتے پانی میں ڈال کر فوراً نکال لی تو اسکا گوشت ناپاک نہ ہوگا۔ قال فی شرح التنویر

ویطهر لحم طبخ بخمر بغلی و تبرید ثلاثا وکذا دجاجة ملقاة حالة غلی الماء للنتف قبل شقها فتح وفی التجنیس حنطة طبخت فی خمر لا تطهر ابدا به یفتی۔ وقال العلامة ابن عابدین رحمه الله تعالیٰ (قوله وکذا دجاجة الخ) قال فی الفتح انها لا تطهر ابدا لکن علی قول ابی یوسف تطهر والعلة والله اعلم تشربها النجاسة بواسطة الغلیان وعلیه اشتهر ان اللحم السمیط بمصر نجس لکن العلة المذکورة لا تثبت مالم یمکث اللحم بعد الغلیان زمانا یقع فی مثله التشرب والدخول فی باطن اللحم وکل منهما غیر متحقق فی السمیط حیث لا یصل الی حد الغلیان ولا یترک فیه الا مقدار ما تصل الحرارة الی ظاهر الجلد لتنحل مسام الصوف بل لو ترک یمنع انقلاع الشعر فالاولی فی السمیط ان یطهر بالغسل ثلاثا فانهم لا یتحرسون فیه عن المنجس وقد قال شرف الائمة بهذا فی الدجاجة والکرش والسمیط اھ واقره فی البحر (رد المحتار ص۳۰۹ ج۱)

(۲) مسئلہ سے ناواقفیت عذر نہیں لہٰذا اگر ہوٹلوں والے مرغی کو کھولتے ہوئے پانی میں کچھ دیر کے لئے رکھتے ہیں تو یہ گناہِ کبیرہ کے مرتکب ہیں۔

(۳) مسلمان حاکم پر فرض ہے کہ ایسے لوگوں کو ایسی سزا دے جو ان کے لئے اور اس قسم کے دوسرے مجرموں کے لئے عبرت ثابت ہو۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۸ رذی قعدہ سنہ ۹۳ھ

ٹونٹی سے پانی ڈالا جائے تو طہارت کیلئے عصر و تثلیث شرط نہیں:

سوال: آپ نے فرمایا تھا کہ جب ٹونٹی سے پانی ڈالا جائے تو تطہیر کے لئے عصر اور تثلیث کی شرط نہیں۔ ایک مولوی صاحب کو اسمیں اشکال ہے لہٰذا تفصیل سے تحریر فرمائیں، بیّنوا توجروا،

الجواب باسم ملهم الصواب

اس صورت میں عصر اور تثلیث کی شرط نہیں بلکہ اس پر اتنا پانی بہا دینا کافی ہے جتنا تین دفعہ برتن میں دھونے پر خرچ ہوتا، قال فی شرح التنویر امالو غسل فی غدیر او صب علیه ماء کثیرا او جری علیه الماء طهر مطلقا بلا شرط عصر و تجفیف و تکرار غمس۔ وفی رد المحتار و ان المعتبر فی تطهیر النجاسة المرئیة زوال عینها ولو بغسلة واحدة ولو فی اجانة کما مر فلا یشترط فیها تثلیث غسل ولا عصر وان المعتبر غلبة الظن فی تطهیر غیر المرئیة بلا عدد علی المفتی به او مع شرط التثلیث علی ما مر ولا شک ان الغسل بالماء الجاری وما فی حکمه من

الغدیر او الصب الکثیر الذی یذھب بالنجاسة اصلاً و یخلفه غیرہ مراراً بالجریات اقوی من الغسل فی الاجانة التی علی خلاف القیاس لان النجاسة فیھا تلاقی الماء و تسری معه فی جمیع اجزاء الثوب فیبعد کل البعد التسویة بینھما فی اشتراط التثلیث ولیس اشتراطه حکما تعبدیا حتی یلتزم وان لم یعقل معناہ ولھذا قال الامام الحلوانی علی قیاس قول ابی یوسف فی ازار الحمام انه لو کانت النجاسة دماً او بولاً وصب علیه الماء کفاہ (قوله او صب علیه ماء کثیر) ای بحیث یخرج الماء و یخلفه غیرہ ثلاثاً لان الجریان بمنزلة التکرار والعصر ھو الصحیح سراج (ردالمحتار ص ۳۰۸ ج ۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۴ ر ذی الحجہ سنہ ۹۵ ہجری

ناپاک کپڑے کی نمی پاک کپڑے کو لگ گئی :

سوال : کوئی ناپاک کپڑا گیلا ہو، اسکے ساتھ پاک کپڑا لگ گیا اور اسمیں ناپاک کپڑے سے کچھ نمی لگ گئی تو یہ ناپاک ہوجائیگا یا نہیں، اسی طرح اگر پاک کپڑا گیلا ہے اور وہ خشک ناپاک کپڑے سے لگ جائے تو ناپاک ہوگا یا نہیں ؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملھم الصواب

اگر ناپاک کپڑا عین نجاست مثلاً پیشاب وغیرہ سے گیلا ہے تو نجاست کا اثر پاک کپڑے میں ظاہر ہونے سے وہ ناپاک ہوجائے گا ۔ اور اگر عین نجاست سے نہیں بلکہ نجس پانی سے بھیگا ہو تو اسمیں دو قول ہیں، ایک یہ کہ خشک کپڑے پر اتنی رطوبت آجائے کہ اسے نچوڑنے سے قطرہ گرے تو نجس ہوگا ورنہ نہیں ۔ دوسرا قول یہ ہے کہ اگر نجس کپڑا اتنا بھیگا ہوا ہو کہ نچوڑنے سے قطرہ گرے تو اس کی رطوبت سے خشک کپڑا ناپاک ہوجائیگا اگرچہ اس خشک کپڑے سے قطرہ نہ گرے، قول اوّل اگرچہ اوسع ہے مگر قول ثانی ارجح و احوط ہے ۔

اور اگر پاک کپڑا گیلا ناپاک خشک کے ساتھ لگا تو یہ ناپاک نہ ہوگا ۔ البتہ اگر اتنا گیلا ہو کہ اسکا پانی خشک کپڑے کو بھی ایسا تر کردے کہ دونوں کی رطوبت برابر دکھائی دے تو پاک کپڑا بھی ناپاک ہوجائیگا ۔ قال فی التنویر لف ثوب نجس رطب فی ثوب طاھر یابس فظھرت رطوبته علی ثوب طاھر لکن لا یسیل لو عصر لا ینجس کما لو نشر الثوب المبلول علی حبل نجس یابس ۔ وفی الشامیة (قوله لف ثوب نجس رطب) ای مبتل بماء ولو یظھر فی الثوب الطاھر اثر النجاسة بخلاف المبلول بنحو البول لان النداوة حینئذ عین النجاسة وبخلاف

ما اذا ظهر فی الثوب الطاهر اثر النجاسة من لون او طعم او ریح فانه یتنجس کما حققه شارح المنیة وجری علیه الشارح اول الکتاب (قوله لا یتنجس) لانه اذا لم یتقاطر منه بالعصر لا ینفصل منه شیء وانما یبتل ما یجاوره بالنداوة وبذلک لا یتنجس به وذکر المرغینانی ان کان الیابس هو الطاهر یتنجس لانه یأخذ بللاً من النجس الرطب وان کان الیابس هو النجس والطاهر الرطب لا یتنجس لان الیابس النجس یأخذ بللاً من الطاهر ولا یأخذ الرطب من الیابس شیئاً - زیلعی، وظاهر التعلیل ان الضمیر فی یبل وعصر للنجس، وبه صرح صاحب مواهب الرحمن ومشی علیه الشرنبلالی والمتبادر من عبارة المصنف کالکنز وغیره انه للطاهر وهو صریح عبارة الخلاصة والخانیة ومنیة المصلی وکثیر من الکتب کالقهستانی وابن الکمال والبزازیة والبحر والاول احوط ووجهه اظهر والثانی اوسع واسهل فلیتحرر (رد المحتار ص۱۷ج ۵) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۴ ربیع الآخر سنہ ۹۷ھ

کپڑا دھو کر ناپاک رسی پر ڈالا تو ناپاک ہوگا:

سوال: کپڑا دھو کر خشک کرنے کیلئے ناپاک رسی پر ڈالا تو یہ ناپاک ہوگا یا نہیں؟ بینوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصواب

ناپاک نہیں ہوگا، البتہ اگر کپڑا بہت زیادہ گیلا ہو جس سے رسی بھی اس طرح بھیگ گئی کہ رسی میں لگا ہوا پانی پھر کپڑے سے لگ گیا ہو تو ناپاک ہو جائیگا، رسی کی بجائے اگر لوہے وغیرہ کا تار ہو تو اسمیں اسکا زیادہ خطرہ ہے کیونکہ وہ پانی کو جذب نہیں کرتا، والدلیل مر فی المسئلۃ المتقدمۃ، فقط واللہ تعالیٰ اعلم ——— ۲۴ ربیع الآخر سنہ ۹۷ھ

ناپاک بستر پسینے سے بھیگ گیا:

سوال: بستر ناپاک تھا اس پر کوئی شخص سویا اور پسینے سے بستر بھی بھیگ گیا تو اسکے بدن اور کپڑے ناپاک ہوئے یا نہیں؟ بینوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصواب

اگر بستر اتنا بھیگ گیا کہ اسکی رطوبت پھر بدن اور کپڑوں کو لگ جائے تو ناپاک ہوگا ورنہ نہیں۔ قال فی شرح التنویر نام علی فراش نجس فعرق ولم یظهر اثره لا یتنجس خانیة،

(رد المحتار ص۱۸ ج ۵) فقط واللہ تعالیٰ اعلم ——— ۲۴ ربیع الآخر سنہ ۹۷ھ

نجاست لگنے کے بعد پھیل گئی :

سوال : اگر کسی جگہ ایک درہم سے کم پلیدی لگ جائے اور بعد میں اس کے اوپر پانی پڑ جانے کی وجہ سے ایک درہم سے بڑھ جائے تو کیا اس کے ساتھ نماز ادا کی جا سکتی ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصواب

بعد میں پانی پڑنے سے نجاست پھیل گئی تو نماز نہیں ہوگی، اور اگر از خود زیادہ جگہ سرایت کرگئی مثلاً نجس تیل تو اس میں اختلاف ہے راجح قول پر نماز ہو جائے گی مگر عدم جواز کا قول احوط ہے۔ قال فی العلائیۃ والعبرۃ لوقت الصلوٰۃ لا الاصابۃ علی الاکثر، نہر۔ وقال ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ ای لو اصاب ثوبہ دھن نجس اقل من قدر الدرھم ثم انبسط وقت الصلوٰۃ فزاد علی الدرھم قیل یمنع وبہ اخذ الاکثرون کما فی البحر عن السراج وفی المنیۃ وبہ یؤخذ وقال شارحہا وتحقیقہ ان المعتبر فی المقدار من النجاسۃ الرقیقۃ لیس جوھر النجاسۃ بل جوھر المتنجس عکس الکثیفۃ فلیتأمل، وقیل لا یمنع اعتبارا لوقت الاصابۃ، قال القہستانی وھو المختار وبہ یفتی وظاھر الفتح اختیارہ ایضا وفی الحلیۃ وھو الاشبہ عندی والیہ مال سیدی عبد الغنی وقال فلو کانت ازید من الدرھم وقت الاصابۃ ثم جفت فخفت فصارت اقل منعت ھذا۔ (رد المحتار ص۲۹۲ ج۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم ۲۸ رمضان سنہ ۹۷ھ

نجاست خشک ہو کر ہلکی ہو گئی :

سوال : دلدار نجاست غلیظ وزن درہم سے زیادہ لگ گئی مگر خشک ہونے کے بعد کم ہو گئی تو یہ نماز سے مانع ہوگی یا نہیں؟ بینوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصواب

اس صورت میں نماز نہیں ہوگی۔ نقل ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ عن العلامۃ عبد الغنی رحمہ اللہ تعالیٰ لو کانت ازید من الدرھم وقت الاصابۃ ثم جفت فخفت فصارت اقل منعت (ردّ المحتار ص۲۹۲ ج۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم ۲۶ جمادی الآخرہ سنہ ۹۹ھ

کتے کا جھوٹا برتن پاک کرنے کا طریقہ :

سوال : کتا کسی برتن میں منہ ڈال دے تو بغیر مٹی سے صاف کئے صرف پانی سے اگر اس کو دھو دیا جائے تو کیا پاک ہو جائے گا؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

تین بار دھونے سے برتن پاک ہو جاتا ہے مگر سات بار دھونا اور مٹی سے مانجھنا مستحب ہے اور کتے کے زہر کا علاج

ہے فقط و اللہ تعالیٰ اعلم ۲۸ رمضان المبارک ۹۵ھ

بھنگ پاک ہے :

سوال : نشہ لانے والی چیز مثلاً بھنگ وغیرہ کوٹ کر بواسیر کے مسوں پر لگائی جائے بغیر دھوئے نماز پڑھنا درست ہے یا نہیں ؟ اور بھنگ پاک ہے یا ناپاک ؟ بینوا توجروا

الجواب باسم ملہم الصواب

بھنگ اگرچہ حرام ہے مگر پاک ہے، بدون دھوئے نماز ہوجائے گی، فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۳ شوال ۹۸ھ

نجس قالین پر گیلا پاؤں پڑ گیا :

سوال : اگر قالین پر کچھ نجاست پیشاب وغیرہ لگ کر خشک ہوگیا اور بعد میں اس جگہ پر گیلا پاؤں رکھدیا تو کیا پاؤں بغیر پاک کئے نماز ہوجائے گی اور جس جانماز وغیرہ پر ایسا گیلا پاؤں رکھا ہے کیا وہ پاک ہے ؟ بینوا توجروا

الجواب باسم ملہم الصواب

اگر پاؤں اتنا گیلا ہو کہ اس سے قالین خوب تر ہوجائے اور اس پر اتنی تری آجائے کہ اس پر کوئی دوسری چیز رکھی جائے تو اس کو بھی لگ جائے تو پاؤں ناپاک ہوجائے گا۔ پھر یہ پاؤں جانماز پر رکھا اور اس پر تری نظر آنے لگی تو جانماز بھی ناپاک ہوگئی، اور اگر قالین اتنا زیادہ نہیں بھیگا تو پاؤں ناپاک نہیں ہوا، فقط واللہ تعالیٰ اعلم ۲۷ ذیقعدہ ۹۸ھ

دھوبی کے بدن اور کپڑوں کا حکم :

سوال : دھوبی کپڑے دھوتے ہیں، ان کے پاس پاک اور ناپاک سب ہی قسم کے کپڑے آتے ہیں، کپڑوں کو دھوتے وقت جو چھینٹیں بدن پر پڑتی ہیں ان سے ان کے بدن اور کپڑے پاک ہیں یا ناپاک ؟ اور بغیر نہائے یا دوسرے کپڑے پہنے بغیر نماز پڑھنے سے نماز صحیح ہوگی یا نہیں ؟ بینوا توجروا

الجواب باسم ملہم الصواب

جب تک کسی کپڑے کی ناپاکی کا یقین نہو اس وقت تک ناپاکی کا حکم نہیں لگایا جائے گا، اس لئے دھوبی بغیر نہائے انہی کپڑوں میں نماز پڑھ سکتا ہے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم ۔ ۷ ربیع الآخر ۹۹ھ

نجاست مانع صلوٰۃ کی تفصیل :

سوال : اگر شراب کی بوتل جیب میں ہو تو نماز صحیح ہوگی یا نہیں ؟ نیز نجاست مانع

صلوٰۃ کی پوری تفصیل تحریر فرماکر اجر حاصل فرمائیں۔

الجواب ومنه الصدق والصواب

صورت مسئولہ میں نماز نہ ہوگی۔ تفصیل اس کی یہ ہے کہ محل نجاست میں تین احتمال ہیں، مبسوط، ملبوس، محمول۔ مبسوط میں صرف موضع رجلین ویدین ورکبتین وجبہہ کی طہارت ضروری ہے۔ اس کے سوا دوسری جگہ اگر نجاست ہو تو وہ مانع نہیں۔ اگرچہ بساط صغیر ہو۔ ملبوس کی تفصیل یہ ہے کہ اگر حرکات صلوٰۃ سے اس کی جانبِ نجس حرکت کرتی ہے تو مانعِ صلوٰۃ ہے والا فلا، محمول اگر متمسک بنفسہ ہے تو اس کی نجاست مانع نہیں اور اگر متمسک بنفسہ نہیں تو اس کی نجاست اگر اصلی معدن میں ہے تو وہ بھی مانع نہیں اور اگر معدن اصلی میں نہیں تو مانع ہے۔ شراب کی بوتل اسی قسم سے ہے۔ قال فی باب شروط الصلوٰۃ من شرح التنویر وطهارة ثوبه وكذا ما يتحرك بحركته او يعد حاملا له كصبي عليه نجس ان لم يتمسك بنفسه منع والا لا كجنب وكلب ان شد فمه فى الاصح ومكانه اى موضع قدميه او احدهما ان رفع الاخرى وموضع سجوده اتفاقا فى الاصح لا موضع يديه وركبتيه على الظاهر الا اذا سجد على كفه كما سيجيئ و فى الشامية (قوله وكذا ما) اى شيء متصل به يتحرك بحركته كمنديل طرفه على عنقه وفى الأخر نجاسة مانعة ان تحرك موضع النجاسة بحركات الصلوٰة منع والا لا بخلاف مالم يتصل كبساط طرفه نجس وموضع الوقوف والجبهة طاهر فلا يمنع مطلقا (قوله كصبى) اى وكسقف وظلة وخيمة نجسة تصيب رأسه اذا وقف (قوله والا لا) اى وان كان يتمسك بنفسه لا يمنع لان حمل النجاسة حينئذ ينسب اليه لا الى المصلى (قوله كجنب) تنظير لا تمثيل اى فان الجنابة ايضا تنسب الى المحمول لا الى المصلى ولو كان تمثيلا للزم اشتراط ان يكون الجنب متمسكا بنفسه بان لا يكون زمنا مع انه غير نجس حقيقة فلو حمل المصلى جنبا لا يمنع صلوته مطلقا لان نجاسته حكمية فافهم (قوله وكلب ان شد فمه) لو قال وكلب ان لم يسل منه ما يمنع الصلوٰة لكان اولى لانه لو علم عدم السيلان او سال منه دون القدر المانع لا يبطل الصلوٰة وان لم يشد فمه (الى قوله) لو جلس على المصلى صبى ثوبه نجس وهو يتمسك بنفسه او حمام نجس جازت صلوته (الى قوله) ونجاسته باطنه (اى الكلب) فى معدنها فلا يظهر حكمها كنجاسة باطن المصلى كما لو صلى حاملا بيضة مذرة صار محها دما جاز لانه فى معدنه والشيء مادام فى معدنه لا يعطى له حكم النجاسة بخلاف ما لو حمل قارورة مضمومة فيها بول فلا تجوز صلوته لانه فى غير معدنه، وايضا فيها تحت (قوله اتفاقا فى الاصح) فلا يشترط طهارة موضع الانف لانه اقل من الدرهم كما فى شرح المنية (قوله على الظاهر) اى ظاهر الرواية كما فى البحر لكن قال فى منية المصلى قال فى العيون هذه رواية شاذة وفى البحر

واختار ابو اللیث ان صلوته تفسد وصححه فی العیون اھ وفی النھر وھو المناسب لاطلاق عامة المتون وایده بکلام الخانیة قلت وصححه فی متن المواھب ونور الایضاح والمنیة وغیرھا فکان علیه المعول وقال فی شرح المنیة وھو الصحیح لان اتصال العضو بالنجاسة بمنزلة حملھا وان کان وضع ذلک العضو لیس بفرض (رد المحتار ج ۱ ص۳۰۴)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۱۹ صفر سنہ ۷۶ھ

سوتے شخص کی رال پاک ہے:

سوال: سوتے وقت منہ سے رال جو بعض کے جاری ہوتی ہے زید کہتا ہے کہ اس سے کپڑا پلید ہوجاتا ہے زید کا یہ قول صحیح ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا

الجواب باسم ملھم الصواب

یہ رال پاک ہے، کپڑا ناپاک نہیں ہوتا لعاب النائم طاھر سواء کان من الفم او منبعثا من الجوف عند ابی حنیفة ومحمد رحمھما اللہ تعالیٰ وعلیه الفتوی (عالمگیریہ ص۴۶ ج ۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۴ رجب سنہ ۹۹ھ

فصل فی الاستنجاء

استبراء کا معہود طریقہ:

سوال: ڈھیلے سے پیشاب کے قطرات خشک کرنے کا معہود طریقہ جو آجکل مروّج ہے، کیا یہ ضروری ہے اگر اس طریقے سے قطرات کو خشک نہ کیا گیا تو کیا نماز صحیح نہ ہوگی۔ اگر یہ طریقہ شرط ہے تو حضور اکرم صلے اللہ علیہ وسلم اور صحابۂ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے اس کی تعلیم کیوں نہیں دی، اور صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم نے یہ طریقہ کیوں اختیار نہیں فرمایا؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصواب

حضرات فقہاء رحمہم اللہ تعالیٰ نے پیشاب کے قطرات خشک کرنے کے لئے یہ معہود طریقہ بیان فرمایا ہے جس کی وجہ بعض علماء یہ بیان فرماتے ہیں کہ پہلے زمانے میں مثانے قوی تھے اس لئے قطرات آنے کا احتمال نہ تھا، اس دَور میں مثانے میں وہ قوت نہیں رہی، اس لئے اس طریق سے قطرات کی صفائی کی ضرورت پیش آئی، لہٰذا فقہاء رحمہم اللہ تعالیٰ کا بیان کردہ یہ طریقہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابۂ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے قول وعمل پر زیادتی نہیں کہ اسے بدعت کہا جائے، بلکہ تغیّرِ زمان کی بناء پر موجودہ زمانے کی ضرورت کے لحاظ سے تنظیف وتطہیر کا ایک طریقہ ہونے کی وجہ سے یہ بھی عمل بالحدیث ہی شمار ہوگا

وجہ مذکور پر یہ اشکال ہے کہ پیشاب کے بعد قطرات کا آنا ضعفِ مثانہ کی بناء پر نہیں ہوتا، ضعفِ مثانہ کی وجہ سے جو عارضہ لاحق ہوتا ہے اسکا اثر یہ ہوتا ہے کہ کھانسنے چھینکنے اور کودنے وغیرہ سے قطرہ خارج ہوتا ہے، اور جسے یہ مرض لاحق ہوتا ہے اسے استبراء کا معہود طریقہ بھی کوئی فائدہ نہیں دیتا، پیشاب کے بعد رطوبت نظر آنے کا باعث ضعفِ مثانہ نہیں بلکہ پیشاب کی نالی کا طول اور اس میں پیچ وخم اسکا باعث بنتے ہیں، طبّی نقطۂ نگاہ سے یہ امر مسلم ہونے کے علاوہ اس پر یہ دلیل بھی ہے کہ حضرات فقہاء رحمہم اللہ تعالیٰ نے عورتوں کے لئے استبراء کا یہ طریقہ تحریر نہیں فرمایا بلکہ اسے مَردوں کے ساتھ مخصوص رکھا ہے، قال ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ تحت (قوله يجب الاستبراء الخ) وفيها ان المرأة كالرجل الا في الاستبراء فانه لا استبراء عليها بل كما فرغت تصبر ساعة لطيفة ثم تستنجي ومثله في الامداد (الشامية ص ۳۱۹ ج ۱) اس سے ثابت ہوا کہ استبراء کے اس معہود طریقے کی علت ضعفِ مثانہ نہیں، اسلئے کہ اگر یہ علّت ہوتی تو یہ حکم عورتوں کے لئے بھی ہوتا، عورتوں میں چونکہ پیشاب کی نالی طویل اور خمدار نہیں اسلئے ان کو مستثنیٰ کیا گیا۔

جب استبرار کی علت یہ ٹھہری تو معہود طریقے کی بجائے ایک اور آسان اور مختصر طریقہ اختیار کیا جاسکتا ہے وہ یہ کہ پیشاب سے فراغت کے بعد پہلے پاخانے کے مقام سے خصیتین کی طرف رگوں کو سُونتا جائے اسکے بعد پیشاب کی نالی کو سونت دیا جائے تو راستے میں جو رطوبت ہوگی وہ خارج ہوجائیگی اس کے بعد قطرہ آنیکا کوئی احتمال نہیں رہتا، بندہ نے متعدد بار اس کا تجربہ کیا کہ اس طریقے سے استبرار کے بعد کئی سو قدم بہت تیزی سے چلا۔ کھانسا، کودا، بھاگا، کئی بیٹھکیں لگائیں اس کے باوجود کوئی رطوبت نظر نہیں آئی۔

اس تحقیق کے بعد اصل اشکال پھر عود کر آتا ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں بھی یہ علت موجود تھی تو آپ نے اس قسم کے استبرار کا حکم کیوں نہیں دیا اور صحابۂ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے اسکا اہتمام کیوں نہیں فرمایا، غور کرنے کے بعد اس کا جواب یہ سمجھ میں آتا ہے کہ شریعت نے ابتلاء عام کے مواقع پر نجاستِ قلیلہ کو معاف قرار دیا ہے، جیسے کہ رشاش البول کرؤس الابرۃ اور بیت الخلاء میں مکھیوں وغیرہ کا غلاظت پر بیٹھنے کے بعد جسم اور کپڑوں پر بیٹھنا اور طین شارع وغیرہ، اس قانون کا تقاضا یہ ہے کہ استبرار کا کوئی بھی طریقہ استعمال کرنا ضروری نہیں بلکہ وقت پر نجاست مرئیہ کو ڈھیلے یا پانی سے صاف کردینا کافی ہے اس کے بعد اگر غیر محسوس طور پر کچھ رطوبت رستی ہے تو وہ شرعاً معاف ہے۔ معہذا چونکہ احادیث میں استبرار کی بہت تاکید اور عدم اجتناب من البول پر وعید شدید وارد ہوئی ہے اس لئے احتیاط کا تقاضا یہی ہے کہ بطریقِ بالا استبرار کا اہتمام کیا جائے، یعنی پیشاب کی نالی کو سُونت کر رطوبت خارج کردی جائے اس کے بعد ڈھیلے یا پانی سے استنجار کرلیا جائے، افضل یہ ہے کہ پہلے ڈھیلے سے نجاست زائل کی جائے اور اس کے بعد پانی استعمال کیا جائے، البتہ آجکل شہروں میں گٹر سسٹم کی وجہ سے ڈھیلے کا استعمال بہت تکلیف دہ ثابت ہوتا ہے، ڈھیلے پھینکنے سے پانی کا راستہ بند ہوجاتا ہے جو بہت سخت تعفن اور ایذار کا باعث بنتا ہے، پھر ان کی صفائی میں بھی بہت دقت پیش آتی ہے لہٰذا ایسے مواقع میں ڈھیلے کا استعمال ہرگز نہیں کرنا چاہیئے۔ ڈھیلے کا استعمال مستحب ہے اور اپنے نفس کو اور دوسروں کو مصیبت میں ڈالنا حرام ہے۔ کسی مستحب کام کی خاطر حرام کا ارتکاب جائز نہیں، البتہ صفائی کی غرض سے جو جاذب کاغذ بازار میں ملتا ہے اس کا استعمال جائز ہے،

پیشاب سے احتراز کا اہتمام کرنا بلاشبہہ مؤکد ہے مگر اس میں زیادہ غلو کرنا شرعاً درست نہیں، صحیح بخاری میں ہے کہ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ پیشاب کے بارے میں بہت

شدت سے کام لیتے تھے، حافظ بدرالدین عینی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اسکی شرح میں نقل فرمایا ہے کہ ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ پیشاب کی چھینٹوں سے بچنے کی غرض سے بوتل میں پیشاب کیا کرتے تھے۔

مگر آپ کی یہ شدت دوسرے صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو ناپسند تھی چنانچہ صحیح بخاری میں اسپر حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا اعتراض منقول ہے کان ابوموسی الاشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ یُشدّد فی البول ویقول انّ بنی اسرائیل کان اذا اصاب ثوب احدھم قرضہ فقال حذیفۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ لیتہ امسک اتی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سباطۃ قوم فبال قائماً (بخاری ص۳۶ ج۱)

وقال الحافظ العینی رحمہ اللہ تعالیٰ (قولہ یُشدِّدُ) جملۃ فی محل النصب علی انہ خبر کان و معناہ کان یحتاط عظیماً فی الاحتراز عن رشاشتہ حتی یبول فی القارورۃ خوفاً ان یصیبہ من رشاشتہ شیء (عمدۃ القاری ص۱۳۸ ج ۳)

حضرت شاہ عبدالعزیز رحمہ اللہ تعالیٰ کا فتویٰ

طریقہ مروجہ استبراء کے تارک کو جو لوگ بدعتی کہتے ہیں تو یہ صرف اس فرقہ ظاہریں کے مبالغات سے ہے یہ قابلِ اعتبار نہیں۔ بخاری اور اسکی شروح میں مذکور ہے کہ ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عذابِ قبر کی حدیث سنی تو اس وجہ سے وہ پیشاب سے نہایت احتیاط کرتے تھے۔ حتیٰ کہ جب پیشاب کی حاجت ہوتی تھی تو پیشاب کا مقام شیشی کے اندر داخل کرتے تھے اور اسکے اندر پیشاب کرتے تھے۔ اس خوف سے کہ ایسا نہ ہووے کہ کہیں بدن یا کپڑے پر چھینٹ پڑ جائے۔ تو حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بطور انکار کے اُن سے کہا کہ میں نے دیکھا ہے کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم ایک قوم کی سباطہ پر یعنی کوڑا پھینکنے کی جگہ میں گئے اور کھڑے ہو کر پیشاب کیا اور اسمیں شبہ نہیں کہ کھڑے ہو کر پیشاب کرنے میں گمان چھینٹے پڑنے کا ہے۔ اور تجربہ سے معلوم ہوتا ہے کہ جب استبراء کرنے میں مبالغہ کیا جاتا ہے تو مثانہ سے پیشاب ٹپکتا ہے اور اس کی مثال یہ ہے کہ دودھ جب دوہا جاتا ہے تو دودھ جانور کے تھن میں آتا ہے اور جب دوہنا موقوف کر دیا جاتا ہے تو دودھ بھی موقوف ہو جاتا ہے (فتاویٰ عزیزی ص۱۱۷ ج ۲)

ملفوظ حکیم الامت حضرت تھانوی قدس سرہٗ

حضرت خواجہ صاحب نے عرض کیا کہ مجھے استنجاء میں بڑے وسوسے آتے ہیں بہت دیر میں مشکل تمام خشک ہوتا ہے ملنے سے کچھ نہ کچھ نکلتا ہی رہتا ہے۔ فرمایا ایسا ہرگز نہ کیجئے، معمولی طور سے استنجاء کر کے دھو لینا چاہیئے۔ عوارف المعارف میں لکھا ہے کہ اسکا حال تھن کا سا ہے کہ جب تک ملتے رہیں کچھ نہ کچھ نکلتا رہتا ہے اور اگر یوں ہی چھوڑ دیں تو کچھ بھی نہیں۔ حضرت خواجہ صاحب نے عرض کیا کہ

بعد کو قطرہ نکل آتا ہے۔ فرمایا کہ کچھ خیال نہ کیجئے چاہے بعد کو نمازوں کا اعادہ کرلیجئے گا لیکن جبتک تبکلف جبر کرکے وسوسہ کیخلاف نہ کیجئے گا یہ مرض نہ جائیگا اسوجہ سے تو آپ بڑی تکلیف میں ہیں۔ خواجہ صاحب نے عرض کیا کہ رطوبت کی وجہ سے ایک وقت کے وضو میں دوسرے وقت کے وضو کیلئے شک پڑجاتا ہے اور اس کی وجہ سے رومال بھی دھونا پڑتا ہے۔ فرمایا کہ نہ وضو کیجئے نہ رومال دھویا کیجئے۔ چند روز تبکلف بے التفاتی کرنے سے وسوسے جاتے رہیں گے۔ (ملفوظات کمالات اشرفیہ ص۱۹۸ ملفوظ ۸۰۰)

اس سے ثابت ہوا کہ استبراء میں زیادہ غلو اور شدّت شرعاً مذموم ہونے کے علاوہ صحت کے لئے بھی مضر ہے اور ذہنی انتشار اور دماغی پریشانیوں کا باعث بھی ہے۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

۲۹ جمادی الاولیٰ سنہ ۹۶ھ

صرف ڈھیلے سے استنجاء پر اکتفاء کرنا:

سوال: پیشاب یا پاخانہ کرنے کے بعد اور ڈھیلے سے صاف کرنیکے بعد پانی سے نہ دھویا اور بغیر دھوئے وضوء کرکے نماز پڑھ لی تو نماز ہوگی یا نہیں اور اسی طرح بعض لوگ ہاتھ دھوکر کھانے میں مشغول ہوجاتے ہیں حالانکہ پانی بھی موجود ہوتا ہے شرعاً کیا حکم ہے؟ بیّنوا توجروا،

الجواب باسم ملهم الصواب

اگر پیشاب مخرج سے تجاوز کرگیا اور زائد کی مقدار ایک درہم (قطر = ۱٫۱ انچ = ۲٫۷۵ سینٹی میٹر اور کل پیمائش = ۰٫۹۵ انچ = ۵٫۹۴ سینٹی میٹر) سے زائد نہیں ہوئی تو بغیر دھوئے صرف ڈھیلا استعمال کرلینے سے نماز ہوجائے گی، اور پاخانہ کا حکم یہ ہے کہ پتھر سے استنجا کرنیکے بعد اگر مخرج سے متجاوز نجاست کا وزن ایک مثقال (۵ ماشہ = ۴٫۸۶ گرام) یا اس سے کم ہو تو نماز ہوجائیگی اگرچہ پھیلاؤ میں ایک درہم سے بھی زیادہ ہو۔ قال فی العلائیۃ (ویجب) ای یفرض غسله (ان جاوز المخرج (نجس) مانع ویعتبر القدر المانع لصلاۃ فیما وراء موضع الاستنجاء لان ما علی المخرج ساقط شرعاً ولهذا لاتکره الصلوۃ معه وفی ردالمحتار (قوله ولهذا الخ) استدلال علی سقوط اعتبار ما علی المخرج وفیه ان ترك غسل ما علی المخرج انما لایکره بعد الاستجمار کما عرفته لامطلقاً (ردالمحتار ص۲۱۴ ج۱) وفی انجاس التنویر وعفی عن قدر درهم وهو مثقال فی کثیف۔ وفی الشامیۃ ان قدر الدرهم من الکثیفۃ لو کان منبسطاً فی الثوب اکثر من عرض الکف لایمنع کما ذکرہ سیدی عبد الغنی (ردالمحتار ص۲۹۳ ج۱)

صرف ہاتھ دھوکر کھانا کھانا جائز ہے مگر مخرج سے متجاوز نجاست قدرِ درہم سے زائد ہو تو بلا عذر

اسے نہ دھونا مکروہ تحریمی ہے اور بقدر درہم یا اس سے کم ہو تو مکروہ تنزیہی - فقط واللہ تعالیٰ اعلم
۲۳ جمادی الاولیٰ سنہ ۹۳ھ

وضو کے بعد استنجاء کرنا

سوال : استنجاء کرنے سے قبل اگر وضو کرلیا جائے، بعد میں یاد آنے پر استنجاء کرلیا تو یہ وضو درست ہے یا نہیں؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم مُلهم الصّواب

پہلا وضو درست ہے دوبارہ کرنے کی ضرورت نہیں - فقط واللہ تعالیٰ اعلم
(تفصیل تتمہ احسن الفتاویٰ میں آئے گی۔ ان شاء اللہ تعالیٰ)　　۵ ربیع الآخر سنہ ۹۲ ہجری

کاغذ سے استنجاء کرنا :

سوال : ردّی کاغذات یا اُردو انگریزی اخبار سے بچّوں کی نجاست صاف کرنا اور دسترخوان کا کام لینا جائز ہے یا نہیں؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم مُلهم الصّواب

کاغذ چونکہ تحصیلِ علم کا ایک آلہ ہے خواہ وہ سفید ہو یا کچھ لکھا ہوا ہو، اسلئے اسکا احترام کرنا لازم ہے اس سے نجاست صاف کرنا یا دسترخوان کا کام لینا بے حرمتی کی وجہ سے مکروہ تحریمی ہے ۔ البتہ وہ جاذب کاغذ جو صرف استنجاء ہی کی غرض سے بنایا جاتا ہے لکھنے کے کام نہیں آتا اور قیمتی بھی نہیں اس سے استنجاء کرنا جائز ہے - قال فی التنویر وکرہ بعظم (الی قولہ) وشیء محترم - وقال ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ تحت (قولہ وشیء محترم) وکذا ورق الکتابۃ لصقالتہ وتقومہ ولہ احترام ایضا لکونہ اٰلۃ العلم ولذا عللہ فی الخانیۃ بان تعظیمہ من ادب الدین (الی قولہ) ومفادہ الحرمۃ بالمکتوب مطلقا و اذا کانت العلۃ فی الابیض کونہ اٰلۃ للکتابۃ کما ذکرناہ یؤخذ منہا عدم الکراهۃ فیما لا یصلح لہا اذا کان قالعا للنجاسۃ غیر متقوم (ردالمحتار ص۳۱۵ ج۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم
۱۴ جمادی الاولیٰ سنہ ۹۲ھ

استنجاء سے عاجز کا حکم :

سوال : ایک مریضہ ہے جس کی ایک ٹانگ ٹوٹی ہوئی ہے، وضو کرتے وقت پانی کسی دوسرے انسان سے ڈلواتی ہے البتہ اعضاء وضو کو اپنے ہاتھوں سے دھوسکتی ہے مگر استنجاء کرتے وقت

بہت تکلیف برداشت کرتی ہے باقاعدہ دوسرا انسان اس کو اپنی جگہ سے اٹھاکرلے جاتا ہے پھر تکلیف کے ساتھ مریضہ خود استنجاء کرتی ہے یا چارپائی کے نیچے کوئی برتن رکھ کر استنجاء کرتے ہیں،
اب دریافت طلب امر یہ ہے کیا ایسی مریضہ کے لئے استنجاء معاف ہوسکتا ہے یا نہیں؟ اگرچہ مندرجہ ذیل عبارات سے عدم جواز معلوم ہوتا ہے مگر پھر بھی آپ حضرات کی فہم وفراست اور حیرت ہے
فی الشامیۃ (لمریض الخ) فی التاترخانیۃ والرجل المریض اذا لم تکن لہ امرأۃ ولا امۃ ولہ ابن او اخ وھو لا یقدر علی الوضوء قال یوضئہ ابنہ او اخوہ غیر الاستنجاء فانہ لا یمس فرجہ ویسقط عنہ والمرأۃ المریضۃ اذا لم یکن لھا زوج وھی لا تقدر علی الوضوء ولھا بنت او اخت توضئھا ویسقط عنھا الاستنجاء اھ ولا یخفی ان ھذا التفصیل یجری فیمن شلت یداہ لانہ فی حکم المریض (شامیۃ فصل الاستنجاء ص۲۵۰ ج-۱) وفی العالمگیریۃ لو شلت یدہ الیسری ولا یقدر ان یستنجی بھا ان لم یجد من یصب الماء لا یستنجی وان قدر علی الماء الجاری یستنجی بیمینہ کذا فی الخلاصۃ (عالمگیریۃ ص۳۹ ج-۱ باب الاستنجاء)
گذارش یہ ہے کہ مذکورہ عبارات سے استنجاء کا معاف ہونا اس وقت معلوم ہوتا ہے جبکہ قدرت علی الاستنجاء نہ ہو اور ہاتھ شل ہو، نیز کوئی غیر بھی نہ ہو جس سے پانی ڈلوائے، مگر ہمارا کیا فہم ہے اس لئے اپنی رائے گرامی سے واضح طور پر مطلع فرماکر مسئلہ کا صحیح حکم تحریر فرمائیں، بینوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصواب

آپ کا خیال صحیح ہے اس صورت میں استنجاء معاف نہیں، البتہ اگر دونوں ہاتھ شل ہوں یا ایک ہاتھ شل ہے مگر کوئی پانی ڈالنے والا نہیں اور جاری پانی بھی نہیں جس میں بیٹھ کر صحیح ہاتھ سے استنجاء کرسکے اور عورت کا شوہر یا مرد کی بیوی بھی نہیں کہ استنجاء کرائے تو استنجاء معاف ہے
فقط واللہ تعالیٰ اعلم
۵ر صفر سنہ ۹۸ھ

کتاب الصلوٰۃ

عصر کے مستحب وقت کی تحقیق :

سوال : یہاں ایک مولوی صاحب عصر کی نماز بہت دیر سے پڑھاتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ عندالاحناف تاخیر مالم تتغیر الشمس بان لاتحار فیھا الاعین مستحب ہے۔ حوالہ میں فرماتے ہیں کہ ہدایہ میں اس قسم کی حدیث ہے۔ کیا مولوی صاحب کا یہ خیال درست ہے ؟ بیّنوا توجروا

الجواب ومنه الصدق والصواب

ہدایہ میں وقت ظہر سے متعلق تو حدیث ہے۔ عصر کے بارے میں کوئی حدیث نہیں بلکہ خود ہدایہ کی عبارت ہے۔ عصر کے وقت میں امام صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ جمہور کے خلاف ہیں، ائمہ ثلاثہ رحمہم اللہ تعالیٰ بلکہ خود صاحبین رحمہما اللہ تعالیٰ کے ہاں بھی مثل اول کے بعد عصر کا وقت شروع ہوجاتا ہے اور امام صاحب سے بھی ایک روایت اسی طرح ہے، مگر امام صاحب کے قول مشہور پر مثل ثانی کے بعد وقت عصر شروع ہوتا ہے۔ قال الحافظ العینی رحمہ اللہ تعالیٰ وعند ابی یوسف ومحمد اذا صار ظل کل شیء مثله یخرج وقت الظهر ویدخل وقت العصر وھی روایة الحسن بن زیاد عنه وبه قال مالك والشافعی واحمد والثوری واسحٰق رحمهم الله تعالیٰ (الیٰ ان قال) قال القرطبی خالف الناس کلهم ابو حنیفة فیما قاله حتی اصحابه الخ ——— (عمدۃ القاری ج ۲) پس تاخیر عصر کے قول میں چند وجوہ کا احتمال ہے

(۱) کتب فقہ میں تاخیر عصر کے بیان سے مقصد یہ ہے کہ مثل ثانی کے بعد پڑھی جائے جس سے مقصود صاحبین اور ائمہ ثلاثہ کے خلاف امام صاحب کے قول کو ترجیح دینا ہے۔ غرضیکہ تعجیل عصر سے مراد مثل اول کے بعد اور تاخیر سے مراد مثل ثانی کے بعد پڑھنا ہے قال العلامة العینی رحمه الله تعالیٰ ویؤیده ما قاله ابو حنیفة حدیث علی بن شیبان رضی الله تعالیٰ عنه قال قدمنا علی رسول الله صلی الله علیه وسلم المدینة فکان یؤخر العصر مادامت الشمس بیضاء نقیة۔ رواه ابوداود وابن ماجة وھٰذا یدل علیٰ انه کان یصلی العصر عند صیرورة ظل کل شیء مثلیه وھو حجة

علی خصمہ وحدیث جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ صلّی بنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم العصر حین صار ظل کل شیء مثلیہ قدر ما یسیر الراکب الیٰ ذی الحلیفۃ العنق رواہ ابن ابی شیبۃ بسند لا بأس بہ (عمدۃ القاری ج ۲) ۔ علامہ بدر الدینؒ کا اس بیان سے مقصد یہ ہے کہ امام صاحب کے مذہب میں مثل ثانی کے اختتام تک تاخیر کرنا چاہیے ۔
(۲) کتبِ فقہ میں جہاں تاخیر عصر کا ذکر ہے وہاں اس کی علت بھی مذکور ہے ۔ قال فی الھدایۃ لما فیہ من تکثیر النوافل لکراھتھا بعدہ و فی العنایۃ و تکثیر النوافل افضل من المبادرۃ الی الاداء فی اوّل الوقت و فی شرح التنویر توسعۃ للنوافل و فی الشامیۃ ای لکراھتھا بعد صلوٰۃ العصر سو جب عصر سے پہلے نوافل پڑھنے والے لوگ موجود ہی نہ ہوں تو عصر میں تاخیر بھی افضل نہ ہوگی ۔
(۳) تکثیر نوافل کی غرض سے بھی اتنی تاخیر کرنا چاہیے کہ عصر کی نماز کے بعد پیدل چلنے والا شخص غروب آفتاب سے پہلے چھ میل کی مسافت طے کر سکے اختلاف عرض البلد و میل الشمس سے یہ مقدار مختلف ہوتی ہے روی الامام الطحاوی رحمہ اللہ تعالیٰ فی شرح معانی الاٰثار عن ابی اروی قال کنت اصلی مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم العصر بالمدینۃ ثم اٰتی الشجرۃ ذا الحلیفۃ قبل ان تغرب الشمس وھو علی رأس فرسخین ففی ھٰذا الحدیث انہ کان یسیر بعد العصر فرسخین قبل ان تغیب الشمس فقد یجوز ان یکون سیرا علی الاقدام وقد یجوز ان یکون سیرا علی الابل والدواب فنظرنا فی ذلک (الیٰ قولہ) قال کنت اصلی العصر مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم ثم امشی الی ذی الحلیفۃ فاٰتیھم قبل ان تغیب الشمس فی ھٰذا الحدیث انہ کان یأتیھا ماشیا ۔ و ایضا فیہ عن ابی مسعود رضی اللہ عنہ قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یصلی صلٰوۃ العصر والشمس بیضاء مرتفعۃ یسیر الرجل حین ینصرف منھا الی ذی الحلیفۃ ستۃ امیال قبل غروب الشمس وایضا فیہ عن ابی الابیض عن انس رضی اللہ عنہ قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یصلی صلوٰۃ العصر والشمس بیضاء محلقۃ (الیٰ قولہ) فذلک دلیل علی انہ قد کان یؤخرھا ثم یکون بین الوقت الذی کان یصلیھا فیہ وبین غروبھا مقدار ما کان یسیر الرجل الی ذی الحلیفۃ الخ وایضا فیہ والاولیٰ بنا فی ھٰذہ الاٰثار لما جاءت ھٰذا المجیء ان نحملھا ونخرج وجوھھا علی الاتفاق لا علی الخلاف والتضاد فنجعل التاخیر المکروہ فیھا ھو ما بیّنہ العلاء عن انس رضی اللہ عنہ ویجعل الوقت المستحب من وقتھا ان یصلی فیہ ھو ما بیّنہ ابو الابیض عن انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ ووافقہ علی ذٰلک ابو مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ (شرح معانی الاٰثار ج ۱)

امام طحاوی رحمہ اللہ تعالیٰ فقہ حنفی کے بلند پایہ امام اور اعلم بمذہب ابی حنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ ہیں۔ بڑے درجہ کے فقیہ اور محدث ہیں ان کی مندرجہ بالا تحقیق وضاحت کر رہی ہے کہ امام ابوحنیفہ کے مذہب میں تاخیر عصر اس وقت تک مستحب ہے کہ نماز کے بعد چھ میل کا سفر غروب سے پہلے پیدل کیا جا سکے اسی کے مطابق علامہ عینی کی تحقیق بھی اوپر گذر چکی ہے۔ رد المحتار جسے مذہب حنفی میں جملہ کتب فتاویٰ سے فائق سمجھا جاتا ہے بلکہ فتاویٰ کا معیار و مدار ہے اس میں بھی تاخیر عصر سے متعلق امام طحاوی کی تحقیق کو اختیار کیا ہے۔ فرماتے ہیں قال الامام الطحاوی بعد ذکرہ ماروی فی التأخیر والتعجیل لم نجد فی هٰذه الاٰثار مما صححت الا ما یدل علی تأخیر العصر ولم نجد ما یدل منها علی التعجیل الا ما عارضه غیره فاستحببنا التأخیر ولو خلینا النظر لکان تعجیل الصلوات کلها افضل ولکن اتباع ماروی عن رسول الله صلی الله علیه وسلم مما تواترت به الاخبار اولیٰ وقد روی عن اصحابه ما یدل علیه ثم ساق ذٰلك وتمامه فی الحلیة (رد المحتار ج ۱)

مذکورہ عبارت میں امام طحاوی رحمہ اللہ تعالیٰ جس تاخیر کا بڑے پر زور الفاظ سے دعویٰ فرما رہے ہیں یہ وہی تاخیر ہے جس کے بعد چھ میل پیدل سفر کیا جا سکے کما هو مفصل فی شرح معانی الاٰثار، نیز امام طحاوی کے قول ولو خلینا النظر الخ سے معلوم ہوا کہ تاخیر عصر خلاف قیاس ہے۔ لہذا اپنے مورد ہی پر منحصر رہے گی۔ طحاوی کی ثابت کردہ تاخیر سے زیادہ تاخیر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کہیں بھی ثابت نہیں۔ لہذا بمقتضائے قیاس اس سے زیادہ تاخیر کرنا خلافِ استحباب ہو گا۔

کتب فقہ میں جو لکھا ہے مالم تتغیر الشمس بان لا تحار فیها الاعین اس کا مطلب یہ نہیں کہ نماز اتنی تاخیر سے پڑھے کہ فارغ ہوتے ہی شمس متغیر ہو جائے اور اس سے پہلے پڑھنا خلاف استحباب ہے، بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ تغیر شمس سے قبل تک اجازت ہے (اگرچہ مستحب وقت وہ ہے جو امام طحاوی نے ذکر فرمایا) تغیر تک تاخیر مکروہ ہے۔ پس اس سے مقصد کراہت کی ابتداء کا بیان ہے نہ کہ تاخیر مستحب کا کما یدل علیه ما نقلنا من عبارة الطحاوی فنجعل التأخیر المکروه الخ۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے طرز عمل اور صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے تعامل اور ائمہ حنفیہ رحمہم اللہ تعالیٰ کے مسلک کے مطابق صرف اتنی تاخیر مستحب ہے کہ اس کے بعد پیدل چھ میل سفر غروب سے پہلے ہو سکے۔ بعض دفعہ کتاب کی عبارت نہ سمجھنے سے انسان ضلالت میں پڑ جاتا ہے ؎

وکم من عائب قولاً صحیحاً وآفته من الفهم السقیم

اس تحریر کا حاصل امور ثلاثہ ہیں:

(۱) خود مذہب حنفی میں چونکہ صاحبین رحمہما اللہ تعالیٰ اس کے قائل ہیں کہ وقت عصر مثل اول سے شروع ہوجاتا ہے اور امام رحمہ اللہ تعالیٰ سے بھی ایک روایت اس کے مطابق ہے پس مذہب حنفی میں مثل اول کے بعد عصر کی نماز درست ہے اس لئے فقہاء حنفیہ رحمہم اللہ فرماتے ہیں کہ مثل ثانی کے بعد عصر کی نماز پڑھنا مستحب ہے۔ یعنی استحباب تاخیر سے مراد تاخیر الی انقضاء المثل الثانی ہے تاکہ امام صاحب کے قول کی رعایت ہوجائے اور شبہۂ اختلاف سے احتراز کیا جائے

(۲) مثل ثانی ختم ہوجانے کے بعد زیادہ تاخیر اس لئے مستحب ہے کہ نوافل زیادہ پڑھ سکیں فالحکم یکون دائراً مع علتہ۔

(۳) تکثیر نوافل کی غرض سے عند الحنفیہ اتنی تاخیر کی جائے کہ بعد الصلوٰۃ غروب آفتاب سے پہلے چھ میل سفر پیدل کیا جاسکے، اختلاف عرض البلد و میل الشمس سے یہ مقدار مختلف ہوتی ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم وعلمہ اتم واحکم ۱۳ ربیع الآخر ۸۴ھ

طویل النہار مقامات پر اوقاتِ نماز وروزہ :

سوال : یوروپ کے بعض مقامات پر سال میں چھ مہینے تک صرف نصف گھنٹے کا دن اور ۲۳½ گھنٹے کی رات ہوتی ہے اور باقی چھ مہینوں میں اس کے برعکس، ایسے مقامات پر صبح صادق، نصف النہار، روزہ اور نمازوں کے اوقات کا تعین کس طرح ہوگا ؟ بینوا توجروا

الجواب باسم ملہم الصواب

دن چھوٹا ہونے سے نماز روزہ پر کوئی اثر نہیں پڑتا، دن بڑا ہونے کی صورت میں اگر چوبیس گھنٹے کے اندر غروب کے بعد بقدر ضرورت کچھ کھانے پینے کا وقت مل جاتا ہو تو غروب تک روزہ رکھنا فرض ہے البتہ اسکا تحمل نہ ہو تو چھوٹے دنوں میں قضا رکھے، اور اگر غروب کے بعد بقدر ضرورت کھانے کا وقت نہ ہو یا چوبیس گھنٹے کے اندر غروب ہی نہ ہوتا ہو تو اس میں مختلف اقوال ہیں، ان میں سے ہر ایک پر عمل کرنے کی گنجائش ہے۔

(۱) قول شافعی رحمہ اللہ کے مطابق قریب تر علاقہ میں جہاں غروب آفتاب کے بعد بقدر ضرورت کھانے پینے کا وقت مل جاتا ہو اس کے مطابق عمل کیا جائے۔

(۲) ہر چوبیس گھنٹے پورے ہونے سے قبل صرف اتنے وقت کے لئے روزہ چھوڑا جائے جس میں

مٰہ بہت زیادہ چھوٹے دن میں نماز ظہر وعصر کا حکم آئندہ سوال کے جواب میں ہے ۱۲

بقدرِ ضرورت کچھ کھایا جاسکے، نتیجۃً ان دونوں اقوال میں کوئی فرق نہیں۔

(۳) دوسرے معمولی ایام میں روزے قضا رکھے

(۴) چوبیس گھنٹے کے اندر غروب والے ایام میں سے آخری دن میں ابتداء وقت عصر سے جتنی دیر بعد غروب ہوا تھا، عصر سے اتنی دیر کے بعد افطار کرے۔ یہ قول موافق استصحاب حال وحدیث دجال واقرب الی قول الشافعی ہونے کے علاوہ اسہل بھی ہے۔

قطبین کے قریب سال بھر میں کبھی بھی عام معمول کے مطابق چوبیس گھنٹے میں شب وروز پورے نہیں ہوتے، اس مقام میں آخری دو اقوال پر عمل نہیں ہوسکتا، لہذا وہاں قول اول یا ثانی ہی عمل کے لئے متعین ہوگا اگر اس کا تحمل نہ ہو تو بمقتضائے قول شافعی اقرب البلاد کے چھوٹے دنوں میں ان کی مقدار کے مطابق روزے رکھے،

نمازوں کا حکم یہ ہے کہ جہاں شفق ابیض مستطیر غروب نہوتی ہو یعنی آفتاب ۱۵° زیرِ افق نہ جاتا ہو وہاں شفق احمر غروب ہونے پر عشاء کی نماز پڑھ لی جائے، اس وقت آفتاب ۱۲° زیرِ افق ہوتا ہے اور جہاں شفق احمر بھی غروب نہو وہاں عشاء کی نماز عند البعض معاف ہے اور بعض کے نزدیک فرض ہے قول ثانی ارجح واحوط ہے، قال ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ بعد بحث طویل من الجانبین والحاصل انہما قولان مصححان ویتأید القول بالوجوب بانہ قال بہ امام مجتہد وھو الامام الشافعی رحمہ اللہ تعالیٰ کما نقلہ فی الحلیۃ عن المتولی عنہ (رد المحتار ص۳۳۸ ج ۱) ان حضرات نے یہ تصریح نہیں فرمائی کہ عشاء کی نماز کس وقت پڑھے، اصولاً یہ امر ظاہر ہے کہ نصف شب سے قبل کی شفق مغرب میں داخل ہے اور اس سے بعد کی فجر میں، اس اصول اور حدیث دجال کے پیش نظر یہ ثابت ہوتا ہے کہ اس علاقہ میں جن ایام میں شفق احمر غائب ہوتی تھی ان میں سے سب سے آخری دن میں غروب آفتاب کے جتنی دیر بعد عشاء کا وقت شروع ہوا تھا اب بھی اتنی ہی دیر کے بعد وقت عشاء کی ابتداء فرض کی جائے گی اور اس کی انتہاء نصف شب پر ہوگی۔

منتہائے سحر اور ابتداء فجر سے متعلق یہ اصول سمجھ لیا جائے کہ جس علاقہ میں شفق ابیض معترض (۱۵° زیرِ افق) غروب ہوکر شفق ابیض مستطیل پیدا ہوتی ہو اگرچہ یہ مستطیل بیاض غروب نہ ہوتی ہو وہاں دوبارہ بیاض معترض ظاہر ہونے کے وقت سحر کی انتہاء اور فجر کی ابتداء ہوگی اور جہاں بیاض معترض غروب نہ ہوتی ہو وہاں غروب آفتاب سے لیکر طلوع آفتاب تک کے پورے وقت کی تنصیف کی جائے گی نصف اول لیل میں داخل ہوگا اور نصف ثانی صبح صادق میں، جہاں شفق احمر غروب نہ ہو اس کا بھی یہی حکم ہے۔

اگر چوبیس گھنٹے کے اندر آفتاب غروب نہ ہو تو عند البعض شب وروز خواہ کتنے طویل ہوں حتیٰ کہ چھ ماہ دن اور چھ ماہ رات ہو تو بھی پورے سال میں صرف پانچ ہی نمازیں ان کے اصل اوقات میں فرض ہیں، مگر ارجح

واحوط قول یہ ہے کہ ہر چوبیس گھنٹے میں اندازے سے پانچ نمازیں ادا کرے، تنویر الابصار میں اس کو تقدیر وقت سے تعبیر کیا ہے، علامہ شامی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس کے دو مطلب بیان فرمائے ہیں ایک یہ کہ قول شوافع کے مطابق اس علاقہ کے اوقات کی تقدیر یعنی تعیین ایسے قریب ترین علاقہ کے اوقات سے کی جائے جہاں چوبیس گھنٹے میں اوقاتِ خمسہ پائے جاتے ہوں علامہ شامی نے اس مطلب کو بچند وجوہ غیر صحیح قرار دیکر دوسرا مطلب یہ بیان فرمایا ہے کہ یہاں تقدیر بمعنی فرض ہے یعنی نماز کا وقت اگرچہ حقیقۃً موجود نہیں مگر اس کو حکماً موجود فرض کر لیا جاتا ہے، پھر اس کی بھی دو صورتیں ہو سکتی ہیں ایک یہ کہ معتدل ایام فرض کرکے ان کے حساب سے اوقاتِ خمسہ متعین کئے جائیں یعنی معتدل ایام میں اوقات نماز کے درمیان جتنا وقت ہے وہ ملحوظ رکھا جائے اور دوسری صورت یہ کہ اس علاقہ میں جن ایام میں اوقات خمسہ پائے جاتے ہیں ان میں سے سب سے آخری دن کو معیار بنایا جائے اور اس کے مطابق اوقات متعین کیے جائیں، عباراتِ فقہاء رحمہم اللہ تعالیٰ میں تصریح نہیں ملی کہ ان دونوں صورتوں میں سے کونسی صورت معتبر ہے البتہ عبارات سے بظاہر دوسری صورت مفہوم ہوتی ہے علاوہ ازیں یہ صورت قولِ شافعی، استصحاب حال اور حدیثِ دجال سے بھی مؤید ہے، اس لئے کہ ایام دجال میں بظاہر انہی ایام سے تقدیر کا حکم ہے جو یومِ طویل سے قبل تھے نہ کہ معتدل ایام سے تقدیر،

جہاں کبھی بھی چوبیس گھنٹے میں شب و روز پیدا نہیں ہوتے وہاں قول شافعی کے مطابق اقرب البلاد کا حساب ہی متعین ہوگا۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم ۱۲ ذیقعدہ ۸۱ھ

تخریج اوقات و سمت قبلہ کے قواعد اور قطبین کے قریب اوقات نماز کی تعیین کا ضابطہ

Department of Mathematical Science

بسم اللہ

شوال ۱۳۹۷ھ
۲ ستمبر ۱۹۷۷ء

Mathematical Sciences Department
Rensselaer Polytechnic Institute, Troy, New York 12181, USA

بخدمت مولانا مفتی رشید احمد صاحب لدھیانوی

مہتمم دار الافتاء والارشاد، ناظم آباد کراچی، پاکستان

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ تقریباً ایک سال ہوا یہاں آلبنی (Albany, New York) میں اسلامی مرکز اور مسجد کے لئے نقشہ بنتے وقت سمتِ قبلہ کے تعین کا مسئلہ پیش آیا تھا۔ ہم میں کسی کو اس پر مسلم علماء

کی تحقیق کا پتہ نہ تھا۔ علم ہیئت کی تھوڑی بہت شُد بُد جو مجھے تھی اس کی بنا پر میں نے کروی مثلث حل کرکے یہاں کی سمتِ قبلہ محسوب کی (جو لعد میں امریکہ اور کینیڈا کی انجمن طلبہ مسلمین کی طرف سے شائع شدہ ایک چارٹ سے مقابلہ کرنے پر اور پھر آپ کے دئے ہوئے قواعد کے ذریعے حساب لگانے پر بحمد اللہ صحیح ثابت ہوئی) لیکن مجھے اس وقت کچھ اطمینان نہیں تھا۔ بہرحال اسی موقع سے مجھے اس کا شوق پیدا ہوگیا کہ میں اس مسئلہ میں اور دوسرے متعلقہ مسائل جیسے اوقات نماز کی تخریج، رؤیت ہلال۔ ہجری اور عیسوی تقویموں کی مطابقت کے بارے میں شرعی احکامات اور علم ریاضی اور ہیئت کی رو سے ان کے لئے صحیح ضابطے معلوم کروں۔ میرے اس شوق کی تسکین بڑی حد تک جلد ہی ہوگئی کیونکہ پچھلی سردیوں میں پاکستان جانے پر مجھے اتفاقاً اپنے والد صاحب (محمد عثمان ابدالی صاحب) کے پاس ملک بشیر احمد بگوی صاحب کی کتاب "فن تخریج سمت قبلہ و اوقات اسلامی" مل گئی، اور پھر اس میں آپ کے اسم گرامی کا حوالہ دیکھ کر میں نے آپ کی کتابیں "صبح صادق" اور "ارشاد العابد" بھی خریدلیں۔ یہ میرے لئے بے حد معلومات افزا ثابت ہوئیں اور ان کے ملنے سے مجھے اتنی خوشی ہوئی جس کا بیان مبالغہ آمیز سمجھا جائیگا۔

واپسی کے بعد میری خواہش رہی کہ میں ایسے کمپیوٹر پروگرام لکھوں جس میں کسی بستی کے لئے حسبِ طلب اوقات نماز اور سایے کے ذریعے سمتِ قبلہ متعین کرنے کی جدول فراہم ہو سکے۔ خدا کا شکر ہے کہ یہ پروگرام مکمل ہو گئے ہیں اور بظاہر صحیح کام کر رہے ہیں۔ ان پروگراموں کے نتیجوں کے چند نمونے ارسالِ خدمت ہیں۔ ان نتائج کو میں نے آپ کی کتاب "صبح صادق" میں دئے ہوئے اوقات سے مقابلہ کرکے صحیح پایا ہے۔ تھوڑا بہت فرق جو ہے وہ کچھ تو کمپیوٹر کے حساب کی تقریبی غلطیوں (Approximation errors) پر محمول کیا جا سکتا ہے، اور دوسرے اس بات پر کہ پروگرام میں میل شمسی وغیرہ ہر وقت کے لئے محسوب کیا جاتا ہے بجائے اس کے کہ دوپہر کے وقت کی قیمت استعمال کی جائے۔ اس فرق کی تفصیل میں آگے عرض کروں گا۔

اس پروگرام کی درآمد ایسی معلومات ہوتی ہیں: مقام کا نام، عرض بلد، طول بلد کیا ہے؟ معیاری وقت کا طول بلد کیا ہے؟ کیا کسی مخصوص سال کا حساب درکار ہے یا "دائمی" (اس کے لئے فی الوقت ۱۹۷۸ء استعمال ہوتا ہے) کیا گرمی اور سردی کے وقت کا فرق ملحوظ رکھا جائے؟ کیا صرف اوقاتِ نماز کی جدول چاہیے یا صرف سایہ سے قبلہ متعین کرنے کی جدول یا دونوں؟ عصر کا وقت سایے کے یک چند ہونے پر لیا جائے یا دو چند؟ پروگرام کی برآمد ایسے نقشے ہیں جن کے نمونے حاضر خدمت ہیں۔

اس پروگرام کے لکھنے میں ایک خیال میرے ذہن میں رہا کہ اگرچہ اوقات نماز کے لئے تو دائمی جدول ہی مناسب ہے کیوں کہ سال بسال اوقات میں صرف ایک آدھ منٹ کا ہی فرق پڑتا ہے اور وہ بھی ہر چار سال کے بعد بہت خفیف رہ جاتا ہے۔ مگر سایے کے ذریعے مختلف تاریخوں میں سمتِ قبلہ کی تعیین میں وقت کے اتنے سے سالانہ تغیر کے اثر سے غلط سال کے چارٹ سے متعین کی ہوئی سمتِ قبلہ میں ایک درجہ بھر (یا اس سے ذرا زیادہ) غلطی کا احتمال ہے۔ اس لئے خصوصًا مسجدوں کی توجیہ کے لئے اگر ہر سال کا زیادہ صحت سے چارٹ بن سکے تو اور بہتر ہوگا۔ دوسرا خیال یہ رہا کہ اب کمپیوٹر اور دستی کیلکولیٹر اتنے عام اور زود فراہم ہو گئے ہیں کہ جدولوں کا استعمال غیر ضروری ہوتا جا رہا ہے۔ مثلاً اب کمپیوٹر پروگراموں میں مثلثی نسبتیں اور لوگارتم وغیرہ جمع کر کے رکھنے کی بجائے کفایت اور سہولت اس میں محسوس ہوتی ہے کہ ان چیزوں کی جب بھی ضرورت ہو، ان کو نئے سرے سے محسوب کر لیا جائے اس لئے میرے پروگرام میں بھی "میل شمسی" وغیرہ کی جدولیں استعمال نہیں ہوتیں۔ بلکہ ہر چیز صرف معدودے چند مستقل مقداروں کی بنیاد پر محسوب کی جاتی ہے۔ چنانچہ ہر مخصوص تاریخ کے مخصوص وقت نماز کے لئے پہلے مدار میں سورج کا طول بلد محسوب کیا گیا ہے۔ اس سے صعود مستقیم (Right ascension) اور میل شمسی اور ساعتی زاویہ (Hour angle) پھر کوکبی وقت (Sidereal time) اور اس سے مقامی وقت اور معیاری وقت۔ نماز کے وقت کی تقریبی قیمت سال کے پہلے دن کے لئے دو دفعہ عمل کر کے نکالی گئی ہے اور پھر ہر گذشتہ روز کے وقت کو اگلے دن کے وقت کی تقریب کے طور پر استعمال کیا گیا ہے۔ ہر سال کے لئے چند ابتدائی مقداریں ۱۹۰۰ء کے حوالے کی مستقل مقداروں سے محسوب کی گئی ہیں۔ اس طرح سالوں کے فرق کا اثر بھی ملحوظ رہتا ہے اور دائمی جدولوں میں بھی حساب ان شاء اللہ زیادہ قابلِ اعتبار اور صحیح ہوگا۔

ہاتھ سے یا کیلکولیٹر کی مدد سے بھی کسی سال بھر کے لئے اتنا حساب بہت وقت طلب ہوگا اور غلطیوں کے مواقع بھی بہت بڑھ جائیں گے لیکن کمپیوٹر سے جب کام لیا جا رہا ہو تو حساب کی اس طوالت میں کوئی نقصان نہیں ہے۔ اپنے استعمال کئے ہوئے ضابطے علیحدہ سے لکھکر حاضر کر رہا ہوں ان میں جو مستقل اعداد استعمال ہوئے ہیں وہ ہر سال American Ephemeris کی تمہید میں موجود رہتے ہیں۔ اس میں New comb's table کا بھی حوالہ دیا رہتا ہے جس میں یہ اعداد اخذ کئے گئے ہیں۔ ان Tables میں سورج کی حرکت کے حساب میں اور بہت طرح کی Perturbations اور دوسری پیچیدگیوں کی بھی تفصیل ہے لیکن میرے پروگرام میں یہ سب نظر انداز کی گئی ہیں کیونکہ ان کو

شامل کرنے سے ایک منٹ بھر کے درجۂ صحت میں مزید ترقی نہیں ہوتی اور حساب مشکل ہو جاتا ہے اگر پروگرام کے نتائج یا ذیر استعمال حسابی ضابطوں میں آپ کو کوئی عیب نظر آئے یا اس کی بہتری کی کوئی بات آپ کے ذہن میں آجائے تو ضرور مطلع فرمائیے گا۔

یہ پروگرام شمال کے بعض شہروں کے لئے کام نہیں کرتا کیوں کہ وہاں عام معنوں میں فجر اور عشاء کے اوقات نہیں ہوتے۔ آپ کو خط لکھنے کا میرا اصل مقصد انہی مسائل میں آپ کی رائے دریافت کرنا ہے۔

یہ سوال اکثر پوچھا جاتا ہے کہ قطبین پر جہاں چھ مہینے رات رہتی ہے نماز کن اوقات میں پڑھی جائے اس کا تشفی بخش جواب سننے سے اب تک محروم ہوں۔ لیکن چوں کہ قطبین پر اور منجمد منطقوں میں آبادی (مسلمانوں کی) نہیں ہے اس لئے اس سوال کی فی الوقت علمی اہمیت زیادہ نہیں ہے۔ مگر شمالی امریکہ اور یورپ کے بہت سارے اتنے اونچے عرض بلد کے مقامات ہیں جہاں مسلمان موجود ہیں لیکن جہاں بعض تاریخوں میں فجر اور عشاء کے اوقات سورج کے راسی فاصلہ (Zenith distance) کی تعریف کی رو سے متعین نہیں ہوتے۔ (آپ کی کتاب صبح صادق میں یہ خانے خالی چھوڑ دیے گئے ہیں) پھر قطبین کے اور قریب کے مقامات میں مغرب کی تعیین بھی ایسی تعریف سے ناممکن ہے چوں کہ وہاں ان تاریخوں میں سورج افق تک نیچے نہیں اترتا بلکہ آسمان میں دائرہ لگاتا رہتا ہے۔ ان مقامات کے لئے یہاں کئی حضرات نے یہ رائے دی ہے کہ ان میں مکہ مکرمہ کے اوقات استعمال کئے جائیں۔ کچھ دوسرے حضرات کا یہ خیال ہے کہ ان جگہوں میں قریب ترین دوسرے ان مقامات کے اوقات اختیار کئے جائیں جہاں ایسے اوقات ممکن ہیں۔ مجھے یہ نہیں معلوم ہے کہ یہ رائیں کتنی مستند ہیں۔ لیکن ان دونوں سے مجھے اب تک تسلی نصیب نہیں ہوئی ہے۔ مکہ مکرمہ کے اوقات اختیار کرنے میں مجھے یہ مشکل نظر آتی ہے (جو شاید دوسروں کی نظر میں قابل اعتنا نہ ہو) کہ اس طرح عرض بلد بڑھنے سے اوقات کا تغیر غیر مسلسل طریقے سے واقع ہوتا ہے۔ یعنی یوں تو شمال کی طرف ہر چند میل بڑھنے پر اوقات نماز میں صرف چند منٹوں کا فرق (بتدریج) پڑتا ہے لیکن جس نقطہ سے مکہ مکرمہ کے اوقات اختیار کئے جائیں وہاں پر اوقات نماز میں اچانک گھنٹوں کا فرق پڑجائے گا۔ اس طرح یہ صورت پیش آئے گی کہ دو بستیاں جو شمالاً جنوباً معمولی سے فاصلہ پر واقع ہیں ان میں اوقات نماز بالکل مختلف ہوں گے حالانکہ تمام فلکی مظاہر اور سورج کی حرکت کے اعتبار سے ان میں اوقات کا فرق معمولی اور بتدریج ہوتا ہے۔ دوسرے طریقے (یعنی جس مقام میں تخریج اوقات نہ ہوسکے وہاں قریب ترین مقام کے اوقات لے لئے جائیں) میں جو حل بیان ہوا ہے وہ میری سمجھ میں نہیں آیا ہے۔ کیوں کہ اگر کسی اونچے عرض بلد کے مقام کے لئے صرف اسی طول بلد پر واقع کم عرض بلد کے مقام کی تلاش کی بھی جائے تو کیسے؟ سب سے پہلے ایک ایسا مقام آئے گا جہاں سورج کا طلوع غروب پر منطبق ہوگا (یہاں

دائرۃ الشمس افق کو مَس کرتا ہے) ذرا اور نیچے جانے پر طلوع اور غروب تو مختلف ہوں گے مگر فجر اور عشاء ایک ہوں گے۔ پھر جیسے جیسے عرض بلد اور کم ہوتا جائے گا فجر اور عشاء میں فرق بڑھتا جائے گا۔ مگر یہ بالکل واضح نہیں ہے کہ فجر اور عشاء میں کتنا عرصہ کم از کم ہونا چاہیے۔ دوسرے کیا طلوع و غروب کے اوقات ایک مقام کے اختیار کئے جائیں اور فجر و عشاء کہیں اور کے؟

عشاء اور فجر کے بارے میں یہ صورت حال بھی خاصی پریشان کن ہے کہ اونچے عرض بلد کے مقامات پر بعض تاریخوں میں اگرچہ عشاء اور فجر دونوں واقع ہوتے ہیں اس لئے کہ وہاں سورج مغرب اور مشرق دونوں میں راس سے ۱۰۵° نیچے پہنچ جاتا ہے لیکن ان دونوں اوقات کے درمیان کا عرصہ بہت مختصر ہوتا ہے مثال کے طور پر ۵۲° شمال پر ۷ رجون کو (بحوالہ کتاب صبح صادق ص۳۶) عشاء کا وقت رات کے ۱۱ بجکر ۳۴ منٹ پر شروع ہے۔ پھر اس کے ۵۲ منٹ کے اندر ۱۲ بجکر ۲۶ منٹ پر فجر کے وقت کی ابتدا ہو جاتی ہے۔ چند دقیقے اور شمال کی جانب جانے پر عشاء اور فجر کا درمیانی عرصہ اور کم ہو جائے گا اور اتنا وقت باقی نہیں رہے گا کہ آدمی صحیح طریقے سے نماز ادا کرسکے۔

اس لئے مجھے اس بات میں کچھ تذبذب ہے کہ سورج کے اسی فاصلہ کو مطلق طور پر نماز کے وقت کی بنیاد قرار دیا جائے۔ یہ تعریف استوائی اور نشیبی معتدل منطقوں میں تو کام دیتی ہے لیکن بالائی منطقوں میں اس سے کہیں تو اوقات نماز متعین ہی نہیں ہونے پاتے اور کہیں متعین ہونے کے باوجود بھی غیر عملی نظر آتے ہیں۔ مثلاً اگر عشاء اور فجر میں صرف ۱۵ منٹ کا فرق ہو تو بجائے اس کے کہ آدمی عشاء پڑھ کر سوئے اور پھر نیند سے بیدار ہو کر فجر پڑھے، دونوں نمازیں "آدھی رات" میں اٹھ کر ساتھ پڑھی جائیں گی۔

اب سوال یہ ہو کہ کیا ایسا جائز ہو سکتا ہے کہ بالائی منطقوں میں سورج کے "ساعتی زاویے" (Hour angle جس کو آپ غالباً تعدیل النہار کہتے ہیں) کے ذریعے اوقات نماز کی تعریف کی جائے۔ یعنی دائرۃ الشمس میں نچلا ایک مخصوص حصہ کو رات قرار دیا جائے اور اسی حصہ میں کسی طرح طلوع، فجر، عشاء اور غروب کے اوقات اختیار کئے جائیں۔ مثلاً شکل میں مقامات ا، ب، ج جو بتدریج شمال تر ہیں ان تینوں کے لئے دائرۃ الشمس کے حصہ ط ع

کو رات مانا جائے اور ط ، ف ، ع ، غ کو طلوع ، فجر ، عشا اور غروب کے وقت کے طور پر اختیار کیا جائے۔ حالانکہ مظہر فلکی کے لحاظ سے صرف مقام ب پر طلوع حقیقی اور طلوع اختیاری ہم وقت ہیں۔ مقام ا پر طلوع اختیاری طلوع حقیقی کے بعد ہے اور مقام ج کے لئے طلوع حقیقی واقع ہی نہیں ہوتا اور طلوع اختیاری ایک مفروضہ چیز ہے۔ اس حل میں ایک بڑا عیب ہے کہ بعض دفعہ (جیسے مقام ا پر) سورج کے حقیقۃً غروب ہونے سے پہلے مغرب مان لی جائے گی اور طلوع ہو جانے کے بعد تک فجر کا وقت باقی سمجھا جائے گا۔ مگر یہ صورت حال قطبین کے پاس پیش آنی ضروری ہے۔ اب اگر قطبین کے پاس کے لوگوں کو رخصت ملتی ہے تو اس سے ملتی جلتی رخصت رات کے بہت مختصر ہونے کے باعث قطبین سے ذرا نیچے کے باشندوں کو جائز ہوگی؟ شمالی یورپ کے شہروں میں جہاں دن اور رات کا فرق بہت زیادہ ہے زندگی کے روزمرہ کے مشاغل، دفتر اور کاروبار کے اوقات وغیرہ اسی طرح گھڑی دیکھ کر طے ہوتے ہیں۔

اگر اس طریقے سے اوقات نماز متعین کرنے کا اصول قابل قبول سمجھا جائے تو پھر یہ مسئلہ حل طلب رہے گا کہ فجر، طلوع، مغرب اور عشا میں ہر ایک کا ساعتی زاویہ کتنا ہے؟ اور کتنے درجے عرض بلد کے بعد سورج کے راسی زاویہ کی بجائے ساعتی زاویہ سے اوقات نماز مقرر کئے جائیں۔

میں نے آپ کی خدمت میں صرف یہ سوال پیش کیا ہے۔ آپ اس کو شرعی احکام میں میری جسارت پر محمول نہ فرمائیں اور اگر فرصت ہو تو اس کا جواب ضرور دیں کیوں کہ شمالی یورپ اور کینیڈا میں کافی مسلمان بحمد اللہ موجود ہیں۔ اور ان کے لئے اوقات نماز کا صحیح تعین ایک اہم علمی مسئلہ ہے۔ والسلام

نیازمند

کمال ابدالی

ضابطے جو اوقات نماز اور جدول قبلہ کے پروگرام میں مستعمل ہوئے ہیں

۱۔ مطلوبہ سال کے لئے ایک دفعہ محسوب کئے ہوئے مستقل اعداد

علامات :۔ و ۔ ۱۲ بجے دن صفر جنوری ۱۹۰۰ء سے صفر ساعت صفر جنوری مطلوبہ سال تک وقت ۳۶۵۲۵ دنوں کی اکائیوں میں

طش ، بقش ، کو ۔ صفر ساعت صفر جنوری مطلوبہ سال پر سورج کا اوسط طول بلد، اوسط

بے قاعدگی (Anomaly) اور کوکبی وقت (Sidereal time)

فبق ، فطش ، فکو ۔ مطق = یومیہ فرق بے قاعدگی میں، اوسط شمسی طول بلد میں، کوکبی وقت میں اور میلان طریق الشمس (چاروں کو سال کے دوران مستقل فرض کیا گیا ہے)

ک۱، ک۲ = مساوات مرکز (Equation of center) کے سر (Coefficients)

وہ مساوات یہ ہے :

حقیقی طول بلد شمسی ۔ اوسط طول بلد شمسی = حقیقی بے قاعدگی ۔ اوسط بے قاعدگی = ک۱ جب بقش + ک۲ جب (۲ بقش) + خفیف رقمیں

ضابطے

مطق = ۲۳° ۲۷′ ۸٫۲۶″ - ۴۶٫۸۴۵″ × و + خفیف رقمیں

طش = ۲۷۹° ۴۱′ ۴۸٫۰۴″ + ۳۶۰۰۰° ۴۶′ ۸٫۱۳″ × و + خفیف رقمیں

بقش = ۳۵۸° ۲۸′ ۳۳٫۰۰″ + ۳۵۹۹۹° ۲′ ۵۹٫۱۰″ × و + خفیف رقمیں

کو = ۶ گھ ۳۸ م ۴۵٫۸۳۶ س + ۲۴۰۰ گھ ۳ م ۴٫۵۴۲ س × و + ۰٫۰۹۲۹ س × و۲ + خفیف رقمیں

فبق = ۳۵۹۹۹° ۲′ ۵۹٫۱″ ÷ ۳۶۵۲۵ ، فطش = ۳۶۰۰۰° ۴۶′ ۸٫۱۳″ ÷ ۳۶۵۲۵

فکو = ۲۴۰۰ گھ ۳ م ۴٫۵۴۲ س ÷ ۳۶۵۲۵

ک۱ = ۱° ۵۵′ ۱۰٫۰۵۷″ - ۱۷٫۱۳۰″ × و - ۰٫۰۵۲″ × و۲ + ...

ک۲ = ۱′ ۱۲٫۳۳۸″ - ۰٫۳۶۱″ × و + ...

۲ ۔ نماز کا وقت کسی مطلوبہ تاریخ پر متعین کرنے کا حساب

علامات :

ع ، ط ، طم = مقام کا عرض بلد، طول بلد، معیاری وقت کا طول بلد

ت ، و ، ی = نماز کے لئے تاریخ، تقریبی وقت، صفر ساعت صفر جنوری سے نماز تک کا وقت دنوں میں ۔

بقش، طش، حطش = نماز کے وقت سورج کی بے قاعدگی (Anomaly) اوسط طول بلد، حقیقی طول بلد (شمسی)

ص، م، س، ی = نماز کے وقت سورج کا صعود مستقیم (Right ascension)، میل، ساعتی زاویہ (Hour angle) راسی فاصلہ (Zenith distance)

کو، مو، معو = کوکبی وقت (Sidereal time)، مقامی وقت، معیاری وقت

ضابطے

ی = ت، + ط + و ÷ ۲۴

بقش = بقش. + ی × فبق   طش = طش. + ی × فطش

طحش = طش + ک، × جب بقش + ک۲ × جب (۲ × بقش) + خفیف رقمیں

ص = مس⁻¹ (جم مطق × مس طحش)   [ص اسی ربع میں ہو جس میں طحش ہے]

م = جب⁻¹ (جب مطق × جب طحش)   [-۹۰ دِ م دِ +۹۰]

س = جم⁻¹ (جم ص - جب م × جب ع) ÷ (جم م × جم ع)   [صفر دِ س دِ ۲۴ گھ ذیل کی شکل کے مطابق ربع چنا جائے

قطب، س، جم، ع، راس، شمس

نصف اللیل، صفر گھ، ۱۸ گھ، شام، صبح، ۶ گھ، ۱۲ گھ، ظہر]

کو = س + ص

مو = کو - (کو. - ی × فکو)

یہ رقم مطلوبہ تاریخ کی صفر ساعت پر کوکبی وقت ہے

معو = مو + ط - طمع

الجواب باسم ملهم الصواب

قولکم، اس کے لئے فی الوقت ۱۹۷۰ء استعمال ہوتا ہے،

اقول، دائمی نقشہ کے لئے لیپ کا سال لینے میں نتائج زیادہ صحیح برآمد ہوتے ہیں،

قولکم، عصر کا وقت سائے کے یک چند ہونے پر لیا جائے، یا دو چند؟

اقول، احناف کے ہاں بھی ایک مثل کے بعد نماز عصر پڑھنے کی گنجائش ہے، اور مرض و سفر وغیرہ اعذار کی حالت میں اس کی ضرورت بھی پڑتی ہے لہذا دونوں وقت دینے کی ضرورت ہے۔

اسی طرح غروب شفق احمر یعنی ۱۲° زیر افق (ناٹیکل ٹوائیلائٹ) کا وقت بھی ضروری ہے کیونکہ ائمہ ثلاثہ رحمہم اللہ تعالیٰ کے علاوہ احناف رحمہم اللہ تعالیٰ کے ہاں بھی قول شفق احمر راجح ہے،

قولکم، سائے کے ذریعے مختلف تاریخوں میں سمت قبلہ کی تعیین میں وقت کے لینے سے سالانہ تغیر کے اثر سے غلط سال کے چارٹ سے متعین کی ہوئی سمت قبلہ میں ایک درجہ بھر یا اس سے ذرا زیادہ غلطی کا احتمال ہے،

اقول، اس نقشہ کی عام افادیت اور ہر کس و ناکس کے لئے سہولت کے پیش نظر ایک درجہ کا معمولی تفاوت کوئی اہمیت نہیں رکھتا، بالخصوص جبکہ عملاً اس قدر معمولی فرق سے احتراز متعسر ہے اگر لیپ کا سال استعمال کیا جائے تو اس سے بہت کم تفاوت رہے گا،

قولکم، اگر پروگرام کے نتائج یا زیر استعمال حسابی ضابطوں میں آپ کو کوئی عیب نظر آئے یا اس کی بہتری کی کوئی بات آپ کے ذہن میں آئے تو ضرور مطلع فرمائیے گا،

اقول، محررہ ضوابط پر کما حقہ غور کرنے اور تجربۃً تخریج کی فرصت نہیں، سرسری جائزہ سے ان ضوابط کی صحت کا ظن غالب ہوتا ہے، بالخصوص جبکہ آپ نے ان کے نتائج کا بندہ کی کتابوں ارشاد العابد اور صبح صادق میں مندرجہ ضوابط اور ان کے نتائج کے ساتھ مقابلہ بھی کر لیا ہے۔

آپ نے کراچی کے لئے زاویہ سمت قبلہ ۱° ر ۹۲ لیا ہے جبکہ ارشاد العابد میں مندرجہ قواعد کے مطابق صحیح تخریج ۳۵ ر ۹۲ ہے، اسی لئے سایہ کے سمت قبلہ پر آنے کے اوقات میں نسبۃً زیادہ تفاوت ہے

قولکم، یہ سوال اکثر پوچھا جاتا ہے کہ قطبین پر جہاں چھ مہینے دن اور چھ مہینے رات رہتی ہے نماز کن اوقات میں پڑھی جائے۔

اقول، ان مقامات میں اوقات نماز کی تعیین کا صحیح طریقہ وہی ہے جو آپ نے تحریر کیا ہے یعنی جس طرح زندگی کے روزمرہ کے مشاغل، دفتر اور کاروبار کے اوقات تخمینہ اور اندازہ سے مقرر کر لئے جاتے ہیں، اسی طرح نمازوں کے اوقات کی تعیین گھنٹوں سے کی جائے گی، اگر یہ تعیین معتدل ایام کے پیش نظر کی جائے تو اس کا حساب یوں ہوگا، معتدل ایام میں طلوع صبح صادق سے غروب شفق ابیض تک چودہ گھنٹے ہوتے ہیں اور غروب شفق ابیض سے طلوع صبح صادق تک دس گھنٹے۔ اس کے پیش نظر اوقات نماز کی تعیین یوں ہوگی،

وقت فجر ایک گھنٹہ، پھر چھ گھنٹے گزرنے پر ظہر، پھر تقریباً ساڑھے چار گھنٹے کے بعد عصر (مثلین) انتہاء وقت فجر سے بارہ گھنٹے گزرنے پر مغرب پھر ایک گھنٹہ کے بعد عشاء۔

پھر دس گھنٹے کے بعد فجر، مگر راجح یہ ہے کہ اس تعین اوقات میں معتدل ایام کا حساب لگانے کی بجائے اس علاقہ میں جن ایام میں چوبیس گھنٹے کے اندر اوقات خمسہ پائے جاتے ہیں ان میں سے سب سے آخری دن کو معیار بنا کر اس کے مطابق سب اوقات کی تعیین کی جائے، اور اگر عرض البلد اتنا زیادہ ہو کہ وہاں کبھی بھی چوبیس گھنٹے کے اندر اوقات خمسہ نہیں پائے جاتے تو اس علاقہ سے قریب تر ایسا علاقہ جس میں چوبیس گھنٹے کے اندر اوقات خمسہ پائے جاتے ہوں اس کے اوقات کے مطابق تعیین کی جائے۔

یہ حکم جب ہے کہ چوبیس گھنٹے میں آفتاب غروب نہ ہو، اگر چوبیس گھنٹے کے اندر آفتاب غروب ہوتا ہے تو ظہر اور عصر کی نماز بہر کیف ان کے معہود اوقات میں پڑھی جائے گی، اور مغرب عشاء، فجر میں تفصیل ذیل ہوگی،

① اگر شفق احمر (ناٹیکل ٹوائیلائٹ = ۱۲° زیر افق) غروب ہوتی ہے تو ان تینوں نمازوں کے اوقات بھی موجود ہیں، ہر نماز اپنے وقت میں ادا کی جائے،

شفق ابیض معترض (۱۸° زیر افق) کے وقت کی تنصیف کی جائے گی نصف اول عشاء میں داخل ہوگا اور نصف ثانی فجر میں۔ اگر نصف اول میں اتنا وقت ہو کہ اس میں تکبیر تحریمہ کہی جا سکتی ہو تو عشاء کی نماز فرض ہے، اس وقت میں نماز شروع کر دی جائے، اگرچہ اس کی تکمیل خروج وقت کے بعد ہو، اور اگر شفق ابیض معترض کا نصف اول بقدر تکبیر تحریمہ سے بھی کم ہے تو عشاء کا وقت مفقود شمار ہوگا جس کا حکم آگے آرہا ہے۔

② اگر شفق احمر غروب نہیں ہوتی تو یہ علاقہ فاقد وقت العشاء ہے، اس سے متعلق حضرات فقہاء رحمہم اللہ تعالیٰ کے دو قول ہیں ایک یہ کہ ان پر نماز عشاء فرض نہیں، دوسرا یہ کہ ان پر بھی نماز عشاء فرض ہے اور یہی ارجح و احوط ہے۔

نمبر اول میں مذکور تفصیل کے مطابق شفق احمر کی بھی تنصیف ہوگی، نصف اول مغرب میں شمار ہوگا اور نصف ثانی فجر میں، اگر نصف اول بقدر تحریمہ ہے تو مغرب کی نماز فرض ہے اگرچہ اس کی ادائیگی خروج وقت کے بعد ہو اگر طلوع سے قبل تکمیل ممکن نہ ہو تو طلوع کے بعد قضا پڑھے، اگر نصف اول بقدر تحریمہ بھی نہیں تو اس کا حکم انہی ایام جیسا ہوگا جن میں چوبیس گھنٹے کے اندر طلوع و غروب نہیں ہوتا۔

③ اگر شفق احمر کے نصف ثانی میں تکبیر تحریمہ کی گنجائش تو ہے مگر صرف فرائض کی دو رکعتیں

بالاختصار (بترک السنن والآداب) ادا نہیں ہوسکتیں تو فجر کی نماز فرض ہے مگر اس وقت نہ پڑھے بلکہ طلوع کے بعد قضا پڑھے پہلے عشار پھر فجر، اگر مغرب بھی نہیں پڑھ سکا تو پہلے مغرب پھر عشار پھر فجر پڑھے،

قولکم، ان مقامات کے لئے یہاں کئی حضرات نے یہ رائے دی ہے کہ ان میں مکہ مکرمہ کے اوقات استعمال کئے جائیں، کچھ دوسرے حضرات کا یہ خیال ہے کہ ان جگہوں میں قریب ترین دوسرے ان مقامات کے اوقات اختیار کئے جائیں جہاں ایسے اوقات ممکن ہیں،

اقول، قول اول بالکل غلط ہے یہ نہ کہیں منقول ہے اور نہ ہی کسی طرح بھی معقول، قول ثانی صحیح ہے مگر راجح یہ ہے کہ اس پر صرف اس علاقہ میں عمل کیا جائے جہاں کبھی بھی چوبیس گھنٹے کے اندر اوقات خمسہ نہ پائے جاتے ہوں، دوسرے مقامات میں تعیین اوقات کا ضابطہ اوپر تحریر کیا جا چکا ہے یعنی جن ایام میں چوبیس گھنٹے کے اندر اوقات خمسہ پائے جاتے ہیں ان میں سے سب سے آخری دن کو معیار قرار دیا جائے،

قولکم، اگر کسی اونچے عرض بلد کے مقام کے لئے صرف اسی طول بلد پر واقع کم عرض بلد کے مقام کی تلاش کی بھی جائے تو کیسے؟ الخ

اقول، وہ مقام لیا جائے گا جس میں نماز عشار کے لئے بقدر تکبیر تحریمہ وقت پایا جائے،

قولکم، کیا طلوع وغروب کے اوقات ایک مقام کے اختیار کئے جائیں اور فجر وعشار کہیں اور کے؟

اقول، وقت طلوع وغروب بھی اسی مقام کا لیا جائے گا جہاں عشار کی نماز کا وقت بقدر تحریمہ پایا جاتا ہو، طلوع وغروب کے لئے ایک مقام اور فجر وعشار کے لئے دوسرے مقام کا وقت لینے میں یہ محذور ہے کہ مغرب وعشار کا وقت ایک ہو جائے گا اور وقت فجر طلوع کے بعد متصور ہوگا، البتہ روزہ افطار کرنے کے لئے اس مقام کا غروب لیا جائے گا جہاں غروب کے بعد بقدر ضرورت کھایا جا سکے، اس میں یہ اشکال ضرور ہے کہ مغرب کی نماز ایک مقام کے مطابق ادا کی جائے گی اور افطار اس سے کافی دیر کے بعد دوسرے مقام کے مطابق ہوگا، مگر یہ محذور اول کی بنسبت اہون ہے، جہاں آفتاب غروب ہوتا ہو مگر وقت مغرب بہت قلیل ہو وہاں وقت عشار کے لئے جو ضابطہ بیان کیا گیا ہے اس میں بھی وقت مغرب وعشار کا اتحاد لازم آتا ہے مگر اس کا تحمل اس لئے ناگزیر ہے کہ یہاں غروب حقیقۃً موجود ہے بخلاف صورت زیر بحث کے کہ اس میں وقت مغرب وعشار دونوں تقدیری ہیں لہٰذا دونوں کی تقدیر ایک ہی مقام سے کی جائے گی۔

قولکم، عشا اور فجر کا درمیانی حصہ اور کم ہو جائے گا اور اتنا وقت باقی نہیں رہے گا کہ آدمی صحیح طریقہ سے نماز ادا کر سکے،

اقول، اس کی تفصیل اوپر لکھی جاچکی ہے کہ اگر بقدر تکبیر تحریمہ وقت مل گیا تو اس میں نماز شروع کردی جائے نماز کی تکمیل سے قبل ہی اگر وقت ختم ہو گیا تو جتنی نماز وقت کے اندر پڑھی اتنی ادا، اور باقی قضا شمار ہوگی، قال ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ فی بحث فاقد وقت العشاء تحت (قولہ ولا ینوی القضاء الخ) المنقول عن المحیط وغیرہ ان الصلوٰۃ الواقع بعضها فی الوقت وبعضها خارجہ یسمی ما وقع منها فی الوقت اداء وما وقع خارجہ یسمی قضاء اعتبارًا لکل جزء بزمانہ فافهم (رد المحتار ص۳۳۶ ج۱)

قولکم، اگر عشاء اور فجر میں صرف پندرہ منٹ کا فرق ہو تو بجائے اس کے کہ آدمی عشاء پڑھ کر سوئے اور پھر نیند سے بیدار ہو کر فجر پڑھے دونوں نمازیں آدھی رات میں اٹھ کر ساتھ پڑھی جائیں گی۔

اقول، اس میں شرعًا یا عقلاً کیا حرج یا کیا قباحت ہے؟ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۲۴ شوال ۹۰ھ

الحاق:

(۱) جہاں چوبیس گھنٹے تک آفتاب غروب نہیں ہوتا وہاں اوقاتِ خمسہ کی تقدیر کے لئے دائرۂ نصف النہار کو معیار بنایا اگرچہ عباراتِ فقہاء رحمہم اللہ تعالیٰ میں نظر سے نہیں گذرا مگر اصولِ شریعت کے مطابق اس کا اعتبار لازم معلوم ہوتا ہے، لہذا آفتاب کے دائرہ نصف النہار سے گزرنے کے بعد وقت ظہر کی ابتداء ہوگی، پھر جانبِ مخالف میں جب آفتاب اس دائرہ پر پہونچے گا وہ وقت نصف شب شمار ہوگا، ان دو حصوں میں ایک میں وقت فجر اور دوسرے میں بقیہ چاروں اوقات کا اندازہ کیا جائے گا۔

اس سے ان حضرات کے نظریہ کا ابطال ہوتا ہے جو چھ ماہ تک طویل دن میں بھی صرف پانچ ہی نمازوں کے قائل ہیں اس لئے کہ چوبیس گھنٹے میں ایک بار آفتاب کے دائرۂ نصف النہار سے گذرنے کی وجہ سے نماز ظہر کا سببِ وجوب پایا جاتا ہے، اور ظہر کا تکرار دوسری نمازوں کے تکرار کو مقتضی ہے،

(۲) ۶۶° عرض البلد شمالی سے کچھ کم عرض میں جون میں آفتاب کے غروب اور طلوع کے درمیان اتنا کم وقت ہوتا ہے کہ اس میں مغرب اور فجر کی نماز نہیں پڑھی جا سکتی

اسی طرح دسمبر میں ۶۷ عرض البلد شمالی سے کچھ زائد عرض میں دن اتنا چھوٹا ہوگا کہ اس میں نصف النہار کے بعد ظہر اور عصر کی نماز ادا نہیں کی جاسکتی،

عرض البلد جنوبی میں اس کا عکس ہوگا،

اس سے ثابت ہوا کہ حضرات فقہاء رحمہم اللہ تعالیٰ کا صرف فقدان وقت عشاء کے بیان پر اقتصار اس لئے ہے کہ فقدان اوقات کے لحاظ سے یہ قریب ترین علاقہ ہے اور زمانۂ قدیم سے آباد ہے ورنہ حقیقت یہ ہے کہ پانچوں نمازوں کے اوقات میں یہی سوال پیدا ہوتا ہے، جواب مذکور میں ایسے مقامات پر مجرد مغرب کا حکم صراحۃً اور ظہر و عصر کا دلالۃً گذر چکا ہے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

منتصف رمضان المبارک سنہ ۹۹ھ

شکاگو میں اوقاتِ صبح صادق و مغرب:

سوال: شکاگو (امریکہ) کے لئے رمضان المبارک میں سحر و افطار کا نقشہ مرتب کرواکر ارسال فرمائیں، جزاکم اللہ تعالیٰ،

الجوابُ باسمِ مُلهِمِ الصّوابِ

نقشہ اوقات برائے شکاگو سٹی (امریکہ) طول غربی ۸۷°/۴۵، عرض شمالی ۴۱°/۴۵

تاریخ	صبح صادق		طلوع		غروب		عشاء	
	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ
۲۲ راکتوبر	۵	۵۴	۷	۱۳	۵	۵۷	۷	۱۶
ار نومبر	۵	۶	۶	۲۵	۴	۴۵	۶	۴
۱۱ر نومبر	۵	۱۷	۶	۳۷	۴	۳۳	۵	۵۳

تنبیہ:-

(۱) وہاں اپریل کی آخری اتوار سے اکتوبر کی آخری اتوار تک ایک گھنٹہ وقت بڑھا دیا جاتا ہے نقشہ میں اس کی رعایت رکھی گئی ہے۔

(۲) صبح صادق کے دئے ہوئے وقت سے ۱۶ منٹ قبل صبح کاذب ظاہر ہوگی جو شرعاً غیر معتبر ہے۔

(۳) وقت مذکور سے سحری سات منٹ پہلے ختم کریں اور افطار پانچ منٹ بعد کریں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

رمضان سنہ ۹۱ھ

ہوسٹن کا نقشہ اوقات نماز :

سوال : ٹیکساس (یو۔ایس۔اے) کے شہر ہوسٹن میں میرا بچہ زیر تعلیم ہے، لہذا براہ کرم وہاں اوقات نماز معلوم کرنے کا کوئی طریقہ تحریر فرمائیں۔

الجواب باسم ملهم الصواب

ہر ماہ کی یکم اور پندرہ تاریخ کے اوقات لکھے جاتے ہیں درمیانی تاریخوں کے لئے حساب لگا لیا جائے۔

اوقاتِ صلوٰۃ برائے شہر ہوسٹن، ٹیکساس (متحدہ امریکہ)

	فجر		طلوع		نصف النہار		عصر		غروب		عشاء	
	گ	م	گ	م	گ	م	گ	م	گ	م	گ	م
یکم جنوری	۶	۶	۷	۱۶	۱۲	۲۴	۳	۵۴	۵	۳۲	۶	۴۲
۱۵ 〃	۶	۸	۷	۱۷	۱۲	۳۰	۴	۶	۵	۴۳	۶	۵۲
یکم فروری	۶	۴	۷	۱۲	۱۲	۳۵	۴	۲۱	۵	۵۸	۷	۶
۱۵ 〃	۵	۵۵	۷	۲	۱۲	۳۵	۴	۳۱	۶	۸	۷	۱۵
یکم مارچ	۵	۴۱	۶	۴۶	۱۲	۳۳	۴	۴۰	۶	۲۰	۷	۲۵
۱۵ 〃	۵	۲۵	۶	۳۱	۱۲	۳۰	۴	۴۸	۶	۲۹	۷	۳۵
یکم اپریل	۵	۳	۶	۱۰	۱۲	۲۵	۴	۵۴	۶	۴۰	۷	۴۷
۱۵ 〃	۴	۴۵	۵	۵۴	۱۲	۲۱	۴	۵۸	۶	۴۸	۷	۵۷
یکم مئی	۵	۲۷	۶	۳۸	۱۱	۱۸	۶	۲	۷	۵۸	۹	۹
۱۵ 〃	۵	۱۳	۶	۲۷	۱۱	۱۷	۶	۵	۸	۷	۹	۲۱
یکم جون	۵	۴	۶	۲۰	۱۱	۱۹	۶	۱۰	۸	۱۸	۹	۳۴
۱۵ 〃	۵	۱	۶	۱۹	۱۱	۲۱	۶	۱۴	۸	۲۳	۹	۴۱
یکم جولائی	۵	۶	۶	۲۴	۱۱	۲۵	۶	۱۸	۸	۲۶	۹	۴۴
۱۵ 〃	۵	۱۴	۶	۳۰	۱۱	۲۷	۶	۱۸	۸	۲۴	۹	۴۰
یکم اگست	۵	۲۷	۶	۳۹	۱۱	۲۷	۶	۱۴	۸	۱۵	۹	۲۷
۱۵ 〃	۵	۳۷	۶	۴۸	۱۱	۲۵	۶	۷	۸	۲	۹	۱۳
یکم ستمبر	۵	۵۰	۶	۵۸	۱۱	۲۱	۵	۵۵	۷	۴	۸	۵۲
۱۵ 〃	۵	۵۹	۷	۵	۱۱	۱۶	۵	۴۲	۷	۲۷	۸	۳۳
یکم اکتوبر	۶	۹	۷	۱۵	۱۱	۱۱	۵	۲۶	۷	۷	۸	۱۳
۱۵ 〃	۶	۱۷	۷	۲۴	۱۱	۷	۵	۱۲	۶	۵۰	۷	۵۷
یکم نومبر	۵	۲۸	۶	۳۶	۱۲	۵	۳	۵۸	۵	۳۴	۶	۴۲
۱۵ 〃	۵	۳۸	۶	۴۷	۱۲	۶	۵	۴۸	۵	۲۵	۶	۳۴
یکم دسمبر	۵	۵۰	۶	۵۹	۱۲	۱۰	۵	۴۴	۵	۲۱	۶	۳۰
۱۵ 〃	۵	۵۸	۷	۹	۱۲	۱۶	۵	۴۶	۵	۲۳	۶	۳۴

تنبیہ :۔ اپریل کی آخری اتوار سے اکتوبر کی آخری اتوار تک وہاں ایک گھنٹہ وقت بڑھا دیا جاتا ہے اس نقشے میں اس کی رعایت

-۱۳۹۴

لاڑکانہ اور مکہ مکرمہ میں وقت صبح صادق :

سوال : لاڑکانہ کا وقت صبح صادق کتنے وقت پر ہوگا ؟ نیز مکہ مکرمہ کا بھی، بینوا توجروا

الجواب باسم ملہم الصواب

لاڑکانہ (عرض البلد = ۲۷° - ۳۲َ) ۸ مئی کی صبح صادق کا وقت بندہ کی کتاب "صبح صادق" کے مطابق یوں نکلے گا عرض البلد ۲۰° میں وقت صبح = ۴ گھنٹہ ۲۶ منٹ اور عرض البلد ۳۰ میں وقت صبح ۴ گھنٹہ ۲ منٹ، اوسط نکالنے سے عرض ۲۷° - ۳۲َ میں ۴ گھنٹہ ۸ منٹ۔ فرق نصف النہار (۴ منٹ) = ۴ گھنٹہ ۴ منٹ + فرق طول البلد (۲۷ منٹ) = ۴ گھنٹہ ۳۱ منٹ، مکہ مکرمہ (عرض البلد = ۲۱° - ۲۱َ) میں یکم جون کی صبح صادق کا وقت یوں رہے گا عرض البلد ۲۰° میں وقت صبح = ۴ گھنٹہ ۱۵ منٹ اور عرض البلد ۳۰° میں وقت صبح = ۳ گھنٹہ ۴۵ منٹ اوسط نکالنے سے عرض ۲۱° - ۲۱َ میں ۴ گھنٹہ ۱۱ منٹ۔ فرق نصف النہار (۲ منٹ) = ۴ گھنٹہ ۹ منٹ + فرق طول البلد (۲۰ منٹ) = ۴ گھنٹہ ۲۹ منٹ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۲۰ ربیع الاول سنہ ۹۲ھ

لاہور میں وقت صبح صادق :

سوال : ۱۷ مئی کو لاہور میں صبح صادق کتنے بجے ہوگی؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

لاہور میں ۱۷ مئی کو صبح صادق ۳ بجکر ۴۹ منٹ پر ہوگی، اس کا عمل مندرجہ ذیل ہے،

ج = درجات بعد شمس از نصف النہار (۵°۱۰) + عرض البلد (۳۱°/۳۳َ) = ۱۳۹°/۳۳َ - میل موافق (۱۹°/۲۴َ) = ۱۱۷°/۹َ ÷ ۲ = ۵۸°/۳۵َ = ن، ۵۸°-۱۰۵°/۳۵َ = ۴۶°/۲۵َ، لوک جب ن (۹۳۱۱ء آ) + لوک جب ج - ن (۸۵۹۹ء آ) = ۹۱۷ء۱ آ، جم میل (۹۷۴۶ء آ) + جم عرض (۹۳۰۶ء آ) = ۹۰۵۲ء آ، ۹۱۷ء۱ ۹۰۵۲ء آ = ۸۸۵۸ء آ ÷ ۲ = ۹۴۲۹ء آ = ۶۱°-۱۵َ (ق/۲) × ۲ = ۱۲۲°/۳۰َ (ق) = ۸ گھنٹہ ۱۰ منٹ، مقامی نصف النہار (۱۱/۵۶) + فرق طول (۰/۳) = ۱۱/۵۹ - ۸/۱۰ = ۳/۴۹ صبح صادق، فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۱۳ ربیع الآخر سنہ ۹۲ھ

قول شفق احمر مفتیٰ بہ ہے :

سوال : کیا فرماتے ہیں علماء کرام دریں مسئلہ کہ صاحبین رحمہما اللہ تعالیٰ کے نزدیک شفق سے

مراد حمرت ہے اور امام صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک شفق ابیض۔ فتویٰ کس قول پر ہے ؟ بیّنوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

مفتیٰ بہ قول کے مطابق غروب شفق احمر پر مغرب کا وقت ختم ہو کر عشاء کا وقت شروع ہو جاتا ہے، حضرت امام رحمہ اللہ تعالیٰ کا بھی آخری قول یہی ہے اور ائمۂ ثلاثہ رحمہم اللہ تعالیٰ بھی اسی کے قائل ہیں۔ قال فی شرح التنویر ووقت المغرب منہ الی غروب الشفق وھو الحمرۃ عندھما وبہ قالت الثلاثۃ والیہ رجع الامام کما فی شروح المجمع وغیرھا فکان ھو المذھب و قال ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ (قولہ الیہ رجع الامام) ای الی قولھما الذی ھو روایۃ عنہ ایضا وصرح فی المجمع بان علیھا الفتوی۔ وردّہ المحقق فی الفتح بانہ لا یساعدہ روایۃ ولا درایۃ الخ وقال تلمیذہ العلامۃ قاسم فی تصحیح القدوری ان رجوعہ لم یثبت لما نقلہ الکافۃ من لدن الائمۃ الثلاثۃ الی الیوم من حکایۃ القولین ودعوی عمل عامۃ الصحابۃ بخلافہ خلاف منقول، قال فی الاختیار الشفق البیاض (الی قولہ) لکن تعامل الناس الیوم فی عامۃ البلاد علی قولھما وقد ایّدہ فی النھر تبعا للنقایۃ والوقایۃ والدرر والاصلاح ودرر البحار والامداد والمواھب وشرحہ البرھان وغیرھم مصرحین بان علیہ الفتوی وفی السراج قولھما اوسع وقولہ احوط واللہ اعلم (رد المحتار ص۲۳۲ ج۱)
فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۱۹ محرم سنہ ۸۶ھ

بوقت طلوع نماز فجر صحیح نہیں :

سوال : فجر کی نماز عین طلوع آفتاب کے وقت پڑھی گئی تو نماز واجب الاعادہ ہے یا نہیں ؟ بیّنوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

عین طلوع آفتاب کے وقت نماز شروع کرنے سے نماز منعقد ہی نہیں ہوتی اور اگر طلوع آفتاب سے پہلے شروع کی اور درمیان میں طلوع ہو گیا تو نماز باطل ہو جاتی ہے لہذا یہ نماز صحیح نہیں ہوئی، قضاء فرض ہے۔ قال العلامۃ ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ واعلم ان الاوقات المکروھۃ نوعان الاول الشروق والاستواء والغروب والثانی ما بین الفجر والشمس وما بین صلوٰۃ العصر الی الاصفرار فالنوع الاوّل لا ینعقد فیہ شیء من الصلوات التی ذکرناھا اذا شرع بھا فیہ وتبطل

ان طرأعلیھا الاّصلوٰۃ جنازۃ حضرت فیھا الخ (رد المحتار ص۳۴۶ ج۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۱۰ رذی قعدہ سنہ ۸۹ھ

نماز فجر وعصر میں طلوع وغروب کا حکم :

سوال : اگر صبح کی نماز پڑھتے پڑھتے آفتاب طلوع ہوجائے یا عصر کی نماز پڑھتے پڑھتے غروب ہوجائے تو کیا فجر وعصر کی نماز ادا ہوجائے گی؟ بینوا توجروا

الجواب باسم ملہم الصواب

عصر کی نماز ہوجائے گی فجر کی نہیں ہوگی . قال فی التنویر وکرہ صلوٰۃ (الی قولہ) الاعصر یومہ، وفی الشرح فلایکرہ فعلہ لادائہ کما وجب بخلاف الفجر، وفی الشامیۃ ای فانہ لایؤدی فجر یومہ وقت الطلوع لان وقت الفجر کلہ کامل فوجبت کاملۃ فتبطل بطروالطلوع الذی ھو وقت فساد (رد المحتار ص۳۴۶ ج۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم . ۲۷ ربیع الاول سنہ ۸۹ھ

نماز فجر ابتداء طلوع تک پڑھی جاسکتی ہے :

سوال : فجر کی نماز اگر جماعت سے نہ پڑھی ہو اور ایسے وقت مسجد میں پہنچے کہ سورج نکلنے والا ہے تو گھڑی کے اعتبار سے سورج نکلنے سے کتنی دیر پہلے چھوڑ دی جائے ؟ بینوا توجروا ۔

الجواب باسم ملہم الصواب

اگر نقشہ کسی مستند شخص کا تیار کیا ہوا ہو تو اس میں دئے ہوئے وقت طلوع سے دو تین منٹ قبل ہی نماز فجر سے فارغ ہوجانے کی کوشش کرنا چاہئے ، اگر ٹھیک اس وقت تک فارغ ہوا تو بھی نماز صحیح ہوگئی ، فقط و اللہ تعالیٰ اعلم ۱۳ رمضان المبارک سنہ ۹۲ھ

بوقت طلوع سجدۂ تلاوت :

سوال : مکرم ومحترم جناب مولوی جمیل احمد صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

امید ہے کہ مزاج گرامی بعافیت ہوگا . شاید جناب کو یاد ہو کہ دوران قیام کراچی میں نے دریافت کیا تھا کہ اوقات ممنوعہ نماز میں سجدۂ تلاوت کا کیا حکم ہے اور جناب نے فرمایا تھا کہ اگر سجدۂ تلاوت تازہ ہے تو ہر وقت ادا کیا جاسکتا ہے . یعنی اوقات ممنوعہ صلوٰۃ میں ادائیگی کی اجازت ہے ۔

ہماری مسجد میں یہ سوال اٹھا اور ایک صاحب فرماتے ہیں کہ انہوں نے تحقیق کی ہے کہ دوران طلوع آفتاب سجدہ ادا نہ کیا جائے . یہ سوال یوں پیدا ہوا کہ بعد نماز صبح مسجد میں درس قرآن ہو رہا تھا ایک آیت

سجدۂ تلاوت کی گئی، اس وقت طلوع ہو رہا تھا یا وقتِ طلوع بالکل قریب تھا۔ از راہِ کرم مطلع فرمائیں کہ صحیح دین کیا ہے۔ آیا تازہ سجدۂ تلاوت ہر وقت ادا کیا جا سکتا ہے یا کوئی قید ہے کہ فلاں وقت ادا نہ کیا جائے۔

جواب از جامعہ اشرفیہ لاہور

مُبَسمِلاً و محمِدلاً وَمُصلیا وَ مُسَلماً، بحر ص۲۴۹ ج ۱ و منع عن الصلوٰۃ وسجدۃ التلاوۃ و صلوٰۃ الجنازۃ عند الطلوع والاستواء والغروب الخ۔ واراد بسجدۃ التلاوۃ وصلوٰۃ الجنازۃ ما وجبت قبل ھٰذہ الاوقات اما اذا تلاھا فیھا اوحضرت الجنازۃ فیھا فاداھا فانہ یصح من غیر کراھۃ۔ اذ الوجوب بالتلاوۃ والحضور وظاھر التسویۃ بین صلوٰۃ الجنازۃ وسجدۃ التلاوۃ انہ لوحضرت الجنازۃ فی غیر مکروہ فاخرھا حتی صلاھا فی الوقت المکروہ فانھا لا تصح وتجب اعادتھا کسجود التلاوۃ۔

اس عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ سجدۂ تلاوت اگر تازہ ہو یعنی وقت مکروہ میں تلاوت سے وجوب آیا ہو تو وقت مکروہ میں اس کا ادا کرنا جائز ہے اور اگر وقت مکروہ سے پہلے وجوب آیا ہو تو وقت مکروہ میں ادا کرنا جائز نہیں ہے۔ اگر ادا کیا تو اس کا اعادہ واجب ہوگا فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

عزیز الرحمٰن نائب مفتی جامعہ اشرفیہ، نیلا گنبد لاہور

۱۹ر جمادی الاولیٰ ۸۴ھ

الجواب صحیح۔ جمیل احمد عفا عنہ

خط بندہ رشید احمد بنام مفتی جمیل احمد صاحب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مکرمی ومحترمی زیدت عنایاتکم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ امید ہے کہ مزاج سامی بخیر ہوں گے، آنجناب کا ایک افتاء نظر سے گذرا جس میں تحریر ہے کہ شروق، غروب اور استواء کے وقت سجدۂ تلاوت حاضرہ جائز ہے استدلال میں بحر کی یہ عبارت ہے: اما اذا تلاھا فیھا اوحضرت الجنازۃ فیھا فاداھا فانہ یصح من غیر کراھۃ۔ بندہ کی رائے ناقص یہ ہے کہ آپ کے فتویٰ میں جواز سے مراد جواز مع الکراہۃ التنزیہیہ ہے اور بحر کے جزئیہ "من غیر کراھۃ" سے کراہتِ تحریمیہ کی نفی مقصود ہے۔ قال فی العلائیۃ فلو وجبتا فیھا لم یکرہ فعلھما ای تحریماً وفی التحفۃ الافضل ان لا تؤخر الجنازۃ، وفی الشامیۃ (قولہ ای تحریماً) افاد ثبوت الکراھۃ التنزیھیۃ، وایضاً فیھا تحت قولہ (وفی التحفۃ) فثبتت کراھۃ التنزیہ فی سجدۃ التلاوۃ

دون صلوٰۃ الجنازۃ (رد المحتار ص۳۳۷ ج ۱) اس سے معلوم ہوا کہ جن حضرات نے کراہت کی نفی فرمائی ہے اس سے مراد کراہتِ تحریمیہ کی نفی ہے نہ کہ تنزیہیہ کی، خود علامہ شامی نے بھی بحث مذکور سے قبل او علی جنازۃ کے تحت والا فلا کراھۃ کما سیذکرہ الشارح میں کراہت تحریمیہ کی نفی کی ہے اور پھر قول شارح کے تحت علامہ شامی نے کراہت تنزیہیہ کو ثابت کیا ہے کما قدمنا، اور عالمگیریہ میں خلاصہ سے نقل کیا ہے کہ سجدۂ تلاوت میں تاخیر افضل ہے

بہر کیف اس سے متعلق رائے سامی سے مطلع فرما کر ممنون فرمائیں۔ اور ماہ مقدس کی مبارک ساعات میں دعاء خیر سے فراموش نہ فرمائیں احسان ہوگا۔ فقط والسلام علیکم

رشید احمد عفا اللہ عنہ
غرۂ رمضان المبارک ۸۴ھ

جواب از مفتی جمیل احمد صاحب

محترم وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

جزاک اللہ راجح وقوی تنزیہی ہونا ہی ہے، اسی کو فتویٰ میں لکھنا تھا احتیاط بھی اسی میں ہے کیونکہ جیسے بعض حضرات نے خلاف افضل کہا ہے بعض نے مکروہ تحریمی بھی کہدیا خیر الامور اوسطھا بھی رہا۔ عالمگیری نے غیر افضل کہا ہے لکن الافضل التأخیر فیھا۔

خط اصل سائل بنام حضرت مفتی محمد شفیع صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ

مکرم محترم جناب مفتی صاحب قبلہ زاد مجدہ،

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔

امید ہے کہ مزاج گرامی بعافیت ہوگا۔ باعثِ تحریر یہ ہے کہ سجدۂ تلاوت ہر وقت ادا کیا جاسکتا ہے یا اوقات ممنوعہ صلوٰۃ میں ادا نہ کیا جائے۔ مولوی جمیل احمد صاحب مفتی مدرسہ اشرفیہ لاہور سے میں نے دریافت کیا تھا انہوں نے فرمایا تھا کہ اگر سجدہ تلاوت تازہ ہے تو ہر وقت ادا کیا جاسکتا ہے میں مطمئن ہوگیا تھا میں نے اپنے قلب میں یہ سمجھا کہ صلوٰۃ جنازہ اور سجدہ میں فرق نہیں دوسرے حضرت تھانوی کا ایک ارشاد یاد آیا کہ جب میں نے آپ کو اپنے معمولات لکھے تھے تو یہ بھی تحریر کیا تھا کہ علاوہ صبح اور عصر کی نماز کے ہر نماز فرض کے بعد میں سجدے میں فلاں فلاں آیات قرآنی پڑھتا ہوں اور دعاء مانگتا ہوں اس پر حضرت نے خط کھینچ کر حاشیہ پر تحریر فرمایا کہ "سجدۂ شکر صبح اور عصر کے بعد بھی جائز ہے"۔ ہماری مسجد میں بعد نماز صبح درس قرآن ہو رہا تھا طلوع کا وقت تھا کہ ایک آیت سجدہ تلاوت کی گئی۔ ایک صاحب فرماتے ہیں کہ طلوع کے وقت سجدہ تلاوت خواہ تازہ

ہوا دا نہیں کرنا چاہئے۔ از راہ کرم مطلع فرمایا جائے کہ صحیح دین کیا ہے سجدہ تلاوت تازہ ہر وقت ادا کیا جاسکتا ہے یا کوئی قید ہے۔ اگر ہے تو کیا؟

جواب از دارالعلوم کراچی

فتاوٰی عالمگیری میں ہے تین ساعتیں ہیں جن میں فرض نماز اور جنازہ کی نماز اور تلاوت کا سجدہ جائز نہیں اوّل سورج نکلتے وقت دوّم ٹھیک دوپہر کے وقت سوّم سورج ڈوبتے وقت، آگے خلاصہ سے نقل کیا ہے یہ حکم اس وقت ہے کہ جب جنازہ کی نماز اور تلاوت کا سجدہ ایسے وقت میں واجب ہوئے ہوں کہ اس وقت ان کا کرنا مباح تھا اور پھر اس وقت تک اس کی تاخیر کی تو وہ اس وقت میں قطعاً جائز نہیں لیکن اگر ایسے وقت میں واجب ہوئے اور ایسے وقت ان کو ادا کیا تو جائز ہے اس لئے کہ جیسا ان کے وجوب میں نقصان تھا ویسا ہی ان کی ادا میں نقصان ہے یہی السراج الوہاج، کافی اور تبیین میں لکھا ہے لیکن سجدہ تلاوت میں تاخیر افضل ہے اور جنازہ کی نماز میں تاخیر مکروہ ہے۔ مولوی مفتی جمیل احمد صاحب کا فرمانا بالکل صحیح ہے فقط واللہ اعلم وعلمہ اتم

احقر الانام محمد صابر عفی عنہ
نائب مفتی دارالعلوم کراچی ۱۲ نانک واڑہ

الجواب صحیح ۔ بندہ محمد شفیع عفا اللہ عنہ ۱۱ ⁵⁄₈₄ھ
۲۳ ⁵⁄₈₄ھ

خط بندہ رشید احمد بخدمت حضرت مفتی محمد شفیع صاحب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مشفق المکرم زیدت عنایاتکم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ
امید ہے مزاج سامی مع الخیر ہوں گے۔ مفتی محمد صابر صاحب کا لکھا ہوا ایک فتوٰی جس پر آنحضرت کے بھی دستخط ہیں ارسالِ خدمت ہے اس پر چند اشکالات ہیں۔

(۱) وقت طلوع میں سجدہ تلاوت حاضرہ کو جائز اور تاخیر کو افضل لکھا ہے۔ اس میں مناسب تھا کہ وقت طلوع میں کراہت تنزیہیہ کی تصریح فرمادی جاتی۔ قال فی العلائیۃ فلو وجبتا فیہا لم یکرہ فعلہما ای تحریما۔ وفی الشامیۃ (قولہ ای تحریمًا) افاد ثبوت الکراھۃ التنزیھیۃ وایضًا فیہا تحت (قولہ وفی التحفۃ) فثبت کراھۃ التنزیہ فی سجدۃ التلاوۃ دون صلوٰۃ الجنازۃ الخ (ردالمحتار ص۳۴۷ ج۱)

(۲) سوال میں منقول عبارت "سجدۂ شکر صبح اور عصر کے بعد بھی جائز ہے" سے معلوم ہوتا ہے کہ ہر نماز کے بعد سجدہ جائز ہے۔ حالانکہ یہاں دو جدا گانہ مسئلے ہیں

(۱) نماز کے بعد اسی مقام پر سجدہ کرنا۔ یہ بہرحال مکروہ تحریمی ہے خواہ کسی نماز کے بعد ہو۔

(۲) فجر اور عصر کے بعد وقت مکروہ للنوافل میں سجدہ شکر کرنا جو نماز سے متصل نہ ہو۔ یہ سجدہ صحیح ہو جائے گا مگر کراہت تحریمیہ کیساتھ۔ قال فی الشامیۃ تحت (قولہ لاشکر) فتحصل من کلام النهر مع کلام القنیۃ انها تصح مع الكراهة ای لانها فی حکم النافلة. ثم قال فی النهر عن المعراج واما ما یفعل عقب الصلوٰۃ من السجدة فمکروہ اجماعاً لان العوام یعتقدون انها واجبة (رد المحتار ص ۳۴۴ ج ۱)

غرضیکہ مسائلِ ذیل میں بندہ کی رائے یہ ہے:۔

(۱) وقت طلوع، غروب اور استواء میں سجدۂ تلاوت حاضرہ مکروہ تنزیہی ہے۔

(۲) نماز کے بعد متصل سجدہ شکر مکروہ تحریمی ہے خواہ کوئی نماز ہو۔ البتہ اگر خلوت میں احیاناً سجدہ کرے عادت نہ بنائے اور اس کو سنّت نہ سمجھے تو مضایقہ نہیں۔

(۳) بعد عصر اور بوقت فجر سجدہ شکر مکروہ تحریمی ہے اگرچہ نماز کے بعد متصلاً نہ ہو۔

اس سے متعلق اپنی رائے سامی سے مطلع فرمائیں۔

رمضان المبارک میں دعواتِ مخصوصہ کی درخواست ہے، سخت محتاج ہوں۔ فقط والسلام علیکم

رشید احمد عفا اللہ عنہ

غرۂ رمضان المبارک ۸۴ھ

جواب از حضرت مفتی محمد شفیع صاحب

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ جوابات صحیح ہیں، آپ کے لئے دل سے دعاء کرتا ہوں اور اپنے لئے دعاء کا طالب ہوں۔

بندہ محمد شفیع عفا اللہ عنہ

از دارالعلوم کراچی ۱۲ ۹/۸۴ھ

بعد نماز عصر سجدۂ تلاوت جائز ہے:

سوال: ایک شخص بعد نماز عصر تلاوت کر رہا ہے درمیان میں سجدۂ تلاوت آگیا کیا وہ عصر اور مغرب کے درمیان سجدۂ تلاوت کر سکتا ہے؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصواب

جائز ہے، البتہ دھوپ پھیکی پڑچکی ہو تو مکروہ تنزیہی ہے، یہ حکم تلاوتِ حاضرہ کا ہے، اگر غیر مکروہ وقت میں تلاوت کی ہو تو اوقاتِ مکروہہ (طلوع، غروب، نصف النہار) میں سجدۂ تلاوت مکروہ تحریمی ہے، نمازِ جنازہ کا بھی یہی حکم ہے، البتہ جنازہ وقت مکروہ ہی میں تیار ہوا ہو تو اسی وقت نماز پڑھ لی جائے، اس میں سجدہ تلاوت حاضرہ کی طرح کراہت تنزیہیہ نہیں، قال فی التنویر بعد صلاۃ فجر وعصر لایکرہ قضاء فائتۃ وسجدۃ تلاوۃ وصلاۃ جنازۃ (ردالمحتار ص۳۴۵ ج۱) وایضا فیہ وکرہ صلاۃ ولو علی جنازۃ وسجدۃ تلاوۃ وسہو مع شروق واستواء وغروب الاعصر یومہ (الی قولہ) وسجدۃ تلاوۃ وصلاۃ جنازۃ تلیت فی کامل وحضرت قبل، وفی الشرح لوجوبہ کاملا فلا یتأدی ناقصا فلو وجبتا فیہا لم یکرہ فعلہما ای تحریما وفی التحفۃ الافضل ان لا تؤخر الجنازۃ، وقال ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ (قولہ ای تحریما) افاد ثبوت الکراھۃ التنزیہیۃ، وقال تحت (قولہ وفی التحفۃ) فثبتت کراھۃ التنزیہ فی سجدۃ التلاوۃ دون صلاۃ الجنازۃ (ردالمحتار ص۳۴۷ ج۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۲۰ ربیع الاول سنہ ۹۳ھ

اوقات مکروہہ میں نمازِ جنازہ:

سوال: نمازِ جنازہ کن کن اوقات میں مکروہ ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

اگر جنازہ پہلے سے تیار تھا تو طلوع، غروب اور نصف النہار کے وقت اس پر نماز مکروہ تحریمی ہے اور اگر اسی وقت تیار ہوا تو کوئی کراہت نہیں اسی وقت نماز پڑھ لی جائے مؤخر نہ کی جائے، البتہ سجدۂ تلاوت حاضرہ مکروہ تنزیہی ہے قال فی التنویر وکرہ صلوٰۃ ولو علی جنازۃ وسجدۃ تلاوۃ وسہو مع شروق واستواء وغروب الاعصر یومہ (الی ان قال) وسجدۃ تلاوۃ وصلاۃ جنازۃ تلیت فی کامل وحضرت قبل، وفی الشرح لوجوبہ کاملا فلا یتأدی ناقصا فلو وجبتا فیہا لم یکرہ فعلہما ای تحریما وفی التحفۃ الافضل ان لا تؤخر الجنازۃ، وفی الحاشیۃ تحت (قولہ وفی التحفۃ الخ) فثبتت کراھۃ التنزیہ فی سجدۃ التلاوۃ دون صلوٰۃ الجنازۃ (ردالمحتار ص۳۴۷ ج۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۲۹ صفر سنہ ۸۹ھ

نصف النہار شرعی وعرفی کی پہچان اور ان کے احکام :

سوال : نصف النہار شرعی اور نصف النہار عرفی سے کیا مراد ہے اور ان کے نکالنے کا کیا قاعدہ ہے۔ روزے کی نیت کس وقت تک کی جائے اور نماز نصف النہار سے کس قدر پہلے اور بعد تک نہ پڑھی جائے بینوا توجروا

الجواب باسم ملہم الصواب

نصف النہار شرعی صبح صادق سے لیکر غروب تک کے کل وقت کا نصف ہے اور نصف النہار عرفی سے مراد طلوع آفتاب سے لیکر غروب آفتاب تک کے کل وقت کا نصف ہے۔ یہ وقت استوا معلوم کرنے کا تقریبی طریقہ ہے جو تقریباً چالیس عرض البلد تک کارآمد ہے، بالکل صحیح نصف النہار معلوم کرنے کے تحقیقی قاعدے جو ہر جگہ کام دیتے ہیں میری کتاب ارشاد العابد میں ملاحظہ ہوں، نصف النہار شرعی معلوم کرنے کا آسان قاعدہ یہ ہے کہ صبح صادق کی ابتداء سے طلوع آفتاب تک جتنا وقت ہو اس سے آدھا وقت نصف النہار عرفی کے وقت سے کم کردیا جائے مثلاً صبح صادق کا کل وقت ایک گھنٹہ ہو تو نصف النہار عرفی سے آدھا گھنٹہ پہلے نصف النہار شرعی ہوگا۔ اردو میں مسائل کی کتابوں میں نصف النہار عرفی سے ڈیڑھ گھنٹہ قبل نصف النہار شرعی بتایا گیا ہے، اس میں تین طرح سے تسامح ہوا ہے۔

(۱) صبح کاذب کو صبح صادق قرار دیا گیا ہے، اس غلطی کی پوری تفصیل میری کتاب "صبح صادق" میں ہے۔

(۲) ہر موسم اور ہر مقام کے لئے ایک ہی معیار متعین کردیا ہے، حالانکہ ہر مقام اور ہر موسم میں یہ وقت مختلف ہوتا ہے۔

(۳) نصف النہار عرفی سے صبح کاذب کے کل وقت کے برابر کم کیا گیا ہے حالانکہ صبح صادق کے کل وقت کا نصف کم کرنا چاہئے۔

روزے کی نیت نصف النہار شرعی سے قبل کرنا ضروری ہے اور کراہت نماز میں نصف النہار عرفی معتبر ہے۔ علامہ برجندی رحمہ اللہ تعالیٰ نے شرح نقایہ میں اس پر اشکال ظاہر فرمایا ہے کہ نصف النہار عرفی کا وقت ممتد نہیں اس لئے اس میں نماز متصور ہی نہیں ہوسکتی تو اس سے نہی صحیح نہیں، اس بناء پر بعض حضرات نے نصف النہار شرعی سے لیکر نصف النہار حقیقی تک پورے وقت کو نماز کے لئے مکروہ قرار دیا ہے مگر بندہ کے خیال میں صرف اس اشکال کی وجہ سے نصف النہار شرعی مراد لینے کی گنجائش نہیں، جبکہ کسی ایک حدیث سے بھی اس کی تائید نہیں ہوتی بلکہ جمیع احادیث نصف النہار عرفی پر دلالت کرتی ہیں اشکال مذکور کے متعدد جواب ہوسکتے ہیں،

(۱) اگرچہ اس وقت میں پوری نماز متصور نہیں ہوسکتی مگر مقصد یہ ہے کہ نماز کا کوئی جزء بھی اس وقت میں واقع نہ ہو، یہ جواب خود علامہ برجندی نے بھی دیا ہے (رد المحتار ص۳۴۴ ج ۱)

(۲) مرکز شمس کی بجائے اس کے پورے جرم کا اعتبار ہے کما فی حدیث عبد اللہ الصنابحی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ثم اذا استوت قارنہا فاذا زالت فارقہا (موطا مالک ص۲) دائرۂ نصف النہار سے محیط شمس کا ایک کنارہ گزرنے سے لیکر دوسرا کنارہ گزرنے تک بروئے حساب دو منٹ آٹھ سیکنڈ صرف ہوتے ہیں، اتنے وقت میں نماز متصور ہوسکتی ہے،

(۳) احکام شرعیہ کا مدار حسابات ریاضیہ پر نہیں بلکہ مشاہدہ پر ہے اور مشاہدہ میں استوار قارن سے زوال فارق تک، تقریباً دس منٹ کی تخمین ہے لہذا نقشوں میں دئے ہوئے وقت زوال سے پانچ منٹ قبل اور پانچ منٹ بعد نماز نہیں پڑھنا چاہیے۔ دیؤیدہ مانقلہ ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ عن الطحطاوی فی تفسیر قول شارح التنویر (ووقت الظہر من زوالہ ای میل ذکاء عن کبد السماء) ای وسطہا بحسب مایظہر لنا (رد المحتار ص۲۳۲ ج ۱) تعلیل کراہت سے بھی یہی ثابت ہوتا ہے، نماز کی طرح عبادت شمس بھی آن واحد میں تو متصور نہیں ہوسکتی، ظاہر ہے کہ عبدۃ الشمس استوار بحسب مشاہدہ ہی کو وقت عبادت قرار دیتے ہونگے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۲۷ ربیع الاول سنہ ۸۹ھ

رمضان میں نماز مغرب میں تاخیر کرنا :

سوال : ماہ رمضان میں مغرب کی نماز میں ۵ منٹ تاخیر کرنا اس خیال سے کہ لوگ افطار کرکے جماعت میں شامل ہوجائیں تو ایسا کرنا شرعاً جائز ہے؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصواب

اصل جواب تو یہ ہے کہ نماز مغرب میں اتنی تاخیر کرنا جس میں دو رکعت ادا کی جاسکیں بالاتفاق بلاکراہت جائز ہے اس سے زیادہ تاخیر میں اختلاف ہے عند البعض بلاکراہت جائز ہے اور بعض کے نزدیک مکروہ تنزیہی ہے، البتہ اتنی تاخیر کہ ستارے بکثرت چمکنے لگیں بالاتفاق مکروہ تحریمی ہے رمضان میں اگر بھوک لگی ہو اور کھانا تیار ہو تو پندرہ بیس منٹ تک تاخیر میں کوئی مضایقہ نہیں، اس لئے کہ یہ تاخیر زیادہ سے زیادہ مکروہ تنزیہی ہے اور بھوک کی حالت میں کھانے کی موجودگی میں نماز پڑھنا مکروہ تحریمی ہے، لھذا کھانے سے فارغ ہوکر اطمینان و فراغ قلب کے ساتھ نماز پڑھنا چاہیے فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔ ۱۶ رجب سنہ ۹۰ھ

نماز کے بعد معلوم ہوا کہ وقت نکل چکا تھا :

سوال : بکر نے فجر کی نماز ادا کی نیت سے ادا کی حالانکہ اس وقت سورج نکل چکا تھا لیکن ابر کی وجہ سے بکر کو معلوم نہیں تھا ایسی حالت میں نماز ہوگئی یا نہیں ؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصواب

اگر بکر وہ وقت ختم ہونے سے قبل نماز شروع کی گئی تو صحیح نہیں ہوئی اور اگر اس کے بعد شروع کی ہو تو اس میں یہ تفصیل ہے کہ اگر وقتی فجر کی نیت کی تھی تو نماز نہیں ہوئی اور اگر آج کی فجر کی نیت تھی تو صحیح ہوگئی قال فی التنویر ولونوی ظہر الوقت فلومع بقائہ جاز ولومع عدمہ وھولا یعلمہ لا، وفی الشرح فالاولی نیۃ ظہر الیوم لجوازہ مطلقًا، وفی الحاشیۃ (قولہ وھولا یعلمہ) أی لایعلم خروجہ ومفہومہ انہ لوعلمہ یصح کما قدمناہ عن الشرنبلالیۃ (ردالمحتار ص۲۹۲ ج۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۶ رجب ۱۳۸۹ھ

اوقات نماز کی تعیین گھنٹوں سے ممکن نہیں :

سوال : محترم مولانا مفتی رشید احمد صاحب، السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ دارالعلوم کراچی سے ایک سوال لکھکر دریافت کیا تھا انہوں نے آپ کی طرف رجوع کی ہدایت فرمائی ہے، نقل سوال مع جواب روانہ کر رہا ہوں امید ہے کہ آپ میری رہنمائی فرمائیں گے، اپنے سوال کی مزید وضاحت کے لئے عرض ہے کہ جس طرح غروب آفتاب کے ایک گھنٹہ بیس منٹ بعد تک مغرب کا وقت رہتا ہے اور اس کے بعد نماز عشاء کا وقت شروع ہوجاتا ہے اور یہ وقفہ ایک گھنٹہ اور بیس منٹ ہر موسم میں یکساں رہتا ہے، اسی طرح عصر کی نماز کا وقت بھی غروب آفتاب سے دو گھنٹے پہلے شروع ہوتا ہے یا ایسا ہی صحیح وقفہ معلوم ہوجائے تو عصر کی نماز کا وقت مقرر کرنا آسان ہوجائے گا، مزید اگر یہ معلوم ہوجائے کہ طلوع آفتاب سے قبل ایک گھنٹہ تیس منٹ (یا تحقیق کے بعد جو وقفہ بھی معلوم ہو) صبح صادق ہوتی ہے، اور یہ وقفہ بھی ہر موسم میں یکساں ہوتا ہے تو طلوع وغروب آفتاب سے فجر، عصر، مغرب اور عشاء کے صحیح اوقات معلوم کرنا انتہائی آسان ہوجاتا ہے اور ظہر کی نماز کے وقت کی بھی نصف النہار سے صحیح تعیین ہوسکتی ہے لہذا بعد تحقیق آپ مجھے مطلع فرمائیں کہ ایسا کوئی قاعدہ کلیہ ممکن ہے یا نہیں ؟ بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصواب

صبح صادق کی ابتداء سے طلوع آفتاب تک اور غروب آفتاب سے غروب شفق تک، اسی طرح ابتداء

عصر سے غروب آفتاب تک کے اوقات گھنٹوں سے متعین کرنا ممکن نہیں مختلف موسموں میں میل شمس کے اختلاف کی وجہ سے ان اوقات کی مقدار مختلف ہوتی ہے، نیز اختلاف عرض البلد کی وجہ سے بھی یہ مقدار متفاوت ہوتی ہے، فن سے ناواقف بعض لوگوں نے کچھ اس قسم کے قواعد لکھے ہیں جو قطعاً غلط ہیں، زیادہ سے زیادہ ان کی تاویل یہ کی جا سکتی ہے کہ انہوں نے (۱) کسی خاص علاقہ میں (۲) خاص ایام میں (۳) تقریبی حساب لگالیا، اور فن سے ناواقفیت کی وجہ سے اسے قاعدہ کلیہ ہر مکان اور ہر زمان کے لئے سمجھ لیا،

تخریج اوقات اور سمت قبلہ سے متعلق بندہ کے "دو رسالے" ارشاد العابد" "صبح صادق" ہیں ممکن ہے کہ آپ ان سے کچھ استفادہ کرسکیں، فقط واللہ تعالیٰ اعلم

غرۂ شعبان سنہ ۹۲ھ

اوقاتِ نماز کے نقشے:

سوال: ایک نقشہ یہاں مولانا مظہر اللہ شاہ نقشبندی شاہی امام ومفتی مسجد فتح پوری دہلی سے تیار کرایا ہوا اوقات نماز طلوع وغروب وغیرہ کا پورے سال کا اور ایک نقشہ ویسا ہی مولوی محمد دین صاحب کتب خانہ اشرفیہ راولپنڈی کی طرف سے مسجدوں میں آویزاں ملتا ہے ایک دفعہ آپ کی تحریر سے اس نقشہ میں کچھ فرق ظاہر فرمایا گیا تھا (جب کہ ان دونوں نقشوں میں بھی کہیں کہیں فرق پایا جاتا ہے یعنی سب اوقات ایک دوسرے کے برابر نہیں) سو دریافت طلب امر یہ ہے کہ جناب نے کون سے نقشہ کے متعلق عدم اطمینان کا اظہار فرمایا تھا، بعض اوقات اول الذکر کے طلوع وغروب وغیرہ واقع کے مطابق ظاہر ہوئے ہیں یا دونوں نقشے جناب والا کی خدمت میں بھیج کر تحقیق کی جائے؟

الجواب باسم ملهم الصواب

آج تک جتنے نقشے بھی شائع ہوئے ہیں ان سب میں صبح صادق اور عشاء کے اوقات غلط ہیں ایک بنیادی غلطی کی وجہ سے جس کی تفصیل بندہ کے رسالہ "صبح صادق" میں ہے، بقیہ اوقات سے متعلق نقشہ دیکھ کر کچھ عرض کرسکتا ہوں، لیپ کے ایک سال سے لیکر لیپ کے دوسرے سال تک چار سال میں طلوع وغروب وغیرہ کے اوقات ایک دو منٹ تک متفاوت ہوتے ہیں لہٰذا دائمی نقشہ مرتب کرنے کے لئے اس تفاوت کو نظر انداز کرنا پڑتا ہے اسی لئے نقشے آپس میں متفاوت ہوجاتے ہیں اس سے کوئی مفر نہیں البتہ لیپ کے سال کو نقشہ کی بنیاد بنا یا جائے تو اوقات میں احتیاط کا پہلو نکلتا ہے، بہرکیف ہر نقشے پر تین چار منٹ تک احتیاط کی تنبیہ لکھنا لازم ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۶ / ربیع الاول سنہ ۹۳ھ

نماز فجر کا وقت مستحب :

سوال : فقہاء نے نماز صبح کا مستحب وقت وہ بتایا ہے کہ جب اجالا ہوجائے اور اتنا وقت ہو کہ سنت کے موافق اچھی طرح نماز ادا کی جائے اور نماز سے فارغ ہونے کے بعد اتنا وقت باقی رہے کہ اعادۂ نماز بطریقۂ سنت ممکن ہو، اگر کسی مسجد میں وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الْبُرُوْجِ فی الرکعۃ الاولیٰ وَالطَّارِقِ فی الرکعۃ الثانیۃ پڑھنا عادت ہو تو پھر صبح کی نماز ایسے وقت شروع کریں کہ اعادۂ نماز بالسورتین المذکورتین ممکن ہو یا ایسے وقت نماز شروع کریں کہ اعادۂ نماز بطریق مسنون طوال مفصل سے ممکن ہو، بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملہم الصواب

یہ عادت سنت کے خلاف ہے نماز ایسے وقت شروع کی جائے کہ اس میں قرأت مسنونہ کرنے کے بعد اگر فساد کی صورت پیش آجائے تو بطریقۂ مسنونہ اعادہ کرسکیں، تجربہ سے ثابت ہوا کہ طلوع آفتاب سے تقریباً آدھا گھنٹہ قبل قاعدہ مذکورہ کے مطابق نماز ہوسکتی ہے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۹ محرم سنہ ۹۵ھ

طلوع کے بعد اور غروب سے قبل مکروہ وقت کی مقدار :

سوال : طلوع آفتاب سے کتنی دیر بعد اور غروب آفتاب سے کتنی دیر پہلے نماز پڑھنا جائز ہے اور کیا وقت کی کوئی ایسی مقدار مقرر ہے جو ہر جگہ معتبر ہو، کوئی ایسا ضابطہ بتا دیا جائے جو پوری دنیا میں ہر جگہ کام آسکے، میں اس کے مطابق ٹورنٹو (کینیڈا) کا نقشہ بنانا چاہتا ہوں۔ بیّنوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

اس بارہ میں اصل ضابطہ جو پوری دنیا کے لئے کارآمد ہے وہ یہ ہے کہ جب تک آفتاب طلوع کے بعد اس کیفیت پر رہے کہ اس کو دیر تک دیکھنے میں آنکھوں کو دشواری اور خیرگی نہ ہو اس وقت تک نماز پڑھنا جائز نہیں، اسی طرح عصر میں جب یہ کیفیت ہوجائے نماز مکروہ ہے الا عصر یومہ مگر یہ معیار اس وقت صحیح ہوگا جب مطلع پر ابر اور غبار وغیرہ نہ ہو ورنہ کیفیت مذکورہ عوارض کی وجہ سے بہت دیر تک حتی کہ بعض ایام میں دوپہر تک رہتی ہے اور بعض علاقوں میں دن بھر آفتاب کی روشنی میں تیزی نہیں آتی، ایک دوسرا معیار بھی فقہاء رحمہم اللہ تعالیٰ نے تحریر فرمایا ہے وہ یہ کہ جب آفتاب طلوع کے بعد افق سے ایک رمح (نیزہ) کی مقدار بلند ہوجائے تو نماز پڑھنا درست ہے اسی طرح عصر کے بعد جب آفتاب کی بلندی افق سے ایک رمح کی مقدار سے کم ہونے لگے تو نماز درست نہیں (الا عصر یومہ) رمح کی مقدار بارہ [۱۲] بالشت ہے۔ قال العلاء فی بیان وقت العصر مالم یتغیر ذکاء بان

لاتحار العین فیھا فی الاصح وقال ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ صححہ فی الھدایۃ وفی الظھیریۃ ان امکنہ اطالۃ النظر فقد تغیرت وعلیہ الفتوی وفی النصاب وغیرہ وبہ نأخذ و ھو قول ائمتنا الثلاثۃ و مشایخ بلخ وغیرھم کذا فی الفتاوی الصوفیۃ (الی قولہ) وقیل حد التغیران یبقی للغروب اقل من رمح وقیل ان یتغیر الشعاع علی الحیطان کما فی الجوھرۃ ابن عبدالرزاق (ردالمحتار ص۳۴۳ ج ۱) وقال ابن عابدین ایضا (قولہ مع شروق) ومادامت العین لا تحار فیھا فھی فی حکم الشروق کما تقدم فی الغروب انہ الاصح کما فی البحر اقول ینبغی تصحیح مانقلوہ عن الاصل للامام محمد من انہ مالم ترتفع الشمس قدر رمح فھی فی حکم الطلوع لان اصحاب المتون مشوا علیہ فی صلوۃ العید حیث جعلوا اول وقتھا من الارتفاع و لذا جزم بہ فی الفیض ونور الایضاح (ردالمحتار ص۳۴۴ ج ۱) وقال فیہ ایضا قولہ قدر رمح ھو اثنا عشر شبرا (ردالمحتار ص۲۹۹ ج ۱) غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اصل اعتبار آفتاب کی روشنی کا ہے اور قدر رمح سے اسی کی تخمین کی جاسکتی ہے کما یظھر من قول ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ وقیل حد التغیران یبقی للغروب اقل من رمح، درایۃً بھی تغیر شمس کو معیار قرار دینے کی وجہ معقول ہے اور قدر رمح کو مقصود بالذات قرار دینا غیر معقول ہے الا ان یوجہ بانہ قد یعطی القریب الشیء حکم الشیء فقد روا القرب بما دون الرمح ولکن تقدیر الفاصل بین القرب والبعد بالرمح ایضا یحتاج الی وجہ، اگر قدر رمح کا مستقل قول ہونا تسلیم کرلیا جائے تو بھی تغیر شمس کا قول راجح ہوگا لکونہ موجہا، قدر رمح کی بجائے آفتاب میں تغیر کا معلوم کرنا سہل بھی ہے۔ غرضیکہ اصل اعتبار روشنی کا ہے اگر کبھی فضائی اثر کی وجہ سے روشنی کا اندازہ نہ ہوسکے تو قدر رمح سے اندازہ کیا جائے اصل معیار تو یہی دو ہیں جو ذکر کئے گئے کیونکہ یہ پوری دنیا کے لئے ہیں ان کے پہچاننے میں نہ کسی آلہ کی ضرورت ہے نہ گھڑی کی حاجت ہے، ہر عام وخاص ان کو پہچان سکتا ہے، اسلام کا دین فطرت اور عالمگیر ہونا بھی ایسے ہی معیار کو مقتضی ہے وقت کی کوئی ایسی مقدار متعین نہیں کیجا سکتی جو ہر جگہ چل سکے کیونکہ مختلف ممالک اور مختلف موسموں میں اس وقت کی مقدار کا مختلف ہونا ضروری امر ہے۔ بڑے شہروں میں چونکہ طلوع وغروب کے وقت آفتاب کا مشاہدہ مشکل ہے اس لئے اس کا کوئی معیار متعین کرنے کی ضرورت ہے، چند سال پیشتر ۸ ۲۵ عرض البلد میں بندہ نے دوسرے علماء کی معیت میں مشاہدہ کیا تو طلوع سے دس منٹ بعد اور غروب سے پندرہ منٹ پہلے کا فیصلہ کیا گیا مگر یہ یاد نہیں رہا کہ یہ مشاہدہ کس تاریخ میں کیا گیا تھا اس لئے اس سے کوئی معیار مقرر نہیں کیا جاسکتا، گذشتہ رمضان میں اس مقصد کے لئے بندہ نے مدرسہ محمدیہ نزد ٹنڈو آدم (طول ۶۸ ۲، عرض ۸ ۲۵) کا سفر کیا مگر ابر کی وجہ سے مشاہدہ نہ ہوسکا، بالآخر مولوی محمد صدیق صاحب مہتمم مدرسہ محمدیہ کے ذمہ لگایا گیا کہ وہ ۲۱، ۲۲، ۲۳ ستمبر کو اپنے ساتھ کم از کم

دو اور سمجھدار افراد کو لے کر تین روز تک مسلسل صبح و شام مشاہدات کرکے نتائج تحریر کریں، چنانچہ حسب ہدایت مشاہدات سے ثابت ہوا کہ طلوع سے نو منٹ بعد آفتاب میں معہود تمازت آگئی اور غروب سے تیرہ منٹ قبل مکروہ وقت شروع ہوا، یہ فیصلہ بہت احتیاط سے کیا گیا ہے ورنہ حقیقت یہ ہے کہ مکروہ وقت دونوں جانب اس سے بھی کچھ کم تھا، بندہ نے مثلث کروی کے حساب سے وقت مذکور میں آفتاب کا زاویہ ارتفاع معلوم کیا تو نو منٹ = ۱۰ْ ۴ْ ، اور تیرہ منٹ = ۲ْ ۳۰ْ ہوا، اس تخریج میں اس کا لحاظ رکھا گیا ہے کہ طلوع وغروب کے وقت آفتاب افق سے ۵۰ْ نیچے ہوتا ہے مگر زاویۂ ارتفاع افقِ حقیقی (۰ْ) سے لیا گیا ہے، زاویۂ ارتفاع کی تعیین کے بعد ہر مقام اور ہر موسم میں وقت مکروہ کا دائمی نقشہ طیار کیا جا سکتا ہے، چنانچہ زاویۂ ارتفاع ۴ْ ۱۰ کے مطابق کراچی میں مارچ اور ستمبر میں طلوع کے بعد نو منٹ اور جون اور دسمبر میں گیارہ منٹ پر مکروہ وقت ختم ہو جاتا ہے اور عصر کا مکروہ وقت زیادہ سے زیادہ غروب سے سولہ منٹ قبل شروع ہو جاتا ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

(کتاب صبح صادق میں مندرج وقت اشراق پر مکروہ وقت ختم ہو جاتا ہے) ۱۳ رشوال ۹۰ھ

مثلِ ثانی تک تاخیرِ ظہر میں کراہت کی تحقیق :

سوال : ہمارے فوجی ملازمین کو سردیوں میں دو بجے چھٹی ہوتی ہے مثل اول میں جماعت کے لئے پہنچنا دشوار ہے امام صاحب غیر ڈیوٹی والے نمازیوں کے ساتھ مثل اول میں نماز پڑھ لیتے ہیں امام صاحب کہتے ہیں کہ ظہر کا وقت اگرچہ مثلین تک بروایتِ مشہورہ رہتا ہے لیکن مثل اول میں نماز پڑھنا بوجوہ مندرجہ ذیل ضروری ہے

(۱) سردیوں میں تعجیل مستحب ہے جو کہ مثل اول کا نصف اول ہے (اشعۃ اللمعات ص۱۵ وکفایہ شرح ہدایہ ص۲۵)

(۲) مثل ثانی وقت مختلف فیہ ہے حتیٰ کہ امام ابوحنیفہ کی ایک روایت کے مطابق یہ وقت عصر کا ہے، یہ روایت ہدایہ، درمختار وشامی وغیرھا میں موجود ہے اور ایک روایت کے مطابق یہ وقت مہمل ہے۔

(کبیری ص۲۲۵، شامی ص۲۵۱، کفایہ ص۲۵ وغیرھا)

نیز رجوع الی المثل ثابت ہے، جیسا کہ مجموعہ فتاوی عبدالحی ص۲۳۹ ج۱ میں ہے نعم ھو ثابت بتصریح جمع من الفقھاء الخ اور فیض الباری شرح بخاری ص۹۴ ج ۲ میں ہے رجوع الامام الی ھذہ الروایۃ الخ اور موطا امام محمد میں بین السطور ص۴۵ میں ہے قد ذکر جمع من الفقھاء رجوعہ منہ الی المثل ،

(۳) کتب ظاہر الروایۃ میں ظہر کے آخر وقت کی روایت نہیں ملتی و فی البدائع ص۱۲۲ ج۱، ان آخر الوقت لم یذکر فی ظاھر الروایۃ فاذا خلت ھذہ الکتب الستۃ عن ذکر آخر الوقت علم انہ لم یجیٔ فی ظاھر الروایۃ الخ (فیض الباری ص۱۲۲ ج۲)

(۴) نور الایضاح میں ہے مع مراعاۃ الوقت المستحب الخ وفی حاشیتہ افادانہ لا یجوز التاخیر عن الوقت المستحب الی المکروہ مطلقاً اھ، وفی الطحطاوی ص۱۱۱ وفی الدر المختار مراعیاً لوقت الندب، وفی کتاب الفقہ علی المذاهب الاربعۃ مع المحافظۃ علی قدر الفضیلۃ

(۵) وفی ط عن الحموی عن الخزانۃ الوقت المکروہ فی الظہر ان یدخل فی حد الاختلاف واذا اخرہ حتی صار ظل کل شیء مثلہ فقد دخل فی حد الاختلاف (شامی ص۲۵۳ وطحطاوی ص۱۱۱ وغایۃ الاوطار ص۱۶۱)

بوجوہ مندرجہ بالا وغیرہا علماء احناف نے فیصلہ یہ فرمایا ہے کہ نماز ظہر مثل اول سے مؤخر نہ کی جائے اور عصر مثل ثانی کے بعد پڑھی جائے، قال المشایخ ینبغی ان لا یصلی العصر حتی یبلغ المثلین ولا یؤخر الظہر الی ان یبلغ المثل لیخرج من الخلاف فیھا (کبیری ص۲۲۶ ومعناہ فی رد المحتار ص۲۵۱ ج۱ ومراقی الفلاح ص۱۰۳ والتنقیح الضروری شرح القدوری ص۲۷ وغیرھا) کیا مذکورۃ الصدر مجبوری کے اور امام صاحب کے بیان کے دوسرے مثل میں جماعت کا اہتمام کرسکتے ہیں اگر کرسکتے ہیں تو بالدلائل بیان فرمائیں، نیز ہر نمبر کی توثیق یا تردید واضح الفاظ میں تحریر فرمائیں؟

بیّنوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصواب

تحقیق مذکور میں دو امور کی وضاحت ضروری ہے،

(۱) حضرت امام صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ کا رجوع الی قول المثل اگرچہ منقول عن البعض ہے مگر اس کا ظن غالب نہیں اگر یہ امر غلبۂ ظن کے درجہ میں ثابت ہوتا تو مشایخ اس میں اختلاف نہ فرماتے، حالانکہ دونوں اقوال کی مساوی طور پر تصحیح و ترجیح مشایخ سے منقول ہے، ان الادلۃ تکافأت ولم یظہر ضعف دلیل الامام بل ادلتہ قویۃ ایضاً کما یعلم من مراجعۃ المطولات وشرح المنیۃ وقد قال فی البحر لا یعدل عن قول الامام الی قولہما او قول احدہما الا لضرورۃ من ضعف دلیلہ او تعامل بخلافہ کالمزارعۃ وان صرح المشایخ بان الفتوی علی قولہما کما ھنا، وقال ایضاً وانظر ھل اذا لزم من تاخیرہ العصر الی المثلین فوت الجماعۃ یکون الاولی التأخیر ام لا، والظاھر الاول بل یلزم لمن اعتقد رجحان قول الامام تأمل (رد المحتار ص۲۳۳ ج۱) شفق احمر و ابیض کی بحث کے تحت فتح الملہم میں ہے وما فی الدر المختار ان الامام رجع الی قول صاحبیہ فقال العلامۃ قاسم فی تصحیح القدوری ان رجوعہ لم یثبت لما نقلہ الکافۃ من لدن الائمۃ الثلاثۃ الی الیوم من حکایۃ القولین ودعوی عمل عامۃ الصحابۃ بخلافہ خلاف المنقول (فتح الملہم ص۱۹۵ ج۲)

(۲) مثل ثانی میں نماز ظہر کی کراہت کے قول میں متبادر کراہت تنزیہیہ ہے، اگرچہ مطلق کراہت سے کراہتِ تحریمیہ ہی مراد ہوتی ہے مگر یہاں مثل ثانی کے قول کی چونکہ بہت سے مشایخ نے تصحیح فرمائی ہے اس لئے کراہتِ تنزیہیہ متبادر ہے۔

بہرکیف امام کے لئے افضل یہی ہے کہ مثل ثانی شروع ہونے سے قبل ہی نماز پڑھائے، حکومت پر لازم ہے کہ ملازمین کو مثل اول کے اندر نماز پڑھنے کی اجازت دے،

ھدایت - راولپنڈی میں یکم جنوری میں مثل اول ڈیڑھ بجکر اکاون منٹ پر ختم ہوتا ہے اور مثل ثانی تین بجکر اکتیس منٹ پر، دوسرے موسم میں اس سے بھی زیادہ دیر تک وقت رہتا ہے لہذا سرکاری دفاتر سے دو بجے چھٹی ہونے کے بعد بھی ہر موسم میں نماز ظہر مثل اول میں جماعت کے ساتھ پڑھی جاسکتی ہے فقط واللہ تعالیٰ اعلم　　　۱۵ محرم الحرام ۹۸ھ

جماعت عصر مثلین سے قبل ہو تو کیا کرے؟:

سوال : حرمین شریفین میں نماز عصر کی جماعت مثلین سے قبل ہوتی ہے آیا جماعت ترک کرکے مثلین کے بعد نماز اکیلے پڑھی جائے یا جماعت کے ساتھ؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملهم الصواب

قال فی الشامیة وانظر هل اذا لزم من تأخیره العصر الی المثلین فوت الجماعة یکون الاولی التأخیر ام لا، والظاهر الاول بل یلزم لمن اعتقد رجحان قول الامام، تأمل (رد المحتار ص۲۳۳ ج۱) اس سے ثابت ہوا کہ مثلین کے بعد نماز عصر پڑھنا افضل ہے اگرچہ جماعت فوت ہوجائے۔ مگر یہ حکم عام مقامات کے لئے ہے حرمین شریفین کی فضیلت کے پیش نظر وہاں جماعت ترک نہ کی جائے بلکہ مثل ثانی کے اندر جماعت کے ساتھ نماز پڑھی جائے فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۱۵ محرم الحرام ۹۸ھ

علامت غروب :

سوال : عام طور پر مشہور ہے کہ جب مشرق کی طرف افق پر سیاہی آجاتی ہے تو اس کو غروب آفتاب کی علامت سمجھا جاتا ہے، حالانکہ مشاہدہ سے ثابت ہوا کہ غروب آفتاب سے کچھ قبل ہی مشرق کی طرف سیاہی نظر آنے لگتی ہے، اس کے بارے میں تحقیق کیا ہے؟ بینوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصواب

غروب آفتاب کی یہ علامت حدیث میں بھی مذکور ہے اذا اقبل اللیل من ھٰھنا الحدیث اس کی شرح میں حضرت گنگوہی قدس سرہ فرماتے ہیں والعبرۃ انما ھو لارتفاع الظلام من المشرق الی حیث یوازی رأس الرائی (لامع الدراری ص۲۱۸ ج ۵) یعنی مشرق کی جانب ظلمت کا محض ظہور کافی نہیں بلکہ یہ شرط ہے کہ افق سے بلند ہو کر قامت رائی سے برابر ہو جائے۔

بندہ نے ایک اور عالم کو بھی ساتھ لیکر اس کا مشاہدہ کیا تو اس کو بالکل صحیح پایا، فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۲ رمضان ۹۸ھ

مغرب اور عشاء کے درمیان وقت کی کوئی تحدید نہیں :

سوال : کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ مغرب سے عشاء تک کتنا وقت ہونا چاہیئے، ہمارے ہاں علماء کرام بعض کہتے ہیں کم سے کم ایک گھنٹہ اٹھارہ منٹ پر عشاء کا وقت شروع ہو جاتا ہے اور زیادہ سے زیادہ ایک گھنٹہ پینتیس منٹ پر عشاء کا وقت ہو جاتا ہے بعض کہتے ہیں ایک گھنٹہ ۲۰ منٹ پر عشاء کا وقت ہوتا ہے۔ برائے کرم مفتیٰ بہ قول ذکر فرمائیں، بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

مغرب اور عشاء کے درمیان خط استواء کے مقام پر معتدل ایام میں کم از کم وقت ۷۵ منٹ ہے، اس وقت سفید شفق غروب ہوتی ہے، سُرخ شفق اس سے بھی بارہ منٹ پہلے غروب ہو جاتی ہے اس کے مطابق غروب آفتاب سے ۶۳ منٹ کے بعد وقت عشاء شروع ہو جائے گا یہ قول ارجح ہے اور قول اول احوط، دوسرے ایام اور دوسرے مقامات میں اس سے زیادہ وقت ہوتا ہے اور زیادتی کی کوئی تحدید نہیں حتیٰ کہ بلغار میں موسم گرما میں عشاء کا وقت آتا ہی نہیں اس وقت کی مقدار ہر شہر میں اور ہر موسم میں مختلف ہے، تفصیل کے لئے بندہ کی کتاب "صبح صادق" دیکھیں، فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۴ ربیع الآخر ۹۸ھ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَمَا تَوْفِيقِي إِلَّا بِاللّٰهِ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَإِلَيْهِ أُنِيبُ

★

شرح الصدر

فی الفرق بین

صلوتی الفجر و العصر

بوقت غروب نماز عصر مع الکراہۃ صحیح ہے

مگر بوقت طلوع نمازِ فجر صحیح نہیں،

دونوں میں وجہ الفرق سے متعلق عجیب بلکہ اعجب تحقیق،

توجیہ عجیب احادیث متعلقہ اتمام یا فساد صلوٰۃ فجر بطلوع شمس

اقتباس از تقریر صحیح بخاری

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا ادرك احدکم سجدۃ من صلوٰۃ العصر قبل ان تغرب الشمس فلیتم صلوتہ الی اٰخر الحدیث ص۹۰

عند الجمہور عصر اور فجر دونوں کا ایک حکم ہے کہ جب نماز شروع کر چکا ہو اور درمیان میں غروب یا طلوع ہو جائے تو نماز پوری کرلے۔ یہ حدیث باب جمہور کی مستدل ہے۔ اور عند الطرفین رحمہما اللہ تعالیٰ عصر اور فجر میں فرق ہے کہ عصر الیوم پڑھتے ہوئے اگر غروب ہو گیا تو تکمیل کرلے اور اگر فجر میں طلوع ہو گیا تو نماز فاسد ہو جائے گی اس لئے بعد میں قضا کرے امام ابو یوسف رحمہ اللہ تعالیٰ سے سرخسی نے روایت نقل کی ہے کہ نماز فجر پڑھتے ہوئے اگر طلوع ہو جائے تو اسی حالت میں امساک کرے حتّٰی کہ وقت مکروہ گزر جائے اس کے بعد اتمام کرے۔

امام طحاوی رحمہ اللہ تعالیٰ کی تحقیق یہ ہے کہ عصر کی نماز بھی صحیح نہیں ہوتی، انکے ہاں فجر اور عصر دونوں طلوع و غروب سے فاسد ہو جاتی ہیں۔ امام طحاوی اعلم بمذہب ابی حنیفہ ہیں مگر اسکے باوجود جہاں جمہور حنفیہ کے خلاف جاتے ہیں وہاں ان کا قول نہیں لیا جاتا۔

یہ روایت صحیح بخاری کے سوا دوسری کتابوں میں بلکہ خود صحیح بخاری میں بھی باب زیر بحث کے سوا دوسرے مواضع میں اس طرح سے ہے من ادرك رکعۃ قبل ان تغرب الشمس فقد ادرك اسی قسم کے الفاظ فجر کے بارے میں آئے ہیں۔ احناف نے انہی الفاظ کو مدِ نظر رکھتے ہوئے اس حدیث کا جواب دینے کی کوشش کی ہے۔ اس روایت کے حقیقی معنیٰ تو یہ ہیں کہ جس نے طلوع یا غروب سے پہلے ایک رکعت پالی اس نے پوری نماز پالی، جس کا ظاہر یہ ہے کہ ایک رکعت پڑھنے سے ہی اس کی نماز مکمل ہو گئی آگے پڑھنے کی کوئی ضرورت نہیں، مگر اس ظاہری مفہوم کا کوئی بھی قائل نہیں لہٰذا بالاتفاق یہاں کچھ محذوف ماننا پڑے گا۔

جمہور اس کی تقدیر یوں کرتے ہیں فقد ادرك وقت الصلوٰۃ یعنی ایک رکعت پڑھ لی تو اسے نماز کا وقت مل گیا اس لئے نماز پوری کرلے۔

احناف کی طرف سے امام طحاوی رحمہ اللہ تعالیٰ اسکے جواب میں فرماتے ہیں کہ ہم وقت الصلوٰۃ مقدر نہیں مانتے بلکہ حکم الصلوٰۃ نکالتے ہیں یعنی صبی بالغ ہو یا حائضہ پاک ہو یا کوئی کافر اسلام لائے

ایسے وقت میں کہ ایک رکعت طلوع یا غروب سے پہلے پڑھ سکتا ہو تو اس نے حکم صلوٰۃ یعنی وجوب الصلوٰۃ کو پالیا اس پر نماز فرض ہو جائے گی جسے بعد میں قضا کرنا ضروری ہوگا۔

اشکال : اسمیں فجر اور عصر کی کیا تخصیص ہے؟ یہ قاعدہ تو ہر نماز کے بارے میں ہے کہ وقت ختم ہونے سے پہلے اتنا وقت پالیا کہ اسمیں ایک رکعت ادا کی جاسکتی ہو تو نماز فرض ہو جائے گی۔

جواب : عصر اور صبح کا ذکر تخصیص کے لئے نہیں بلکہ ان دونوں وقتوں کا اختتام چونکہ مشاہدہ سے بسہولت معلوم ہو جاتا ہے اس لئے ان کو ذکر کر دیا ورنہ حکم سب نمازوں کے لئے عام ہے۔

ابن الملک شارح مشارق الانوار نے اس روایت کا یہ جواب دیا ہے کہ ہم نہ وقت الصلوٰۃ مقدر مانتے ہیں اور نہ حکم الصلوٰۃ بلکہ ثواب الصلوٰۃ مقدر ہے۔ مطلب یہ ہے کہ کسی شخص نے اپنی طرف سے پوری کوشش کی کہ وہ طلوع یا غروب سے پہلے نماز پڑھ لے مگر اس کی کوشش کے باوجود نماز کے درمیان میں طلوع یا غروب ہو گیا تو اسے ثواب مل جائیگا اس لئے کہ اسنے اپنی جانب سے پوری کوشش کی ہے۔ کوشش پر ثواب مل جانا ومن یخرج من بیتہ مھاجرا الی اللہ ورسولہ ثم یدرکہ الموت فقد وقع اجرہ علی اللہ سے ثابت ہے۔ نیز حضور کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم کوئی وادی یا جنگل قطع نہیں کرتے مگر وہ لوگ تمہارے ساتھ ہوتے ہیں صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا کہ کون لوگ؟ تو آپ نے فرمایا کہ معذورین اسکی مزید تفصیل اور اس پر روایات ارشاد القاری میں "انما الاعمال بالنیات" کے تحت درج ہیں۔

ابن الملک کی یہ توجیہ بڑی لطیف ہے مگر امام طحاوی اور ابن الملک دونوں کی تقریر صحیح بخاری کی زیر بحث حدیث پر نہیں چل سکتی اس لئے کہ اس حدیث میں "فلیتم صلوٰتہ" کے الفاظ ہیں جس میں اتمام صلوٰۃ کا حکم دیا گیا ہے۔ ابن الملک نے اسکا یہ جواب دیا ہے کہ اتمام دو معنوں میں استعمال ہوتا ہے،

(۱) شروع کرنے کے بعد تکمیل کرنا۔

(۲) ابتدا سے ہی اچھے طریقہ سے ادا کرنا جیسے کہ واتموا الحج والعمرۃ للہ سے شوافع استدلال کرتے ہیں کہ امر وجوب کے لئے ہوتا ہے تو ثابت ہوا کہ عمرہ واجب ہے۔ احناف اس کا یہ جواب دیتے ہیں کہ اس آیت سے نفس عمرہ کا وجوب ثابت نہیں ہوتا بلکہ اتمام عمرہ کا حکم ہے یعنی عمرہ شروع کرنیکے بعد اس کا اتمام واجب ہے۔ شوافع اسکا جواب یہی دیتے ہیں کہ یہاں اتمام تکمیل بعد الشروع کے معنی میں نہیں ہے بلکہ ادا بطریق کامل کے معنی میں ہے اسی طرح ابن الملک "فلیتم صلوٰتہ" میں بھی اتمام سے ادا بطریق کامل مراد لیتے ہیں یعنی "ادکما وجب"۔ عصر کی نماز ناقصاً واجب ہوتی ہے لہٰذا حالتِ غروب میں اسکا ادا کرنا صحیح ہے۔ اور فجر کی نماز کاملاً واجب ہوتی ہے اس لئے حالتِ

طلوع میں اس کی ادا صحیح نہ ہو گی۔

مگر ابن الملک کی یہ تقریر بھی تشفی بخش نہیں اس لئے کہ اتمام کے یہ معنی خلاف متبادر ہیں۔ اسی لئے اتموا الحج والعمرۃ للہ میں جب شوافع یہی مراد لیتے ہیں تو ہم اسے قبول نہیں کرتے تو یہ خلافِ انصاف ہے کہ شوافع یہی معنی بتائیں تو ہم قبول نہ کریں اور اس حدیث میں اپنے مذہب کی حفاظت کے لئے وہی معنی خود بیان کرنے لگیں۔

نیز "فلیتم صلوٰتہ" کے الفاظ میں تو آپ نے کچھ نہ کچھ تاویل کر دی مگر تا بکے؟ سنن کبریٰ للبیہقی کی روایت میں یہ الفاظ ہیں۔ من صلی رکعۃ من العصر قبل ان تغرب الشمس ثم صلی ما بقی بعد غروب الشمس فلم یفتہ العصر وقال مثل ذلک فی الصبح، اور دارقطنی کی روایت اس سے بھی زیادہ صریح ہے فرماتے ہیں اذا صلی احدکم رکعۃ من صلوٰۃ الصبح ثم طلعت الشمس فلیصل الیہا اخریٰ، ان روایات میں تاویلات مذکورہ میں سے کسی کی گنجائش نہیں۔

حضرت مولانا انور شاہ صاحب رحمہ اللہ فقد ادرک والی روایت کو مسبوق پر محمول فرمایا کرتے تھے یعنی جس شخص نے امام کیساتھ ایک رکعت کو پالیا اسنے جماعت کا ثواب پالیا مگر یہ توجیہ بھی دل کو نہیں لگتی، اسلئے کہ اگر یہ مطلب لیا جائے تو قبل ان تطلع الشمس اور قبل ان تغرب الشمس کے الفاظ بے معنی ہو جاتے ہیں۔ شاہ صاحب نے اسکا جواب دینے کی بھی کوشش کی ہے مگر صحیح بات یہ ہے کہ جواب بنتا نہیں۔

نیز سنن کبریٰ اور دارقطنی اور صحیح بخاری کی زیر بحث حدیث کا کیا جواب ہو گا۔ بیہقی کی روایت کو شاہ صاحب نے معلول ثابت کرنیکی کوشش کی ہے مگر انصاف سے دیکھا جائے تو معلوم ہو گا کہ شاہ صاحب کی پوری تقریر سے اطمینان نہیں ہوتا۔

ابن ہمام رحمہ اللہ تعالیٰ نے احناف کا مذہب ثابت کرنے کے لئے یہ طریقہ اختیار کیا ہے کہ ان روایات میں طلوع اور غروب کے وقت میں اتمام صلوٰۃ کا حکم دیا گیا ہے۔ اور دوسری احادیث میں ان اوقات میں نماز پڑھنے سے نہی وارد ہوئی ہے پس تعارض کی وجہ سے احادیث میں تساقط ہو گا اور ہم رجوع الی القیاس کریں گے، پس قیاس کا مقتضیٰ یہ ہے کہ عصر کی نماز صحیح ہو جائے اور فجر کی نہ ہو جس کی تفصیل کتبِ فقہ میں موجود ہے۔

ابن ہمام رحمہ اللہ تعالیٰ کی اس تحقیق کو بہت پسند کیا گیا ہے چنانچہ احناف نے اس تحقیق کے بعد یہ سمجھا کہ ہم اپنا مذہب ثابت کرنے میں کامیاب ہو گئے مگر حقیقت یہ ہے کہ معاملہ اب بھی ویسے ہی ہے اسلئے کہ تعارض فی الروایات کے وقت سب سے پہلے تطبیق کی صورت تلاش کرنا ضروری ہوتا ہے اگر کوئی

صورت ممکن نہ ہو تو وجہ ترجیح تلاش کی جاتی ہے، وہ بھی نہ ہو تو تیسرے درجہ پر تساقط کا قاعدہ چلتا ہے اس مسئلہ میں جتنی روایات متعارضہ ہیں ان میں صورتِ تطبیق بھی موجود ہے اور وجہ ترجیح بھی۔ ایسی حالت میں روایات کو چھوڑ کر قیاس کی طرف جانا کیسے جائز ہوگا؟

صورت ترجیح تو خود امام طحاوی رحمہ اللہ تعالیٰ بیان فرماتے ہیں کہ روایات اتمام خبر واحد ہیں اور روایات نہی حدِّ تواتر کو پہنچ چکی ہیں لہٰذا وہ راجح ہونگی۔ نیز محرّم اور مبیح کے تعارض کے وقت محرم کو ترجیح ہوا کرتی ہے۔ ثالثاً یہ کہ اباحت اصلیہ ہے اور نہی شرعی ہوتی ہے اسلئے جہاں مبیح اور محرم کی تاریخیں معلوم نہ ہوسکیں وہاں مبیح کو مقدم اور محرم کو مؤخر سمجھا جاتا ہے اور محرم کو مبیح کے لئے ناسخ قرار دیا جاتا ہے اسلئے امام طحاوی رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ نہ فجر کی نماز ہوگی اور نہ عصر کی۔

ابن قیم اور شوافع تطبیق کی صورت اختیار کرتے ہیں شوافع یوں فرماتے ہیں کہ احادیث نہی سے احادیث باب مخصوص اور مستثنیٰ ہیں اور ابن قیم اعلام الموقعین میں فرماتے ہیں کہ بعض دفعہ کسی چیز کی ابتداء ناجائز ہوتی ہے مگر اسکا ابقاء اور مداومت جائز ہوتی ہے جیسے کہ حالتِ احرام میں ابتداءً خوشبو لگانا اور نکاح کرنا ناجائز ہے مگر خوشبو لگا کر احرام باندھا تو اس خوشبو کا ابقاء جائز ہے اسی طرح نکاح کرنیکے بعد احرام باندھا تو وہ بقاءِ نکاح کے منافی نہیں، ایسے ہی کسی نے قسم اٹھائی کہ نکاح نہیں کریگا تو ابتداءِ نکاح سے حانث ہوگا اور پہلے سے کئے ہوئے نکاح کے ابقاء سے حانث نہیں ہوگا اسی طرح ان روایات میں فرماتے ہیں کہ روایات نہی کا مطلب یہ ہے کہ ان اوقات میں نماز کی ابتداء کرنا جائز نہیں اور احادیث باب سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ اگر پہلے سے ابتداء کرچکا ہو اور درمیان میں طلوع یا غروب ہوگیا تو اس نماز کو باقی رکھے اور تام کرے پس دونوں قسم کی روایات میں کوئی منافاۃ نہیں۔

یہ صورت تطبیق بعض مواقع پر خود احناف نے بھی اختیار کی ہے چنانچہ کتب فقہ شامیہ وغیرہ میں یہ تحقیق مذکور ہے کہ اگر کسی شخص نے اوقاتِ مکروہہ میں نوافل شروع کردیئے تو ان کا اتمام کرے اسکی وجہ یہ بیان کرتے ہیں کہ روایات متعارض ہیں اور قرآن کریم میں وارد ہے لا تبطلوا اعمالکم اس لئے نوافل کو چھوڑنا ابطال عمل ہونیکی وجہ سے جائز نہیں لہٰذا اتمام ضروری ہے۔ تعجب ہے کہ نوافل کے اتمام کا حکم دیتے ہیں مگر فرائض کو توڑ دینے کا حکم دے رہے ہیں۔ غرضیکہ اصول کا تقاضا یہ ہے کہ صورت تطبیق اختیار کی جائے اس لئے فجر اور عصر دونوں نمازیں صحیح ہونی چاہئیں جیسے کہ جمہور کا مسلک ہے دوسرے درجہ پر صورت ترجیح اختیار کرنا چاہئے تھی جو کہ امام طحاوی رحمہ اللہ تعالیٰ کا مسلک ہے، مگر تعجب ہے کہ احناف کا مشہور مسلک نہ ادھر ملتا ہے نہ اُدھر۔ البتہ راوی حدیث حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ

کا فتویٰ نماز کے بارے میں احناف کے مطابق ہے۔ کنز العمال میں اس کی تصریح ہے۔
غرضیکہ یہ مسئلہ اب تک تشنۂ تحقیق ہے۔ معہذا ہمارا فتویٰ اور عمل قول امام رحمہ اللہ کے مطابق ہی ہوگا اس لئے کہ ہم امام رحمہ اللہ کے مقلد ہیں اور مقلد کے لئے قول امام حجت ہوتا ہے نہ کہ ادلۂ اربعہ کہ ان سے استدلال وظیفۂ مجتہد ہے۔

اس بارے میں عرصۂ دراز تک متحیّر رہنے کے بعد حضرت تھانوی قدس سرہٗ کی عجیب وغریب تقریر بوادر النوادر میں نظر سے گزری جس سے کامل تشفی ہوگئی۔ فالحمد للہ علیٰ ذٰلک وللہ در حکیم الامۃ قدس سرہٗ۔ وھا ھو ذا

اعلم ان العلماء اختلفوا فی ما اذا طلعت الشمس فی صلوٰۃ الفجر او غربت فی صلوٰۃ العصر هل تصح الصلوٰۃ او تفسد فقال الشافعی ومن وافقہ تصح فیھما وقال الطحاوی تفسد فیھما وقال امامنا ابو حنیفۃ رحمہ اللہ تعالیٰ تفسد فی الفجر وتصح فی العصر ومبنی ھٰذا الاختلاف اختلافھم فی توجیہ الروایات التی وردت فی ھٰذا الباب ولنسرد اولاً تلک الروایات ثم نذکر التوجیھات

فروی الشیخان من حدیث ابی ھریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من ادرک من الصبح رکعۃ قبل ان تطلع الشمس فقد ادرک الصبح ومن ادرک رکعۃ من العصر قبل ان تغرب الشمس فقد ادرک العصر وفی لفظ للبخاری اذا ادرک احدکم سجدۃ من صلوٰۃ العصر قبل ان تغرب الشمس فلیتم صلوٰتہ واذا ادرک سجدۃ من صلوٰۃ الصبح قبل ان تطلع الشمس فلیتم صلوٰتہ (زیلعی ج۱ ص۱۱۹) وروی نحو ذٰلک فی فتح الباری ج ۲ وفی کنز العمال ج ۴ فعمل الشافعی ومن معہ بظاھر احادیث الاتمام وحمل احادیث النھی علیٰ تأثیم متحری ھٰذہ الاوقات مع القول بصحۃ الصلوٰۃ والطحاوی قال بالفساد فیھما حملاً لظاھر احادیث النھی علی الابطال واوّل حدیث الادراک بایجاب الصلوٰۃ علی من اسلم فی اٰخر الوقت او بلغ الحلم فیہ او امرأۃ طھرت من الحیض فیہ واوّل ما فی احادیث الاتمام بکونھا منسوخۃ باحادیث النھی واما نحن معاشر الحنفیۃ فتوجیھنا الذی ادّی الیہ نظری وان کان مأخوذاً من کلام من تقدمنا ان یقال ان روایات الاتمام والادراک تقتضی صحۃ الصلوٰۃ فیھما واحادیث النھی یحتمل امرین اما تأثیم المصلی فیھما مع صحۃ الصلوٰۃ واما بطلان الصلوٰۃ فیھما کما قال بہ الطحاوی فان النھی الشرعی یستعمل فی کلا المعنیین مثال الاول النھی عن الصلوٰۃ مقعیا او متخصراً ومثال الثانی النھی عن الصلوٰۃ بغیر طھور۔ وان خالجک قول الاصولیین ان النھی عن الافعال الشرعیۃ یقتضی مشروعیۃ

الاصل مع فساد الوصف فهو اكثرى لا كلى والا لا نتقض بكثير من المسائل ـ

وان رابك ان النهى فى الصلوٰة بغير طهور قد وقع بصيغة النفى فاقتضى البطلان بخلاف النهى عن الصّلوٰة فى الاوقات المكروهة فلم يوجد ما يقتضى البطلان فازحه بورود هٰذا النهى ايضًا بصيغة النفى فى بعض الروايات كما روى الشيخان عن ابى سعيد الخدرى رضى الله تعالىٰ عنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا صلوٰة بعد الصبح حتى ترتفع الشمس ولا صلوٰة بعد العصر حتى تغيب الشمس (مشكوٰة ص۹۴ ج ۱)

و روى مسلم عن عبد الله الصنابحى رحمه الله تعالىٰ فى صلوٰة العصر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ولا صلوٰة بعدها حتى تطلع الشاهد (مشكوٰة ص۹۴ ج ۱)

و روى رزين عن ابى ذر رضى الله تعالىٰ عنه قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم لا صلوٰة بعد الصّبح حتى تطلع الشمس ولا بعد العصر حتى تغرب الشمس (مشكوٰة ص۹۵ ج ۱)

فلمّا احتمل النهى الامرين ينظران الاحتياط فى اى الامرين والصلوٰة محل احتياط بليغ فظاهر ان الاحتياط فى الحمل على البطلان لان القضاء اذًا يكون فرضًا بخلاف احتمال الكراهة فحملنا على البطلان اى بطلان الفريضة لا بطلان نفس الصلوٰة لان المقتضى للبطلان كان الاحتياط والاحتياط محفوظ مع القول بصحة النفل فبهذا الوجه قد جاء التعارض بين احاديث النهى وينبغى ان يكون هذا هو التفسير لقول علمائنا بوقوع التعارض بين قسمى الروايات فلمّا وقع التعارض رجعنا الى القياس كما هو حكم التعارض وليس معنى هذا الرجوع ترك الاحاديث والعمل بالقياس بل معناه ترجيح بعض محتملات الاحاديث بالقياس ثم العمل به من حيث انه حكم الحديث لا من حيث انه حكم القياس فافهم فلما رجعنا الى القياس حكم القياس بترجيح توجيه يقتضى البطلان فى احاديث الفجر وبترجيح توجيه يقتضى الصحة فى احاديث العصر فعملنا فى الفجر باحاديث البطلان واوّلنا احاديث الاتمام وعملنا فى العصر بالعكس فحكمنا ببطلان الصلوٰة فى الفجر وبصحتها فى العصر فلم يفت منا عمل بشئ من الاحاديث بالظاهر فى بعضها وبالمؤول فى بعضها

والآن بقى امران

الاول : ما وجه القياس فى الصلاتين ؟

الثّانى : ما التأويل فى الاحاديث ؟

بیان الاوّل : ان الفجر وقت الشروع قبل طلوع الشمس وجب کاملاً لکمال السبب وهو الوقت و بالطلوع صار الوقت ناقصًا و صارت الصلوٰة ناقصة فلا یتأدی الکامل بالناقص ففسدت والعصر وقت الشروع قبل المغرب وجب ناقصا لنقصان الوقت فاداه کما وجب فلم تفسد ۔ هٰذا

بیان الثانی : ان معنی قوله علیه السلام فقد ادرک ما قاله الطحاوی رحمه الله تعالیٰ ومعنی فلیتم انه لا یبطل التحریمة بل یمضی فی الصلوٰة لانه ان لم یتأد فرضًا فقد صحت نفلاً کما فی الدر المختار کما هو الحکم فی الحج الفاسد ومعنی فلم یفت صلوٰته لم یفت وقت صلوٰته بل کان مدرکًا للوقت فیکون حاصل معناه هو معنی فقد ادرک

تفصیل المقام : ان تأخیره صلی الله علیه وسلم قضاء الصلوٰة الی ارتفاع الشمس مع قوله علیه السلام من نسی صلوٰة او نام عنها فکفارتها ان یصلیها اذا ذکرها رواه مسلم وفی روایة لاکفارة لها الا ذٰلک (ص۲۴۱ ج ۱) الدال علی وجوب التعجیل فی القضاء اذا لم یکن عذر قوی وهو المذهب ایضًا کما فی الدر المختار مع رد المحتار (ص۵۵۵ ج ۱) ونصه التأخیر بلا عذر کبیرة لا تزول بالقضاء بل بالتوبة اذا قضاها واثم التأخیر باق بحر اه وفی الدر ایضًا ویجوز تأخیر الفوائت وان وجبت علی الفور لعذر السعی علی العیال وفی الحوائج علی الاصح اه قال الشامی تحت قوله ویجوز تأخیر الفوائت ای الکثیرة[ع] المسقطة للترتیب اه (ص۶۸۱ ج ۱) فیه دلیل علی ان ما بین طلوع الشمس وارتفاعها وقت ناقص لا یصلح للفرائض ولو فائتة والا لما اخرها فلما ثبت کونه غیر صالح للفرض واذا طلعت الشمس فی اثنائه یقع بعض الفرض فی هٰذا الوقت فیحکم بفساده۔

لا یقال کان ههنا عذران

احدهما : التحرز عن الکراهة الزمانیة المفهومة من قوله صلی الله علیه وسلم فی حدیث عمرو بن عنبسة واذا طلعت فلا تصل حتی ترتفع فانها تطلع بین قرنی شیطان

ثانیهما : التحرز عن الکراهة المکانیة کما یشعر به قوله صلی الله علیه وسلم فی حدیث ابی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه فان هذا منزل حضرنا فیه الشیطان فاین فیه الدلالة علی کون التأخیر

ع قلت وهذا القید یدل باعتبار مفهوم المخالفة وهو معتبر فی کتب القوم وان لم یکن معتبرا عندنا فی الکتاب والسنة علی ان الفوائت لو کانت اقل من هٰذا الحد لا یجوز تأخیر ادائها قاله الشیخ ۱۲ منه

للكراهة الزمانية وانها مفسدة للفرض

لانا نقول حضور الشيطان لا يصلح مانعًا اذ قد عرض للنبى صلى الله عليه وسلم فى صلوٰته فلم يخرج منها حتى اتمها وقال لولا دعوة اخينا سليمان عليه السلام لاصبح موثقا يلعب به ولدان المدينة والحديث مشهور فى الصحاح فاستحال ان يكون التأخير لذلك سيما وفى حديث ابى قتادة رضى الله تعالى عنه انه اخر الصلوٰة الى ان ارتفعت الشمس ثم صلاها (وفى حديث عمران بن حصين برواية الحسن ثم انتظرحتى استعنت الشمس وفى حديث نافع بن جبير عن ابيه ثم قعد واهنيهةً كما مر فى المتن) ففيه ان تأخيره انما كان ليحل وقت الصلوٰة لا لما سواه كذا فى المعتصر من المختصر (ص۳۵ ج۱) وقد صرح بذلك ابن عباس رضى الله تعالى عنهما كما سيأتى وقال فلم يصل حتى ارتفعت وكان سبب التأخير عنده التحرز عن كراهة الوقت فقط والصحابى اعرف بعلة فعل الرسول صلى الله عليه وسلم من غيره وبالجملة فان الكراهة المكانية لا تصلح سببًا للتأخير وانما يستحب التحول لاجلها الى مكان أخر اذا وجد مسوغ للتأخير مستقل وليس هو هناك الا الكراهة الزمانية فحسب فتم ما قلنا ان تأخيره صلى الله عليه وسلم قضاء الصلوٰة الى ارتفاع الشمس مع وجوبه على الفور دليل على كون الوقت غير صالح للفرض

فان قيل سلمنا ان سبب التأخير هو الكراهة الزمانية ولكن فيه احتمالان

الاول ما قلتم اى الكراهة الشديدة التى لا تجتمع مع الصحة

والثانى الكراهة الخفيفة وهى ليست كذلك كما لا يخفى

قلنا من ابتلى ببليتين يختار اهونهما وقد اختار النبى صلى الله عليه وسلم تأخير الصلوٰة الى ارتفاع الشمس فثبت ان الكراهة فى قضائها عند طلوع الشمس لشديدة ايضًا فالصلوٰة محل الاحتياط وهو فيما قلنا فانا اذا حكمنا بالفساد يكون قضاء تلك الصلوٰة فرضًا و اذا حكمنا بالكراهة الخفيفة لا يكون القضاء فرضًا فقلنا بالكراهة الشديدة التى لا تجتمع مع الصحة ويؤيد نا منع بعض الصحابة عن قضاء الفجر فى هذا الوقت قبل الارتفاع كما سيأتى

فان قيل ورد النهى بعد صلوٰة الصبح الى ان تطلع الشمس وبعد صلوٰة العصر حتى تغرب وخص بالتطوع اتفاقا وصح قضاء الفائتات فيهما فليكن النهى فى هذه الاوقات كذلك

قلنا النهى فيهما لمعنى فى الصلوٰة بدليل ان من صلى الصبح او العصر ليس له ان يصلى فيهما

التطوع ومن لم يكن صلاهما له ان يصلى فيهما (اى ركعتين تطوعاً قبل صلوٰة الصبح وماشا من النوافل قبل العصر) والوقت بالنسبة اليهما واحد وفى الاوقات الثلٰثة النهى لمعنى فى الوقت لقوله تطلع بين قرنى الشيطان ونحوه فافترقا فلايجوز قياس احدهما على الآخر اذاكان النهى لمعنىً فى الوقت لايجوز فيه صلوٰة اصلاً سواء كانت فرضاً او نفلاً او فائتةً لانها تستدعى وقتاصالحاً لها وهٰذه الاوقات لاتصلح لها للعلة التى ذكرها النبى صلى الله عليه وسلم وهى عامة لاتختص بصلوٰة دون صلوٰة الا ان النفل يصح فيها مع الكراهة لما ثبت فى الاصول ان النهى عن الافعال الشرعية تستدعى مشروعيتها فى الجملة والالم يكن للنهى معنىً واما الفرض فلا يصح فيها بصفة الفرضية بل ينقلب نفلاً لان النهى عن الصلوٰة فى هٰذه الاوقات انما تستدعى المشروعية فى الجملة لا على صفة الكمال ويكفى لها الصحة نفلاً كما لايخفى لانه من ادنى مراتب الصحة والضرورى انما يتقدر بقدر الضرورة وقد صرح فقهاءنا رحمهم الله تعالىٰ بانقلاب فرض الفجر نفلاً بطلوع الشمس من غير فساده كما فى الدر المختار اٰخر باب الاستخلاف (ص۶۳۷ ج۱)

واورد الحافظ فى الفتح علينا فقال وفيه اى فى قوله فان هٰذا منزل حضرنا فيه الشيطان رد على من زعم ان العلة فيه كون ذٰلك وقت الكراهة بل فى حديث الباب انهم لم يستيقظوا حتى وجد واحر الشمس ولمسلم من حديث ابى هريرة رضى الله تعالىٰ عنه حتى ضربتهم الشمس وذٰلك لايكون الابعد ان يذهب وقت الكراهة اھ (ص۳۸ ج۱)

قلنا لادليل فيه على الارتفاع قبل الاستيقاظ اذ يحتمل ان تكون طلعت بحرارتها كما هو موجود بالحجاز فى حرها الى الاٰن كذا فى المعتصر من المختصر (ص۴۵) ولابد من هٰذا التأويل فقد روى عن ابن عباس رضى الله تعالىٰ عنهما مايدل على استيقاظه قبل الارتفاع اخرج النسائى بسند حسن وسكت عنه قال ادلج رسول الله صلى الله عليه وسلم ثم عرس فلم يستيقظ حتى طلعت الشمس او بعضها فلم يصل حتى ارتفعت الشمس فصل الحديث (ص۱۰۲ ج۱) فقط والله سبحانه وتعالىٰ اعلم

سنه ۱۳۸۲ ہجری

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لا یغرنکم الفجر المستطیل

صبح صادق

اور

تقریباً پوری دنیا کے اوقاتِ نماز کا نقشہ

اس رسالہ میں قرآن، حدیث، فقہ اور فلکیات قدیمہ وجدیدہ کے حوالجات اور جماعتِ علماء کے مشاہدات سے ثابت کیا گیا ہے کہ اوقاتِ نماز کے عام نقشوں اور جنتریوں میں صبح صادق اور عشاء کے اوقات غلط ہیں۔

مندرجات

سرگزشت

○ سنہ ۱۳۸۸ھ میں مؤلف کو اوقاتِ نماز کے عام نقشوں میں صبح صادق اور عشار کے وقت سے متعلق غلطی پر تنبہ ہوا اور اسی وقت دوسرے علمار کو بھی اس طرف متوجہ کرنے کی سعی شروع کردی۔
○ ربیع الاول سنہ ۱۳۸۹ھ میں یہ تحقیق مجلس تحقیق مسائل حاضرہ کراچی کے متفقہ فیصلہ کے بعد مختصراً صرف چار صفحات میں شائع ہوئی۔
○ پھر مختلف اوقات میں اسمیں اضافات ہوتے رہے اور صحیح اوقات کے نقشے بھی درج کئے گئے۔
○ ربیع الآخر سنہ ۱۳۹۰ھ میں حضرت مفتی محمد شفیع صاحب نے گیارہ علمار کی جماعت کے ساتھ تین روز تک ذاتی مشاہدات کی روئیداد تحریر فرمائی۔
○ ذی قعدہ سنہ ۱۳۹۰ھ میں حضرت مفتی محمد شفیع صاحب نے اسکی تائید میں فتویٰ تحریر فرمایا۔
○ رمضان ۱۳۹۱ھ میں مفتی محمد شفیع صاحب نے نقشہ اوقاتِ سحر وافطار میں قدیم اوقات کو "انتہاءِ سحر احتیاطاً" اور جدید اوقات کو "وقت اذانِ صبح" کے عنوان سے شائع فرمایا۔
○ ذی قعدہ سنہ ۱۳۹۲ھ میں مجلس تحقیق نے اسکی دوبارہ توثیق کی۔
○ مجلس تحقیق کی تصدیق اول، پھر تین روز تک مشاہدات، پھر توثیق دوم کے بعد سنہ ۱۳۹۳ھ میں مفتی محمد شفیع اور مولانا محمد یوسف بنوری نے اس تحقیق سے رجوع فرمایا مگر مؤلف کے دریافت کرنے پر بھی انھوں نے اسکی وجہ نہیں بتائی، انکی تحریر بعینہٖ کتاب میں نقل کرکے اسپر بقدر ضرورت تبصرہ کردیا گیا ہے۔
○ ربیع الاول سنہ ۱۳۹۴ھ میں خلاصۂ تحقیق کا اضافہ کیا گیا ———

خلاصۂ تحقیق

(۱) اس تحقیق میں مختلف حوالوں سے یہ ثابت کیا گیا ہے کہ پُرانے نقشوں میں دئیے ہوئے صبح صادق کے وقت آفتاب اُفق سے ۱۸ درجہ نیچے ہوتا ہے پھر کئی حوالوں سے یہ ثابت کیا گیا ہے کہ ۱۸ درجہ زیرِ افق پر صبح کاذب ہوتی ہے اور صبح صادق ۱۵ درجہ زیرِ افق پر ہوتی ہے ان مصنفین نے اسکی بھی تصریح کی ہے کہ انھوں نے یہ اصول بارہا مشاہدات کے بعد متعین کئے ہیں،

(۲) حضرت مفتی محمد شفیع صاحب کی سرکردگی میں گیارہ علماء کے تین روز تک مشاہدات سے متعلق حضرت مفتی صاحب کی خود نوشتہ روئیداد اور اسکے نتائج اسقدر واضح اور بدیہی ہیں کہ اسکے بعد شک و شبہ کی کوئی گنجائش باقی نہیں رہتی، اس سے بڑھ کر اور کیا دلیل ہوسکتی ہے فبایّ حدیث بعدہٗ یؤمنون۔

(۳) یہ امر احادیث اور فقہ سے ثابت ہے اور اس پر پوری اُمّت کا اجماع ہے کہ صبح کاذب کی روشنی اُفق سے اوپر کو مستطیل ہوتی ہے اور صبح صادق معترض (شمالاً جنوباً پھیلنے والی) ہوتی ہے، اور بقول بیرونی نصف دائرہ کی شکل بن جاتی ہے، اس معیار کو مدنظر رکھ کر ہر شخص مشاہدہ کرکے یہ فیصلہ کرسکتا ہے کہ پُرانے نقشوں کے وقت پر ظاہر ہونے والی روشنی صبح کاذب ہے کیونکہ یہ مستطیل ہوگی۔ حضرت مفتی صاحب کی خود نوشتہ روئیداد کے مطابق بھی اسوقت ٹنڈو آدم اور کراچی میں طولانی روشنی نظر آئی،

فلکیات قدیمہ میں بھی اس کی تصریح ہے کہ اس وقت ظاہر ہونے والی روشنی مستطیل ہوتی ہے انہوں نے یہ فیصلہ رصدگاہ سے مشاہدات کے بعد کیا ہے، جب اس روشنی کے طول سے اسکا عرض زیادہ ہونے لگے گا تب صبح صادق کی ابتدا ہوگی جسکا وقت میرے نقشے کے مطابق ہوگا جیسا کہ ٹنڈو آدم کے مشاہدات میں ہوا۔

(۴) اللہ تعالیٰ نے صبح صادق کی واضح علامت یہ بیان فرمائی ہے کہ صبح کا سفید تاگہ سیاہ تاگے سے متمیز ہوجائے، یہ سفید اور سیاہ تاگے پُرانے نقشوں کے وقت پر آپ کو کہیں نظر نہیں آئیں گے ۱۵ درجہ زیرِ اُفق کے وقت صبح کی روشنی اور اسکے نیچے اُفق کی ظلمت کے مقام اتصال پر شمالاً جنوباً سفید اور سیاہ تاگے کی صورت نظر آتی ہے مطلع صاف نہ ہو تو اس کا مشاہدہ ذرا اور بھی دیر سے ہوتا ہے۔

(۵) حدیث، فقہ اور لغت سے ثابت کیا گیا ہے کہ صبح صادق کی ابتداء میں قدرے سُرخی کی آمیزش ہوتی ہے، پُرانے نقشوں کے وقت پر آپکو خالص سفیدی نظر آئیگی، سُرخی کا احساس ۱۵ درجہ زیرِ افق سے قبل کسی حالت میں بھی نہیں ہوگا اور مطلع صاف نہ ہونے کی صورت میں ۱۵ درجہ زیرِ اُفق سے بھی بعد ہوگا۔

(۶) حدیث، فقہ اور فلکیات کے حوالوں سے لکھا گیا ہے کہ صبح صادق سے کچھ قبل صبحِ کاذب کی روشنی ظاہر ہوتی ہے جو صبح صادق تک باقی رہتی ہے۔ فقہ اور فلکیات میں یہ وضاحت بھی ہے کہ صبح صادق سے صرف تین درجہ پہلے صبح کاذب نظر آتی ہے۔ نیز یہ کہ صبح کاذب ہر موسم میں ہوتی ہے، پُرانے نقشوں کے وقت سے قبل متصل آپ کو کوئی روشنی ہرگز نظر نہیں آئے گی، ماہرینِ فلکیات جدیدہ و قدیمہ سب اس پر متفق ہیں کہ اسوقت سے قبل متصل افق پر کوئی روشنی نہیں ہوتی، ٹنڈو آدم اور کراچی کے مشاہدات سے متعلق حضرت مفتی صاحب کی روئیداد میں بھی اسکی تصریح موجود ہے کہ اس وقت افق پر کسی قسم کی روشنی نہیں تھی اس سے بھی ثابت ہوا کہ پُرانے نقشوں میں صبح کاذب کے اوقات ہیں اسوقت سے بہت پہلے رات کے مختلف حصّوں میں مختلف مقامات پر مختلف زمانوں میں مختلف ناموں کی کئی قسم کی روشنیاں ظاہر ہوتی ہیں اور وقت مذکور سے بہت پہلے ختم بھی ہو جاتی ہیں۔ لہٰذا ان میں سے کسی پر بھی صبح کاذب کی مذکور تعریف صادق نہیں آتی بعض مرتبہ کہکشاں وغیرہ سے اسوقت روشنی کے وجود کا مغالطہ ہو سکتا ہے اس کی تفصیل عنوان "غلط فہمی کے اسباب" کے تحت مذکور ہے

(۷) مذکورہ بالا روشنیوں میں سے ایک روشنی زوڈیکل لائٹ کہلاتی ہے اس سے متعلق جارج ایبل نے لکھا ہے کہ "اسے بعض اوقات صبح کاذب بھی کہا جاتا ہے" مگر بوجوہ ذیل اس روشنی کو اصطلاحِ شرع میں صبح کاذب کہنا صحیح نہیں۔

(۱) یہ صبح صادق تک باقی نہیں رہتی

(۲) یہ روشنی صبح صادق سے تین درجہ پہلے ظاہر ہونے کی بجائے بہت پہلے شروع ہوتی ہے بلکہ تین درجہ سے بہت پہلے ختم بھی ہو جاتی ہے۔

(۳) یہ روشنی سال بھر میں صرف دو ماہ تک نمودار ہوتی ہے۔

عَلاوہ ازیں اس سے قطع نظر کہ زوڈیکل لائٹ کو شرعاً صبح کاذب قرار دینا صحیح ہے یا نہیں مسئلہ زیرِ بحث کا صحیح حل اس فیصلہ پر موقوف ہے کہ پرانے نقشوں کے وقت پر ظاہر ہونے

والی روشنی پر صبح صادق کی تعریف صادق آتی ہے یا کہ صبح کاذب کی، متقدمین کی تصریحات اور مشاہدات سے متعلق حضرت مفتی صاحب کی روئیداد میں مکمّل وضاحت کے علاوہ صبح صادق وکاذب کی مذکورہ بالا واضح علامات کو مدّ نظر رکھ کر ہر شخص جب چاہے مشاہدہ کرکے یہ قطعی فیصلہ کر سکتا ہے کہ یہ روشنی صبح کاذب ہے صادق نہیں۔

اُمور بالا سے ثابت ہوا کہ پُرانے نقشے قرآن، حدیث، فقہ، اجماع امت، لغت، فلکیات قدیمہ و جدیدہ اور مشاہدات کے خلاف ہیں۔

تنبیہ: تحقیق مذکور پر یہ اشکال پیش کیا جاتا ہے کہ اسوقت افق اتنا روشن ہوجاتا ہے کہ ہر دیکھنے والا اسے دن سمجھتا ہے۔

اس کا جواب یہ ہے کہ اسی لئے تو اس کو صبح صادق کہا جاتا ہے جس کو شریعت نے دن کے حکم میں قرار دیا ہے اور اگر یہ مطلب ہے کہ اسوقت سے قبل ہی روشنی تیز ہوجاتی ہے تو اسکا جواب یہ ہے کہ روشنی میں کمی وبیشی امرِ نسبی ہے شریعت نے اسکا اعتبار نہیں کیا، خوب سمجھ لیں کہ شرعاً صبح صادق کا مدار روشنی کی زیادتی پر نہیں بلکہ اسکے طول وعرض پر ہے روشنی خواہ کتنی ہی زیادہ ہوجائے مگر جب تک اس کے طول سے عرض زیادہ نہ ہوگا یہ صبح کاذب ہے اگر صبح کاذب کو دن سمجھنے کی غلطی عام نہ ہوتی تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم "تمہیں فجر مستطیل دھوکہ نہ دے" ارشاد نہ فرماتے

رشید احمد
۸ ربیع الآخر سنہ ۹۴ ہجری

مزید:

(۱) صبح کاذب وصبح صادق کا جو معیار بندہ نے تحریر کیا ہے بعینہ اس کے مطابق امداد الاحکام جلد اول ص۳۲۳ میں حضرت حکیم الامت اور مفتی عبد الکریم صاحب گمتھلوی رحمہما اللہ تعالیٰ کا فتوٰے اور ص۳۰۹ میں مولانا ظفر احمد عثمانی رحمہ اللہ تعالیٰ کا فتوٰی درج ہے، ص۳۰۹ میں سہو قلم سے کاذب کی بجائے صادق ہوگیا ہے۔

(۲) علماء عرب ومراکش سے مکاتبت کے بعد سن ۱۴۰۲ ہجری میں معلوم ہوا کہ مراکشی فلکیین کے ہاں بوقت صبح صادق ۱۸°، ۱۹° اور ۲۰° زیر افق کے اقوال بھی ہیں، ان کے ابطال کے لئے بندہ کی سابق تحریر ہی کافی ہے، کسی جدید بحث کی حاجت نہیں۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

پاکستان اور ہندوستان سے شائع ہونے والی عام جنتریوں اور اوقات نماز کے نقشوں کو گرینج کی شاہی رصدگاہ سے شائع ہونے والی کتاب ناٹیکل المینک سے مرتب کیا جاتا ہے۔ ان اوقات میں ایک وقت ایسٹرونومیکل ٹوائیلائٹ کہلاتا ہے۔ اس وقت آفتاب اُفق سے اٹھارہ درجہ نیچے ہوتا ہے، قدیم وجدید ماہرین فلکیات اس پر متفق[1] ہیں کہ اسوقت سے قبل مکمل اندھیرا ہوتا ہے جس میں قابلِ نظر چھوٹے سے چھوٹا ستارہ (پانچ میگنیٹیوڈ) بھی نظر آتا ہے۔ اس کے بعد متصل صبح کاذب شروع ہوتی ہے۔ قدیم علماء ہیئت کے علاوہ فقہ اور فلکیات دونوں کے ماہر علامہ برجندی رحمہ اللہ تعالیٰ نے بھی اسکی تصریح فرمائی ہے کہ یہ صبح کاذب ہے اور صبح صادق اس سے تین درجات بعد میں ہوتی ہے۔ علامہ شامی رحمہ اللہ تعالیٰ نے بھی کتاب الصلوٰۃ اور کتاب الصوم میں دو جگہ تحریر فرمایا ہے کہ صبح کاذب اور صبح صادق کے درمیان تین درجات کا فرق ہوتا ہے مگر اوقاتِ نماز مرتب کرنے والے حضرات کو یہ مغالطہ[2] ہوا کہ انھوں نے ایسٹرونومیکل ٹوائیلائٹ (اٹھارہ درجہ زیر افق) کو صبح صادق سمجھ کر اسکے مطابق فجر اور عشاء کے اوقات متعین کر دیئے حالانکہ درحقیقت یہ وقت صبح کاذب کی ابتداء کا ہے۔ پوری دُنیا کی مسلّم اور متفق علیہ مذکورہ بالا حقیقت کا بندہ نے متعدد بار کئی روز تک بہت سے اہلِ تجربہ واہلِ بصیرت حضرات سے مشاہدہ بھی کروایا اور خود بھی متعدد اہلِ بصیرت[3] حضرات کو ساتھ لیکر کئی بار مشاہدہ کیا۔ ایک دفعہ بحری جہاز کی دُوربین بھی استعمال کی گئی ہر دفعہ یہی ثابت ہوا کہ جنتریوں میں دئے ہوئے وقت تک مکمل اندھیرا ہوتا ہے اور اسوقت صبح کاذب شروع ہوتی ہے غروب شفق کے بکمال احتیاط مشاہدہ سے بھی تحقیق بالا کی تائید ہوئی یہ مشاہدات کراچی کی پُرآشوب فضا سے باہر جا کر کئے گئے ہیں، جس طرح فجر میں بیاض مستطیل معتبر نہیں اسی طرح عشاء[4] میں بھی شفق ابیض مستطیل کا اعتبار نہیں بلکہ شفق ابیض مستطیر غروب ہونے پر عشاء کا وقت شروع ہوجاتا ہے۔ غرضیکہ جنتریوں

---

[1] تحقیقات قدیمہ وجدیدہ کی تفصیل آگے عنوان "حوالجات" کے تحت آرہی ہے ۱۲ [2] متقدمین نے عمداً صبح کاذب کے اوقات کی تخریج کا معمول رکھا تاکہ لوگ صبح صادق کے لئے تیار رہیں اسکی تفصیل آگے عنوان "صبح صادق سے متعلق مغالطہ کی وجوہ" کے تحت آرہی ہے ۱۲ [3] حضرت مفتی محمد شفیع صاحب دامت برکاتہم صدر دار العلوم کراچی کی سرکردگی میں مشہور علماء کرام کی ایک بڑی جماعت کے مشاہدات کی روئیداد حضرت مفتی صاحب کے اپنے قلم سے آگے آرہی ہے ۱۲ [4] اسکے حوالجات بھی آگے آرہے ہیں ۱۲ منہ

میں صبح صادق کا جو وقت دیا گیا ہے وہ درحقیقت صبح کاذب کا وقت ہے۔ اور صبح صادق اس سے تین درجہ بعد میں ہوتی ہے۔ خطِ استوار کے مقام پر معتدل ایام میں صبح صادق صبح کاذب سے بارہ منٹ بعد میں ہوگی اور عشار مستطیل سفید روشنی غروب ہونے سے بارہ منٹ قبل ہوگی۔ دوسرے مقامات میں اور دوسرے ایام میں اس سے کبھی زیادہ فرق ہوتا ہے۔ چنانچہ کراچی میں صبح صادق نقشوں میں دیئے ہوئے اوقات سے مختلف موسموں میں ۱۴ تا ۱۹ منٹ بعد میں ہوتی ہے، دوسرے مقامات میں (جن کا عرض کراچی سے زیادہ ہے) اس سے بھی زیادہ فرق ہوگا۔ رمضان المبارک میں جنتریوں میں دیئے ہوئے وقت سے صرف دس منٹ کے بعد کراچی کی عام مساجد میں فجر کی جماعت قائم ہوجاتی ہے یعنی رمضان میں نماز فجر وقت شروع ہونے سے قبل ہی پڑھ لی جاتی ہے۔ اور اذانیں تو تقریباً ہمیشہ ہی قبل از وقت ہوتی ہیں۔

اوقات نماز کے نقشے اور جنتریاں شائع کرنیوالے حضرات سے گزارش

(۱) آئندہ اشاعت میں عشار اور فجر کے اوقات کی تصحیح کریں۔

(۲) کئی جنتریوں میں مختلف مقامات کے فرق وقت کی فہرست نظر سے گزری یہ فرق وقت صرف طول البلد کے حساب سے ہوتا ہے حالانکہ نصف النہار کے سوا باقی سب اوقات پر عرض البلد کا بھی اثر پڑتا ہے اور ایک عرض البلد کے اوقات دوسرے عرض البلد سے بہت مختلف ہوتے ہیں، لہٰذا آئندہ یا تو ایسی فہرست شائع ہی نہ کی جائے ورنہ کم از کم یہ تنبیہ ضرور کردی جائے کہ یہ فرقِ وقت صرف نصف النہار کا ہے، دوسرے اوقات کو اس پر قیاس کرنا صحیح نہیں، دوسرے اوقات کی تخریج کا قاعدہ الگ ہے۔

(۳) ایک جنتری میں مظاہرِ حق کے نقشے کو شیخ عبد الحق کی طرف منسوب کردیا ہے حالانکہ یہ کتاب نواب قطب الدین کی ہے اور اسمیں نقشہ منجم خیر اللہ کا ہے، پھر ناقل نے اس نقشے کے اوقات سمجھنے میں بھی غلطی کی ہے، چوتھی غلطی یہ کہ اس کو کراچی پر چسپاں کردیا ہے حالانکہ یہ نقشہ دہلی کے لئے ہے اسے کراچی یا کسی اور شہر پر چسپاں کرنا ہرگز صحیح نہیں۔

(۴) ہر جنتری پر یہ تنبیہ لکھنا لازم ہے کہ "سب اوقات میں تین چار منٹ کی احتیاط ضروری ہے" اس لئے کہ یہ اوقات حسابی طریقے سے مرتب کئے جاتے ہیں، کسی مقام کے طول وعرض میں فرق کی

بنا پر ان اوقات میں معمولی فرق پڑ سکتا ہے، علاوہ ازیں ہر سال کے اوقات دوسرے سال کے اوقات سے قدرے مختلف ہوتے ہیں اور پھر ہر چار سال کے بعد وہی پہلے اوقات لوٹ آتے ہیں، ہر سال کے اوقات میں اس معمولی فرق سے صرفِ نظر کئے بغیر کوئی دائمی نقشہ تیار نہیں کیا جا سکتا۔

رشید احمد از دار الافتاء والارشاد ناظم آباد کراچی
۷ ربیع الاول سنہ ۱۳۸۹ھ

بندہ محمد شفیع دار العلوم کراچی　　محمد یوسف بنوری عفا اللہ عنہ　　ولی حسن غفرلہ

حوالجات
تحقیقات قدیمہ

(۱) قال فی التصریح اذ قد علم بالتجربۃ ان انحطاط الشمس اول الصبح الکاذب و اٰخر الشفق ثمانیۃ عشر درجۃ (تصریح ص۶۹)

(۲) وفی حاشیۃ ابی الفضل محمد حفیظ اللہ رحمہ اللہ علی التصریح واعلم ان المراد من الانحطاط فی الجانبین انحطاط مرکز الشمس عن الافق الشرقی او الغربی وھو قدر ثمانیۃ عشر درجۃ ویقطعہ الفلک الاعظم فی ساعۃ وخمس ساعۃ وھٰذہ مجموع الصبحین الصادق والکاذب ومن ذٰلک المجموع خمس ساعۃ حصۃ الصبح الکاذب والساعۃ الواحدۃ حصۃ الصبح الصادق واما بیان تفریقھا الیھما ففی ذکرہ اطناب لا یسعہ الرسالۃ (تصریح ص۶۹)

(۳) وفی شرح الجغمینی وقد عرف بالتجربۃ ان اول الصبح و اٰخر الشفق انما یکون اذا کان انحطاط الشمس ثمانیۃ عشر جزءًا ففی بلد یکون عرضہ اقل من تمام المیل بثمانیۃ عشر جزءًا یتصل الشفق بالصبح الکاذب اذا کانت الشمس فی المنقلب الصیفی (شرح جغمینی ص۱۲۵)

(۴) ونقل العلامۃ عبد الحلیم اللکنوی رحمہ اللہ تعالٰی فی حاشیتہ علی شرح الجغمینی عن العلامۃ عبد العلی البرجندی رحمۃ اللہ تعالٰی فی شرح (قولہ اذا کان انحطاط الشمس ثمانیۃ عشر جزءًا) ھٰذا ھو المشہور ووقع فی بعض کتب ابی ریحان انہ

سبعۃ عشر جزءًا وقیل انہ تسعۃ عشر جزءًا وھذا فی ابتداء الصبح الکاذب واما فی ابتداء الصبح الصادق فقد قیل ان انحطاط الشمس حینئذ خمسۃ عشر جزءًا واللہ تعالیٰ اعلم (شرح چغمینی ص۱۲۵)

(۵) قال البیرونی[عہ] وذلک ھو الفجر وھو ثلاثۃ انواع (ثم قال بعد ذکر الانواع الثلاثۃ) وبحسب الحاجۃ الی الفجر والشفق رصد اصحاب ھٰذہ الصناعۃ امرہ فحصلوا من قوانین وقتہ ان انحطاط الشمس تحت الافق متی کان ثمانیۃ عشر جزءًا کان ذٰلک وقت طلوع الفجر فی المشرق ووقت مغیب الشفق فی المغرب ولما لم یکن شیئًا معینا بل بالاولیٰ مختلطا اختلف فی ھٰذا القانون فراٰہ بعضہم سبعۃ عشر جزءًا (القانون المسعودی لابی ریحان البیرونی ج ۲ ص۹۲۹)

(۶) قال المحقق الطوسی فی الزبدۃ فی الباب الرابع والعشرین بعد ذکر الانواع الثلاثۃ من الفجر والشفق وقد علم بالرصد ان اول الفجر وآخر الشفق یکون وقت انحطاط الشمس عن الافق ثمان عشرۃ درجۃ من دائرۃ ارتفاعھا،

وقال فی تبصرتہ فی الفصل التاسع من الباب الثالث وقد عرف بالتجربۃ ان انحطاط الشمس عند اول طلوع الفجر ثمانیۃ عشر جزءًا،

وقال فی بست باب، نظیر درجۂ آفتاب را بر مقنطرہ ہجدہم درجہ نہم ومری رانشان کنم پس بر افق غربی نہم ومری رانشان کنم ومیان ہر دو نشان بشمرم و بر پانزدہ قسمت کنم آنچہ بیروں آید ساعات مستوی باشد میان طلوع صبح (کاذب، شرح) وطلوع آفتاب (الی قولہ) واگر نظیر درجہ غربی بود بیشتر از ہژدہ درجہ ہنوز صبح برنیامدہ باشد واگر کمتر از ہژدہ باشد صبح برآمدہ باشد واگر ہژدہ درجہ بود اول وقت طلوع صبح ہست، (بست باب للمحقق الطوسی باب نہم)

(۷) اذا صارت الشمس قریبۃ من الافق بقدر ثمانیۃ عشر جزءًا (الی) یری البیاض الطویل فی جانب المشرق ھو یسمی بالصبح الکاذب کأن کون الافق بعدہ مظلما یکذب کونہ نور الشمس والمنتشر فی الافق بعدہ بزمان یسمی بالصبح الصادق لکونہ اصدق ظھورًا من الاول قیل ابتدائہ حین انحطاط الشمس خمسۃ عشر جزءًا (تحفۃ اولی الالباب شرح بست باب للعلامۃ عبد الباقی الکتوازی)

عہ یہ حاشیہ ص ۱۹۴ پر ملاحظہ فرمائیں،

(۸) اعلم انہ قد علم بالتجربۃ ان اول الصبح الکاذب انما یکون اذا کان انحطاط الشمس من الافق الشرقی ثمانیۃ عشر جزءًا (شرح لو برحاشیہ بستے باب)

(۹) ذکر العلامۃ المرحوم الشیخ خلیل الکاملی فی حاشیتہ علی رسالۃ الاسطرلاب لشیخ مشایخنا العلامۃ المحقق علی افندی الداغستانی ان التفاوت بین الفجرین وکذا بین الشفقین الاحمر والابیض انما ھو بثلث درج (شامیۃ ص۳۳۲ ج ۱)

(۱۰) بدانکہ صبح دو باشد یکے کاذب کہ ہنگام انحطاط بر ہیژدہ درجہ از درجات دائرۂ ارتفاع مارہ بمرکز شمس سپیدی ضعیف و دراز و باریک بر اجزاء کثیفہ سطح مخروط ظل زمین مسمی بلیل نمودار شود و اورا کاذب ازیں جہت گویند کہ افق تکذیبش می کند کہ دراں حال مظلم باشد (الی قولہ) و دوم صبح صادق و آں روشنی نہار در افق شرقی باشد ہنگام انحطاط آفتاب پانزدہ درجہ قالہ البرجندی (حاشیہ مالابد منہ ص۲۹) اور شرح چغمینی کے حاشیہ سے بھی برجندی کی عبارت نقل کی جاچکی ہے، علامہ برجندی رحمہ اللہ تعالیٰ فقہ اور فلکیات دونوں کے مسلّم امام ہیں فلکیات میں آپکی کئی کتابیں ہیں۔ مثلاً شرح مجسطی، شرح رسالہ اسطرلاب للطوسی، شرح التذکرۃ النصیریۃ، حاشیہ شرح چغمینی (الفوائد البہیۃ للعلامۃ عبد الحی اللکنوی ص۱۵ وھدایۃ العارفین لاسمٰعیل پاشا ص۵۸۶ ج ۱) فقہ میں آپکی تصنیف شرح نقایہ بہت مشہور ہے، علامہ شامی، شیخ اسمٰعیل، نوح، حموی، ابن نجیم اور قتال رحمہم اللہ تعالیٰ جیسے مشہور فقہاء آپکی تحقیقات نقل فرماتے ہیں۔

خلاصۂ ترجمہ حوالجات تحقیقاتِ قدیمہ

(۱) تجربہ سے بلاشبہہ ثابت ہوا ہے کہ صبح کاذب کی ابتداء اور شفق کے آخر میں آفتاب افق سے اٹھارہ درجہ نیچے ہوتا ہے (تصریح ص۶۹)

(۲) افق شرقی و غربی سے آفتاب کے مرکز کا انحطاط مراد ہے اور وہ اٹھارہ درجہ ہے، فلک اعظم اسے ۱ ۱/۵ گھنٹہ میں طے کرتا ہے اور یہ صبح صادق و کاذب دونوں کا مجموعہ ہے۔ اس مجموعہ میں سے ۱/۵ گھنٹہ صبح کاذب کا حصّہ ہے اور ایک گھنٹہ صبح صادق کا حصّہ ہے۔ اس تقسیم کی تفصیل میں تطویل ہے جس کی اس رسالہ میں گنجائش نہیں (حاشیہ تصریح ص۶۹)

(۳) تجربہ سے ثابت ہوا ہے کہ صبح کی ابتداء اور شفق کی انتہاء اُسوقت ہوتی ہے جبکہ آفتاب اُفق سے اٹھارہ درجہ نیچے ہوتا ہے لہٰذا جس شہر کا عرض تمام المیل سے اٹھارہ درجہ

کم ہوگا وہاں انقلاب صیفی (۲۲ جون) کے وقت شفق صبح کاذب سے مِل جائیگی۔ (شرح چغمینی ص۱۸۵)

(۴) یہ (۱۸ درجہ زیر افق) صبح کاذب کی ابتداء ہے اور صبح صادق کی ابتداء کے بارہ میں بلا شبہہ کہا گیا ہے کہ اسوقت آفتاب پندرہ درجہ نیچے ہوتا ہے (حاشیہ شرح چغمینی ص۱۸۵)

(۵) ابوریحان بیرونی فجر کی تین قسمیں بیان کرنیکے بعد فرماتے ہیں کہ آفتاب جب اٹھارہ درجہ زیر اُفق ہوتا ہے اس وقت فجر (کاذب) کی ابتداء اور شفق کی انتہاء ہوتی ہے (القانون المسعودی ص۹۴۹ ج ۲)

(۶) محقق طوسی نے فجر اور شفق کی تین انواع بیان کرنے کے بعد لکھا ہے کہ رصد گاہ سے مشاہدات اور تجربات سے ثابت ہوا ہے کہ فجر کی ابتداء اور شفق کی انتہاء اس وقت ہوتی ہے جب آفتاب افق سے ۱۸ درجہ نیچے ہوتا ہے (زبدہ، تبصرہ، بست باب)

(۷) جب آفتاب اُفق سے ۱۸ درجہ نیچے ہوتا ہے اُسوقت مشرق کی طرف ایک لمبی روشنی نظر آتی ہے وہ صبح کاذب کہلاتی ہے۔ اس سے کچھ وقت کے بعد افق میں پھیلنے والی روشنی کو صبح صادق کہا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ اس کی ابتداء کے وقت آفتاب ۱۵ درجہ زیر افق ہوتا ہے (تحفہ)

(۸) خوب سمجھ لے کہ بلا شبہہ تجربہ سے ثابت ہوا ہے کہ صبح کاذب کی ابتداء کیوقت آفتاب ۱۸ درجہ نیچے ہوتا ہے (شرح لم)

(۹) صبح صادق و کاذب اور شفق احمر و ابیض کے درمیان تین درجہ کا فرق ہوتا ہے (شامی ص۳۳۲ ج ۱)

(۱۰) بوقت صبح کاذب آفتاب افق سے ۱۸ درجہ نیچے ہوتا ہے اور بوقت صبح صادق ۱۵ درجہ

(حاشیہ مالابد منہ ص۲۹ بحوالہ برجندی)

تحقیقاتِ جدیدہ :

(۱) معیار الاوقات، اس کتاب کے سرورق پر یہ عبارت تحریر ہے "مصنفہ مولوی عبد الواسع صاحب پروفیسر دینیات کلیہ جامعہ عثمانیہ متفقہ مجلس علماء منعقدہ محکمہ صدارتِ عالیہ سرکار عالی منظورہ بارگاہ خسروی جہاں پناہی حیدر آباد دکن" اس سے ثابت ہوا کہ اس کتاب کی صحت پر علماء کی ایک ایسی مجلس کا اتفاق ہے جسے نواب حیدر آباد دکن نے متعین کیا تھا پھر نواب صاحب نے اس کتاب کی تحقیقات کو منظور فرمایا، یہ کتاب کتب خانہ خاص انجمن ترقی اردو، اردو کالج کراچی میں موجود ہے اس کے صفحہ ۱۴، ۱۵، ۲۵، ۲۸ میں یہ وضاحت موجود ہے کہ صبح کاذب کے وقت آفتاب ۱۸ درجہ اور صبح صادق کے وقت ۱۵ درجہ نیچے ہوتا ہے۔

(۲) ایڈمرلٹی مینول آف نیوی گیشن ص۱۳۷ ج ۲

(۳) بیسک ایر نیوی گیشن ڈرلز

(۴) ایسٹرونومیکل افیمیریز

(۵) ناٹیکل المینک

⑨ مراسلہ ڈائرکٹر ہائیڈروگرافی نیول ہیڈکوارٹرز حکومتِ پاکستان کراچی[عہ]

PAKISTAN

HYDROGRAPHIC DIRECTORATE
NAVAL STAFF BRANCH
NAVAL HEADQUARTERS
KARACHI

D.O.No. HD/0102121. 13 October, 1970.

From:- Captain S.R. Islam, P.N.
Director of Hydrography.

Dear Sir,

Reference your letter dated 24-6-1970 and Mufti Rashid Ahmad's letter dated 7-10-1970.

The Nautical Almanac is a standard publication of the Royal Navy and its contents are extensively used for the computation of the rising and setting phenomena of the heavenly bodies and other astronomical information mainly connected with navigation. The accuracy of tables in the nautical almanac meets these requirements and is considered sufficient to cover the problems indicated by you. From the nautical almanac of 1970 the times of sunrise and twilight have been calculated to compare your computations. The results are as under:-

Place	Date	Stated time of صبح صادق	Calculated time when sun is 15° below horizon.
Goth Fakir (Lat.25° 46'N Long.68° 40'E)	11.6.70	04 hrs. 19 min. (Zone + 5 hours)	04 hrs. 20 min. (Zone + 5 hours)
Karachi (Lat.24° 52.5'N Long.67° 2.5'E)	20.6.70	04 hrs. 30 min.	04 hrs. 29½ min.
	20.9.70	05 hrs. 17 min.	05 hrs. 18 min.
	20.12.70	06 hrs. 03 min.	06 hrs. 02 min.

2. The calculated time as given above is based upon the following data given in the Nautical Almanac (Page 258) and Admiralty Manual of Navigation Vol. II (Page 137) :-

EXTRACT from Nautical Almanac 1970 (Page 258)

Basis of the tabulations. At sunrise and sunset 16' is allowed for semi-diameter and 34' for horizontal refraction, so that the times given the Sun's upper limb is on the visible horizon; all times refer to phenomena as seen from sea level with a clear horizon.

عہ جدید تعلیم یافتہ طبقہ کے اطمینان کی خاطر ان محکموں سے تصدیق کروائی گئی ورنہ مجھے اس کی حاجت نہ تھی ۱۲ رشید احمد

At the times given for the beginning and end of twilight, the Sun's zenith distance is 96° for civil, and 102° for nautical twilight. The degree of illumination at the times given for civil twilight (in good conditions and in the absence of other illumination) is such that th brightest stars are visible and the horizon is clearly defined. At the times given for nautical twilight the horizon is in general not visible, and it is too dark for observation.

Times corresponding to other depressions of the Sun may be obtained by interpolation or, for depressions of more than 12° less reliably, by extrapolation; times so obtained will be subject to considerable uncertainty rear extreme conditions.

EXTRACT From Admiralty Manual of Navigation Vol.II. (Page 137).

Astronomical twilight. This is said to end or begin when the Sun's centre is 18° below the horizon, at which moment absolute darkness is assumed to begin or end so far as the Sun is concerned.

3. The times of صبح صادق or صبح کاذب and other requirements can be obtained from the above stated arguments according to the definitions of the terms.

4. A comparison of the times given by you for 22nd September and 22nd December, 1970 indicates that they relate to Astronomical twilight (morning) when the sun is 18° below the horizon. For 22nd June 1970 the time given is a little earlier.

5. The chart of time supplied by you has also been compared and the times given for صبح صادق as well as sunrise generally tally with other times calculated from the Nautical Almanac for Astronomical twilight and sunrise respectively.

Yours Sincerely

(signature)

(S.R. ISLAM)
CAPTAIN PAKISTAN NAVY

Molana Ehtishamul Haq Thanvi,
56, Jacob Lines,
Karachi.

Copy to:- Mufti Rashid Ahmad
Daruliftae wal Irshad
Nazimabad,
Karachi.

(۷) مراسلہ ڈائرکٹر محکمۂ موسمیات حکومت پاکستان بنام مولانا احتشام الحق تھانوی

PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
Office of the Deputy Director, Climatology, Hydrometeorology
Oceanography, University Road, Karachi.

No. Cl-11(7)/68

Karachi,
dated the 18th September, 1970.

To

Maulana Ehtishamul Haq Thanvi,
56, Jacob Lines,
Karachi.

Dear Sir,

Kindly refer to your letter dated the 21st June, 1970. Replies to the queries at the end of page 4 of the report received alongwith your letter, are given below seriatrim:

1. We have no comments to offer.

2. The time for the begining of moring astronomical twilight for 12th June is 4h 11m. The begining of morning estronomical twilight is taken to be the time when the Sun is 18° below horizon. We have no comments to offer on the timings in the different charts given, the timings of Sub-he-Sadiq for Karachi.

3. When the Sun is 18° below horizon, all light from the sun is cut off.

4. This Department has not undertaken any work on the determination of the timings of Sub-he-Sadiq according to the definition given in the 'note' at the end of page 4 of the Report enclosed with your letter. These timings can, however, be calculated for any location if the phenomena Sub-he-Sadiq is precisely defined with respect to the position of the Sun below horizon. With out this the calculation of the timings will not be possible and as you have yourself noticed, will be subject to the personal error of the observer.

Delay in the reply to your letter is deeply regretted.

Yours faithfully,

(T.H. SIDDIQUI) 18/9/70
for DIRECTOR

(۸) خط از بندہ رشید احمد بنام ڈپٹی ڈائرکٹر محکمہ موسمیات حکومت پاکستان کراچی

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

مکرمی جناب ڈپٹی ڈائرکٹر صاحب محکمۂ موسمیات پاکستان

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ امور ذیل سے متعلق اپنے محکمہ کی تحقیق تحریر فرمائیں،

(۱) کراچی کے عام نقشوں میں صبح صادق کے اوقات یہ ہیں، ۲۲ جون ۴ بجکر ۱۱ منٹ، ۲۲ ستمبر ۵ بجکر [illegible] منٹ، ۲۲ دسمبر ۵ بجکر ۴۹ منٹ ـــــ اسوقت آفتاب اُفق سے کتنے درجہ نیچے ہوتا ہے؟

(۲) جب آفتاب اُفق سے ۱۸ درجہ نیچے ہوتا ہے اسوقت اُفق پر کسی قسم کی روشنی ہوتی ہے یا نہیں؟

(۳) کراچی کے لئے صبح صادق (۱۵° زیر افق) کے اوقات تحریر کریں۔ فقط والسلام علیکم

رشید احمد

دارالافتاء والارشاد ناظم آباد کراچی　　　۳۰ رجب ۱۳۹۰ھ مطابق ۲ اکتوبر ۱۹۷۰ء

جواب خط از این اے قریشی ڈپٹی ڈائرکٹر محکمۂ موسمیات حکومت پاکستان کراچی

No.C1-11(17)/68/1667
PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
OFFICE OF THE DEPUTY DIRECTOR
CLIMATOLOGY HYDROMETEOROLOGY &
OCEANOGRAPHY

From:- N. A. Qureshi,
Deputy Director.

To :- Mufti Rashid Ahmed,
Daruliftae wal Irshad
Nazimabad IV.
Karachi-18.

Karachi, the 21st October, 1970.

Dear Sir,

Reference your letter dated 2.10.1970.

2. The replies to your queries are as follows seriatum:-

(1) The sun is approximately 18 degrees below the horizon at the times given on the dates specified.

(2) When the sun is 18 degrees below the horizon all light from the sun is cut off.

(3) The times, correct to the nearest half min., calculated for meteorological Observatory at Karachi Airport (coordinates 24°54 N & 67°08'E) when the sun is 15° below the horizon on the dates specified are as follows:

22.6.1970 :	04 hrs 29½ min.W.P.S.T.
22.9.1970 :	05 hrs 17 " " " "
22.12.1970:	06 hrs 4½ " " " "

Kindly acknowledge receipt.

Yours faithfully,

21/x/1970

(N. A. QURESHI)
Deputy Director
Phone : 415549

خلاصہ ترجمہ مراسلہ ڈائرکٹر ہائیڈروگرافی نیول ہیڈکوارٹرز حکومتِ پاکستان کراچی

اوقات ۱۵ درجہ زیرافق [صبح صادق	اوقات رسالہ	تاریخ		مقام
۴ بجکر ۲۹½ منٹ	۴ بجکر ۳۰ منٹ	20.6.70		کراچی
۵ بجکر ۱۸ منٹ	۵ بجکر ۱۷ منٹ	20.9.70	24° 52.5′	عرض البلد
۶ بجکر ۲ منٹ	۶ بجکر ۳ منٹ	20.12.70	67° 2.5′	طول البلد

صبح کے وقت جب آفتاب ۱۸ درجہ زیرِ اُفق ہوتا ہے اُسوقت مکمل اندھیرے کا اختتام اور شام کے وقت ۱۸ درجہ پر مکمل اندھیرے کی ابتداء ہوتی ہے۔

۲۲ ستمبر اور ۲۲ دسمبر کے دئے ہوئے وقت میں آفتاب ۱۸ درجہ زیرِ اُفق ہوتا ہے اور ۲۲ جون کا وقت اس سے کبھی کچھ پہلے ہے۔

آپکے بھیجے ہوئے (پرانے) نقشے میں صبح صادق کا دیا ہوا وقت ۱۸ درجہ زیرِ اُفق کیمطابق ہے

دستخط ایس آر اسلام کیپٹن پاکستان نیوی

خط بنام ——— مولانا احتشام الحق تھانوی ۵۶ جیکب لائن کراچی

خط کی نقل بھیجی گئی بنام ـ مفتی رشید احمد دار الافتاء والارشاد ناظم آباد کراچی

خلاصہ ترجمہ مراسلہ ڈائرکٹر محکمہ موسمیات حکومت پاکستان کراچی

(۱) ۱۲ جون کو ایسٹرونومیکل ٹوائیلائٹ ۴ بجکر ۱۱ منٹ پر شروع ہوتی ہے (جیسے مروجہ نقشوں میں ہے) اُسوقت آفتاب اُفق سے ۱۸ درجہ نیچے ہوتا ہے۔

(۲) جب آفتاب ۱۸ درجہ زیر اُفق ہوتا ہے اُسوقت آفتاب کی ہر قسم کی روشنی اُفق سے منقطع ہوتی ہے۔

دستخط ٹی ایچ صدیقی برائے ڈائرکٹر

خلاصہ ترجمہ مراسلہ ڈپٹی ڈائرکٹر محکمہ موسمیات حکومت پاکستان کراچی

(۱) آپ نے جن تاریخوں کے جو اوقات لکھے ہیں اسوقت آفتاب ۱۸ درجہ افق سے نیچے ہوتا ہے

(۲) جب آفتاب افق سے ۱۸ درجہ نیچے ہوتا ہے اسوقت اسکی روشنی بالکل منقطع ہوتی ہے۔

(۳) ۲۲ جون ۱۹۷۰ء ۴ بجکر ۲۹½ منٹ

۲۲ ستمبر ۱۹۷۰ء ۵ بجکر ۱۷ منٹ

۲۲ دسمبر ۱۹۷۰ء ۶ بجکر ۴½ منٹ

دستخط این اے قریشی ڈپٹی ڈائرکٹر

فون ۴۱۵۵۴۹

حوالجات متعلقہ وقت عشاء

قال الامام الطحاوی رحمہ اللہ تعالیٰ وکان النظر فی ذٰلک عندنا انہم قد اجمعوا ان الحمرۃ التی قبل البیاض من وقتہا وانما اختلافہم فی البیاض الذی بعدہ فقال بعضہم حکمہ حکم الحمرۃ وقال بعضہم حکمہ خلاف حکم الحمرۃ فنظرنا فی ذٰلک فرأینا الفجر یکون قبلہ حمرۃ ثم یتلوہا بیاض الفجر فکانت الحمرۃ والبیاض فی ذٰلک وقتا الصلوٰۃ واحدۃ وھو الفجر فاذا خرجا خرج وقتہا فالنظر علی ذٰلک ان یکون البیاض والحمرۃ فی المغرب ایضاً وقتا الصلوٰۃ واحدۃ وحکمہا حکم واحد اذا خرجا خرج وقت الصلوٰۃ اللذان ھما وقت لہا (شرح معانی الاثار صـــ ج ۱)

صبح صادق ——— ۱۷

امام طحاوی رحمہ اللہ تعالیٰ کی اس تحقیق سے ثابت ہوا کہ جس قسم کی بیاض فجر میں معتبر ہے عشاء میں بھی اسی کا اعتبار ہوگا۔

وقال الامام الکاسانی رحمہ اللہ تعالیٰ فی بیان اول وقت العشاء ولابی حنیفۃ رحمہ اللہ تعالیٰ النص والاستدلال اما النص فقولہ تعالیٰ اقم الصلوٰۃ لدلوک الشمس الی غسق اللیل جعل الغسق غایۃ لوقت المغرب ولا غسق ما بقی النور المعترض وروی عن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ انہ قال اٰخر وقت المغرب مالم یسقط نور الشفق وبیاضہ والمعترض نورہ وفی حدیث ابی ھریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ وان اٰخر وقت المغرب حین یسود الافق وانما یسود باخفائہا بالظلام (الی قولہ) واما الفقہ فھو ان صلاتین یؤدیان فی اثر الشمس وھو المغرب مع الفجر الخ (بدائع الصنائع ص۱۲۴ ج ۱)

النور المعترض اور حین یسود الافق کے الفاظ صریح نص ہیں کہ شفق ابیض سے ابیض معترض مراد ہے، اسکے بعد دلیل فقہی میں بھی مغرب اور فجر دونوں کو اثر شمس میں جمع کرنے سے ثابت ہوا کہ فجر کی طرح مغرب میں بھی بیاض مستطیل معتبر نہیں،

وقال العلامۃ حسام الدین الحسین بن علی رحمہ اللہ تعالیٰ ان المغرب بمنزلۃ الفجر ثم البیاض المعترض فی باب الفجر فی حکم الحمرۃ فلیکن کذلک فی مسئلتنا ھٰذہ (نہایۃ علی ھامش الھدایۃ ص۸۲ ج ۱)

وقال الشیخ الانور رحمہ اللہ تعالیٰ ولنا ما عند الترمذی رحمہ اللہ تعالیٰ حتی یسود الافق ولیس ھذا السواد الا بعد البیاض فالتحقیق فیہ عندی ان الشفق من الاشفاق والشفقۃ ھی الرقۃ فھو امر بین البیاض الناصع والحمرۃ القانیۃ واعلم ان الوقت فی الیوم الواحد من انبلاج الصبح الصادق الی طلوع الشمس یکون کما بین غروبھا وغروب الشفق الابیض فی ذلک الیوم کذا حققہ الریاضیون (فیض الباری ص۱۳۱ ج ۲)

اس عبارت میں تین بار اس حقیقت کو واضح فرمایا ہے، اوّلاً حتی یسود الافق سے، بیاض معترض غروب ہوتے ہی افق پر ظلمت چھا جاتی ہے۔ ثانیاً شفق کی تعریف "فھو امر بین البیاض الناصع والحمرۃ القانیۃ" سے، یہ کیفیت بیاض معترض میں ہوتی ہے، بیاض مستطیل ناصع ہوتی ہے، مغرب کی طرف بیاض معترض کی طرح مشرق کی طرف صبح صادق کی بیاض میں بھی سرخی

کی جھلک ہوتی ہے کما سیأتی ان شاء اللہ تعالیٰ، ثالثاً آخر میں بالکل تصریح فرما رہے ہیں کہ فجر اور مغرب کا وقت برابر ہوتا ہے،

وفی اعلاء السنن ان الحمرة والبیاض البادیین فی الافق بعد غروب الشمس کلاهما نظیر البیاض والحمرة البادیین قبل طلوع الشمس لکون کلیهما من آثار اشعتها فمدة ما بین غروب الشمس الی غیبوبة بیاض الشفق هی المدة ما بین ظهور بیاض الفجر الی طلوع الشمس سواء بسواء کما صرح به اصحاب الریاضی والهیئة، قال فی حاشیة شرح الچغمینی الشفق والفجر هما متشابهان شکلاً ومتقابلان وضعاً اذ الفجر یبدو من بیاض ضعیف مستطیل ثم ببیاض عریض ثم حمرة والشفق یبدو بعد الغروب من حمرة ثم بیاض عریض ثم بیاض مستطیل الخ ولعلک تفطنت من هذا الکلام ان الشفق الابیض ایضاً مثل الفجر اثنان بیاض مستطیر عریض و بیاض ضعیف مستطیل فکما ان المعتبر فی الفجر هو البیاض العریض کذلک فی الشفق المعتبر هذا لا البیاض المستطیل (اعلاء السنن ص۹ ج ۲) ونقل العلامة العثمانی رحمه الله تعالیٰ ایضاً عن اعلاء السنن ما قدمنا من عبارته (فتح الملهم ص۱۹۵ ج ۲)

حضرت مفتی محمد شفیع صاحب کی سرکردگی میں علماء کی جماعت کے مشاہدات

جون ۱۹۷۰ء میں حضرت مفتی محمد شفیع صاحب دامت برکاتہم صدر دارالعلوم کراچی کی سرکردگی میں مشہور علماء کی ایک جماعت نے صرف مشاہدات کے لئے ٹنڈو آدم سے تقریباً تین میل کے فاصلہ پر شمال مشرق میں واقع مدرسہ محمدیہ (طول ۶۸°/۴۰ عرض ۲۵°/۴۶) تک سفر کیا۔ حضرت مفتی صاحب نے مشاہدات کی روئیداد خود اپنے قلم سے تحریر فرمائی جس پر دوسرے حضرات نے بھی دستخط کئے۔ ذیل میں اس روئیداد کے ضروری اقتباسات دیئے جاتے ہیں۔

اسماء شرکاءِ سفر:

(۱) مولانا مفتی رشید احمد صاحب — دارالافتاء والارشاد ناظم آباد کراچی

(۲) مولانا مفتی محی الدین صاحب — مدرسہ اشرف العلوم ڈھاکہ مشرقی پاکستان

(۳) مولانا مفتی ولی حسن صاحب — مدرسہ عربیہ نیوٹاؤن کراچی

(۴) مولانا عاشق الٰہی صاحب — مدرس دارالعلوم کراچی

۵ مولانا محمد رفیع صاحب مدرس دار العلوم کراچی
۶ مولانا محمد تقی صاحب " "
۷ مولانا محمد علی صاحب " "
۸ جناب کلیم صاحب لیکچرار شعبۂ تاریخ اسلام کراچی یونیورسٹی
۹ احقر محمد شفیع (صدر دار العلوم کراچی)

مقامی علماء میں سے مندرجہ ذیل حضرات مشاہدات میں شریک رہے۔
۱۰ مولوی محمد صدیق صاحب (فقیر منٹھار) مہتمم مدرسہ محمدیہ نزد ٹنڈو آدم
۱۱ مولوی عبد الواحد صاحب مدرس مدرسہ محمدیہ نزد ٹنڈو آدم

۱۱ جون، پھر ایک روشنی عرضاً پھیلنے والی افق کے اوپر شروع ہوئی، روشنی کا پورا تبیّن جس پر سب دیکھنے والوں نے اتفاق کیا وہ تو ۴/ ۱۹ پر تھا اس روشنی کے اس سے کچھ پہلے ہونے کا بھی بعض کو شبہہ رہا۔

۱۲ جون، صبح کو تقریباً ۳½ بجے میدان میں سب حضرات پہنچ گئے اسوقت اُفق مشرق پر کسی قسم کی روشنی نہیں تھی ٹھیک چار بجے افق پر مخروطی شکل کی طولانی روشنی نمودار ہوئی جسکو سب نے دیکھ کر صبح کاذب قرار دیا اور اسکے سترہ منٹ بعد یعنی ۴/ ۱۷ پر صبح صادق واضح طور پر مشاہدہ کی گئی اس پر سب کا اتفاق رہا۔
طلوع آفتاب ۵/ ۳۲ پر ہوا۔

۱۳ جون، آج کراچی میں کورنگی سوکواٹر کے قریب مشرقی ساحل سمندر پر جاکر مشاہدہ کی کوشش کی گئی جس میں مفتی رشید احمد صاحب، مولانا محی الدین صاحب، مولانا عاشق الٰہی صاحب مولوی محمد علی صاحب، مولانا محمد رفیع صاحب اور احقر محمد شفیع شامل تھے۔
اتنا سب نے محسوس کیا کہ ۴/ ۱۱ جو وقت صبح صادق قدیم نقشوں میں آج کی تاریخ کا لکھا ہوا ہے اسوقت کسی قسم کی روشنی افق پر نہیں تھی۔ اس کے بعد وہ روشنی جس کو صبح کاذب کہا جا سکتا ہے شروع ہوئی۔ پھر اسکے بعد صبح صادق کی معترضاً پھیلنے والی روشنی سامنے آئی۔ محمد شفیع ۹۰/۲/۷ ھ

رشید احمد ولی حسن ٹونکی غفر اللہ لہٗ محمد عاشق الٰہی
محمد رفیع عثمانی محمد تقی عبدہٗ محی الدین عفا عنہٗ

نتائج :

کراچی کے مشاہدہ کا نتیجہ ایسا عام فہم ہے کہ اس سے متعلق کچھ سمجھانے کی ضرورت نہیں اور ٹنڈو آدم کے مشاہدہ کے نتائج پر اہل فن غور کریں گے تو ثابت ہوگا کہ وہاں بندہ کی تحقیق کے عین مطابق صبح کاذب ۱۸° زیر افق اور صبح صادق ۱۵° زیر افق کے وقت پر ہوئی اور عوام اس کی تصدیق یوں کر سکتے ہیں کہ تاریخوں میں کراچی کے اوقات پرانے نقشوں میں یوں دئے ہیں۔

	صبح صادق	طلوع
۱۱ر جون	۴ بجکر ۱۲ منٹ	۵ بجکر ۴۱ منٹ
۱۲ر جون	۴ بجکر ۱۱ منٹ	۵ بجکر ۴۱ منٹ

ٹنڈو آدم میں طلوع کراچی سے ۹ منٹ قبل ۵ بجکر ۳۲ منٹ پر ہوا تو صبح صادق اور صبح کاذب بھی تقریباً ۹ منٹ بلکہ بروئے حساب ۱۰، ۱۱ منٹ قبل ہونی چاہیئے حالانکہ وہاں صبح صادق کراچی کے وقت سے ۱۲ر جون میں ۶ منٹ بعد ۴ بجکر ۱۷ منٹ پر ہوئی اور ۱۱ر جون میں ۷ منٹ بعد ۴ بجکر ۱۹ منٹ پر ہوئی۔ البتہ صبح کاذب ۱۱ منٹ قبل ۴ بجے ہوئی۔ اس سے ہر ادنیٰ فہم رکھنے والا شخص بھی بخوبی سمجھ سکتا ہے کہ کراچی کے قدیم نقشوں میں صبح صادق کے عنوان کے تحت دئے ہوئے اوقات درحقیقت صبح صادق کے نہیں بلکہ یہ اوقات صبح کاذب کے ہیں۔

مشاہدات مذکورہ کی بنا پر حضرت مفتی محمد شفیع صاحب دامت برکاتہم نے ایک سوال کے جواب میں مندرجہ ذیل فتویٰ تحریر فرمایا۔

حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب دار العلوم کراچی کا فتویٰ $\frac{۳۶۰}{۳۶}$

حامداً ومصلیاً، اتنی بات تو یقینی ہوگئی ہے کہ نقشوں اور جنتریوں میں جو وقت صبح صادق کا لکھا ہے وہ صبح صادق کا اصلی وقت نہیں ہے بلکہ غالباً صبح کاذب کا وقت ہے جو انتہاء سحر کے لئے احتیاطاً لکھا گیا ہے۔ اس کے بعد بھی کچھ وقت رہتا ہے جس کی مقدار ہر جگہ ۱۲ منٹ ہی نہیں بلکہ ہر موسم اور ہر علاقہ میں تفاوت کی نوعیت الگ ہے لہٰذا نقشوں کے مطابق فوراً اذان دیکر مرد یا عورتوں کا نماز پڑھ لینا درست نہیں۔ نقشوں کے وقت سے بیس منٹ بعد فجر کی اذان دینے اور اسکے بعد نماز فجر پڑھنے سے ہر موسم میں بلاشبہہ نماز صحیح ہوجائیگی لہٰذا اس پر عمل کیا جائے۔

مہر دارالافتاء دارالعلوم کراچی — بندہ محمد شفیع عفی عنہ دارالعلوم کراچی ۱۴، ۲۸ $\frac{۱۱}{۹۰}$ ھ

اقتباس فیصلہ مجلسِ تحقیق

منعقدہ دار العلوم کراچی ۱۳ ذی قعدہ ۹۲ھ

اس مجلس میں حضرت مولانا مفتی رشید احمد صاحب کے رسالہ صبح صادق کے دلائل پر غور کیا گیا اور متعلقہ کتب کی مراجعت کی گئی نیز مسئلہ کی تحقیق اور مشاہدات کے لئے ٹنڈو آدم کا جو سفر کیا گیا تھا اسکے نتائج زیرِ غور آئے، بحث و تمحیص کے بعد مندرجہ ذیل باتیں پایۂ ثبوت کو پہنچ گئیں۔

مسئلہ کے زیرِ غور آنے کے بعد متفرق ایام میں جتنے مشاہدات کئے گئے ان میں سے کسی میں بھی مروجہ جنتریوں کے مطابق صبح صادق نہیں ہوئی بلکہ اسکے بعد ہوئی۔

ان سب اُمور سے ثابت ہوتا ہے کہ مروجہ جنتریوں میں صبح صادق کے نام سے جو وقت لکھا گیا ہے وہ درحقیقت صبح کاذب کا ہے۔

حضرت مولانا مفتی رشید احمد صاحب نے صبح صادق کے جو اوقات نکالے ہیں انکا مقابلہ ٹنڈو آدم کے مشاہدات سے کیا گیا فرق صرف ایک منٹ کا تھا۔

بہرکیف مذکورہ بالا تحقیق سے ہمیں بھی یہ ظن غالب ہوتا ہے کہ مولانا مفتی رشید احمد صاحب نے حسابی طریقہ سے جو اوقات نکالے ہیں وہ درست ہیں۔

احقر محمد تقی عثمانی عفی عنہٗ

۱۴ ذی قعدہ سنہ ۹۲ ہجری

محمد شفیع　　رشید احمد　　محمد عاشق الٰہی　　محمد رفیع عثمانی عفا اللہ عنہٗ

مشاہدہ میں غلط فہمی کے اسباب:

(۱) وسط اگست تا وسط اکتوبر میں مشرق کی طرف صبح کاذب سے کافی پہلے زوڈیکل لائٹ ظاہر ہوتی ہے جس کا صبح سے کوئی تعلق نہیں۔ اسی طرح یہ روشنی مغرب کی طرف وسط فروری تا وسط اپریل میں ظاہر ہوتی ہے۔ جارج ایبل نے اپنی کتاب "ایکس پلوریشن آف دی یونیورس" مطبوعہ ۱۹۶۴ء میں زوڈیکل لائٹ سے متعلق لکھا ہے کہ "اسے بعض اوقات صبح کاذب بھی کہا جاتا ہے" اس سے یہ غلط فہمی ہو سکتی ہے کہ اسکے بعد ظاہر ہونیوالی ایسٹرونومیکل ٹوائیلائٹ صبح صادق ہو گی لہٰذا خوب سمجھ لیں کہ اصطلاحِ شریعت میں ابتداءِ صبح میں افق سے کافی بلندی پر نمودار ہونے

والی مستطیل روشنی کو صبح کاذب کہا جاتا ہے پھر یہی روشنی جب نیچے اُتر کر عرضاً پھیلتی ہے، اور طول سے عرض زیادہ ہو جاتا ہے اور اسمیں کچھ سُرخی کی جھلک آجاتی ہے تو اسے **صبح صادق** کہا جاتا ہے عن سمرۃ بن جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یغرنکم اذان بلال ولا بیاض الافق المستطیل ھکذا حتی یستطیر ھکذا (رواہ مسلم) عن عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم لیس ان یقول الفجر او الصبح وقال باصابعہ ورفعھا الی فوق وطأطأ الی اسفل حتی یقول ھکذا وقال زھیر بسبابتیہ احدٰھما فوق الاخری ثم مدھما عن یمینہ وعن شمالہ (رواہ البخاری) قولہ (وطأطأ) ای خفض اصبعیہ الی اسفل وھذا ھو الاشارۃ الی کیفیۃ الصبح الصادق (عمدۃ القاری ص۱۳۵ ج ۵) الفجر الصادق یطلع معترضا ثم یعم الافق ذاھبا یمینا وشمالا بخلاف الفجر الکاذب وھو الذی تسمیہ العرب ذنب السرحان فانہ یظھر فی اعلی السماء ثم ینخفض والی ذلک اشار بقولہ رفع وطأطأ رأسہ (فتح الباری ص۸۴ ج ۲) وفی حدیث طلق بن علی وکلوا واشربوا حتی یعترض لکم الاحمر، اخرجہ ابن ابی شیبۃ واحمد وابوداود والترمذی وحسنہ، واخرج احمد لیس الفجر المستطیل فی الافق ولکنہ المعترض الاحمر (درمنثور ص۲۰۰ ج ۱، ابن کثیر ص۲۲۳ ج ۱) قال الخطابی معنی الاحمر ھھنا ان یستبطن البیاض المعترض اوائل حمرۃ (فتح الملھم ص۱۱۹ ج ۳) وما روی عن الخلیل انہ قال رأیت البیاض بمکۃ شرفھا اللہ تعالیٰ فما ذھب الابعد نصف اللیل محمول علی بیاض الجو وذلک یغیب آخر اللیل واما بیاض الشفق وھو رقیق الحمرۃ فلا یتأخر عنھا الا قلیلا قدر ما یتأخر طلوع الحمرۃ عن البیاض فی الفجر (زیلعی ص۸۰ ج ۱) والصبح یجمع بیاضا وحمرۃ (المغنی لابن قدامۃ ص۳۸۵ ج ۱) قال الازھری ولون الصبح الصادق یضرب الی الحمرۃ قلیلا کأنھا لون الشفق الاول فی اول اللیل (لسان الخ) قال فی التصریح فیری الضوء مرتفعا عن الافق مستطیلا ویری ما بینہ وبین الافق مظلما وھو الصبح الکاذب لکذبہ فی الاخبار عن قرب الشمس لان الافق بعد مظلم، وفی الحاشیۃ (قولہ لکذبہ) واندفع بہ ما قیل سمی بذلک لانہ یعقبہ ظلمۃ یکذب بہ فانہ اذا طلع الصبح الثانی انعدم ضوء الصباح الاول وجہ الاندفاع انہ لا یعقبہ ظلمۃ بل یخفی عن البصر لضعفہ وغلبۃ الضوء الشدید الطاری علیہ کما یخفی ضیاء المشاعل والکواکب فی

ضوء الشمس ۱ھ مولانا ابو الفضل محمد حفیظ اللہ (تصریح ص۶۹) یسمی بالصبح الکاذب کأن کون الافق بعد مظلما یکذب کونہ نورا لشمس (شرح چغمینی ص۱۲۵) والنوع الثانی منبسط فی عرض الافق مستدیر کنصف دائرۃ یضیٔ بہ العالم فینتشر لہ الحیوانات والناس للعادات وتنعقد بہ شرط العبادات (القانون المسعودی لابی ریحان البیرونی ص۹۳۹ ج۲)

فاما بیاض الصبح الصادق فھو بیاض مستدیر فی الافق (تفسیر کبیر ص۲۰۳ ج۲)

یہ امر علماء ہیئت کی تصریحات کے علاوہ مشاہدات سے بھی ثابت ہو چکا ہے کہ ۱۸° زیر افق پر مستطیل روشنی ظاہر ہوتی ہے جس میں سرخی کی ذرا بھی آمیزش نہیں ہوتی۔ عرضاً پھیلنے والی صبح صادق ۱۵° زیر افق پر ہوتی ہے۔ درحقیقت عرفی دن طلوع شمس سے شروع ہوتا ہے مگر شریعت نے زمین پر شعاع شمس کے ظہور کو بھی حکماً دن قرار دیا ہے اور ۱۵° زیر افق سے قبل شعاع شمس کا زمین پر قطعاً ظہور نہیں ہوتا اسلئے یہ صبح کاذب ہے جو عرف کے مطابق شرعاً بھی رات میں داخل ہے، شعاع شمس کے صرف فلک پر ظہور کو شریعت نے دن کا حکم نہیں دیا ورنہ صبح کاذب بھی دن میں شمار ہوتی،

غرضیکہ زوڈیکل لائٹ کا اصطلاح شریعت سے کوئی تعلق نہیں، بلکہ یہ قوس قزح کی طرح ایک انعکاسی روشنی ہے جو سال بھر میں صرف دو ماہ وسط اگست تا وسط اکتوبر میں بعض مقامات پر نمودار ہوتی ہے اور ایسٹرونومیکل ٹوئیلائٹ سے کافی پہلے بالکل ختم ہو جاتی ہے اسی طرح ارورا، گلگن شین لائٹ اور دوسری کئی قسم کی روشنیاں مختلف زمانوں میں مختلف مقامات پر مختلف سمتوں میں رات کے مختلف حصوں میں نمودار ہوتی رہتی ہیں، جن کا صبح کیساتھ کوئی تعلق نہیں، ملاحظہ ہو ایکس پلوریشن آف دی یونیورس تصنیف جارج ایبل مطبوع ۱۹۶۴ء ص۳۱۵ و ص۳۳۸ دی پان بک آف ایسٹرونومی تصنیف جیمس میوریڈن ایف، آر، اے، ایس طبع ۱۹۶۴ء ص۱۶۹، دی ایلیمنٹس آف ایسٹرونومی تصنیف ایڈورڈ آرتھر فینتھ طبع ۱۹۵۵ء ص۲۱۲،

خلیل کی طرح بعض دیگر حضرات کو بھی زوڈیکل لائٹ اور کہکشاں کو صبح کاذب سمجھنے کا مغالطہ لگا ہے جس پر اہل تحقیق نے تردید فرمائی ہے چنانچہ علامہ حطّاب مالکی رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں قال فی الذخیرۃ وکثیر من الفقھاء لا یعرف حقیقۃ ھذا الفجر ویعتقد انہ عام الوجود فی سائر الازمنۃ وھو خاص ببعض الشتاء وسبب ذلك ان المجرۃ فمتی کان الفجر بالبلدۃ ونحوھا طلعت المجرۃ قبل الفجر وھی بیضاء فیعتقد انھا الفجر فاذا

باينت الافق ظهر من تحتها الظلام ثم يطلع الفجر بعد ذلك و اما فی غير الشتاء فتطلع المجرة اول الليل او نصفه فلا يطلع آخر الليل الا الفجر الحقيقی انتهی ونازعه غيره فی ذلك وقال انه مستمر فی جميع الازمنة وهو الظاهر (مواہب الجلیل شرح مختصر خلیل ص۳۹۹ ج ۱)

وقال العلامة ابن حجر الهيتمی الشافعی رحمه الله تعالیٰ فی تحفة المحتاج بشرح المنهاج و نقل الاصبحی ابراهيم ان بعضهم ذكر انه يذهب بعد طلوعه ويعود مكانه ليلا وان اباجعفر البصری بعد ان عرفه بانه عند بقاء ساعتين يطلع مستطيلا الی نحو ربع السماء كأنه عمود وربما لم ير اذا كان الجو كدرا صيفا اعلاه دقيق واسفله واسع وتحته سواد ثم بين ثم يظهر ضوء يغشی ذلك كله ثم يعترض رده بانه رصده نحو خمسين سنة فلم يره غاب وانما ينحل ليلتقی مع المعترض فی السواد و يصيران فجرا واحدا او زعم غيبته ثم عوده وهم او رآه يختلف باختلاف الفصول فظنه يذهب وبعض الموقتين يقول هو المجرة اذا كان الفجر بالسعود ويلزمه انه لا يوجد الا نحو شهرين فی السنة اه قال الشيخ عبد الحميد الشروانی فی حاشيته علی تحفة المحتاج (قوله بالسعود) منزل للقمر كردی عبارة القاموس وسعود النجوم عشرة سعد بلع وسعد الاخبية وسعد الذابح وسعد السعود وهذه الاربعة من منازل القمر ثم قال بعد ذكر البقية وهذه الستتليست من المنازل كل منها كوكبان بينهما نحو ذراع اه (تحفة المحتاج ص۴۲۷ ج ۱)

و علامہ شیرازی در تحفۂ شاہی می آرد وجہ تسمیہ اش بصبح صادق آنست کہ روشنیش از اول صادق تر ست نہ ازیں جہت کہ سیاہی طاری بر صبح اوّل مکذب می شود نہ بر ثانی زیرانکہ صحیح آنست کہ روشنی اوّل معدوم نمی شود بلکہ روشنی ثانی مغلوب ومخفی میگردد مثل روشنی چراغ پیش پرتو آفتاب (حاشیہ مالابد منہ ص۲۹)

عبارات بالا سے ثابت ہوا کہ جن حضرات نے صبح کاذب کے بعد پھر مکمل اندھیرا ہوجانے کا قول کیا ہے انھیں زوڈیکل لائٹ یا کہکشاں سے مغالطہ ہوا ہے، یا ان کا مقصد یہ ہے کہ صبح صادق کی روشنی میں صبح کاذب غائب ہوجانے کی وجہ سے وہاں اندھیرا نظر آتا ہے وذکر الامام الغزالی رحمہ اللہ تعالیٰ فی آداب المسافر من الاحیاء ولفظ الاحیاء مع شرحہ "الاتحاف" ويبقی بين الصبحين قدر ثلثی منزلة بالتقريب يشك فيه من وقت الصبح الصادق والكاذب (معارف السنن ص۲۹ ج ۲)

اس سے بھی ثابت ہوا کہ صبح صادق و کاذب کے درمیان کوئی فصل نہیں بلکہ دونوں آپس میں متصل ہیں

(۲) علامہ حطاب مالکی اور علامہ ہیثمی شافعی کی تحقیق جو اوپر نقل کی گئی ہے اس سے معلوم ہوا کہ

سردیوں میں تقریباً دو ماہ تک کہکشاں بوقت صبح مشرق کی طرف سے طلوع ہوتی ہے اور اس کے بعد جلد ہی صبح کی روشنی نمودار ہوجاتی وجہ سے کہکشاں غائب ہو جاتی ہے اور دیکھنے والے کو یہ احساس نہیں ہوتا کہ یہ روشنی کہکشاں کی تھی بلکہ وہ اسے صبح کی روشنی سمجھ بیٹھتا ہے۔

حساب اور مشاہدات سے ثابت ہوا کہ عرض شمالی میں یہ کیفیت جنوری اور فروری میں ہوتی ہے۔ اسی طرح جولائی اور اگست میں مغرب کی طرف غروب کہکشاں کی یہی حالت ہونی چاہئے اور عرض جنوبی میں معاملہ برعکس ہوگا۔

(۳) دسمبر ۱۹۷۱ء میں پاک و ہند کی جنگ کے دوران بلیک آؤٹ کی وجہ سے شہر کے اندر رہتے ہوئے مشاہدات کا بہتر موقع مل گیا، مجھے اس سے بہت حیرت ہوئی کہ صبح کاذب سے بہت پہلے مشرق کی طرف اور عشاء سے بہت بعد مغرب کی طرف مستطیل روشنی نظر آرہی ہے، میں نے اس عقدہ کو حل کرنیکا خاص اہتمام کیا۔ ۱۹؍ دسمبر کی شام کو مغرب کے بعد جلد ہی میں نے افق غربی کا مراقبہ شروع کر دیا، میں نے دیکھا کہ مغرب شمس سے قدرے جنوب کی طرف ایک غیر معمولی روشن سیّارہ (زہرہ) ٹھیک اسی جگہ پر ہے جہاں پہلے روز عشاء کے بعد بھی روشنی نظر آرہی تھی، یہ سیّارہ پونے آٹھ بجے غروب ہوگیا مگر اسکے اوپر مستطیل روشنی تقریباً ساڑھے دس بجے تک واضح طور پر نظر آتی رہی جبکہ اس روز ۱۵° زیر افق (وقت عشاء، مقابل صبح صادق) کا وقت ۶/۵۵ اور ۱۸° زیر افق (مقابل صبح کاذب) کا وقت ۷/۹ ہے۔ اسکے بعد یوں محسوس ہونے لگا کہ اس مقام سے ثریا تک کہکشاں کی طرح مگر اس سے کافی مدھم سفید سڑک ہے، اس پورے مشاہدہ میں میرے ساتھ ایک صاحب اور بھی تھے، ۲۰ تا ۲۲؍ دسمبر ابر کی وجہ سے صبح کا مشاہدہ نہو سکا ۲۳؍ دسمبر کو ۴½ بجے اُٹھ کر دیکھا تو مشرق کی طرف مستطیل روشنی موجود تھی، ۲۴؍ دسمبر کو میں نے رات کے تین بجے سے کام شروع کر دیا۔ مشاہدہ سے محسوس ہوا کہ مشرق سے کہکشاں کی طرح مگر اس سے کافی مدھم سفیدی اوپر کو جارہی ہے اور ثریا کی سیدھ میں معروف کہکشاں کے ساتھ مل رہی ہے تقریباً ۴½ بجے کے بعد مشرق کی طرف اس سفیدی میں کچھ اضافہ اور اوپر کی جانب کچھ کمی محسوس ہونے لگی اور وقت صبح کاذب تک یہی کیفیت رہی صبح کاذب کی ابتداء کا کچھ احساس نہو سکا۔ حسابی رو سے اس روز صبح کاذب کا وقت ۵/۴۹ اور صبح صادق کا وقت ۶/۶ ہے، ۴½ بجے کے بعد روشنی میں اضافہ سے اندازہ ہوا کہ مغرب کی طرح افق شرقی کے نیچے بھی کوئی غیر معمولی روشن ستارہ اسکا باعث بن رہا ہے چنانچہ جنوری میں

یہ ستارہ بوقت صبح نظر آنے لگا جو ذنب عقرب کے قریب معروف کہکشاں کے اندر واقع ہے نتیجہ یہ نکلا کہ معروف کہکشاں کے علاوہ ایک اور مدھم کہکشاں بھی ہے جس کے ساتھ بعض غیر معمولی روشن ستاروں کی روشنی بھی شامل ہو جاتی ہے جو مغالطہ کا باعث بنتی ہے۔

صبح صادق سے متعلق مغالطہ کی وجوہ:

(۱) بعض علماء نے منتہائے سحر و طلوع آفتاب کے درمیان کچھ وقت (مثلاً ڈیڑھ گھنٹہ یا کم و بیش) کی تعیین فرمائی ہے، اس سے انکا یہ مقصد ہرگز نہیں کہ ہر موسم میں ہر مقام پر طلوع اور صبح صادق کے درمیان اتنا ہی وقفہ ہوتا ہے اسلئے کہ یہ امر تو بداہۃً غلط ہے۔

ہر شخص جانتا ہے کہ یہ وقفہ ہر تاریخ میں اور ہر مقام میں مختلف ہوتا ہے اسکی تصدیق مشاہدہ سے بھی کی جا سکتی ہے اور مختلف مقامات کے اوقاتِ نماز کے پرانے نقشوں سے بھی، لہٰذا ان حضرات کی تحریر سے انکا مقصد یہ ہے کہ انکے ملک میں جس مقام اور جس تاریخ میں زیادہ سے زیادہ وقفہ ہو اُسے منتہائے سحر قرار دیدیا جائے تو پورے ملک کی حدود کے اندر ہر مقام اور ہر موسم میں روزہ بلاشبہ صحیح ہو جائیگا اور غروب سے اتنی ہی دیر بعد نماز عشاء بلاشبہہ درست ہوگی مثلاً متحد ہندوستان کے زمانے میں اگر کسی عالم نے اسوقت کی مقدار متعین کی تو انھوں نے متحد ہندوستان (بشمول خیبر، مردان، مالاکنڈ، چترال وغیرہ) کی حدود میں سے جس مقام پر اور جس تاریخ میں زیادہ سے زیادہ وقفہ تھا اسے انتہاءِ سحر قرار دیدیا، چنانچہ حکیم الامت حضرت مولانا تھانوی قدس اللہ سرہٗ امداد الفتاوٰی جلد دوم ص۵۰ میں فرماتے ہیں کہ "ہیئت کے قاعدہ سے طلوع آفتاب کے وقت سے ڈیڑھ گھنٹہ قبل تک سحری کھا سکتے ہیں۔" پھر حاشیہ میں تحریر فرماتے ہیں "بعض مواسم میں اس سے بھی زیادہ گنجائش ہے یہ احتیاطاً لکھدیا۔"

غرضیکہ اس سے یہ مقصد ہرگز نہیں کہ ہر مقام پر اور ہر تاریخ میں اسوقت صبح صادق ہو جاتی ہے، اور فوراً اذان دیکر نماز فجر بھی پڑھ لینا جائز ہے اور نہ ہی یہ مقصد ہے کہ کسی مقام اور کسی موسم میں بھی غروب کے بعد اتنا وقت گزرنے سے پہلے عشاء کا وقت نہیں ہوتا۔ اس سے ثابت ہوا کہ جو حضرات میری تحقیق کو اکابر کیخلاف سمجھ رہے ہیں انھیں اکابر کے کلام میں غور نہ کرنے کی وجہ سے غلط فہمی ہوئی ہے ورنہ حقیقت یہ ہے کہ میری تحقیق کا کوئی جزء بھی اکابر کی کسی تحریر کیخلاف نہیں۔

(۲) بعض مصنّفین نے صبح صادق کے کُل وقت کی پوری رات کے وقت سے کوئی خاص نسبت تحریر فرمائی ہے۔

اس کی حقیقت بھی وہی ہے جو اوپر ۱ میں گزری۔

(۳) متقدمین علماء فلکیات کا یہ معمول ہے کہ وہ پہلے مطلقاً صبح کا وقت بتاتے ہیں اور آخر میں اسکی تصریح فرما دیتے ہیں کہ یہ صبح کاذب کا وقت ہے اور صبح صادق اس سے تین درجہ بعد ہوتی ہے جس سے ان کا مقصد یہ تھا کہ لوگ پہلے سے صبح صادق کے لئے تیار رہیں مگر اوقات نماز کی اشاعت کے شائقین کی کم نظری نے مطلق صبح کو صبح صادق بنا دیا اور اس کے بعد آنیوالی تصریح تک رسائی نہ ہوئی۔

(۴) اہل فن علماء دین نے جب اوقات نماز کے نقشے مرتب کئے تو ان میں بھی احتیاط و مصلحت مذکورہ کی بناء پر صبح صادق کی بجائے عمداً صبح کاذب کے اوقات لکھے چنانچہ نقشہ منجم خیر اللہ مندرجہ مظاہر الحق شرح مشکوٰۃ میں مطلق صبح کے عنوان کے تحت ۱۸° زیر اُفق کے اوقات لکھے ہیں جو بالاجماع صبح کاذب ہے مگر کراچی کی ایک جنتری میں اس نقشہ کو شیخ عبدالحق محدّث دہلوی رحمہ اللہ تعالیٰ کی طرف منسوب کر دیا ہے اور مطلق صبح کو صبح صادق بنا دیا ہے اور دہلی کے نقشہ کو کراچی پر چسپاں کر دیا ہے پھر گھڑی اور پل کے گھنٹے اور منٹ بنانے میں بھی غلطی کی ہے اسی طرح نقشۂ مندرجہ معیار الاوقات مطبوعہ حیدرآباد دکن میں ۱۸° زیر اُفق کے اوقات دیئے ہیں، حالانکہ اس کتاب میں چار مختلف مقامات پر اسکی وضاحت موجود ہے کہ ۱۸° زیر اُفق صبح کاذب کا وقت ہے اور صبح صادق ۱۵° زیر اُفق پر ہوتی ہے، نیز اس کتاب میں صبح کاذب کو کئی جگہ مطلق صبح سے تعبیر کیا ہے، یہ بھی واضح دلیل ہے کہ دوسرے حضرات نے بھی جہاں مطلق صبح لکھا ہے اس سے صبح کاذب مراد ہے اور سب نے نقشے بھی صبح کاذب کے مرتب کئے ہیں۔ اور اسکی تصریح کی ہے کہ یہ صبح کاذب کا وقت ہے اس کتاب کے حوالہ کی تفصیل عنوانٌ "تحقیقاتِ جدیدہ" کے تحت گزر چکی ہے

(۵) مغربی ممالک کو صبح صادق سے کوئی سروکار نہ تھا لہٰذا انھوں نے بھی مکمل اندھیرے میں ظاہر ہونے والی روشنی کی پہلی کرن (صبح کاذب) کے نقشے تیار کئے۔

اس کے بعد ناواقف شائقین کا دَور آیا اور انھوں نے بحریہ، فضائیہ یا موسمیات کے کسی ملازم سے نقشہ مرتب کرنے کی فرمائش کی اُسنے گرین وچ کی شاہی رصدگاہ سے شائع ہونے والی ناٹیکل المینک اُٹھائی اور اس سے نقشہ مرتب کر دیا، نہ فرمائش کرنے والے کو یہ خیال آیا کہ وہ نقشہ مرتب کرنے والے کو صبح کاذب و صادق کا فرق بتائے اور نہ ہی مرتب کو اس کی طرف توجہ ہوئی۔ یہ امر مسلم ہے کہ پرانے سب نقشے ناٹیکل المینک ہی سے تیار کئے گئے ہیں۔ جن حضرات میں

پرائی محنت اپنی طرف منسوب کرنے کا مرض نہیں وہ کھلے الفاظ میں اسکا اعتراف بھی کر رہے ہیں چنانچہ حضرت تھانوی قدس سرہٗ کے امداد الفتاویٰ جلد اول ص۱۱۴ اور دار العلوم کورنگی کے کتب خانہ میں موجود بعض بہت قدیم جنتریوں میں اسکی تصریح ہے کہ یہ اوقات ناٹیکل المینک سے لئے گئے ہیں،

(۶) قال ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ فی نیۃ الصوم تحت (قولہ الضحوۃ الکبریٰ) "تنبیہ" قد علمت ان النہار الشرعی من طلوع الفجر الی الغروب واعلم ان کل قطر نصف نہارہ قبل زوالہ بنصف حصۃ فجرہ فمتی کان الباقی للزوال اکثر من ہذا النصف صح والا فلا فتصح النیۃ فی مصر والشام قبل الزوال بخمس عشرۃ درجۃ لوجود النیۃ فی اکثر النہار لان نصف حصۃ الفجر لا تزید علی ثلاث عشرۃ درجۃ فی مصر واربع عشرۃ ونصف فی الشام فاذا کان الباقی الی الزوال اکثر من نصف ہذہ الحصۃ ولو بنصف درجۃ صح الصوم کذا حررہ شیخ مشایخنا السائحانی رحمہ اللہ تعالیٰ (رد المحتار ص۹۳ ج ۲)

بظاہر اس عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ مصر میں صبح صادق کا زیادہ سے زیادہ وقت یک گھنٹہ ۴۴ منٹ اور شام میں زیادہ سے زیادہ ایک گھنٹہ ۵۶ منٹ ہے، حالانکہ یہ حساب ۱۵ زیر افق کی بجائے ۱۸ زیر افق پر منطبق ہوتا ہے، موجودہ نقشوں میں شام کا منتہی العرض تقریباً ۳۷ درجہ ہے، اسکے مطابق وقت مذکور صحیح ہے مگر عرض مصر کا منتہی موجودہ نقشوں میں تقریباً ۳۱ ہے اور وقت مذکور ۳۳ عرض البلد کا ہے۔ ممکن ہے کہ اس زمانہ میں مصر کی وسعت ۳۴ عرض تک ہو یا وقت کی تخریج کرنے والے نے مصر کا منتہی العرض ۳۳ سمجھا ہو، بہرکیف شکال یہ ہے کہ اس عبارت میں ۱۸ زیر افق کو صبح صادق قرار دیا گیا ہے۔

اس اشکال کا جواب بھی مندرجہ بالا تفصیل سے حاصل ہوجاتا ہے یعنی ماہرین فلکیات کا دستور یہ رہا ہے کہ وہ صبح کاذب کو مطلق صبح سے تعبیر کرتے ہیں اس سے بعض حضرات کو اشتباہ ہوگیا اور وہ اسے صبح صادق سمجھنے لگے، نیز انتہاء سحر کے باب میں احتیاط کے پیش نظر عمداً بھی صبح کاذب کے اوقات لکھنے کا دستور رہا ہے۔ ہم گزشتہ مضمون میں اسکی چند مثالیں بھی پیش کرچکے ہیں، بہرکیف مصر و شام کے مذکورہ اوقات صبح صادق کے نہیں بلکہ صبح کاذب کے ہیں، جب علامہ شامی رحمہ اللہ تعالیٰ خود کتاب الصلوٰۃ میں دو جگہ اس کی تصریح نقل کرچکے ہیں کہ صبح کاذب و صادق میں تین درجات کا فرق ہے تو یہ کیسے باور کیا جاسکتا ہے کہ یہاں اسکے خلاف نقل لاکر وجہ تطبیق یا ترجیح ذکر نہ کریں۔

(۷) ایک صاحب نے یہ اشکال لکھ کر بھیجا ہے کہ حسب تصریح فقہاء رحمہم اللہ تعالیٰ بلغاریہ میں چند ایام عشار کا وقت نہیں آتا حالانکہ موجودہ نقشوں میں بلغاریہ کا عرض ۴۳ ہے۔ جہاں ہر موسم میں ۱۵ زیرافق والی بیاض یقیناً غروب ہوجاتی ہے، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ صبح صادق اور مغرب کا وقت ۱۵ زیرافق سے زیادہ ہے۔

ان صاحب کو بلغار اور بلغاریہ میں اشتباہ ہوا ہے، حقیقت یہ ہے کہ یہ دو الگ الگ مقام ہیں۔ بلغاریہ کا عرض البلد ۴۳ ہے اور بلغار تقریباً ۶۳ عرض البلد پر ہے۔

ائمۂ ثلاثہ رحمہم اللہ تعالیٰ کے ہاں وقت عشار کی ابتدا، غروب شفق احمر سے ہوتی ہے قولاً واحدًا، احناف رحمہم اللہ تعالیٰ کے ہاں احمر و ابیض دونوں قول ہیں مگر راجح اور مفتی بہ قول شفق احمر ہی کا ہے، شفق ابیض کے قول پر ابیض مستطیر مراد ہے، ابیض مستطیل بالاتفاق عشار میں داخل ہے، اس سے متعلق حوالجات اوپر لکھے جا چکے ہیں اور یہ بھی ثابت کیا جا چکا ہے کہ شفق ابیض مستطیل غروب ہونے کے وقت آفتاب ۱۸ زیرافق ہوتا ہے اور شفق ابیض مستطیر غروب ہونے کے وقت ۱۵ زیرافق۔ غروب شفق احمر کے وقت آفتاب ۱۲ زیرافق ہوتا ہے، اس کی تعیین علامہ شامی رحمہ اللہ تعالیٰ کی اس عبارت سے ہوتی ہے ذکر العلامۃ المرحوم الشیخ الکاملی فی حاشیتہ علی رسالۃ الاسطرلاب لشیخ مشایخنا العلامۃ المحقق علی آفندی الداغستانی ان التفاوت بین الفجرین وکذا بین الشفقین الاحمر والابیض انما ھو بثلاث درج (رد المحتار ص ۳۳۲ ج ۱) علاوہ ازیں تحقیقات جدیدہ اور مشاہدات سے بھی اسکی تائید ہوتی ہے

بڑے دنوں میں شفق ابیض مستطیل (۱۸ زیرافق) کے عدم غروب کا مقام ۴۸٫۵ عرض البلد سے اوپر ہے اور شفق ابیض مستطیر (۱۵ زیرافق) کے عدم غروب کا ۵۱٫۵ سے اوپر اور شفق احمر (۱۲ زیرافق) کے عدم غروب کا ۵۴٫۵ سے اوپر ہے، اس سے ثابت ہوا کہ ۵۱٫۵ عرض البلد تک بالاتفاق عشار کا وقت پایا جاتا ہے بلکہ اس سے بھی آگے ۵۴٫۵ عرض البلد تک بھی فقدان وقت عشار کے قول کی کوئی گنجائش نہیں، اسلئے کہ وہاں تک شفق احمر ہر موسم میں غروب ہوتی ہے اور وقت عشار کے لئے مفتی بہ قول یہی ہے، شفق ابیض کے قائلین بھی ظاہر ہے کہ ایسے موقع پر ترک نماز کی اجازت دینے کی بجائے قول شفق احمر ہی کو واجب العمل قرار دینگے، بلغاریہ (۴۳ عرض البلد) میں تو شفق ابیض مستطیل (۱۸ زیرافق) بھی ہر موسم میں غروب ہوجاتی ہے لہٰذا اگر کوئی معاند وقت عشار کے لئے غروب شفق ابیض مستطیل ہی پر

مُصر ہو تو اس کے نظریہ کے مطابق بھی بلغاریہ میں ہر موسم میں وقت عشار پایا جاتا ہے۔

البتہ بلغار کا عرض البلد چونکہ ۴۸ ۵ سے زائد ہے اس لئے وہاں بڑے دنوں میں شفق احمر کبھی غروب نہیں ہوتی اور باتفاق وقت عشار مفقود ہے، بلغار کے محل وقوع سے متعلق چند عبارات ملاحظہ ہوں ۔

قال یاقوت الحموی بلغار بالضم والغین المعجمۃ مدینۃ الصقالبۃ ضاربۃ فی الشمال شدیدۃ البرد لایکاد الثلج یقلع عن ارضہا صیفا ولا شتاءً وقل ما یری اھلھا ارضا ناشفۃ وبنائہم بالخشب وحدہ وھوان یرکبوا عودا فوق عود ویسمرونھا باوتاد من خشب ایضًا محکمۃ والفواکہ والخیرات بارضہم لا تنجب وبین اتل مدینۃ الخزر وبلغار علی طریق المفاوز نحو شھر ویصعد الیھا فی نھر اتل نحو شھرین وفی الحدور نحو عشرین یوما ومن بلغار الی اول حد الروم نحو عشر مراحل ومنھا الی کویابہ مدینۃ الروس عشرون یوما ومن بلغار الی بشجرد خمس وعشرون مرحلۃ (ثم قال) واذا الشفق الذی قبل المغرب لا یغیب بتۃ (معجم البلدان ص۴۸۵ ج ۱) اس عبارت میں صراحت ہے کہ بلغار میں شفق احمر غروب نہیں ہوتی، جس سے ثابت ہوا کہ بلغار کا عرض البلد ۴۸ ۵ سے زیادہ ہے ۔

مولانا غیاث الدین رامپوری اقلیم ہفتم کے بیان میں فرماتے ہیں و بلغار شہریست دریں اقلیم کہ دراوائل فصل گرما شفق درآنجا غائب نمیشود کہ سفیدۂ صبح ظاہر میگردد و کوتاہی روز در بلغار بچہار ساعت و شب بر بست ساعت و باز برعکس میشود (غیاث اللغات بیان ہفت اقلیم) اس سے ثابت ہوا کہ بلغار میں سب سے بڑا دن بیس گھنٹے کا ہوتا ہے، بندہ نے اسکا حساب لگایا تو ثابت ہوا کہ اسقدر طول نہار ۹ ر ۶۲ عرض البلد پر ہوتا ہے ۔

وقال الفاضل الرومی وابتداء (الاقلیم) السابع حیث النھاریہ مہ ای خمس عشرۃ ساعۃ ونصف وربع والعرض مزبیب ای سبع واربعون درجۃ واثنتا عشرۃ دقیقۃ وفیہ بعض بلاد الصقالبۃ والروس وبلغار وغیاض وجبال یأوی الیھا اتراک کالوحوش وشمال بلاد یأجوج ومأجوج ونھایات مساکن اتراک الشرق (ثم قال) ان فی عرض سح ای ثلاث وستین درجۃ جزیرۃ معمورۃ تسمی تولی اھلھا یسکنون الحمامات لشدۃ البرد فی اوانہ والنھار ھناک عشرون ساعۃ (شرح چغمینی ص۹۹) اس میں بیس گھنٹہ کا دن ۶۳° عرض البلد میں بتایا گیا ہے مگر یہ قول تقریبی ہے، صحیح حساب کی تخریج سے ثابت ہوا کہ ۹ ر ۶۲

عرض البلد پر بڑا دن بیس گھنٹے کا ہوتا ہے۔ غرضیکہ ان عبارات سے یہ امر واضح ہوگیا کہ بلغار اقلیم ہفتم میں ہے اور اسکا عرض البلد تقریباً ۶۴° ہے جبکہ بلغاریہ اقلیم ششم میں ۴۳° عرض البلد پر ہے منجد میں بھی بلغار اور بلغاریہ کو الگ لکھا ہے، بُلغار : شعب تکونت منہ دولتان فی اوائل القرون الوسطی احدٰیہما علی نھر اتیل والاخری علی نھر الطونۃ، بُلغاریہ : دولۃ فی البلقان عاصمتہا صوفیا الخ

(۸) معارف السنن ص۲۸ ج ۲ میں یہ حقیقت تحریر ہے کہ ۱۸° زیرِ اُفق کے وقت صبح کاذب اور ۱۵° زیرِ اُفق پر صبح صادق ہوتی ہے، دونوں کے درمیان تین درجہ کا فرق ہے جسکو آفتاب ۱۲ منٹ میں طے کرتا ہے۔

اس کے بعد حضرت مولانا انور شاہ صاحب قدس سرہٗ کے حوالہ سے تحریر ہے کہ ابن حجر ہیتمی رحمہ اللہ تعالیٰ نے تحفۃ المحتاج میں اس پر یوں ردّ فرمایا ہے کہ صبح کبھی جلد ہوتی ہے اور کبھی دیر سے، حضرات فقہاء رحمہم اللہ تعالیٰ بھی یونہی فرماتے ہیں، ابن حجر ہیتمی کا یہ قول علامہ آلوسی رحمہ اللہ تعالیٰ نے بھی روح المعانی میں نقل فرمایا ہے، انتہی،

معارف السنن کی اس تحریر سے متعلق مندرجہ ذیل گزارشات ہیں۔

(۱) مؤلف نے خود تحریر فرمایا ہے کہ ان کو تلاش کے باوجود روح المعانی میں علامہ ہیتمی کا یہ قول نہیں ملا، مزید اطمینان کے لئے بندہ نے بھی روح المعانی میں تلاش کیا مگر ایسا کوئی قول دستیاب نہ ہوا۔

(۲) مؤلف فرماتے ہیں کہ تحفۃ المحتاج انکے پاس نہیں اسلئے وہ اسکی طرف مراجعت نہیں کرسکے، بندہ نے تحفۃ المحتاج کو کھنگالا مگر اسمیں بھی یہ جزء اصم ہاتھ نہ آیا، البتہ اسمیں یہ عبارت ہے دھو (الصبح الکاذب) مایبدو مستطیلا واعلاہ اضوأ من باقیہ ثم تعقبہ ظلمۃ (تنبیہ) فی تحقیق ھٰذا کونہ مستطیلا کلام طویل لاھل الھیئۃ مبنی علی الحدس المبنی علی قواعد الحکماء الباطلۃ شرعًا من الخرق والا لتئام او التی لم یشھد بصحتھا، علی انہ لا یفی ببیان سبب کون اعلاہ اضوأ مع انہ ابعد من اسفلہ عن مستملہ وھو الشمس ولا ببیان سبب انعدامہ بالکلیۃ حتی تعقبہ ظلمۃ کما صرح بہ الائمۃ وقد روھا بساعۃ والظاھر ان مرادھم مطلق الزمن لانھا تطول تارۃ وتقصر اخری الخ (تحفۃ المحتاج ص۴۲۶ ج ۱) اسمیں درجات وغیرہ کا کوئی ذکر نہیں بلکہ تین چیزیں مذکور ہیں، کونہ مستطیلا، اعلاہ اضوأ، تعقبہ ظلمۃ، علامہ ہیتمی رحمہ اللہ تعالیٰ ان امور ثلاثہ کا انکار نہیں فرما رہے بلکہ ان کو تسلیم کرنے کے بعد اہل ہیئت جو انکے اسباب

بیان کرتے ہیں ان پر ردّ فرمارہے ہیں، اور عبارت مذکورہ کے بعد ایک حدیث سے امور مذکورہ کے اسباب بیان فرمارہے ہیں،

(۳) تجربہ سے ثابت ہوا ہے کہ متأخرین کی امالی میں ناقلین پر اختلاط والتباس غالب ہے، اہل نظر فیض الباری میں محولہ کتب کی مراجعت سے اسکی تصدیق کرچکے ہیں، اب معارف السنن کے حوالہ مذکورہ سے بھی اسکی تصدیق ہورہی ہے بایںطور کہ اوّلاً روح المعانی اور تحفۃ المحتاج کا حوالہ صحیح نہیں، ثانیاً ردّ المحتار میں منقول ان التفاوت بین الفجرین الخ کو شیخ علی داغستانی کیطرف منسوب کردیا ہے حالانکہ یہ شیخ خلیل کاملی کا قول ہے،

حضرت مولانا انور شاہ صاحب قدس سرہٗ کا مقام اس سے بہت بلند ہے کہ وہ ایسے غلط حوالے اور غلط نسبت بیان فرمائیں، پھر جس بات کا حوالہ دیا جارہا ہے وہ ایسی بدیہی البطلان اور لچر ہے کہ علامہ ہیتمی اور حضرت شاہ صاحب رحمہما اللہ تعالیٰ کا دامن اس سے یقیناً پاک ہے، اور یہ صرف ناقلین امالی کے اختلاط کا کرشمہ ہے،

(۴) اہلِ ہیئت کی طرف سے صبح صادق وصبح کاذب کے درجات کی تعیین صبح کے تقدم وتأخر کے منافی نہیں اسلئے کہ ان درجات سے دائرۃ الارتفاع کے درجات مراد ہیں، چونکہ مختلف موسموں اور مختلف علاقوں میں آفتاب کی مدار مختلف حالات پر ہوتی ہے اسلئے آفتاب کو دائرۃ الارتفاع کے متعین درجات طے کرنے میں مختلف زمانہ درکار ہے، خود معارف السنن میں احیاء العلوم اور اسکی شرح اتحاف کے حوالہ سے اسکی نظیر یوں منقول ہے ان بعض المنازل تطلع معترضۃ منحرفۃ فیقصر زمان طلوعھا وبعضھا منتصبۃ فیطول زمان طلوعھا ویختلف ذلک فی البلاد باختلاف الاقالیم اختلافا یطول ذکرہ (معارف السنن ص۲۹ ج ۲) اسکی دوسری نظیر یہ ہے کہ وقت عصر کے لئے مثلین کی تعیین ہے معہذا اسمیں تقدم وتأخر ہوتا ہے

کیا علامہ ہیتمی اور حضرت شاہ صاحب رحمہما اللہ تعالیٰ جیسے جبال علم صبح کے لئے اہل ہیئت کی تعیین درجات کا واضح مفہوم سمجھنے سے بھی قاصر تھے؟ اور کیا اتنی موٹی بات بھی انکے خیال میں نہ آئی کہ تعیین درجات اور صبح کے تقدم وتأخر میں منافات نہیں؟ اولٰئک مبرؤن مما یقولون،

(۵) اگر یہ اعجوبہ بلکہ اضحوکہ تسلیم بھی کرلیا جائے کہ درجات کی تعیین صبح کے تقدم وتأخر کے منافی ہے تو سوال یہ ہے کہ اوقاتِ نماز کے پرانے نقشے بھی تو متعین درجات ہی کے حساب پر مبنی ہیں وہ کیونکر صحیح تسلیم کئے جاتے ہیں؟

حضرت مفتی محمد شفیع اور مولانا محمد یوسف بنوری کا رجوع

بندہ نے مسئلہ کی نزاکت کے پیش نظر اس کی انفرادی اشاعت کی بجائے اس کو دار العلوم، مدرسہ عربیہ نیوٹاؤن اور دار الافتاء والارشاد کی مشترک مجلس تحقیق میں پیش کیا جو استاذ محترم مفتی محمد شفیع صاحب اور مولانا محمد یوسف صاحب بنوری رحمہما اللہ تعالیٰ کی سرپرستی میں مسائل حاضرہ کی تنقیح و تحقیق کے لئے قائم کی گئی تھی مجلس کے سرپرستوں اور ارکان کے متفقہ فیصلے کے بعد یہ مسئلہ عوام کے سامنے لایا گیا اور سب کے دستخطوں سے شائع ہوا، حضرت مفتی صاحب کی سرکردگی میں تین روز تک مشاہدات ہوئے جن کی رودادیں مفتی صاحب نے خود اپنے قلم سے لکھی، جس میں تین بار یہ تصریح فرمائی ہے کہ ان مشاہدات پر سب شرکا کا اتفاق رہا، ان ذاتی مشاہدات کی بناء پر حضرت مفتی صاحب نے اس کی تائید میں بعض فتاویٰ بھی تحریر فرمائے، پھر مجلس تحقیق نے دوبارہ بالاتفاق اپنے سابق فیصلے کی توثیق کی، ان جملہ امور کی تفصیل اوپر گذر چکی ہے، اس ساری سرگذشت کے بعد حضرت مفتی صاحب اور مولانا بنوری صاحب نے اس تحقیق سے رجوع فرمالیا،

قلب میں اکابر کی محبت و عظمت اور ان کے علمی و عملی بلند مقام کی وقعت کے باوجود مسائل شرعیہ میں دلائل کے پیش نظر ان سے اختلاف رائے واجب ہے، اس لئے ان دونوں بزرگوں کے رجوع سے متعلق چند امور پیش کرنے پر مجبور ہوں ۔

① جب اس مسئلہ کو ابتداءً میں نے ہی مجلس تحقیق میں پیش کیا تھا اور میری ہی تحریک پر مشاہدات اور مجلس تحقیق کے فیصلے ہوتے رہے تو اس کا مقتضی یہ تھا کہ اگر کوئی نیا انکشاف ہوا تھا تو اس سے مجھے بھی آگاہ کیا جاتا، اور اس پر اجتماعی غور کے لئے مجھے شریک کیا جاتا مگر ایسا نہیں کیا گیا بلکہ میرے دریافت کرنے پر بھی سابق فیصلوں سے رجوع کی وجہ نہیں بتائی گئی۔

② حقیقت یہ ہے کہ ایک فتین فطین نے میری ہی تحریر میں ایک انگریزی کتاب کے حوالہ سے زوڈیکل لائٹ کا بیان دیکھا تو یہ کتاب ان اکابر کو دکھا کر یہ باور کرانے میں کامیاب ہو گیا کہ زوڈیکل لائٹ ہی صبح کاذب ہے، حالانکہ میں بہت پہلے دلائل سے ثابت کر چکا تھا کہ زوڈیکل لائٹ کا صبح کاذب سے کوئی تعلق نہیں، غالباً میری یہ تحریر ان اکابر کی نظر سے نہیں گذری ہوگی، اس کی مفصل بحث عنوان "مشاہدہ میں غلط فہمی کا اسباب" کے ما تحت میں گذر چکی ہے،

③ دونوں حضرات کی تحریر بالکل مجمل بلکہ مبہم ہے، ان میں نہ تو میری کسی دلیل کے جواب کی طرف کوئی اشارہ ہے اور نہ ہی اپنی تائید میں کوئی دلیل ہے، دونوں بزرگوں کی تحریروں میں جس جدید انکشاف کا ذکر ہے وہ یہی زوڈیکل لائٹ ہے جس کی حقیقت میں بہت پہلے لکھ چکا تھا،

④ دلائل پر مبنی فیصلے سے تو رجوع ممکن ہے مگر تین روز تک گیارہ علماء کے متفقہ عینی مشاہدات سے رجوع کے کیا معنی؟

⑤ ان حضرات کے بلا دلیل اختلاف سے اس متفقہ مسئلہ کو مسائل اختلافیہ کی فہرست میں لانے کا کوئی جواز نہیں، اس لئے کہ ۱۸° زیر افق پر صبح صادق کا دنیا میں آجتک کوئی ایک فرد بھی قائل نہیں ہوا، ایسی متفق علیہ حقیقت سے انکار کو اختلاف

نہیں کہا جاتا بلکہ یہ خلاف بلا دلیل کہلاتا ہے،

اب ان حضرات کی تحریریں ملاحظہ فرمائیں:۔

تحریر حضرت مفتی محمد شفیع صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ

سنہ ۱۳۶۶ھ اور سنہ ۱۹۴۸ء میں جب احقر پاکستان کراچی میں آکر مقیم ہوا تو یہاں کی عام مساجد وغیرہ میں اوقات کی ایک جنتری طبع کردہ حضرت حاجی وجیہ الدین صاحب مہاجر مدنی رحمۃ اللہ علیہ آویزاں دیکھی اور بہت سے قابل اعتماد حضرات سے معلوم ہوا کہ انھوں نے اس جنتری کے طلوع وغروب کو مختلف مقامات پر مختلف زمانوں میں جانچا ہے، اور صحیح پایا ہے، خود بھی جب کبھی جانچنے کا موقع ملا تو اس کے طلوع وغروب کو صحیح پایا، اس لئے دوسرے اوقات کے معاملہ میں بھی اسی پر اعتماد کیا گیا،

اب سے چند سال پہلے اپنے احباب میں سے بعض اہل علم نے کچھ نئی تحقیق کر کے یہ قرار دیا کہ اس جنتری میں جو وقت صبح صادق کا دیا گیا ہے درحقیقت وہ صبح کاذب کا ہے، اور اس پر جدید وقدیم کے کچھ اہل فن کے اقوال بھی پیش کئے، چونکہ یہ احتمال غالب تھا کہ نئے اہل فن نے صبح کاذب اور صادق میں فرق نہ کر کے کاذب ہی کو صبح کہدیا ہو اس لئے مجھے بھی صبح صادق کے معاملہ میں تردد ہو گیا، اسی بنا پر ہر رمضان میں نقشۂ اوقات کے ساتھ یہ نوٹ شائع کرنا شروع کیا کہ سحری کا کھانا تو قدیم جنتری کے وقت پر ختم کر دیا جائے مگر صبح کی نماز اس کے بعد پندرہ بیس منٹ انتظار کے بعد پڑھی جائے،

سال رواں میں بعض اہل فن حضرات کے ساتھ بحث وتمحیص اور جدید فلکیات کی بعض کتابوں کی مراجعت سے یہ بات ثابت ہو گئی کہ جدید ماہرین فلکیات نے خود صبح کاذب کو الگ کر کے بیان کیا ہے، اور وہ درحقیقت رات کا حصہ ہے، اس کے بعد جو صبح صادق ہوتی ہے اسی کو انھوں نے صبح کہا ہے، اس نئی تحقیق اور بحث سے میرا تردد رفع ہو گیا، اور میں قدیم جنتری کے اوقات کو حسابی اعتبار سے صحیح سمجھتا ہوں، البتہ یہ حسابات خود یقینی نہیں ہوتے، نماز، روزہ کے معاملہ میں احتیاط ہی کا پہلو اختیار کرنا چاہئے، واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم،

بندہ محمد شفیع عفا اللہ عنہ ۲۴ر ذی الحجہ سنہ ۱۳۹۳ھ

تحریر مولانا محمد یوسف صاحب بنوری رحمہ اللہ تعالیٰ

کچھ عرصے سے کراچی اور چند اور شہروں میں نماز فجر اور سحری کے اوقات کے مختلف نقشے سامنے آئے جس کی وجہ سے عوام خاصے پریشانی میں مبتلا ہو گئے کہ کس پر عمل کریں اور کس کو صحیح سمجھیں، اس وقت چونکہ پوری تحقیق کا موقع نہ مل سکا تھا، اس لئے احتیاطاً یہی فتویٰ دیا گیا کہ نماز کے لئے اُن نقشوں پر عمل کیا جائے کہ جن میں صبح صادق کا وقت بعد تک ہے اور انتہاء سحری کا وقت اُن سے لیا جائے جن میں وقت پہلے ختم ہوتا ہے لیکن بعد میں بعض مخلصین کی

کوشش سے جو معلومات حاصل ہوئیں اُن سے یہ بات پایۂ تحقیق کو پہنچی کہ تمام نقشوں میں وہی سابق کراچی کا نقشہ جس کو مرحوم حضرت حاجی وجیہ الدین صاحب خان بہادر نے مرتب کروایا تھا اور چھاپا تھا وہ بالکل صحیح ہے، ہاں جس کا جی چاہے نماز دیر سے پڑھے تاکہ اس کو بھی یقین ہوجائے کہ وقت ہوگیا ہے تو اور اچھا ہے، دین کی بات میں ضد کی حاجت نہیں، جو بات صحیح ہو اس کو ماننا اور غلط بات سے رجوع کرنا یہ عین دین کی بات ہے، اللہ تعالیٰ سب کو صحیح سمجھ اور صحیح عمل کی توفیق عطا فرمائے،

محمد یوسف بنوری ۲ رمضان المبارک سنہ ۱۳۹۳ھ

قائلِ اوّل

احمد رضا خان صاحب بریلوی اپنے رسالہ "درء القبح عن درک وقت الصبح" میں لکھتے ہیں: "یہ وہ علم ہے جو اکثر ہیئت دانوں پر مخفی رہا، رجماً بالغیب باتیں اڑا گئے، صبح کاذب کے وقت انحطاطِ شمس میں مختلف ہوئے، کسی نے سترہ درجہ کہا کسی نے اُنیس بتائے اور مشہور اٹھارہ ہے، اور اس پر شرح چغمینی نے مشی کی، اور صبح صادق کے لیے بعض پندرہ درجہ بتاتے ہیں اسے علامہ برجندی نے حاشیۂ چغمنی میں بلفظ قد قیل نقل کیا اور مقرر رکھا، اور اسی نے علامہ خلیل کاملی کو دھوکہ دیا، کہ دونوں صبحوں میں صرف تین درجہ کا فاصلہ بتایا، جسے رد المحتار میں نقل کیا اور معتمد رکھا، حالانکہ یہ سب ہوسات بے معنی ہیں" (فتاویٰ رضویہ ص ۶۴۶ ج ۲)

تمام ماہرینِ فلکیات اور شامی و برجندی جیسے فقہاء کرام کو خطاکار بلکہ ہوسات بے معنی کے شکار، مسائل شرعیہ کی تحریر میں غفلت شعار اور بدون تحقیق رجماً بالغیب باتیں اڑانے کے مجرم ٹھیرا کر اپنی تحقیق پیش فرماتے ہیں کہ ۱۸° زیرِ افق صبح صادق کا وقت ہے، اس سے ثابت ہوا کہ ان سے پہلے کوئی اس کا قائل نہیں گذرا،

اعترافِ حقیقت

احمد رضا خان صاحب کے خصوصی ترجمان امجد علی صاحب رضوی جو اپنے مکتبِ فکر میں صدر الشریعۃ ثانی سے ملقب ہیں بہارِ شریعت ص۱۳ حصہ سوم میں یہ حقیقت لکھتے ہیں: "صبح صادق و کاذب کے درمیان کوئی فصل نہیں ہوتا، بلکہ دونوں آپس میں متصل ہوتی ہیں، نیز یہ کہ صبح صادق افق پر شمالاً جنوباً پھیلتی ہے۔" یہ حقیقت تسلیم کرلینے کے بعد فیصلہ بہت سہل ہے، کوئی شخص بھی جب چاہے جہاں چاہے پرانے نقشوں کے وقت پر مشاہدہ کرکے فیصلہ کرسکتا ہے کہ اُس وقت روشنی افق پر شمالاً جنوباً پھیلی ہوئی نہیں بلکہ افق سے اوپر مستطیل ہے، نیز اس روشنی سے قبل متصل کسی بھی قسم کی کوئی روشنی ہرگز نظر نہیں آئے گی جس کو صبح کاذب کہا جاسکے، مسلسل مشاہدات کے علاوہ ماہرینِ فلکیاتِ قدیمہ و جدیدہ کا اس پر اجماع ہے کہ اس سے قبل متصل کسی قسم کی کوئی روشنی نہیں ہوتی،

نقشہ اوقاتِ نماز

تا ۶۰ عرض البلد شمالی و جنوبی

ھدایات :

(۱) وقت اشراق کے لئے آفتاب کا اُفق سے ارتفاع ۳/۴ ر ۱ لیا گیا ہے اور یہ معیار مشاہدات کے بعد متعین کیا گیا ہے۔

(۲) نقشہ میں عصر اور عشار کے دو دو وقت دیئے گئے ہیں، عصر نمبر ایک سے مثل اوّل اور عشار نمبر ایک سے سُرخ شفق غروب ہونیکا وقت مراد ہے، مثل اول کے بعد عصر کی نماز اور سُرخ شفق غروب ہونے پر عشار کی نماز پڑھ لینا جائز ہے مگر احتیاط اسمیں ہے کہ عصر کی نماز مثل ثانی کے بعد پڑھی جائے اور عشار کی سفید شفق مستطیر غروب ہونے کے بعد۔

(۳) جن مقامات میں شفق ابیض مستطیر غروب نہیں ہوتی یعنی آفتاب اُفق سے ۱۵ درجے نیچے نہیں جاتا وہاں نصف شب کے بعد وقت فجر شروع ہو جاتا ہے اس لئے نقشہ میں ان مقامات پر صفر گھنٹہ صفر منٹ لکھا گیا ہے، وقت نصف النہار میں ۱۲ گھنٹے جمع کرنیسے وقت فجر نکل آئیگا۔

(۴) ہر تاریخ کے نیچے کوئی عدد مثبت یا منفی تحریر ہے ان میں سے مثبت عدد کو نقشہ کے وقت میں جمع اور منفی کو تفریق کرلیں، نیز مثبت عدد کو بارہ کے ساتھ جمع اور منفی کو بارہ سے تفریق کرنے سے نصف النہار کا وقت نکل آتا ہے، اس لئے نقشہ میں نصف النہار کا مستقل خانہ نہیں بنایا گیا، نصف النہار سے احتیاطاً پانچ منٹ قبل اور پانچ منٹ بعد تک نماز نہ پڑھیں،

(۵) بعض خانوں میں دو تاریخیں لکھی گئی ہیں ان کے سامنے لکھا ہوا وقت ان دونوں تاریخوں کے درمیان کا وقت ہے ہر تاریخ کا صحیح وقت نکالنے کے لئے گزشتہ یا آئندہ تاریخ کے وقت سے فرق کے مطابق حساب لگالیں۔

(۶) ۴۰ درجہ عرض البلد سے زائد عرض پر اوقات تیزی سے بدلتے ہیں لہٰذا ہر تاریخ کے وقتِ غروب و عشار میں آئندہ تاریخ تک فرقِ وقت کے نصف کا حساب لگایا جاتا ہے اور وقت فجر و طلوع میں گزشتہ تاریخ تک فرق وقت کے نصف کا حساب شمار کیا جاتا ہے مثلاً ۶۰ عرض شمالی پر ۱۶ ر اگست کی فجر کا وقت نقشہ میں ا گھنٹہ ۱۱ منٹ دیا ہے اور ۱۳ ر اگست

کا ۔ گھنٹہ ۔۴ منٹ، تقریباً دس منٹ روزانہ فرق ہوا اس کا نصف (پانچ منٹ) اگھنٹہ ۱۱ منٹ سے کم کریں گے، اسی طرح ۱۶ر اگست کی عشار کا وقت ۱۰ گھنٹہ ۴۹ منٹ لکھا ہے اور ۱۹ر اگست کا ۱۰ گھنٹہ ۲۸ منٹ، سات منٹ یومیہ فرق ہوا اس کا نصف (چار منٹ) ۱۰ گھنٹہ ۴۹ منٹ سے کم کریں گے۔

(۷) مشرقی پاکستان میں ۹۰ درجہ اور مغربی پاکستان میں ۷۵ درجہ طول البلد کا وقت رائج ہے لہٰذا جس شہر کا وقت نکالنا چاہیں اس کے طول البلد کا ۹۰ یا ۷۵ سے فرق نکالکر چار منٹ فی درجہ کا حساب لگالیں، پس اگر اس شہر کا طول ۹۰ یا ۷۵ سے کم ہو تو وقت مذکور کو نقشہ کے وقت میں جمع کریں اور اگر شہر کا طول زیادہ ہو تو اتنا وقت نقشہ کے وقت سے کم کریں۔ مثلاً کراچی کا طول ۶۷ درجہ ہے لہٰذا ۷۵ - ۶۷ = ۸ × ۴ = ۳۲ منٹ نقشہ کے وقت میں جمع کریں، دوسرے ممالک میں معیاری وقت کتنے طول البلد پر مبنی ہے؟ اس کی تفصیل نقشے کے اختتام پر ملاحظہ ہو،

(۸) نقشہ میں جو عرض البلد دئیے ہیں ان کے درمیانی عرض کے اوقات معلوم کرنیکا قاعدہ یہ ہے کہ اگر دو عرض البلد کا درمیانی وقت بتیس منٹ یا اس سے کم ہو تو اوسط وقت نکال لیں چونکہ تیس عرض البلد تک کے درمیانی اوقات میں بتیس منٹ سے زیادہ فرق نہیں ہوتا اس لئے ان میں اوسط نکال لینا کافی ہے۔

مثال: کراچی (۲۵ عرض البلد) میں ۲۰ر دسمبر کی صبح صادق کا وقت یوں نکلے گا عرض ۲۰ = ۵ گھنٹہ ۲۷ منٹ، عرض ۳۰ = ۵ گھنٹہ ۴۳ منٹ (اوسط = ۵ گھنٹہ ۳۵ منٹ) - (فرق نصف النہار = ۲ منٹ) + (فرق طول البلد = ۳۲ منٹ) = ۶ گھنٹہ ۵ منٹ صحیح وقت ۶ گھنٹہ ۴ منٹ ہے اوسط لینے سے صرف ایک منٹ فرق آیا جو معمولی ہے،

(حاشیہ صفحہ ۱۶۵) سے بعض کو وہم ہوا ہے کہ بیرونی نے ۱۸° از برافق کا جو معیار بتایا ہے وہ فجر صادق سے متعلق ہے، اس کے بطلان پر شواہد ذیل ہیں:۔

(۱) بیرونی نے پہلے فجر کی تعریف کی پھر اس کی تین انواع بیان کیں، پھر ابتداء فجر کا معیار بتایا، اس سے صاف ظاہر ہو کہ یہ فجر کی نوع اول یعنی فجر کاذب کا وقت ہی، یہ امر سیاقی عبارت سے ظاہر ہونے کے علاوہ دوسرے فلکیین کے طرز تحریر کے بھی مطابق ہی کیونکہ وہ ۱۸° از برافق کو مطلق فجر سے تعبیر کرکے فجر کاذب مراد لیتے ہیں، فجر صادق کے بیان میں بیرونی کے قول (منقول به شرح العبادات) سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ تینوں انواع کا بیان ختم کرنے کے بعد (بقیہ ص ۲۲۶ پر)

بتیس منٹ سے زیادہ فرق ہو تو مندرجہ ذیل جدول سے کام لیں۔

فرق عرض البلد ۵°	فرق عرض البلد ۲°	فرق وقت ۳۵ منٹ	۴۰ منٹ	۴۵ منٹ	۵۰ منٹ	۵۵ منٹ	۶۰ منٹ	۶۵ منٹ	۷۰ منٹ	۷۵ منٹ	۸۰ منٹ
۰°-۱۵′	۰°-۶′	۱	۲	۲	۲	۲	۲	۲	۲	۲	۲
۰-۳۰	۰-۱۲	۳	۳	۳	۴	۴	۵	۵	۵	۵	۵
۰-۴۵	۰-۱۸	۴	۵	۵	۶	۷	۷	۷	۷	۷	۷
۱-۰۰	۰-۲۴	۶	۷	۷	۸	۹	۱۰	۱۰	۱۰	۱۰	۱۰
۱-۱۵	۰-۳۰	۸	۹	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۲	۱۳	۱۲	۱۳
۱-۳۰	۰-۳۶	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۵	۱۶	۱۶
۱-۴۵	۰-۴۲	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۶	۱۷	۱۸	۱۸	۱۹	۱۹
۲-۰۰	۰-۴۸	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۲
۲-۱۵	۰-۵۴	۱۵	۱۶	۱۸	۱۹	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶
۲-۳۰	۰-۰۰	۱۶	۱۸	۲۰	۲۲	۲۳	۲۵	۲۶	۲۷	۲۸	۲۹
۲-۴۵	۱-۶	۱۸	۲۰	۲۲	۲۴	۲۶	۲۸	۲۹	۳۰	۳۱	۳۲
۳-۰۰	۱-۱۲	۲۰	۲۲	۲۴	۲۶	۲۹	۳۱	۳۲	۳۳	۳۴	۳۶
۳-۱۵	۱-۱۸	۲۲	۲۴	۲۶	۲۹	۳۱	۳۴	۳۶	۳۷	۳۸	۴۰
۳-۳۰	۱-۲۴	۲۳	۲۶	۲۹	۳۱	۳۴	۳۷	۳۹	۴۱	۴۲	۴۴
۳-۴۵	۱-۳۰	۲۵	۲۸	۳۱	۳۴	۳۷	۴۰	۴۳	۴۴	۴۶	۴۸
۴-۰۰	۱-۳۶	۲۷	۳۰	۳۴	۳۷	۴۱	۴۴	۴۷	۴۸	۵۱	۵۳
۴-۱۵	۱-۴۲	۲۹	۳۳	۳۶	۴۰	۴۴	۴۸	۵۱	۵۳	۵۶	۵۸
۴-۳۰	۱-۴۸	۳۱	۳۵	۳۹	۴۳	۴۷	۵۲	۵۵	۵۸	۶۱	۶۴
۴-۴۵	۱-۵۴	۳۳	۳۸	۴۲	۴۷	۵۱	۵۶	۶۰	۶۴	۶۸	۷۲
۵-۰۰	۲-۰۰	۳۵	۴۰	۴۵	۵۰	۵۵	۶۰	۶۵	۷۰	۷۵	۸۰

توضیح: وہ عرض البلد جو آئندہ نقشہ میں پانچ درجہ کے فرق سے لکھے گئے ہیں یعنی ۳۰ تا ۵۰، ان میں سے دو کے اوقات میں ۳۵ منٹ کا فرق ہو تو درمیانی عرض میں سے ۱۵ دقیقہ پر ایک منٹ فرق آئیگا، اور جو عرض البلد دو درجہ کے فرق سے لکھے گئے ہیں یعنی ۵۰ تا ۶۰، انہیں سے دو کے اوقات میں ۳۵ منٹ کا تفاوت ہو تو درمیانی عرض میں چھ دقیقہ پر ایک منٹ فرق نکلے گا۔

تنبیہ: اوقات میں دو تین منٹ کی احتیاط لازم ہے، خصوصاً ۴۵ عرض البلد سے زائد عرض پر زیادہ احتیاط کی ضرورت ہے۔

عرض شمالی		درجہ	۰		۱۰		۲۰		۳۰		۳۵		۴۰		۴۵		۵۰		۵۲		۵۴		۵۶		۵۸		۶۰		عرض جنوبی	
دسمبر	دسمبر	وقت	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	جون	جون
۲۰	۲۳	فجر	۴	۵۵	۵	۱۲	۵	۲۷	۵	۴۳	۵	۵۱	۵	۵۹	۶	۸	۶	۱۸	۶	۲۲	۶	۲۷	۶	۳۲	۶	۳۷	۶	۴۳	۱۹	۲۳
۲-	۱-	طلوع	۵	۵۷	۶	۱۴	۶	۳۳	۶	۵۴	۷	۶	۷	۲۰	۷	۳۷	۷	۵۸	۸	۸	۸	۱۹	۸	۳۲	۸	۴۷	۹	۴	+۱	+۲
میل ۲۳°-۲۶'		اشراق	۶	۶	۶	۲۴	۶	۴۳	۷	۵	۷	۱۹	۷	۳۴	۷	۵۲	۸	۱۶	۸	۲۷	۸	۴۰	۸	۵۵	۹	۱۲	۹	۳۴		
		عصر(۱)	۳	۲۶	۳	۱۸	۳	۶	۲	۴۸	۲	۳۶	۲	۲۲	۲	۵	۱	۴۵	۱	۳۶	۱	۲۶	۱	۱۵	۱	۳	۰	۵۰		
		عصر(۲)	۴	۲۲	۴	۹	۳	۵۲	۳	۳۰	۳	۱۶	۲	۵۹	۲	۴۰	۲	۱۷	۲	۶	۱	۵۴	۱	۴۱	۱	۲۶	۱	۸		
		غروب	۶	۳	۵	۴۶	۵	۲۷	۵	۶	۴	۵۴	۴	۴۰	۴	۲۳	۴	۲	۳	۵۲	۳	۴۱	۳	۲۸	۳	۱۳	۲	۵۶		
		عشاء(۱)	۶	۵۱	۶	۳۵	۶	۱۹	۶	۳	۵	۵۴	۵	۴۴	۵	۳۴	۵	۲۲	۵	۱۷	۵	۱۱	۵	۵	۴	۵۸	۴	۵۱		
		عشاء(۲)	۷	۵	۶	۴۸	۶	۳۳	۶	۱۷	۶	۹	۶	۱	۵	۵۲	۵	۴۲	۵	۳۸	۵	۳۳	۵	۲۸	۵	۲۳	۵	۱۷		
۱۷	۲۵	فجر	۴	۵۵	۵	۱۲	۵	۲۷	۵	۴۲	۵	۵۱	۵	۵۹	۶	۸	۶	۱۷	۶	۲۲	۶	۲۶	۶	۳۱	۶	۳۶	۶	۴۳	۱۶	۲۵
۴-	۲۶	طلوع	۵	۵۶	۶	۱۳	۶	۳۲	۶	۵۳	۷	۶	۷	۲۰	۷	۳۶	۷	۵۷	۸	۷	۸	۱۸	۸	۳۱	۸	۴۵	۹	۳		۲۶
میل ۲۳°-۲۲'	+۱	اشراق	۶	۶	۶	۲۴	۶	۴۳	۷	۵	۷	۱۸	۷	۳۳	۷	۵۲	۸	۱۵	۸	۲۶	۸	۳۹	۸	۵۴	۹	۱۲	۹	۳۳	+۱	+۳
		عصر(۱)	۳	۲۶	۳	۱۸	۳	۶	۲	۴۸	۲	۳۶	۲	۲۲	۲	۵	۱	۴۶	۱	۳۶	۱	۲۶	۱	۱۶	۱	۴	۰	۵۱		
		عصر(۲)	۴	۲۲	۴	۹	۳	۵۲	۳	۳۰	۳	۱۶	۳	۰	۲	۴۱	۲	۱۷	۲	۶	۱	۵۴	۱	۴۱	۱	۲۷	۱	۱۰		
		غروب	۶	۴	۵	۴۷	۵	۲۸	۵	۷	۴	۵۴	۴	۴۰	۴	۲۴	۴	۳	۳	۵۳	۳	۴۲	۳	۲۹	۳	۱۵	۲	۵۷		
		عشاء(۱)	۶	۵۲	۶	۳۵	۶	۱۹	۶	۳	۵	۵۴	۵	۴۵	۵	۳۴	۵	۲۳	۵	۱۷	۵	۱۲	۵	۵	۴	۵۹	۴	۵۱		
		عشاء(۲)	۷	۵	۶	۴۸	۶	۳۳	۶	۱۸	۶	۹	۶	۱	۵	۵۲	۵	۴۳	۵	۳۸	۵	۳۴	۵	۲۹	۵	۲۴	۵	۱۷		

صبح صادق ——— ۲۰

عرض شمالی		درجہ	۰		۱۰		۲۰		۳۰		۳۵		۴۰		۴۵		۵۰		۵۲		۵۴		۵۶		۵۸		۶۰		عرض جنوبی	
دسمبر	دسمبر	وقت	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	جون	جون
۱۴	۲۸	فجر	۴	۵۵	۵	۱۱	۵	۲۷	۵	۴۲	۵	۵۰	۵	۵۸	۶	۷	۶	۱۷	۶	۲۱	۶	۲۶	۶	۳۱	۶	۳۶	۶	۴۲	۱۳	۲۸
	۲۹	طلوع	۵	۵۶	۶	۱۴	۶	۳۲	۶	۵۳	۷	۵	۷	۲۰	۷	۳۶	۷	۵۷	۸	۷	۸	۱۸	۸	۳۰	۸	۴۵	۹	۲		۲۹
۵-	+۲	اشراق	۶	۶	۶	۲۴	۶	۴۳	۷	۵	۷	۱۸	۷	۳۳	۷	۵۱	۸	۱۴	۸	۲۵	۸	۳۸	۸	۵۳	۹	۱۰	۹	۳۱		+۳
میل ۲۳°-۱۴'		عصر (۱)	۳	۲۵	۳	۱۹	۳	۶	۲	۴۸	۲	۳۶	۲	۲۳	۲	۶	۱	۴۶	۱	۳۷	۱	۲۷	۱	۱۷	۱	۵	۰	۵۲		
		عصر (۲)	۴	۲۲	۴	۹	۳	۵۳	۳	۳۰	۳	۱۶	۳	۰	۲	۳۱	۲	۱۸	۲	۷	۱	۵۵	۱	۴۲	۱	۲۸	۱	۱۱		
		غروب	۶	۴	۵	۴۶	۵	۲۸	۵	۷	۴	۵۵	۴	۴۰	۴	۲۴	۴	۳	۳	۵۳	۳	۴۲	۳	۳۰	۳	۱۵	۲	۵۸		
		عشاء (۱)	۶	۵۲	۶	۳۶	۶	۱۹	۶	۳	۵	۵۴	۵	۴۵	۵	۳۵	۵	۲۳	۵	۱۸	۵	۱۲	۵	۶	۵	۰	۴	۵۲		
		عشاء (۲)	۷	۵	۶	۴۹	۶	۳۳	۶	۱۸	۶	۱۰	۶	۲	۵	۵۳	۵	۴۳	۵	۳۹	۵	۳۴	۵	۲۹	۵	۲۴	۵	۱۸		
دسمبر	جنوری	فجر	۴	۵۵	۵	۱۱	۵	۲۷	۵	۴۲	۵	۴۹	۵	۵۸	۶	۶	۶	۱۶	۶	۲۰	۶	۲۵	۶	۲۹	۶	۳۴	۶	۴۰	جون	جولائی
۱۱	۱	طلوع	۵	۵۶	۶	۱۳	۶	۳۱	۶	۵۲	۷	۴	۷	۱۸	۷	۳۵	۷	۵۵	۸	۵	۸	۱۵	۸	۲۸	۸	۴۲	۸	۵۹	۱۰	۲
۷-	+۳ ۲	اشراق	۶	۶	۶	۲۳	۶	۴۲	۷	۴	۷	۱۷	۷	۳۲	۷	۵۰	۸	۱۳	۸	۲۴	۸	۳۶	۸	۵۱	۹	۸	۹	۲۹	۱-	+۴
میل ۲۳°-۲'	+۴	عصر (۱)	۳	۲۵	۳	۱۹	۳	۷	۲	۴۹	۲	۳۷	۲	۲۳	۲	۷	۱	۴۷	۱	۳۸	۱	۲۸	۱	۱۸	۱	۶	۰	۵۳		
		عصر (۲)	۴	۲۲	۴	۹	۳	۵۳	۳	۳۰	۳	۱۷	۳	۱	۲	۴۲	۲	۱۹	۲	۹	۱	۵۷	۱	۴۴	۱	۳۰	۱	۱۳		
		غروب	۶	۴	۵	۴۷	۵	۲۹	۵	۸	۴	۵۶	۴	۴۲	۴	۲۵	۴	۵	۳	۵۵	۳	۴۵	۳	۳۲	۳	۱۸	۳	۱		
		عشاء (۱)	۶	۵۲	۶	۳۶	۶	۲۰	۶	۴	۵	۵۵	۵	۴۶	۵	۳۶	۵	۲۴	۵	۱۹	۵	۱۳	۵	۸	۵	۱	۴	۵۴		
		عشاء (۲)	۷	۵	۶	۴۹	۶	۳۳	۶	۱۸	۶	۱۱	۶	۲	۵	۵۴	۵	۴۴	۵	۴۰	۵	۳۵	۵	۳۱	۵	۲۶	۵	۲۰		

صبح صادق —— ۳۱

عرض شمالی		درجہ	۰		۱۰		۲۰		۳۰		۳۵		۴۰		۴۵		۵۰		۵۲		۵۴		۵۶		۵۸		۶۰		عرض جنوبی	
دسمبر	جنوری	وقت	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	جون	جولائی
۸	۴	فجر	۴	۵۵	۵	۱۱	۵	۲۶	۵	۳۱	۵	۴۹	۵	۵۷	۶	۵	۶	۱۵	۶	۱۹	۶	۲۳	۶	۲۸	۶	۳۳	۶	۳۸	۷	۵
-۸	۵	طلوع	۵	۵۶	۶	۱۳	۶	۳۱	۶	۵۲	۷	۴	۷	۱۷	۷	۳۳	۷	۵۴	۸	۳	۸	۱۴	۸	۲۶	۸	۴۰	۸	۵۶	۶ -۱	+۴
میل ۲۲° - ۲۵َ	+۵	اشراق	۶	۶	۶	۲۳	۶	۴۲	۷	۳	۷	۱۶	۷	۳۱	۷	۴۹	۸	۱۱	۸	۲۲	۸	۳۴	۸	۴۸	۹	۵	۹	۲۵		
		عصر (۱)	۳	۲۵	۳	۱۹	۳	۷	۲	۴۹	۲	۳۸	۲	۲۳	۲	۸	۱	۴۹	۱	۴۰	۱	۳۰	۱	۲۰	۱	۸	۰	۵۵		
		عصر (۲)	۴	۲۲	۴	۹	۳	۵۳	۳	۳۱	۳	۱۸	۳	۲	۲	۴۳	۲	۲۱	۲	۱۱	۱	۵۹	۱	۴۶	۱	۳۲	۱	۱۶		
		غروب	۶	۴	۵	۴۷	۵	۲۹	۵	۸	۴	۵۶	۴	۴۳	۴	۲۶	۴	۶	۳	۵۷	۳	۴۶	۳	۳۴	۳	۲۰	۳	۴		
		عشاء (۱)	۶	۵۲	۶	۳۶	۶	۲۰	۶	۴	۵	۵۶	۵	۴۷	۵	۳۷	۵	۲۶	۵	۲۱	۵	۱۵	۵	۹	۵	۳	۴	۵۶		
		عشاء (۲)	۷	۵	۶	۴۹	۶	۳۳	۶	۱۹	۶	۱۱	۶	۳	۵	۵۵	۵	۴۵	۵	۴۱	۵	۳۷	۵	۳۲	۵	۲۷	۵	۲۲		
۵	۷	فجر	۴	۵۵	۵	۱۱	۵	۲۶	۵	۴۰	۵	۴۸	۵	۵۵	۶	۴	۶	۱۳	۶	۱۷	۶	۲۱	۶	۲۵	۶	۳۰	۶	۳۶	۴	۸
-۹	۸ +۶	طلوع	۵	۵۷	۶	۱۳	۶	۳۱	۶	۵۱	۷	۳	۷	۱۶	۷	۳۳	۷	۵۲	۸	۱	۸	۱۱	۸	۲۳	۸	۳۷	۸	۵۳	۳ -۲	+۵
میل ۲۲° - ۲۵َ		اشراق	۶	۶	۶	۲۳	۶	۴۱	۷	۲	۷	۱۵	۷	۳۰	۷	۴۷	۸	۹	۸	۱۹	۸	۳۱	۸	۴۵	۹	۱	۹	۲۱		
		عصر (۱)	۳	۲۵	۳	۱۹	۳	۷	۲	۵۰	۲	۳۹	۲	۲۵	۲	۹	۱	۵۰	۱	۴۲	۱	۳۲	۱	۲۲	۱	۱۰	۰	۵۸		
		عصر (۲)	۴	۲۲	۴	۱۰	۳	۵۴	۳	۳۲	۳	۱۹	۳	۴	۲	۴۵	۲	۲۳	۲	۱۳	۲	۱	۱	۴۹	۱	۳۵	۱	۲۰		
		غروب	۶	۳	۵	۴۷	۵	۲۹	۵	۹	۴	۵۷	۴	۴۴	۴	۲۸	۴	۸	۳	۵۹	۳	۴۹	۳	۳۷	۳	۲۳	۳	۷		
		عشاء (۱)	۶	۵۲	۶	۳۶	۶	۲۰	۶	۵	۵	۵۷	۵	۴۸	۵	۳۸	۵	۲۷	۵	۲۲	۵	۱۷	۵	۱۲	۵	۵	۴	۵۹		
		عشاء (۲)	۷	۵	۶	۴۹	۶	۳۴	۶	۲۰	۶	۱۲	۶	۵	۵	۵۶	۵	۴۷	۵	۴۳	۵	۳۹	۵	۳۵	۵	۳۰	۵	۲۳		

عرض شمالی	درجہ	۰		۱۰		۲۰		۳۰		۳۵		۴۰		۴۵		۵۰		۵۲		۵۴		۵۶		۵۸		۶۰		عرض جنوبی
دسمبر جنوری	وقت	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	جون جولائی
۲ ۱۰	فجر	۴	۵۵	۵	۱۱	۵	۲۶	۵	۴۰	۵	۴۷	۵	۵۴	۶	۲	۶	۱۱	۶	۱۵	۶	۱۹	۶	۲۳	۶	۲۸	۶	۳۳	۱ ۱۱
-۱۰ +۷	طلوع	۵	۵۷	۶	۱۳	۶	۳۰	۶	۵۰	۷	۳	۷	۱۵	۷	۳۰	۷	۴۹	۷	۵۸	۸	۸	۸	۲۰	۸	۳۳	۸	۴۸	+۵
میل ۲۲° - ۱	اشراق	۶	۶	۶	۲۲	۶	۴۰	۷	۱	۷	۱۴	۷	۲۸	۷	۴۵	۸	۶	۸	۱۶	۸	۲۸	۸	۴۱	۸	۵۷	۹	۱۶	مئی ۱۲ ۳۱ +۶
	عصر (۱)	۳	۲۵	۳	۱۹	۳	۸	۲	۵۱	۲	۴۰	۲	۲۷	۲	۱۱	۱	۵۲	۱	۴۴	۱	۳۳	۱	۲۴	۱	۱۳	۱	۱	-۲
	عصر (۲)	۴	۲۲	۴	۱۰	۳	۵۴	۳	۳۳	۳	۲۱	۳	۵	۲	۴۷	۲	۲۵	۲	۱۵	۲	۴	۱	۵۲	۱	۳۸	۱	۲۳	
	غروب	۶	۳	۵	۴۷	۵	۳۰	۵	۱۰	۴	۵۸	۴	۴۵	۴	۳۰	۴	۱۱	۴	۲	۳	۵۲	۳	۴۰	۳	۲۷	۳	۱۳	
	عشاء (۱)	۶	۵۲	۶	۳۶	۶	۲۱	۶	۶	۵	۵۸	۵	۴۹	۵	۴۰	۵	۲۹	۵	۲۵	۵	۲۰	۵	۱۴	۵	۸	۵	۲	
	عشاء (۲)	۷	۵	۶	۴۹	۶	۳۴	۶	۲۰	۶	۱۳	۶	۶	۵	۵۸	۵	۴۹	۵	۴۵	۵	۴۱	۵	۳۷	۵	۳۲	۵	۲۷	
نومبر جنوری	فجر	۴	۵۶	۵	۱۱	۵	۲۵	۵	۳۹	۵	۴۵	۵	۵۳	۶	۰	۶	۹	۶	۱۲	۶	۱۶	۶	۲۰	۶	۲۵	۶	۲۹	۲۸ ۱۴
۲۹ ۱۳	طلوع	۵	۵۶	۶	۱۲	۶	۲۹	۶	۴۸	۶	۵۹	۷	۱۳	۷	۲۷	۷	۴۶	۷	۵۴	۸	۴	۸	۱۵	۸	۲۸	۸	۴۳	۱۵
-۱۲ +۸	اشراق	۶	۶	۶	۲۲	۶	۴۰	۷	۰	۷	۱۲	۷	۲۶	۷	۴۲	۸	۳	۸	۱۳	۸	۲۴	۸	۳۷	۸	۵۳	۹	۱۰	-۳ +۶
میل ۲۱°۳۲'	عصر (۱)	۳	۲۵	۳	۱۹	۳	۹	۲	۵۲	۲	۴۱	۲	۲۸	۲	۱۳	۱	۵۵	۱	۴۶	۱	۳۷	۱	۲۷	۱	۱۶	۱	۴	
	عصر (۲)	۴	۲۲	۴	۱۰	۳	۵۵	۳	۳۵	۳	۲۳	۳	۷	۲	۵۰	۲	۲۸	۲	۱۸	۲	۷	۱	۵۵	۱	۴۲	۱	۲۷	
	غروب	۶	۴	۵	۴۸	۵	۳۱	۵	۱۲	۵	۱	۴	۴۸	۴	۳۳	۴	۱۴	۴	۶	۳	۵۶	۳	۴۵	۳	۳۲	۳	۱۷	
	عشاء (۱)	۶	۵۲	۶	۳۶	۶	۲۲	۶	۷	۵	۵۹	۵	۵۱	۵	۴۲	۵	۳۲	۵	۲۷	۵	۲۲	۵	۱۷	۵	۱۲	۵	۵	
	عشاء (۲)	۷	۴	۶	۴۹	۶	۳۵	۶	۲۱	۶	۱۵	۶	۷	۶	۰	۵	۵۱	۵	۴۸	۵	۴۴	۵	۴۰	۵	۳۵	۵	۳۱	

عرض شمالی		درجہ	۰		۱۰		۲۰		۳۰		۳۵		۴۰		۴۵		۵۰		۵۲		۵۴		۵۶		۵۸		۶۰		عرض جنوبی	
نومبر	جنوری	وقت	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	مئی	جولائی
۲۶	۱۶	فجر	۴	۵۶	۵	۱۱	۵	۲۴	۵	۳۷	۵	۴۴	۵	۵۱	۵	۵۸	۶	۶	۶	۹	۶	۱۳	۶	۱۷	۶	۲۱	۶	۲۵	۲۵	۱۸
-۱۳	+۱۰	طلوع	۵	۵۶	۶	۱۱	۶	۲۸	۶	۴۷	۶	۵۷	۷	۱۰	۷	۲۵	۷	۴۲	۷	۵۱	۸	۰	۸	۱۱	۸	۲۳	۸	۳۷	-۳	+۶
	میل ۲۱°-۱'	اشراق	۶	۶	۶	۲۲	۶	۳۹	۶	۵۸	۷	۱۰	۷	۲۳	۷	۴۰	۸	۰	۸	۹	۸	۳۰	۸	۳۲	۸	۴۷	۹	۳		
		عصر (۱)	۳	۲۴	۳	۲۰	۳	۹	۲	۵۳	۲	۴۳	۲	۳۰	۲	۱۵	۱	۵۷	۱	۴۹	۱	۴۰	۱	۳۰	۱	۱۹	۱	۸		
		عصر (۲)	۴	۲۲	۴	۱۱	۳	۵۶	۳	۳۶	۳	۲۴	۳	۹	۲	۵۲	۲	۳۱	۲	۲۲	۲	۱۱	۱	۵۹	۱	۴۶	۱	۳۲		
		غروب	۶	۴	۵	۴۹	۵	۳۲	۵	۱۳	۵	۳	۴	۵۰	۴	۳۵	۴	۱۸	۴	۹	۴	۰	۳	۴۹	۳	۲۷	۳	۲۳		
		عشاء (۱)	۶	۵۲	۶	۳۷	۶	۲۲	۶	۸	۶	۱	۵	۵۳	۵	۴۴	۵	۳۴	۵	۳۰	۵	۲۵	۵	۲۰	۵	۱۵	۵	۹		
		عشاء (۲)	۷	۴	۶	۴۹	۶	۳۶	۶	۲۳	۶	۱۶	۶	۹	۶	۲	۵	۵۴	۵	۵۱	۵	۴۷	۵	۴۳	۵	۳۹	۵	۳۵		
۲۳	۱۹	فجر	۴	۵۶	۵	۱۰	۵	۲۳	۵	۳۶	۵	۴۲	۵	۴۹	۵	۵۶	۶	۳	۶	۶	۶	۱۰	۶	۱۳	۶	۱۷	۶	۲۱	۲۲	۲۱
-۱۴	+۱۱	طلوع	۵	۵۶	۶	۱۱	۶	۲۷	۶	۴۵	۶	۵۵	۷	۸	۷	۲۲	۷	۳۹	۷	۴۷	۷	۵۶	۸	۶	۸	۱۸	۸	۳۱	-۳	+۶
	میل ۲۰°-۲۵'	اشراق	۶	۶	۶	۲۱	۶	۳۸	۶	۵۷	۷	۸	۷	۲۱	۷	۳۷	۷	۵۶	۸	۵	۸	۱۵	۸	۲۷	۸	۴۱	۸	۵۷		
		عصر (۱)	۳	۲۴	۳	۲۰	۳	۱۰	۲	۵۵	۲	۴۴	۲	۳۲	۲	۱۸	۲	۰	۱	۵۲	۱	۴۳	۱	۳۴	۱	۲۳	۱	۱۳		
		عصر (۲)	۴	۲۲	۴	۱۱	۳	۵۷	۳	۳۸	۳	۲۶	۳	۱۲	۲	۵۵	۲	۳۴	۲	۲۵	۲	۱۵	۲	۳	۱	۵۱	۱	۳۷		
		غروب	۶	۴	۵	۴۹	۵	۳۳	۵	۱۵	۵	۵	۴	۵۲	۴	۳۸	۴	۲۱	۴	۱۳	۴	۴	۳	۵۴	۳	۴۲	۳	۲۹		
		عشاء (۱)	۶	۵۱	۶	۳۷	۶	۲۳	۶	۹	۶	۲	۵	۵۵	۵	۴۷	۵	۳۷	۵	۳۳	۵	۲۹	۵	۲۴	۵	۱۹	۵	۱۳		
		عشاء (۲)	۷	۴	۶	۵۰	۶	۳۷	۶	۲۴	۶	۱۸	۶	۱۱	۶	۴	۵	۵۷	۵	۵۴	۵	۵۰	۵	۴۷	۵	۴۳	۵	۳۹		

صبح صادق ——— ۴۴

عرض شمالی		درجہ	۰		۱۰		۲۰		۳۰		۳۵		۴۰		۴۵		۵۰		۵۲		۵۴		۵۶		۵۸		۶۰		عرض جنوبی	
نومبر	جنوری	وقت	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	مئی	جولائی
۲۰	۲۳	فجر	۴	۵۷	۵	۱۰	۵	۲۳	۵	۳۵	۵	۴۱	۵	۴۷	۵	۵۳	۶	۰	۶	۳	۶	۶	۶	۹	۶	۱۳	۶	۱۷	۱۹	۲۴
-۱۴	+۱۲	طلوع	۵	۵۷	۶	۱۱	۶	۲۷	۶	۴۴	۶	۵۴	۷	۶	۷	۱۹	۷	۳۶	۷	۴۴	۷	۵۲	۸	۲	۸	۱۳	۸	۲۵	۱۸	
میل ۱۹° - ۲۶'		اشراق	۶	۶	۶	۲۱	۶	۳۶	۶	۵۵	۷	۶	۷	۱۸	۷	۳۳	۷	۵۲	۸	۱	۸	۱۰	۸	۲۲	۸	۳۵	۸	۵۰	-۴	+۶
		عصر (۱)	۳	۲۴	۳	۲۰	۳	۱۱	۲	۵۶	۲	۴۶	۲	۳۴	۲	۲۰	۲	۳	۱	۵۵	۱	۴۷	۱	۳۸	۱	۲۷	۱	۱۶		
		عصر (۲)	۴	۲۲	۴	۱۲	۳	۵۸	۳	۴۰	۳	۲۸	۳	۱۴	۲	۵۸	۲	۳۸	۲	۲۹	۲	۱۹	۲	۸	۱	۵۶	۱	۴۲		
		غروب	۶	۳	۵	۴۹	۵	۳۳	۵	۱۶	۵	۶	۴	۵۴	۴	۴۱	۴	۲۴	۴	۱۶	۴	۸	۳	۵۸	۳	۴۷	۳	۳۵		
		عشاء (۱)	۶	۵۱	۶	۳۷	۶	۲۴	۶	۱۱	۶	۳	۵	۵۷	۵	۴۹	۵	۴۱	۵	۳۷	۵	۳۳	۵	۲۸	۵	۲۴	۵	۱۸		
		عشاء (۲)	۷	۳	۶	۵۰	۶	۳۷	۶	۲۵	۶	۱۹	۶	۱۳	۶	۷	۶	۰	۵	۵۷	۵	۵۴	۵	۵۱	۵	۴۷	۵	۴۳		
۱۷	۲۵	فجر	۴	۵۷	۵	۱۰	۵	۲۲	۵	۳۳	۵	۳۹	۵	۴۴	۵	۵۱	۵	۵۷	۵	۵۹	۶	۲	۶	۵	۶	۸	۶	۱۲	۱۶	۲۷
-۱۵	+۱۲	طلوع	۵	۵۶	۶	۱۰	۶	۲۵	۶	۴۲	۶	۵۲	۷	۳	۷	۱۶	۷	۳۱	۷	۳۹	۷	۴۷	۷	۵۶	۸	۷	۸	۱۹	۱۵	۲۸
میل ۱۹° - ۲۶'		اشراق	۶	۶	۶	۲۰	۶	۳۵	۶	۵۳	۷	۴	۷	۱۶	۷	۳۰	۷	۴۸	۷	۵۶	۸	۵	۸	۱۶	۸	۲۸	۸	۴۲	-۴	+۶
		عصر (۱)	۳	۲۳	۳	۲۰	۳	۱۲	۲	۵۷	۲	۴۸	۲	۳۷	۲	۲۳	۲	۶	۱	۵۹	۱	۵۱	۱	۴۲	۱	۳۲	۱	۲۱		
		عصر (۲)	۴	۲۲	۴	۱۲	۳	۵۹	۳	۴۱	۳	۲۹	۳	۱۷	۳	۱	۲	۴۲	۲	۳۳	۲	۲۴	۲	۱۳	۲	۱	۱	۴۸		
		غروب	۶	۴	۵	۵۰	۵	۳۵	۵	۱۸	۵	۸	۴	۵۷	۴	۴۴	۴	۲۹	۴	۲۱	۴	۱۳	۴	۴	۳	۵۳	۳	۴۱		
		عشاء (۱)	۶	۵۱	۶	۳۷	۶	۲۵	۶	۱۲	۶	۶	۵	۵۹	۵	۵۲	۵	۴۴	۵	۴۰	۵	۳۷	۵	۳۳	۵	۲۸	۵	۲۳		
		عشاء (۲)	۷	۳	۶	۵۰	۶	۳۸	۶	۲۷	۶	۲۱	۶	۱۶	۶	۹	۶	۳	۶	۱	۵	۵۸	۵	۵۵	۵	۵۲	۵	۴۸		

عرض شمالی		درجہ	۰		۱۰		۲۰		۳۰		۳۵		۴۰		۴۵		۵۰		۵۲		۵۴		۵۶		۵۸		۶۰		عرض جنوبی	
نومبر	جنوری	وقت	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	مئی	جولائی
۱۴	۲۸	فجر	۴	۵۷	۵	۱۰	۵	۲۱	۵	۳۲	۵	۳۷	۵	۳۲	۵	۴۸	۵	۵۳	۵	۵۶	۵	۵۸	۶	۱	۶	۴	۶	۷	۱۳	۳۰
−۱۶	+۱۳	طلوع	۵	۵۶	۶	۹	۶	۲۳	۶	۴۰	۶	۴۹	۶	۵۹	۷	۱۳	۷	۲۷	۷	۳۴	۷	۴۲	۷	۵۰	۸	۰	۸	۱۱	۱۲	۳۱
میل ۱۸° − ۱۴′		اشراق	۶	۶	۶	۱۹	۶	۳۴	۶	۵۱	۷	۱	۷	۱۳	۷	۲۶	۷	۴۳	۷	۵۱	۸	۰	۸	۱۰	۸	۲۱	۸	۳۵	−۴	+۶
		عصر (۱)	۳	۲۳	۳	۲۰	۳	۱۲	۲	۵۹	۲	۵۰	۲	۳۹	۲	۲۶	۲	۱۰	۲	۲	۱	۵۴	۱	۴۶	۱	۳۶	۱	۲۶		
		عصر (۲)	۴	۲۲	۴	۱۳	۴	۰	۳	۴۳	۳	۳۲	۳	۲۰	۳	۵	۲	۴۶	۲	۳۷	۲	۲۸	۲	۱۸	۲	۷	۱	۵۴		
		غروب	۶	۴	۵	۵۱	۵	۳۷	۵	۲۰	۵	۱۱	۵	۱	۴	۴۸	۴	۳۳	۴	۲۶	۴	۱۸	۴	۱۰	۴	۰	۳	۴۹		
		عشاء (۱)	۶	۵۱	۶	۳۸	۶	۲۶	۶	۱۴	۶	۸	۶	۲	۵	۵۵	۵	۴۸	۵	۴۴	۵	۴۱	۵	۳۷	۵	۳۳	۵	۲۹		
		عشاء (۲)	۷	۳	۶	۵۰	۶	۳۹	۶	۲۸	۶	۲۳	۶	۱۸	۶	۱۲	۶	۷	۶	۴	۶	۲	۵	۵۹	۵	۵۶	۵	۵۳		
۱۱	۳۱	فجر	۴	۵۷	۵	۹	۵	۲۰	۵	۳۰	۵	۳۵	۵	۳۹	۵	۴۴	۵	۴۹	۵	۵۲	۵	۵۴	۵	۵۶	۵	۵۹	۶	۱	مئی	اگست
−۱۶	+۱۳	طلوع	۵	۵۶	۶	۹	۶	۲۳	۶	۳۸	۶	۴۷	۶	۵۷	۷	۸	۷	۲۳	۷	۲۹	۷	۳۷	۷	۴۵	۷	۵۴	۸	۵		۲
میل ۱۷° − ۱۳′		اشراق	۶	۶	۶	۱۹	۶	۳۳	۶	۴۹	۶	۵۸	۷	۹	۷	۲۲	۷	۳۸	۷	۴۶	۷	۵۴	۸	۴	۸	۱۴	۸	۲۷	۹	۳
		عصر (۱)	۳	۲۲	۳	۲۱	۳	۱۳	۳	۱	۲	۵۲	۲	۴۱	۲	۲۹	۲	۱۳	۲	۶	۱	۵۹	۱	۵۰	۱	۴۱	۱	۳۱	−۴	+۶
		عصر (۲)	۳	۲۲	۴	۱۳	۴	۲	۳	۴۵	۳	۳۵	۳	۲۳	۳	۸	۲	۵۰	۲	۴۲	۲	۳۳	۲	۲۳	۲	۱۳	۲	۱		
		غروب	۶	۴	۵	۵۱	۵	۳۷	۵	۲۲	۵	۱۳	۵	۳	۴	۵۲	۴	۳۷	۴	۳۱	۴	۲۳	۴	۱۵	۴	۶	۳	۵۵		
		عشاء (۱)	۶	۵۰	۶	۳۸	۶	۲۷	۶	۱۶	۶	۱۰	۶	۴	۵	۵۸	۵	۵۱	۵	۴۸	۵	۴۵	۵	۴۲	۵	۳۸	۵	۳۴		
		عشاء (۲)	۷	۳	۶	۵۱	۶	۴۰	۶	۳۰	۶	۲۵	۶	۲۱	۶	۱۶	۶	۱۱	۶	۸	۶	۶	۶	۴	۶	۱	۵	۵۹		

عرض شمالی		درجہ	۰		۱۰		۲۰		۳۰		۳۵		۴۰		۴۵		۵۰		۵۲		۵۴		۵۶		۵۸		۶۰		عرض جنوبی	
نومبر	فروری	وقت	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	مئی	اگست
۸	۳	فجر	۴	۵۷	۵	۹	۵	۱۹	۵	۲۸	۵	۳۲	۵	۳۷	۵	۴۱	۵	۴۵	۵	۴۷	۵	۴۹	۵	۵۱	۵	۵۳	۵	۵۵	۶	۶
-۱۶	+۱۴	طلوع	۵	۵۷	۶	۹	۶	۲۲	۶	۳۶	۶	۴۴	۶	۵۴	۷	۵	۷	۱۸	۷	۲۴	۷	۳۱	۷	۳۹	۷	۴۷	۷	۵۷	-۳	+۶
میل ۱۶° - ۱۴م		اشراق	۶	۶	۶	۱۸	۶	۳۱	۶	۴۷	۶	۵۶	۷	۶	۷	۱۹	۷	۳۴	۷	۴۱	۷	۴۹	۷	۵۷	۸	۷	۸	۱۹		
		عصر(۱)	۳	۲۲	۳	۲۱	۳	۱۴	۳	۲	۲	۵۴	۲	۴۴	۲	۳۲	۲	۱۷	۲	۱۰	۲	۳	۱	۵۵	۱	۴۶	۱	۳۶		
		عصر(۲)	۴	۲۲	۴	۱۴	۴	۳	۳	۴۷	۳	۳۸	۳	۲۶	۳	۱۳	۲	۵۵	۲	۴۷	۲	۳۸	۲	۲۹	۲	۱۹	۲	۷		
		غروب	۶	۳	۵	۵۱	۵	۳۸	۵	۲۴	۵	۱۶	۵	۶	۴	۵۵	۴	۴۲	۴	۳۶	۴	۲۹	۴	۲۱	۴	۱۳	۴	۳		
		عشاء(۱)	۶	۵۰	۶	۳۹	۶	۲۸	۶	۱۸	۶	۱۳	۶	۷	۶	۲	۵	۵۵	۵	۵۳	۵	۵۰	۵	۴۷	۵	۴۴	۵	۴۰		
		عشاء(۲)	۷	۳	۶	۵۱	۶	۴۱	۶	۳۲	۶	۲۸	۶	۲۳	۶	۱۹	۶	۱۵	۶	۱۳	۶	۱۱	۶	۹	۶	۷	۶	۵		
۵	۶	فجر	۴	۵۸	۵	۸	۵	۱۸	۵	۲۶	۵	۳۰	۵	۳۴	۵	۳۷	۵	۴۱	۵	۴۳	۵	۴۴	۵	۴۶	۵	۴۷	۵	۴۹	۳	۹
-۱۶	+۱۴	طلوع	۵	۵۷	۶	۷	۶	۲۰	۶	۳۴	۶	۴۲	۶	۵۱	۷	۱	۷	۱۳	۷	۱۹	۷	۲۵	۷	۳۳	۷	۴۱	۷	۴۹	-۳	+۵
میل ۱۵° - ۷م		اشراق	۶	۶	۶	۱۷	۶	۳۰	۶	۴۴	۶	۵۳	۷	۳	۷	۱۴	۷	۲۸	۷	۳۵	۷	۴۲	۷	۵۱	۸	۰	۸	۱۱		
		عصر(۱)	۳	۲۱	۳	۲۱	۳	۱۵	۳	۴	۲	۵۶	۲	۴۷	۲	۳۵	۲	۲۱	۲	۱۴	۲	۷	۲	۰	۱	۵۱	۱	۴۲		
		عصر(۲)	۴	۲۱	۴	۱۴	۴	۴	۳	۴۹	۳	۴۰	۳	۲۹	۳	۱۵	۲	۵۹	۲	۵۲	۲	۴۴	۲	۳۵	۲	۲۵	۲	۱۴		
		غروب	۶	۳	۵	۵۳	۵	۴۰	۵	۲۶	۵	۱۸	۵	۹	۴	۵۹	۴	۴۷	۴	۴۱	۴	۳۵	۴	۲۷	۴	۱۹	۴	۱۱		
		عشاء(۱)	۶	۵۰	۶	۳۹	۶	۲۹	۶	۲۰	۶	۱۵	۶	۱۰	۶	۵	۶	۰	۵	۵۷	۵	۵۵	۵	۵۲	۵	۵۰	۵	۴۷		
		عشاء(۲)	۷	۲	۶	۵۲	۶	۴۲	۶	۳۴	۶	۳۰	۶	۲۶	۶	۲۳	۶	۱۹	۶	۱۷	۶	۱۶	۶	۱۴	۶	۱۳	۶	۱۱		

صبح صادق ——— ۴۷

عرض شمالی		درجه	۰		۱۰		۲۰		۳۰		۳۵		۴۰		۴۵		۵۰		۵۲		۵۴		۵۶		۵۸		۶۰		عرض جنوبی	
نومبر	فروری	وقت	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	اپریل	اگست
۲	۹	فجر	۴	۵۸	۵	۸	۵	۱۷	۵	۲۴	۵	۲۷	۵	۳۱	۵	۳۴	۵	۳۷	۵	۳۸	۵	۳۹	۵	۴۰	۵	۴۱	۵	۴۲	۳۰	۱۳
-۱۶	+۱۴	طلوع	۵	۵۷	۶	۸	۶	۱۹	۶	۳۲	۶	۳۹	۶	۴۷	۶	۵۷	۷	۸	۷	۱۴	۷	۲۰	۷	۲۶	۷	۳۳	۷	۴۲	-۳	+۵
میل ۱۴°-۵۲'		اشراق	۶	۶	۶	۱۷	۶	۲۸	۶	۴۲	۶	۵۰	۶	۵۹	۷	۱۰	۷	۲۳	۷	۳۰	۷	۳۶	۷	۴۴	۷	۵۳	۸	۳		
		عصر(۱)	۳	۲۰	۳	۲۱	۳	۱۶	۳	۶	۲	۵۸	۲	۴۹	۲	۳۸	۲	۲۵	۲	۱۹	۲	۱۲	۲	۴	۱	۵۶	۱	۴۸		
		عصر(۲)	۴	۲۱	۴	۱۵	۴	۵	۳	۵۲	۳	۴۳	۳	۳۲	۳	۱۹	۳	۴	۲	۵۷	۲	۴۹	۲	۴۱	۲	۳۱	۲	۲۱		
		غروب	۶	۳	۵	۵۲	۵	۴۱	۵	۲۸	۵	۲۱	۵	۱۳	۵	۳	۴	۵۲	۴	۴۶	۴	۴۰	۴	۳۴	۴	۲۷	۴	۱۸		
		عشاء(۱)	۶	۵۰	۶	۴۰	۶	۳۰	۶	۲۲	۶	۱۸	۶	۱۳	۶	۹	۶	۴	۶	۲	۶	۰	۵	۵۸	۵	۵۶	۵	۵۳		
		عشاء(۲)	۷	۲	۶	۵۲	۶	۴۳	۶	۳۶	۶	۳۳	۶	۲۹	۶	۲۶	۶	۲۳	۶	۲۲	۶	۲۱	۶	۲۰	۶	۱۹	۶	۱۸		
اکتوبر	فروری	فجر	۴	۵۸	۵	۸	۵	۱۵	۵	۲۲	۵	۲۵	۵	۲۸	۵	۳۰	۵	۳۳	۵	۳۳	۵	۳۴	۵	۳۵	۵	۳۵	۵	۳۶	۲۷	۱۵
۳۰	۱۲	طلوع	۵	۵۷	۶	۷	۶	۱۷	۶	۲۹	۶	۳۶	۶	۴۴	۶	۵۳	۷	۳	۷	۸	۷	۱۴	۷	۲۰	۷	۲۶	۷	۳۴	-۲	+۴
-۱۶	+۱۴	اشراق	۶	۶	۶	۱۶	۶	۲۷	۶	۴۰	۶	۴۷	۶	۵۶	۷	۶	۷	۱۸	۷	۲۴	۷	۳۰	۷	۳۷	۷	۴۵	۷	۵۵		
میل ۱۳°-۵۴'		عصر(۱)	۳	۱۹	۳	۲۱	۳	۱۷	۳	۷	۳	۱	۲	۵۲	۲	۴۲	۲	۲۹	۲	۲۳	۲	۱۶	۲	۹	۲	۲	۱	۵۳		
		عصر(۲)	۴	۲۱	۴	۱۵	۴	۷	۳	۵۴	۳	۴۵	۳	۳۵	۳	۲۳	۳	۹	۳	۲	۲	۵۵	۲	۴۷	۲	۳۸	۲	۲۸		
		غروب	۶	۳	۵	۵۳	۵	۴۳	۵	۳۱	۵	۲۴	۵	۱۶	۵	۷	۴	۵۷	۴	۵۲	۴	۴۶	۴	۴۰	۴	۳۳	۴	۲۶		
		عشاء(۱)	۶	۵۰	۶	۴۰	۶	۳۲	۶	۲۴	۶	۲۰	۶	۱۶	۶	۱۳	۶	۹	۶	۷	۶	۵	۶	۴	۶	۲	۶	۰		
		عشاء(۲)	۷	۲	۶	۵۲	۶	۴۵	۶	۳۸	۶	۳۵	۶	۳۲	۶	۳۰	۶	۲۷	۶	۲۷	۶	۲۶	۶	۲۵	۶	۲۵	۶	۲۴		

عرض شمالی	درجہ	۰	۱۰	۲۰	۳۰	۳۵	۴۰	۴۵	۵۰	۵۲	۵۴	۵۶	۵۸	۶۰	عرض جنوبی
اکتوبر فروری	وقت	گھنٹہ منٹ	گھنٹہ منٹ	گھنٹہ منٹ	گھنٹہ منٹ	گھنٹہ منٹ	گھنٹہ منٹ	گھنٹہ منٹ	گھنٹہ منٹ	گھنٹہ منٹ	گھنٹہ منٹ	گھنٹہ منٹ	گھنٹہ منٹ	گھنٹہ منٹ	اپریل اگست
۲۷ ۱۵	فجر	۴ ۵۸	۵ ۷	۵ ۱۴	۵ ۲۰	۵ ۲۲	۵ ۲۴	۵ ۲۶	۵ ۲۸	۵ ۲۸	۵ ۲۹	۵ ۲۹	۵ ۲۹	۵ ۲۹	۱۸
-۱۶ +۱۴	طلوع	۵ ۵۷	۶ ۶	۶ ۱۶	۶ ۲۷	۶ ۳۳	۶ ۴۰	۶ ۴۸	۶ ۵۸	۷ ۳	۷ ۸	۷ ۱۳	۷ ۱۹	۷ ۲۶	۲۴ ۱۹
	اشراق	۶ ۶	۶ ۱۵	۶ ۲۵	۶ ۳۷	۶ ۴۴	۶ ۵۲	۷ ۱	۷ ۱۳	۷ ۱۸	۷ ۲۴	۷ ۳۰	۷ ۳۸	۷ ۴۶	-۲ +۴
میل ۱۲° - ۵۴ً	عصر(۱)	۳ ۱۸	۳ ۲۱	۳ ۱۸	۳ ۹	۳ ۳	۲ ۵۵	۲ ۴۵	۲ ۳۳	۲ ۲۷	۲ ۲۱	۲ ۱۴	۲ ۷	۱ ۵۹	
	عصر(۲)	۴ ۲۱	۴ ۱۶	۴ ۸	۳ ۵۶	۳ ۴۸	۳ ۳۹	۳ ۲۷	۳ ۱۴	۳ ۸	۳ ۰	۲ ۵۳	۲ ۴۴	۲ ۳۵	
	غروب	۶ ۳	۵ ۵۴	۵ ۴۴	۵ ۳۳	۵ ۲۷	۵ ۲۰	۵ ۱۲	۵ ۲	۴ ۵۷	۴ ۵۲	۴ ۴۷	۴ ۴۱	۴ ۳۴	
	عشاء(۱)	۶ ۴۹	۶ ۴۱	۶ ۳۳	۶ ۲۶	۶ ۲۳	۶ ۲۰	۶ ۱۷	۶ ۱۳	۶ ۱۲	۶ ۱۱	۶ ۱۰	۶ ۸	۶ ۷	
	عشاء(۲)	۷ ۲	۶ ۵۳	۶ ۴۶	۶ ۴۰	۶ ۳۸	۶ ۳۶	۶ ۳۴	۶ ۳۳	۶ ۳۲	۶ ۳۱	۶ ۳۱	۶ ۳۱	۶ ۳۱	
۲۴ ۱۸	فجر	۴ ۵۹	۵ ۷	۵ ۱۳	۵ ۱۸	۵ ۲۰	۵ ۲۱	۵ ۲۲	۵ ۲۳	۵ ۲۳	۵ ۲۳	۵ ۲۳	۵ ۲۳	۵ ۲۲	۲۱ ۲۱
-۱۶ +۱۴	طلوع	۵ ۵۶	۶ ۵	۶ ۱۴	۶ ۲۲	۶ ۳۰	۶ ۳۶	۶ ۴۴	۶ ۵۳	۶ ۵۷	۷ ۱	۷ ۶	۷ ۱۲	۷ ۱۸	۲۰ ۲۲
	اشراق	۶ ۶	۶ ۱۴	۶ ۲۴	۶ ۳۵	۶ ۴۱	۶ ۴۸	۶ ۵۷	۷ ۷	۷ ۱۲	۷ ۱۸	۷ ۲۴	۷ ۳۰	۷ ۳۸	-۱ +۳
میل ۱۱° - ۵۲ً	عصر(۱)	۳ ۱۷	۳ ۲۱	۳ ۱۸	۳ ۱۱	۳ ۵	۲ ۵۸	۲ ۴۸	۲ ۳۷	۲ ۳۲	۲ ۲۶	۲ ۲۰	۲ ۱۳	۲ ۵	
	عصر(۲)	۴ ۲۰	۴ ۱۷	۴ ۹	۳ ۵۸	۳ ۵۱	۳ ۴۲	۳ ۳۱	۳ ۱۹	۳ ۱۳	۳ ۶	۲ ۵۹	۲ ۵۰	۲ ۴۲	
	غروب	۶ ۴	۵ ۵۵	۵ ۴۶	۵ ۳۶	۵ ۳۰	۵ ۲۴	۵ ۱۶	۵ ۷	۵ ۳	۴ ۵۹	۴ ۵۴	۴ ۴۸	۴ ۴۲	
	عشاء(۱)	۶ ۴۹	۶ ۴۱	۶ ۳۴	۶ ۲۸	۶ ۲۶	۶ ۲۳	۶ ۲۱	۶ ۱۸	۶ ۱۷	۶ ۱۶	۶ ۱۶	۶ ۱۵	۶ ۱۴	
	عشاء(۲)	۷ ۱	۶ ۵۳	۶ ۴۷	۶ ۴۲	۶ ۴۰	۶ ۳۹	۶ ۳۸	۶ ۳۷	۶ ۳۷	۶ ۳۷	۶ ۳۷	۶ ۳۷	۶ ۳۸	

عرض شمالی		درجہ	۰		۱۰		۲۰		۳۰		۳۵		۴۰		۴۵		۵۰		۵۲		۵۴		۵۶		۵۸		۶۰		عرض جنوبی	
اکتوبر	فروری	وقت	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	اپریل	اگست
۲۱	۲۱	فجر	۴	۵۹	۵	۶	۵	۱۱	۵	۱۵	۵	۱۷	۵	۱۷	۵	۱۸	۵	۱۸	۵	۱۸	۵	۱۷	۵	۱۷	۵	۱۶	۵	۱۵	۱۸	۲۴
-۱۵	+۱۴	طلوع	۵	۵۷	۶	۵	۶	۱۳	۶	۲۲	۶	۲۷	۶	۳۳	۶	۳۹	۶	۴۷	۶	۵۱	۶	۵۵	۶	۰	۷	۵	۷	۱۰	-۱	۲۵
میل ۱۰° - ۴۹'		اشراق	۶	۶	۶	۱۴	۶	۲۲	۶	۳۲	۶	۳۸	۶	۴۵	۶	۵۲	۷	۲	۷	۶	۷	۱۱	۷	۱۷	۷	۲۳	۷	۳۰	۱۷	+۲
		عصر(۱)	۳	۱۶	۳	۲۱	۳	۱۶	۳	۱۳	۳	۷	۳	۰	۲	۵۲	۲	۴۱	۲	۲۶	۲	۳۱	۲	۲۵	۲	۱۸	۲	۱۱		
		عصر(۲)	۴	۳۰	۴	۱۷	۴	۱۱	۴	۱	۳	۵۴	۳	۴۶	۳	۳۶	۳	۲۳	۳	۱۸	۳	۱۱	۳	۵	۲	۵۷	۲	۴۹		
		غروب	۶	۳	۵	۵۵	۵	۴۷	۵	۳۸	۵	۳۳	۵	۲۷	۵	۲۱	۵	۱۳	۵	۹	۵	۵	۵	۰	۴	۵۵	۴	۵۰		
		عشاء(۱)	۶	۴۹	۶	۴۲	۶	۳۶	۶	۳۱	۶	۲۹	۶	۲۷	۶	۲۵	۶	۲۳	۶	۲۳	۶	۲۲	۶	۲۴	۶	۲۱	۶	۲۱		
		عشاء(۲)	۷	۱	۶	۵۴	۶	۴۹	۶	۴۵	۶	۴۳	۶	۴۳	۶	۴۲	۶	۴۲	۶	۴۲	۶	۴۳	۶	۴۳	۶	۴۴	۶	۴۵		
۱۸	۲۴	فجر	۴	۵۹	۵	۵	۵	۱۰	۵	۱۳	۵	۱۳	۵	۱۴	۵	۱۴	۵	۱۳	۵	۱۲	۵	۱۱	۵	۱۰	۵	۹	۵	۷	۱۵	۲۷
-۱۵	+۱۳	طلوع	۵	۵۶	۶	۳	۶	۱۱	۶	۱۹	۶	۲۳	۶	۲۹	۶	۳۵	۶	۴۲	۶	۴۵	۶	۴۹	۶	۵۳	۶	۵۷	۷	۲	۱۴	۲۸
میل ۹° - ۴۵'		اشراق	۶	۶	۶	۱۳	۶	۲۰	۶	۲۹	۶	۳۵	۶	۴۱	۶	۴۸	۶	۵۶	۷	۰	۷	۵	۷	۱۰	۷	۱۵	۷	۲۱		+۱
		عصر(۱)	۳	۱۵	۳	۲۰	۳	۲۰	۳	۱۳	۳	۱۰	۳	۳	۲	۵۵	۲	۴۵	۲	۴۰	۲	۳۵	۲	۳۰	۲	۲۴	۲	۱۷		
		عصر(۲)	۴	۱۹	۴	۱۷	۴	۱۲	۴	۳	۳	۵۷	۳	۴۹	۳	۴۰	۳	۲۸	۳	۲۳	۳	۱۷	۳	۱۱	۳	۴	۲	۵۶		
		غروب	۶	۴	۵	۵۷	۵	۴۹	۵	۴۱	۵	۳۷	۵	۳۱	۵	۲۵	۵	۱۸	۵	۱۵	۵	۱۱	۵	۷	۵	۳	۴	۵۸		
		عشاء(۱)	۶	۴۹	۶	۴۲	۶	۳۷	۶	۳۳	۶	۳۱	۶	۳۰	۶	۲۹	۶	۲۸	۶	۲۸	۶	۲۸	۶	۲۸	۶	۲۸	۶	۲۸		
		عشاء(۲)	۷	۱	۶	۵۵	۶	۵۰	۶	۴۷	۶	۴۶	۶	۴۶	۶	۴۶	۶	۴۷	۶	۴۸	۶	۴۹	۶	۵۰	۶	۵۱	۶	۵۳		

صبح صادق ———— ۵۰

عرض شمالی		درجہ	۰		۱۰		۲۰		۳۰		۳۵		۴۰		۴۵		۵۰		۵۲		۵۴		۵۶		۵۸		۶۰		عرض جنوبی	
اکتوبر	فروری	وقت	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	اپریل	اگست
۱۵	۲۷	فجر	۴	۵۹	۵	۵	۵	۸	۵	۱۰	۵	۱۱	۵	۱۱	۵	۱۰	۵	۸	۵	۷	۵	۵	۵	۴	۵	۲	۵	۰	۱۲	۳۰
-۱۴	+۱۳	طلوع	۵	۵۷	۶	۳	۶	۹	۶	۱۷	۶	۲۱	۶	۲۵	۶	۳۱	۶	۳۷	۶	۴۰	۶	۴۳	۶	۴۶	۶	۵۰	۶	۵۴	۱۱	+۱
میل ۸°-۳۹′		اشراق	۶	۶	۶	۱۱	۶	۱۶	۶	۱۷	۶	۳۱	۶	۳۷	۶	۴۳	۶	۵۱	۶	۵۴	۶	۵۸	۷	۳	۷	۸	۷	۱۳	+۱	۳۱
		عصر (۱)	۳	۱۴	۳	۲۰	۳	۲۱	۳	۱۶	۳	۱۳	۳	۶	۲	۵۹	۲	۴۹	۲	۴۵	۲	۴۰	۲	۳۵	۲	۲۹	۲	۲۳		۰
		عصر (۲)	۴	۱۹	۴	۱۸	۴	۱۳	۴	۵	۳	۵۹	۳	۵۲	۳	۴۴	۳	۳۳	۳	۲۸	۳	۲۳	۳	۱۷	۳	۱۱	۳	۳		
		غروب	۶	۳	۵	۵۷	۵	۵۱	۵	۴۳	۵	۳۹	۵	۳۵	۵	۲۹	۵	۲۳	۵	۲۰	۵	۱۷	۵	۱۴	۵	۱۰	۵	۶		
		عشاء (۱)	۶	۴۹	۶	۴۳	۶	۳۹	۶	۳۶	۶	۳۴	۶	۳۴	۶	۳۳	۶	۳۳	۶	۳۴	۶	۳۴	۶	۳۵	۶	۳۵	۶	۳۶		
		عشاء (۲)	۷	۱	۶	۵۵	۶	۵۲	۶	۵۰	۶	۴۹	۶	۴۹	۶	۵۰	۶	۵۲	۶	۵۳	۶	۵۵	۶	۵۶	۶	۵۸	۷	۰		
اکتوبر	مارچ	فجر	۵	۰	۵	۴	۵	۷	۵	۸	۵	۸	۵	۷	۵	۶	۵	۲	۵	۱	۴	۵۹	۴	۵۷	۴	۵۵	۴	۵۲	اپریل	ستمبر
۱۳	۱	طلوع	۵	۵۶	۶	۲	۶	۷	۶	۱۳	۶	۱۷	۶	۲۱	۶	۲۵	۶	۳۱	۶	۳۳	۶	۳۶	۶	۳۹	۶	۴۳	۶	۴۶	۹	۲
-۱۴	+۱۲	اشراق	۶	۶	۶	۱۱	۶	۱۷	۶	۲۲	۶	۲۸	۶	۳۳	۶	۳۹	۶	۴۵	۶	۴۸	۶	۵۲	۶	۵۶	۷	۰	۷	۵	۸	۳
میل ۷°-۳۲′		عصر (۱)	۳	۱۲	۳	۲۰	۳	۲۱	۳	۱۸	۳	۱۴	۳	۹	۳	۲	۲	۵۳	۲	۴۹	۲	۴۵	۲	۴۰	۲	۳۵	۲	۲۹	+۲	-۱
		عصر (۲)	۴	۱۹	۴	۱۸	۴	۱۴	۴	۷	۴	۲	۳	۵۶	۳	۴۸	۳	۳۸	۳	۳۴	۳	۲۹	۳	۲۳	۳	۱۸	۳	۱۰		
		غروب	۶	۴	۵	۵۸	۵	۵۳	۵	۴۷	۵	۴۳	۵	۳۹	۵	۳۵	۵	۲۹	۵	۲۷	۵	۲۴	۵	۲۱	۵	۱۸	۵	۱۴		
		عشاء (۱)	۶	۴۸	۶	۴۲	۶	۴۰	۶	۳۸	۶	۳۸	۶	۳۷	۶	۳۸	۶	۳۹	۶	۳۹	۶	۴۰	۶	۴۱	۶	۴۲	۶	۴۴		
		عشاء (۲)	۷	۰	۶	۵۶	۶	۵۳	۶	۵۲	۶	۵۲	۶	۵۳	۶	۵۴	۶	۵۸	۶	۵۹	۷	۱	۷	۳	۷	۵	۷	۸		

عرض شمالی		درجہ	۰		۱۰		۲۰		۳۰		۳۵		۴۰		۴۵		۵۰		۵۲		۵۴		۵۶		۵۸		۶۰		عرض جنوبی	
اکتوبر	مارچ	وقت	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	اپریل	ستمبر
۹	۳	فجر	۵	۰	۵	۳	۵	۵	۵	۵	۵	۵	۵	۳	۵	۱	۴	۵۷	۴	۵۵	۴	۵۳	۴	۵۰	۴	۴۷	۴	۴۴	۶	۶
-۱۳	۴	طلوع	۵	۵۶	۶	۱	۶	۶	۶	۱۱	۶	۱۴	۶	۱۷	۶	۲۱	۶	۲۶	۶	۲۸	۶	۳۰	۶	۳۳	۶	۳۵	۶	۳۸	+۲	-۲
	+۱۳	اشراق	۶	۶	۶	۱۰	۶	۱۵	۶	۲۱	۶	۲۵	۶	۲۹	۶	۳۴	۶	۴۰	۶	۴۲	۶	۴۵	۶	۴۹	۶	۵۲	۶	۵۶	۵	
		عصر (۱)	۳	۱۱	۳	۱۹	۳	۲۲	۳	۱۹	۳	۱۶	۳	۱۱	۳	۵	۲	۵۷	۲	۵۴	۲	۵۰	۲	۴۵	۲	۴۰	۲	۳۵	+۳	
میل ۶°-۲۴'		عصر (۲)	۴	۱۸	۴	۱۹	۴	۱۶	۴	۹	۴	۵	۳	۵۹	۳	۵۲	۳	۴۳	۳	۳۹	۳	۳۴	۳	۲۹	۳	۲۴	۳	۱۷		
		غروب	۶	۴	۵	۵۹	۵	۵۴	۵	۴۹	۵	۴۶	۵	۴۳	۵	۳۹	۵	۳۴	۵	۳۲	۵	۳۰	۵	۲۷	۵	۲۵	۵	۲۲		
		عشاء (۱)	۶	۴۸	۶	۴۴	۶	۴۲	۶	۴۱	۶	۴۱	۶	۴۱	۶	۴۲	۶	۴۴	۶	۴۵	۶	۴۶	۶	۴۸	۶	۵۰	۶	۵۲		
		عشاء (۲)	۷	۰	۶	۵۷	۶	۵۵	۶	۵۵	۶	۵۵	۶	۵۷	۶	۵۹	۷	۳	۷	۵	۷	۷	۷	۱۰	۷	۱۳	۷	۱۶		
۶	۶	فجر	۵	۰	۵	۳	۵	۴	۵	۳	۵	۱	۴	۵۹	۴	۵۶	۴	۵۲	۴	۴۹	۴	۴۷	۴	۴۳	۴	۴۰	۴	۳۵	۳	۹
-۱۲	۷	طلوع	۵	۵۷	۶	۰	۶	۴	۶	۸	۶	۱۱	۶	۱۴	۶	۱۷	۶	۲۰	۶	۲۲	۶	۲۴	۶	۲۶	۶	۲۸	۶	۳۰	+۳	-۳
	+۱۱	اشراق	۶	۶	۶	۹	۶	۱۴	۶	۱۹	۶	۲۲	۶	۲۵	۶	۲۹	۶	۳۴	۶	۳۶	۶	۳۹	۶	۴۲	۶	۴۵	۶	۴۸	۲	
		عصر (۱)	۳	۹	۳	۱۹	۳	۲۲	۳	۲۱	۳	۱۸	۳	۱۴	۳	۶	۳	۱	۲	۵۸	۲	۵۴	۲	۵۰	۲	۴۶	۲	۴۰	+۴	
میل ۵°-۱۵'		عصر (۲)	۴	۱۷	۴	۱۹	۴	۱۷	۴	۱۲	۴	۸	۴	۳	۳	۵۶	۳	۴۸	۳	۴۴	۳	۴۰	۳	۳۵	۳	۳۰	۳	۲۴		
		غروب	۶	۳	۶	۰	۵	۵۶	۵	۵۲	۵	۴۹	۵	۴۶	۵	۴۳	۵	۴۰	۵	۳۸	۵	۳۶	۵	۳۴	۵	۳۲	۵	۳۰		
		عشاء (۱)	۶	۴۸	۶	۴۵	۶	۴۳	۶	۴۳	۶	۴۴	۶	۴۵	۶	۴۷	۶	۵۰	۶	۵۱	۶	۵۳	۶	۵۵	۶	۵۷	۷	۰		
		عشاء (۲)	۷	۰	۶	۵۷	۶	۵۶	۶	۵۷	۶	۵۹	۷	۱	۷	۴	۷	۸	۷	۱۱	۷	۱۳	۷	۱۷	۷	۲۰	۷	۲۵		

صبح صادق ——— ۵۲

عرض شمالی		درجه	۰		۱۰		۲۰		۳۰		۳۵		۴۰		۴۵		۵۰		۵۲		۵۴		۵۶		۵۸		۶۰		عرض جنوبی	
اکتوبر	مارچ	وقت	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	مارچ	ستمبر
۳	۹	فجر	۵	۰	۵	۲	۵	۲	۵	۰	۴	۵۸	۴	۵۵	۴	۵۱	۴	۴۶	۴	۴۳	۴	۴۰	۴	۳۶	۴	۳۲	۴	۲۷	۳۱	
-۱۱	+۱۱	طلوع	۵	۵۷	۶	۰	۶	۳	۶	۴	۶	۷	۶	۹	۶	۱۲	۶	۱۵	۶	۱۶	۶	۱۷	۶	۱۸	۶	۲۱	۶	۲۲	۳۰	۱۲
	۱۰ +۱۰	اشراق	۶	۶	۶	۹	۶	۱۲	۶	۱۶	۶	۱۸	۶	۲۱	۶	۲۴	۶	۲۸	۶	۳۰	۶	۳۲	۶	۳۵	۶	۳۷	۶	۴۰	+۴	-۴
میل -۴° ۶'		عصر(۱)	۳	۷	۳	۱۸	۳	۲۳	۳	۲۲	۳	۲۰	۳	۱۷	۳	۱۳	۳	۵	۳	۲	۲	۵۹	۲	۵۵	۲	۵۱	۲	۴۶		
		عصر(۲)	۴	۱۷	۴	۱۹	۴	۱۸	۴	۱۴	۴	۱۰	۴	۶	۴	۰	۳	۵۳	۳	۴۹	۳	۴۵	۳	۴۱	۳	۳۷	۳	۳۱		
		غروب	۶	۳	۶	۰	۵	۵۷	۵	۵۴	۵	۵۳	۵	۵۱	۵	۴۸	۵	۴۵	۵	۴۴	۵	۴۳	۵	۴۲	۵	۳۹	۵	۳۸		
		عشاء(۱)	۶	۴۸	۶	۴۶	۶	۴۵	۶	۴۶	۶	۴۷	۶	۴۹	۶	۵۱	۶	۵۵	۶	۵۷	۶	۵۹	۷	۲	۷	۵	۷	۸		
		عشاء(۲)	۷	۰	۶	۵۸	۶	۵۸	۷	۰	۷	۲	۷	۵	۷	۹	۷	۱۴	۷	۱۷	۷	۲۰	۷	۲۴	۷	۲۸	۷	۳۳		
ستمبر	مارچ	فجر	۵	۰	۵	۱	۵	۰	۴	۵۷	۴	۵۵	۴	۵۱	۴	۴۷	۴	۴۰	۴	۳۷	۴	۳۳	۴	۲۹	۴	۲۴	۴	۱۸	مارچ	ستمبر
۳۰	۱۲	طلوع	۵	۵۷	۵	۵۹	۶	۱	۶	۳	۶	۵	۶	۶	۶	۸	۶	۹	۶	۹	۶	۱۱	۶	۱۲	۶	۱۳	۶	۱۴	۲۸	۱۵
-۱۰	+۱۰ ۱۳	اشراق	۶	۶	۶	۸	۶	۱۰	۶	۱۳	۶	۱۵	۶	۱۷	۶	۲۰	۶	۲۳	۶	۲۴	۶	۲۶	۶	۲۸	۶	۳۰	۶	۳۲	۲۷	
میل +۲° ۵۶'	+۹	عصر(۱)	۳	۵	۳	۱۸	۳	۲۳	۳	۲۴	۳	۲۲	۳	۱۹	۳	۱۵	۳	۹	۳	۷	۳	۳	۳	۰	۲	۵۶	۲	۵۲	+۵	-۵
		عصر(۲)	۴	۱۶	۴	۱۹	۴	۱۹	۴	۱۶	۴	۱۳	۴	۹	۴	۴	۳	۵۷	۳	۵۴	۳	۵۱	۳	۴۷	۳	۴۳	۳	۳۸		
		غروب	۶	۳	۶	۱	۵	۵۹	۵	۵۷	۵	۵۵	۵	۵۴	۵	۵۲	۵	۵۱	۵	۵۱	۵	۴۹	۵	۴۸	۵	۴۷	۵	۴۶		
		عشاء(۱)	۶	۴۸	۶	۴۷	۶	۴۷	۶	۴۹	۶	۵۰	۶	۵۳	۶	۵۶	۷	۱	۷	۳	۷	۶	۷	۹	۷	۱۲	۷	۱۶		
		عشاء(۲)	۷	۰	۶	۵۹	۷	۰	۷	۳	۷	۵	۷	۹	۷	۱۳	۷	۲۰	۷	۲۳	۷	۲۷	۷	۳۱	۷	۳۶	۷	۴۲		

صبح صادق ——— ۵۳

عرض شمالی		درجہ	۰		۱۰		۲۰		۳۰		۳۵		۴۰		۴۵		۵۰		۵۲		۵۴		۵۶		۵۸		۶۰		عرض جنوبی	
ستمبر	مارچ	وقت	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	مارچ	ستمبر
۲۷	۱۵	فجر	۵	۰	۵	۰	۴	۵۸	۴	۵۵	۴	۵۱	۴	۴۷	۴	۴۲	۴	۳۴	۴	۳۰	۴	۲۶	۴	۲۱	۴	۱۶	۴	۹	۲۵	
-۹	۱۶	طلوع	۵	۵۷	۵	۵۸	۵	۵۹	۶	۱	۶	۱	۶	۲	۶	۳	۶	۴	۶	۴	۶	۴	۶	۵	۶	۵	۶	۶	۲۴	۱۸
	+۹	اشراق	۶	۶	۶	۷	۶	۹	۶	۱۱	۶	۱۲	۶	۱۳	۶	۱۵	۶	۱۷	۶	۱۸	۶	۱۹	۶	۲۱	۶	۲۲	۶	۲۴	+۶	-۶
میل ۱° - ۴۶		عصر(۱)	۳	۳	۳	۱۷	۳	۲۴	۳	۲۵	۳	۲۴	۳	۲۲	۳	۱۸	۳	۱۳	۳	۱۱	۳	۸	۳	۵	۳	۱	۲	۵۸		
		عصر(۲)	۴	۱۵	۴	۲۰	۴	۲۰	۴	۱۸	۴	۱۶	۴	۱۲	۴	۸	۴	۲	۳	۵۹	۳	۵۶	۳	۵۳	۳	۴۹	۳	۴۵		
		غروب	۶	۳	۶	۲	۶	۱	۵	۵۹	۵	۵۹	۵	۵۸	۵	۵۷	۵	۵۶	۵	۵۶	۵	۵۶	۵	۵۵	۵	۵۵	۵	۵۴		
۱۵	۶	۱	۷	۹	۷	۲۰	۱۲	۲۷	۳	۲۵	۴	۹	۵	۴۵	۶	۳۹	۶	۵۳
۱۶	۶	۱	۷	۱۰	۷	۲۱	۱۲	۲۸	۳	۲۶	۴	۹	۵	۴۵	۶	۳۹	۶	۵۴
۱۷	۶	۲	۷	۱۰	۷	۲۱	۱۲	۲۸	۳	۲۶	۴	۱۰	۵	۴۶	۶	۳۹	۶	۵۴
۱۸	۶	۲	۷	۱۱	۷	۲۲	۱۲	۲۹	۳	۲۷	۴	۱۰	۵	۴۶	۶	۴۰	۶	۵۵
۱۹	۶	۳	۷	۱۱	۷	۲۲	۱۲	۲۹	۳	۲۷	۴	۱۱	۵	۴۶	۶	۴۰	۶	۵۵
۲۰	۶	۳	۷	۱۲	۷	۲۳	۱۲	۳۰	۳	۲۸	۴	۱۲	۵	۴۷	۶	۴۱	۶	۵۶
۲۱	۶	۴	۷	۱۳	۷	۲۴	۱۲	۳۰	۳	۲۸	۴	۱۲	۵	۴۸	۶	۴۱	۶	۵۶
۲۲	۶	۴	۷	۱۳	۷	۲۴	۱۲	۳۱	۳	۲۹	۴	۱۲	۵	۴۸	۶	۴۲	۶	۵۷
۲۳	۶	۵	۷	۱۳	۷	۲۴	۱۲	۳۱	۳	۲۹	۴	۱۳	۵	۴۸	۶	۴۲	۶	۵۷
۲۴	۶	۶	۷	۱۴	۷	۲۵	۱۲	۳۲	۳	۳۰	۴	۱۳	۵	۴۹	۶	۴۳	۶	۵۷
۲۵	۶	۶	۷	۱۴	۷	۲۵	۱۲	۳۲	۳	۳۰	۴	۱۴	۵	۴۹	۶	۴۳	۶	۵۸
۲۶	۶	۷	۷	۱۵	۷	۲۶	۱۲	۳۳	۳	۳۱	۴	۱۴	۵	۵۰	۶	۴۴	۶	۵۹
۲۷	۶	۷	۷	۱۵	۷	۲۶	۱۲	۳۳	۳	۳۱	۴	۱۵	۵	۵۱	۶	۴۴	۶	۵۹
۲۸	۶	۷	۷	۱۶	۷	۲۷	۱۲	۳۴	۳	۳۲	۴	۱۶	۵	۵۱	۶	۴۵	۷	۰
۲۹	۶	۸	۷	۱۶	۷	۲۷	۱۲	۳۴	۳	۳۲	۴	۱۷	۵	۵۲	۶	۴۶	۷	۰
۳۰	۶	۸	۷	۱۶	۷	۲۷	۱۲	۳۵	۳	۳۳	۴	۱۸	۵	۵۳	۶	۴۷	۷	۱
۳۱	۶	۹	۷	۱۷	۷	۲۸	۱۲	۳۵	۳	۳۳	۴	۱۹	۵	۵۳	۶	۴۷	۷	۱

صبح صادق ——— ۱۱۸

باب الاذان والاقامۃ

بیٹھ کر اذان مکروہ تحریمی ہے :

سوال : اگر ایسے خوش الحان صحیح التلفظ لنگڑے لولے مؤذن کو (جو کھڑے ہو کر اذان دینے سے قاصر ہے) بیٹھ کر لاؤڈ اسپیکر پر یا بغیر لاؤڈ اسپیکر کے اذان کا موقعہ دیا جائے تو شرعاً صحیح ہے یا نہیں۔ اور وہ دوسرے مؤذنین کی موجودگی میں بھی اذان دے سکتا ہے یا نہیں۔ دوسرے مؤذنین البتہ خوش الحانی میں ذرا اس سے کم ہیں۔ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

بیٹھ کر اذان کہنا مکروہ تحریمی ہے، اس کا اعادہ مندوب ہے۔ قال فی التنویر ویکرہ اذان جنب (الی قولہ) وقاعد الا اذا اذن لنفسہ ویعاد اذان جنب، وفی الشرح ندبا وقیل وجوبا، وفی الحاشیۃ (قولہ ویعاد اذان جنب الخ) زاد القہستانی والفاجر والراکب والقاعد والماشی والمنحرف عن القبلۃ وعلل الوجوب فی الکل بانہ غیر معتد بہ والندب بانہ معتد بہ الا انہ ناقص قال وھو الاصح کما فی التمرتاشی (رد المحتار ص۳۶۵ ج۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۱۲ ذی قعدہ ۱۳۷۴ھ

بدون رضائے مؤذن اقامت کہنا :

سوال : مؤذن کی بغیر اجازت کسی نے تکبیر کہی تو ثواب تکبیر کہنے کا مؤذن کو ملے گا یا مکبر کو؟ اور مکبر کو بغیر اجازت تکبیر کہنے سے گناہ صغیرہ ہوگا یا کبیرہ جبکہ مؤذن ناراض ہو؟ بینوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصواب

اقامت کا ثواب اقامت کہنے والے کو ملے گا۔ مؤذن کی اجازت کے بغیر اقامت کہنا جائز ہے مگر خلاف اولیٰ ہے۔ قال فی شرح التنویر (اقام غیر من اذن بغیبتہ ای المؤذن لایکرہ مطلقاً) وان بحضورہ کرہ ان لحقہ وحشۃ، ونقل ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ عن الخلاصۃ والامام الطحاوی معزیا الی ائمتنا الثلاثۃ وعن البحر والکافی انہ لاباس بہ مطلقاً ولکن الافضل ان یکون المؤذن ھو المقیم (رد المحتار ص۳۶۷ ج۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۴ ذی قعدہ ۱۳۷۶ھ

بچے کے کان میں اذان کا وقت :

سوال : نومولود کے کان میں اذان کہنے کا کیا کوئی وقت متعین ہے۔ اگر پہلے روز اذان نہیں کہی گئی تو کیا اس کے بعد بھی کہی جا سکتی ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

اس کے لئے وقت اور دن کی کوئی قید نہیں، حتی الامکان جلد کہنا چاہئے، اگر غفلت میں کئی روز گزر گئے تو بھی تنبہ کے بعد اذان کہی جائے۔ عن ابی رافع رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال رأیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذن فی اذن الحسن بن علی حین ولدتہ فاطمۃ بالصلوٰۃ، قال الملا علی القاری رحمہ اللہ تعالیٰ (حین ولدتہ فاطمۃ) یحتمل السابع وقبلہ (مرقاۃ ص۱۵۹ ج ۸) فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔　　فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۳ شوال ۸۶ھ

بچے کے کان میں اقامت کہنا :

سوال : کیا فرماتے ہیں مفتیان شرع متین کہ بچہ نومولود کے بائیں کان میں اقامت پڑھنا سنت ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

بچے کے دائیں کان میں اذان اور بائیں میں اقامت کہنا مسنون ہے۔ عن حسین بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من ولد لہ مولود فاذن فی اذنہ الیمنی واقام فی اذنہ الیسری لم یضرہ ام الصبیان (عمل الیوم واللیلۃ لابن السنی والجامع الصغیر للسیوطی) وروی عن عمر بن عبد العزیز رضی اللہ تعالیٰ عنہ انہ کان یؤذن فی الیمین ویقیم فی الیسری اذا ولد الصبی (شرح السنۃ) وقال الرافعی رحمہ اللہ تعالیٰ قال السندی رحمہ اللہ تعالیٰ فیرفع المولود عند الولادۃ علی یدیہ مستقبل القبلۃ ویؤذن فی اذنہ الیمنیٰ ویقیم فی الیسری ویلتفت فیھما بالصلوٰۃ لجھۃ الیمین وبالفلاح لجھۃ الیسار وفائدۃ الاذان فی اذنہ انہ یدفع ام الصبیان عنہ (التحریر المختار ص۴۵ ج ۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۸ ربیع الاول ۸۰ھ

اذان بلال وابن ام مکتوم کے درمیان فاصلہ :

سوال : حضرت بلال رضی اللہ عنہ اور حضرت ابن ام مکتوم رضی اللہ عنہ کی اذان کے درمیان صرف اُترنے اور چڑھنے کا فاصلہ ہوتا تھا۔ بظاہر وقت مختصر ہے اس میں سحری کس طرح کھائی جاتی تھی ؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

ینزل هذا ویصعد هذا سے مقصد یہ ہے کہ ان حضرات کی اذان کے درمیان وقت قلیل ہوتا تھا جیسے دو اذانوں کے درمیان طویل وقت ہوتا ہے ایسا نہیں تھا فهو من قبیل تزوج زید فولد۔ اذان بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے قرب صبح صادق پر تنبیہ مقصود تھی تاکہ جو حضرات تہجد میں مشغول ہیں وہ ذرا آرام کرلیں اور سوئے ہوئے لوگ اُٹھ کر صبح کے لئے تیار ہو جائیں اور مختصر سحری یا مختصر نفل پڑھنا چاہیں تو پڑھ سکیں۔ قال الحافظ العسقلانی رحمہ اللہ تعالیٰ والصبح یأتی غالبًا عقب نوم فناسب ان ینصب من یوقظ الناس قبل دخول وقتها لیتأهبوا ویدرکوا فضیلة اول الوقت (ثم نقل عن ابن التین) ان قوله ان بلالا ینادی بلیل خبر یتعلق به فائدة للسامعین قطعا وذلك اذا کان وقت الاذان مشتبها محتملا لان یکون عند طلوع الفجر فبین صلی اللہ علیه وسلم ان ذلك لایمنع الاکل والشرب بل الذی یمنعه طلوع الفجر الصادق قال وهذا یدل علی تقارب وقت اذان بلال رضی اللہ تعالیٰ عنه من الفجر انتهی ویقویه ایضا ما تقدم من ان الحکمة فی مشروعیته التأهب لادراك الصبح فی اول وقتها (فتح الباری ص۸۰ ج ۲) وقال الحافظ العینی رحمہ اللہ تعالیٰ معزیا الی الکرمانی معناه انه انما یؤذن باللیل لیعلمکم ان الصبح قریب فیرد القائم المتهجد الی راحته لینام لحظة لیصبح نشیطا ویوقظ نائمکم لیتأهب للصبح بفعل ما اراده من تهجد قلیل او تسحر او اغتسال۔ قلت او لایتار ان کان نام عن الوتر (عمدة القاری ص۱۳۲ ج ۵)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۸ رمضان المبارک ۸۰ھ

اذان نومولود میں بھی استقبال قبلہ اور دائیں بائیں التفات سنت ہے :

سوال : بچہ پیدا ہونے کے بعد جو اذان از روئے شرع ثابت ہے وہ کماً اور

کیفاً مثل اذان صلوٰۃ ہے یا اس میں کچھ فرق ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

کمّاً مثل اذان صلوٰۃ ہے مگر کیفاً اس میں رفع صوت نہیں، اس لئے کانوں میں انگلیاں دینا بھی مسنون نہیں کیونکہ اس سے مقصد رفع صوت ہے۔ بقیہ کیفیات مثلاً استقبال قبلہ، یمیناً شمالاً التفات اور ترسل وغیرہ اذان صلوٰۃ کی طرح اذان مولود میں بھی مسنون ہیں۔ عن ابی رافع رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال رأیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذن فی اذن الحسن بن علی حین ولدتہ فاطمۃ بالصلوٰۃ۔ قال علی القاری رحمہ اللہ تعالیٰ والمعنی اذن بمثل اذان الصلوٰۃ (مرقاۃ ص۱۵۹ ج۸) وفی العلائیۃ ویلتفت فیہ وکذا فیھا مطلقا وقیل ان المحل متسعًا یمینًا ویسارًا فقط لئلا یستدبر القبلۃ بصلوٰۃ وفلاح ولو وحدہ اولمولود لانہ سنۃ الاذان مطلقًا وفی الشامیۃ (قولہ مطلقًا) للمنفرد وغیرہ والمولود وغیرہ ط (رد المحتار ص۳۶۰ ج۱) وقال الرافعی رحمہ اللہ تعالیٰ قال السندی رحمہ اللہ تعالیٰ فیرفع المولود عند الولادۃ علی یدیہ مستقبل القبلۃ ویؤذن فی اذنہ الیمنی ویقیم فی الیسری ویلتفت فیھما بالصلوٰۃ لجھۃ الیمین وبالفلاح لجھۃ الیسار وفائدۃ الاذان فی اذنہ انہ یدفع ام الصبیان عنہ (التحریر المختار ص۴۵ ج۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۷ر محرم ۸۳ھ

اذان میں درود شریف شہادت رسالت کی بجائے اذان کے بعد پڑھے:

سوال: اذان واقامت میں جب لفظ اشھد ان محمدًا رسول اللہ سنے تو درود شریف سامع پر واجب ہوگا یا مستحب؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

اذان واقامت میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نام مبارک کے ساتھ درود شریف نہ منقول ہے اور نہ معمول، بلکہ اس کے برعکس حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ تم بھی وہی کلمات کہو جو مؤذن کہتا ہے، پھر اذان کے بعد پہلے درود شریف پڑھو پھر دعا۔ عن عبداللہ ابن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ انہ سمع النبی صلی اللہ علیہ وسلم یقول اذا سمعتم المؤذن فقولوا مثل مایقول ثم صلوا علیّ فانہ من صلی علیّ صلوٰۃ صلی اللہ علیہ بھا عشرا ثم سلوا اللہ لی الوسیلۃ فانہ منزلۃ فی الجنۃ لاتنبغی الا لعبد من عباد اللہ وارجو

ان اکون انا ھو فمن سأل لی الوسیلۃ حلت علیہ الشفاعۃ (مسلم ص ۱۶۶ ج ۱) واما ما قیل من انہ یستحب ان یقول عند سماع الاولیٰ من الشہادتین صلی اللہ علیک یارسول اللہ الخ فلم یصح فی المرفوع من کل ھذا انتھی کذا فی الشامیۃ معزیا الی الجراحی (رد المحتار ص ۲ ج ۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۱۴ جمادی الآخرہ سنہ ۹۳ھ

مسجد میں جماعت کے بعد منفرد کے لئے اقامت کہنا مکروہ ہے:

سوال: کسیکہ بجماعت نرسیدہ باشد در مسجد نماز ادا می کند اقامت بگوید یانہ؟ بین مسجد وخانہ فرق ست یانہ؟ در بہشتی زیور اقامت گفتن را مکروہ می نویسد، مگر از دلیل صرف کراہت اذان فہمیدہ شود، عبارت بہشتی زیور: "جس مسجد میں اذان اور اقامت کے ساتھ نماز ہو چکی ہو اس میں اگر نماز پڑھی جائے تو اذان اور اقامت کا کہنا مکروہ ہے" (اصلی بہشتی گوہر، ص ۲۵ ج ۱۱)

الجواب باسم ملہم الصواب

در علائیہ کراہت اقامت نیز مصرح ست قال فی شرح التنویر وکرہ ترکہما معاً لمسافر ولو منفرداً وکذا ترکہا لاترکہ لحضور الرفقۃ بخلاف مصل ولو بجماعۃ فی بیتہ بمصر او قریۃ لہا مسجد فلایکرہ ترکہما اذ اذان الحی یکفیہ او مصل فی مسجد بعد صلاۃ جماعۃ فیہ بل یکرہ فعلہما (رد المحتار ص ۳۶۲ ج ۱)

(فائدہ) مسجد میں قضاء فوائت کے لئے کراہت اذان واقامت کی علت تشویش وتغلیط واظہار معصیت ہے، اس لئے علامہ شامی رحمہ اللہ تعالیٰ نے طحطاوی رحمہ اللہ تعالیٰ سے سرًّا اذان واقامت کی عدم کراہت نقل کی ہے، مگر صورت مسئولہ سے متعلق شامی رحمہ اللہ تعالیٰ نے یہ تعلیل وتفریق بیان نہیں فرمائی، اس سے ثابت ہوتا ہے کہ یہاں کراہت کی علت تشویش واظہار معصیت نہیں، یہ علت تو قبل الجماعۃ بھی موجود ہے، حالانکہ کراہت میں بعد الجماعۃ کی قید ہے، یہاں علت کراہت یہ معلوم ہوتی ہے کہ جماعت کے بعد اسی نماز کے لئے منفرد کی اذان واقامت جماعت کی عظمت کے خلاف ہے، لہٰذا سرًّا بھی مکروہ ہوگی، البتہ قبل الجماعۃ مسجد میں منفرداً نماز پڑھنے والے کے لئے اذان واقامت میں صرف جہر مکروہ ہوگا، سرًّا کراہت نہیں، لان العلۃ ھٰھنا ھو التشویش، فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۵ ربیع الآخر سنہ ۱۳۸۷ھ

نماز کے لئے مواقع اذان واقامت کی تفصیل:

سوال: منفرد کے لئے اقامت کہنا سنت مؤکدہ ہے یا مستحب ہے؟ نیز قضاء ہو تو اقامت

کے یا نہیں ؟ جہراً کہے یا سراً ؟ بینوا بالتفصیل آجرکم الجلیل ،

الجواب باسم ملهم الصواب

قال فی التنویر وهو سنة مؤكدة للفرائض فی وقتها ولو قضاءً وفی الشامية دخلت الجمعة بحر وشمل حالة السفر والحضر والانفراد والجماعة (الی قوله) لكن لا يكره تركه لمصل فی بيته فی المصر لان اذان الحی يكفيه كما سيأتی وفی الامداد انه يأتی به ندبا (رد المحتار، ص ۳۵۷ ج ۱) وفی التنوير والاقامة كالاذان (رد المحتار، ص ۳۶۰ ج ۱) وفی العلائية ويسن ان يؤذن ويقيم لفائتة رافعا صوته لو بجماعة او صحراء لا ببيته منفرداً، قال فی الشامية (قوله لو بجماعة) ای فی غير المسجد بقرينة ما يذكره قريبا من انه لا يؤذن فيه للفائتة ثم هذا قيد لقوله رافعا صوته، وقد ذكره فی البحر بحثا وقال لم اره فی كلام ائمتنا واستدل لرفع المنفرد فی الصحراء بحديث الصحيح اذا كنت فی غنمك او باديتك فاذنت للصلوٰة فارفع صوتك بالنداء فانه لا يسمع مدى صوت المؤذن انس ولا جن ولا مدر الا شهد له يوم القيٰمة اه واقره فی النهر، أقول يخالفه ما فی القهستانی من انه يجب يعنی يلزم الجهر بالاذان لاعلام الناس فلو اذن لنفسه خافت لانه الاصل فی الشرع كما فی كشف المنار اه على ان ما استدل به يفيد رفع الصوت للمنفرد فی بيته ايضا لتكثير الشهود يوم القيامة الا ان يقال المراد المبالغة فی رفع الصوت والمؤذن فی بيته يرفع دون ذلك فوق ما يسمع لنفسه وعليه يحمل ما فی القهستانی فليتأمل (رد المحتار، ص ۳۶۳ ج ۱) وفی شرح التنوير ولا فيما يقضى من الفوائت فی مسجد لان فيه تشويشا وتغليطا ويكره قضاؤها فيه لان التاخير معصية فلا يظهرها، بزازية، وفی الشامية (قوله لان فيه تشويشا الخ) انما يظهر ان لو كان الاذان لجماعة واما اذا كان منفرداً ويؤذن بقدر ما يسمع نفسه فلا، وفی الامداد انه اذا كان التفويت لامر عام فالاذان فی المسجد لا يكره لانتفاء العلة كفعله صلی الله عليه وسلم ليلة التعريس اه لكن ليلة التعريس كانت فی الصحراء لا فی المسجد، (رد المحتار، ص ۳۶۳ ج ۱) وفيه وكره تركهما معا لمسافر ولو منفرداً وكذا تركها لا تركه لحضور الرفقة بخلاف مصل ولو بجماعة فی بيته بمصر او قرية لها مسجد فلا يكره تركهما اذ اذان الحی يكفيه، قال فی الشامية (قوله لمسافر) ای سفراً لغويا او شرعيا كما فی ابی السعود، (قوله ولو منفرداً) لانه ان اذن

واقام صلیٰ خلفہ من جنود اللہ مالایری طرفاہ رواہ عبد الرزاق الخ (قولہ لاترکہ) الظاھر ان المراد نفی الکراھۃ الموجبۃ للاساءۃ والافقد صرح فی الکنز بعد ذلک بندبہ للمسافر وللمصلی فی بیتہ فی المصر الخ (قولہ اذا اذان الحی یکفیہ) لان اذان المحلۃ واقامتھا کاذانہ واقامتہ لان المؤذن نائب اھل المصر کلھم (الی قولہ) وظاھرہ انہ یکفیہ اذان الحی واقامتہ وان کانت صلوتہ فی اٰخر الوقت، تأمل وقد علمت تصریح الکنز بندبہ للمسافر وللمصلی فی بیتہ فی المصر فالمقصود من کفایۃ اذان الحی نفی الکراھۃ المؤثمۃ (رد المحتار، ص ۳۶۷ ج ۱)

عباراتِ بالا سے امورِ ذیل ثابت ہوئے :۔

① اذان واقامت ہر فرض نماز کے لئے سنتِ مؤکدہ ہے، خواہ اداء ہو یا قضاء، مسافر ہو یا مقیم، جماعت کے ساتھ ہو یا منفرداً۔

② اگر گھر میں باجماعت یا منفرداً نماز پڑھ رہا ہو اور محلہ کی مسجد میں اذان واقامت ہو گئی ہو تو گھر میں اذان واقامت مستحب ہے، مگر منفرداً پڑھنے کی صورت میں اذان زیادہ بلند آواز سے نہ کہے۔

③ اگر کسی کے سامنے قضاء نماز منفرداً پڑھ رہا ہو خواہ مسجد میں ہو یا غیر مسجد میں تو اذان واقامت سرّاً کہے، تاکہ قضاء کا اظہار نہ ہو، کیونکہ اظہارِ معصیت بھی معصیت ہے،

④ اگر کسی عام حادثہ کی وجہ سے سب کی نماز قضا ہو گئی ہو تو اس کے لئے اذان واقامت بلند آواز سے کہی جائے گی اگرچہ مسجد میں ہو۔

⑤ سفر میں اگر سب رفقاء حاضر ہوں تو اذان مستحب ہے، اور اقامت سنتِ مؤکدہ ہے۔ اقامت کا ترک مکروہ ہے اذان کا نہیں، سفر عام ہے خواہ شرعی ہو یا لغوی۔ اس سے ثابت ہوا کہ سفر میں منفرد کے لئے اذان سنتِ مؤکدہ نہیں بلکہ مستحب ہے۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم
۲۶ محرم سنہ ۸۸ھ

بدون اذان کے جماعت کرنا:

سوال: اگر اذان کے بغیر مسجد میں یا بیرونِ مسجد جماعت کی جائے تو نماز ہو جائے گی یا اس میں کچھ فساد آئے گا؟ اور اگر وقت سے پہلے اذان کہی تو اس کا کیا حکم ہے؟ عموماً صبح کی اذان نقشہ

میں صبح صادق کے درج شدہ وقت کے فوراً ہی بعد کہہ دی جاتی ہے، حالانکہ مشاہدہ سے ثابت ہو کہ اس وقت صبح نہیں ہوتی، کیا یہ درست ہے؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملہم الصواب

نماز تو ہوجاتی ہے لیکن سنت مؤکدہ ترک کرنے کا سخت گناہ ہوگا، البتہ اگر اسی شہر کی کسی ایک مسجد میں اذان ہوگئی ہو اور ان لوگوں نے سنی ہو تو اذان ترک کرنے سے گنہگار نہ ہوں گے۔ قال فی شرح التنویر وھو سنۃ للرجال فی مکان عال مؤکدۃ ھی کالواجب فی لحوق الاثم، وقال ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ قال فی النھر ولم ار حکم البلدۃ الواحدۃ اذا اتسعت اطرافھا کمصر والظاھر ان اھل کل محلۃ سمعوا الاذان ولو من محلۃ اخریٰ یسقط عنھم لا ان لم یسمعوا اھ (رد المحتار ص ۳۵۰، ج ۱)

جب تک صبح ہونے کا یقین نہ ہو اذان درست نہیں، اگر اذان کا ایک کلمہ بھی وقت سے پہلے ہوگیا تو اذان کا اعادہ لازم ہے، قال فی العلائیۃ فیعاد اذان وقع بعضہ قبلہ کالاقامۃ خلافاً للثانی فی الفجر، وفی الشامیۃ ھذا راجع الی الاذان فقط فان ابا یوسف یجوز الاذان قبل الفجر بعد نصف اللیل (رد المحتار، ص ۳۵۸، ج ۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۹ ذیقعدہ ۸۸ھ

اذان واقامت کے لئے کوئی جگہ متعین نہیں:

سوال: گذارش یہ ہے کہ آج تاج کمپنی کی مسجد میں نماز ظہر کے وقت بائیں طرف اقامت کہی گئی جس پر چند افراد نے اعتراض کیا اور چند لوگوں نے تو اس طرح کہا کہ نماز نہیں ہوئی، اور یہ مسائل لوگوں کے گھر کے بنائے ہوتے ہیں۔ مہربانی فرماکر صحیح مسئلہ سے آگاہ کیجئے، اذان کے متعلق بھی کہ آیا بائیں طرف اگر دی جائے تو درست ہوگی یا نہیں؟ بڑی نوازش ہوگی، بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

اقامت کے لئے کوئی خاص جگہ متعین نہیں، لہٰذا بائیں طرف اقامت ہونے پر اعتراض اور دائیں طرف ہونے پر اصرار سب بدعت اور زیادۃ فی الدین ہے، خصوصاً جن لوگوں نے یہ فتویٰ دیا کہ نماز نہیں ہوئی ان پر توبہ لازم ہے۔ اسی طرح اذان کے لئے بھی کوئی خاص جگہ متعین نہیں، مسجد سے باہر خواہ دائیں طرف ہو یا بائیں طرف۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۱۱ جمادی الآخرہ ۸۸ھ

عورت بلا اقامت نماز پڑھے :

سوال ؛ عورت اکیلی نماز پڑھے یا عورتوں کی جماعت ہو تو اس میں اقامت ہو یا نہیں؟ بینوا توجروا ۔

الجواب باسم ملهم الصواب

عورت نماز بدون اقامت پڑھے ۔ عورتوں کی جماعت مکروہ تحریمی ہے ۔ معہذا اگر جماعت کریں گی تو اس میں اقامت نہیں ۔ قال فی العلائیۃ ولا یسن ذلك فیما تصلیہ النساء اداء وقضاء ولو جماعۃ کجماعۃ صبیان وعبید ، وقال ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ وکان الاولیٰ للشارح ان یقول ولو منفردۃ لان جماعتهن الآن غیر مشروعۃ فتفطن (رد المحتار ص ۳۶۳ ج ۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم ۔

۱۱ ر رجب سنہ ۸۹ ھ

اُجرت پر اذان وامامت کا ثواب ملے گا یا نہیں؟ :

سوال ؛ اذان اور امامت کی اجرت لینے کی تو متأخرین نے اجازت دی ہے ، مگر اذان دینے کا اور نماز پڑھانے کا ثواب ملے گا یا نہیں؟ جواب سے ممنون فرمائیں ، بینوا توجروا ۔

الجواب باسم ملهم الصواب

ثواب ملنا کام کرنے والے کی نیت پر موقوف ہے ، اگر نیت ہی تحصیل زر کی ہو تو ثواب نہ ملے گا ، اور اگر نیت تو عبادت کی ہے مگر گزارے کے لئے اجرت قبول کر رہا ہے تو ثواب ملے گا ۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۴ ر صفر سنہ ۸۹ ھ

بوقت اذان خاموش رہنا مستحب ہے :

سوال ؛ اذان کے وقت دنیوی بات کرنا کیسا ہے ؟ مکروہ ہو یا نہیں؟ بینوا توجروا ۔

الجواب باسم ملهم الصواب

بوقت اذان خاموش رہنا مستحب ہے ، لہٰذا بلا ضرورت بات نہیں کرنا چاہئے ، قال ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ تحت (قولہ لا یرد السلام) قال فی المعراج وفی التحفۃ وینبغی للسامع ان لا یتکلم ولا یشتغل بشئ وفی حالۃ الاذان والاقامۃ ولا یرد السلام ایضا لان الکل یخل بالنظم اھ اقول یظهر من هذا ان قولہ لا یرد السلام لیس للوجوب وانہ یتفرع

علی القولین (وجوب اجابۃ الاذان وندبها) والا لـزم وجوب ذلک فی الاقامۃ مع ان اصـل اجابۃ الاقامۃ مستحبۃ الخ (رد المحتار، ص ۳۷۱ ج ۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم
غرہ جمادی الاولیٰ ۸۹ھ

بوقتِ اذان کانوں میں انگلیاں نہ دینے میں مضایقہ نہیں:

سوال: (۱) کیا اذان دینے والے کے لئے ضروری ہے کہ اذان دیتے وقت کانوں میں انگلیاں ڈالے؟ کیا ایسا کرنا سنت ہے؟

(۲) اگر مؤذن اذان دیتے وقت کانوں میں انگلیاں نہ دے صرف کانوں پر ہاتھ رکھ لے تو درست ہوگا یا نہیں؟

(۳) اگر مؤذن اذان دیتے وقت ہاتھ چھوڑے رکھے تو درست ہوگا یا نہیں؟ آجکل لاؤڈ اسپیکر کا استعمال ہوتا ہے اگر انگلیاں نہ ڈالی جائیں تو کیا مضایقہ ہے؟

(۴) انگلیاں کان میں نہ دینے پر مؤذن پر حملہ کرنا اور اس کو گالی دینا اور سخت پٹائی کرنا شرعاً جائز ہے یا نہیں؟ ایسے لوگوں کے متعلق کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملهم الصواب

(۱) اذان کے وقت انگلیاں کانوں میں رکھنا مستحب ہے ضروری نہیں۔

(۲) دونوں کانوں پر یا ایک کان پر ہاتھ رکھ لینے سے بھی استحباب ادا ہوجائے گا۔

(۳) اگر ہاتھ چھوڑ کر اذان کہدی تو بھی کچھ حرج نہیں، کان پر ہاتھ رکھنے میں حکمت یہ ہو کہ اس سے آواز بلند ہوتی ہے، لاؤڈ اسپیکر میں اس کی حاجت تو نہیں، معہذا الغرض تشبہ کانوں میں انگلیاں دے لینا بہتر ہے۔ قال فی شرح التنویر ویجعل ندباً اصبعیه فی صماخ اذنیه فاذانه بدونه حسن وبه احسن وفی الشامیۃ (قوله ویجعل اصبعیه الخ) لقوله صلی اللہ علیه وسلم لبلال رضی اللہ تعالیٰ عنه اجعل اصبعیک فی اذنیک فانه ارفع لصوتک وان جعل یدیه علی اذنیه فحسن لان ابا محذورۃ رضی اللہ تعالیٰ عنه ضم اصابعه الاربعۃ ووضعها علی اذنیه وکذا احدی یدیه علی ما روی عن الامام، امداد وقهستانی عن التحفۃ (قوله فاذانه) تفریع علی قوله ندبا قال فی البحر والامر ای فی الحدیث المذکور للندب بقرینۃ التعلیل فلذا لو لم یفعل کان حسناً فان قیل ترک السنۃ کیف یکون حسناً قلنا ان الاذان معه حسن فاذا ترکه بقی الاذان حسناً

کذا فی الکافی اھ فافہم (ردالمحتار ص ۳۶۰ ج ۱)

④ اس فعل پر مؤذن کو مجبور کرنا اور اس کی بے عزتی کرنا گناہ کبیرہ ہے، حاکم پر لازم ہے کہ ایسے جاہلوں کو سخت سزا دے تاکہ وہ آئندہ اس قسم کے ظلم اور گناہ عظیم کا ارتکاب نہ کریں، فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۱۷ جمادی الآخرہ ۸۹ھ

کلماتِ اذان میں تقدیم وتاخیر ہوجائے تو وہاں سے اعادہ کرے:

سوال: اگر مؤذن اذان یا اقامت غلط کہے مثلاً حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃ سے پہلے حَیَّ عَلَی الْفَلَاح کہدے تو اذان کا اعادہ کرنا سنت ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملہم الصواب

حَیَّ عَلَی الْفَلَاح پہلے کہنے کی صورت میں حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃ کے بعد پھر حَیَّ عَلَی الْفَلَاح کہے قال فی شرح التنویر ولو قدم فیہما مؤخراً اعاد ماقدم فقط، وفی الشامیۃ کما لو قدم الفلاح علی الصلوۃ یعیدہ فقط ای ولا یستأنف الاذان من اولہ (ردالمحتار ص ۳۶۱ ج ۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۳ رجب ۸۹ھ

اذان سے کوئی کلمہ چھوٹ جائے تو اذان لوٹائے:

سوال: اذان واقامت میں اگر کوئی لفظ بھول جائے اور بعد اذان واقامت کے یاد آئے تو اذان واقامت یہی کافی ہے یا اعادہ ضروری ہے؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملہم الصواب

اگر اذان واقامت کے فوراً بعد یاد آگیا تو جو کلمہ چھوٹ گیا تھا وہاں سے اعادہ کرے، اور اگر کچھ دیر کے بعد یاد آیا تو شروع سے لوٹائے، قال فی العلائیۃ ویترسل فیہ بسکتۃ بین کل کلمتین ویکرہ ترکہ وتندب اعادتہ (ردالمحتار ص ۳۵۹ ج ۱) ثم قال ولو قدم فیہما مؤخراً اعاد ماقدم فقط ولا یتکلم فیہما اصلا ولو رد سلام فان تکلم استأنفہ وفی الشامیۃ (قولہ اعاد ماقدم فقط) کما لو قدم الفلاح علی الصلوۃ یعیدہ فقط ای ولا یستأنف الاذان من اولہ (قولہ استأنفہ) الا اذا کان الکلام یسیراً خانیۃ (ردالمحتار ص ۳۶۱ ج ۱) ان عبارات میں نقصِ صفت سے حکمِ اعادہ مذکور ہے، پس نقصِ ذات سے بطریق اولیٰ اعادہ ہوگا، فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۰ صفر ۹۴ھ

اَلصَّلٰوۃُ خَیْرٌ مِّنَ النَّوْمِ چھوڑ دیا:

سوال: صبح کی اذان میں اَلصَّلٰوۃُ خَیْرٌ مِّنَ النَّوْمِ کہنا یاد نہیں رہا، کیا اذان ہوگئی؟ یا دوبارہ کہی جائے؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

اذان فجر میں اَلصَّلٰوۃُ خَیْرٌ مِّنَ النَّوْمِ کہنا سنت مؤکدہ نہیں بلکہ مندوب ہے، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اذان کے بعد فوراً یاد آگیا تو بہتر ہے کہ یہ جملہ کہکر بعد کے کلمات کا اعادہ کرے اور اگر دیر سے علم ہوا تو اعادہ نہ کرے، قال فی شرح التنویر ویقول ندبا بعد فلاح اذان الفجر اَلصَّلٰوۃُ خَیْرٌ مِّنَ النَّوْمِ مرتین وقال ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ فیہ رد علی من یقول ان محلہ بعد الاذان بتمامہ وھو اختیار الفضلی، بحر عن المستصفی (رد المحتار، ص ۳۶۰ ج ۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۵ رجب سنہ ۹۴ھ

کلماتِ اذان میں توقف نہ کیا تو اعادہ مستحب ہے:

سوال: اذان میں ترسل اور اقامت میں حدر مسنون ہے، اس سنت کے ترک سے اذان و اقامت کا اعادہ ہوگا یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

اذان کے ہر کلمہ کے بعد اتنا توقف کرنا کہ اس میں جواب دیا جاسکے مسنون ہے، اس سنت کا ترک مکروہ ہے، اور اس صورت میں اذان کا اعادہ مستحب ہے۔ اقامت کے کلمات میں سنت یہ ہے کہ توقف نہ کرے بلکہ جلدی جلدی کہے، مگر اس میں ترکِ سنت سے اعادہ مستحب نہیں، قال فی العلائیۃ ویترسل فیہ بسکتۃ بین کل کلمتین ویکرہ ترکہ وتندب اعادتہ، ثم قال ویحدر فیھا فلو ترسل لم یعدھا فی الاصح، وفی الشامیۃ بخلاف ما لوحدر فی الاذان حیث تندب اعادتہ کما مر لان تکرار الاذان مشروع ای کما فی یوم الجمعۃ بخلاف الاقامۃ وعلیہ فما فی الخانیۃ من انہ یعید الاقامۃ مبنی علی خلاف الاصح وتمامہ فی النھر (رد المحتار، ص ۳۶۱ ج ۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۸ ربیع الآخر سنہ ۹۹ھ

اذان سے پہلے اعوذ باللہ اور بسم اللہ نہ پڑھے:

سوال: اذان سے قبل اعوذ باللہ الخ اور بسم اللہ الخ سرًا یا جہرًا جائز و مسنون ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا.

الجواب باسم ملہم الصواب

اس کا کوئی ثبوت نہیں، اس لئے نہ جہرًا پڑھے نہ سرًا، فقط واللہ تعالیٰ اعلم،
۴ ذی الحجہ سنہ ۸۹ھ

فاسق کی اذان واقامت مکروہ تحریمی ہے:

سوال: فاسق کی اذان واقامت کا کیا حکم ہے؟ اعادہ ضروری ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملہم الصواب

فاسق کی اذان واقامت مکروہ تحریمی ہے، اس کی اذان کا اعادہ مستحب ہے، اقامت نہ لوٹائی جائے، قال فی شرح التنویر ویکرہ اذان جنب واقامته واقامة محدث لا اذانه علی المذهب وامرأة وفاسق (الیٰ قوله) ویعاد اذان جنب ندبا وقیل وجوبا لا اقامته لمشروعیة تکرارہ فی الجمعة دون تکرارها وقال فی الشامیة تحت (قوله ویکرہ اذان جنب) وظاهرہ ان الکراهة تحریمیة، بحر (قوله ویعاد اذان الجنب الخ) زاد القهستانی والفاجر والراکب والقاعد والماشی والمنحرف عن القبلة، وعلل الوجوب فی الکل بانه غیر معتد به والندب بانه معتد به الا انه ناقص قال وهو الاصح کمافی التمرتاشی (ردالمحتار ص ۳۶۵ ج ۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۳ محرم سنہ ۹۰ھ

ڈاڑھی کٹانے والے کی اذان واقامت مکروہ تحریمی ہے:

سوال: ڈاڑھی منڈے انگریزی بال رکھنے والے کی اذان واقامت درست ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملہم الصواب

ڈاڑھی منڈانے یا کترانے والا اور انگریزی بال رکھنے والا فاسق ہے، اس لئے اس کی اذان واقامت مکروہ تحریمی ہے، اس کی اذان کا اعادہ مستحب ہے اقامت کا نہیں، قال فی التنویر ویکرہ اذان جنب واقامته واقامة محدث لا اذانه وامرأة وفاسق

(الی قولہ) وبعاد اذان جنب لا اقامتہ وفی الشرح ندبا وفی الحاشیۃ زاد القہستانی والفاجر الخ (رد المحتار ص ۳۶۵ ج ۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۴ رجمادی الآخرہ ۹۱ھ

سود خور اور ڈاڑھی مُنڈا اذان نہیں دے سکتا :

سوال : کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین اس مسئلہ میں کہ زید اور عمر دونوں نمازی ہیں، عمر حاجی ہے زید حاجی نہیں، زید کی ڈاڑھی مُنڈی ہوئی ہے عمر کی ڈاڑھی مُنڈی ہوئی نہیں، مگر سود کھاتا ہے، ڈاک خانہ میں روپیہ جمع کراتا ہے اور سود لیتا ہے، اب ان دونوں میں سے اذان کے لئے کون بہتر ہے ؟ ایک مولوی صاحب فرماتے ہیں زید بہتر ہے وہ اگرچہ فاسق ہے، مگر سود قطعی حرام ہے، جبکہ کئی بار سمجھایا گیا ہے تو بھی وہ سود کھاتا ہے اس لئے اس کی اذان بہتر نہیں، اب استفسار ہے کہ کس کی اذان بہتر ہے ؟ بحوالہ کتب تحریر فرمائیں، بینوا توجروا،

الجواب باسم ملہم الصواب

دونوں فاسق ہیں، اس لئے دونوں میں سے کسی کو بھی اذان کہنے کی اجازت نہیں، دونوں گناہ بہت بڑے ہیں، سود کی لعنت تو ظاہر ہے، اسی طرح ڈاڑھی مُنڈانا اور کٹانا بھی بہت بڑا گناہ ہے، بلکہ یہ علانیۃً شریعتِ مطہرہ کی توہین اور بغاوت ہی، حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہی کہ علانیۃً گناہ کرنے والا لائق عفو نہیں، کل امتی معافی الا المجاہرین حضرات فقہاء رحمہم اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ رمضان میں علانیۃً کھانے والا واجب القتل ہی، ڈاڑھی منڈانے اور کٹانے والا تو رمضان میں علانیۃً کھانے والے سے بھی زیادہ مجرم ہے، اس کو تو چند ہی لوگ دیکھتے ہیں اور کسی ایک وقت میں، مگر ڈاڑھی کٹانے والا ایسا بے حیاء ہے کہ ہمیشہ شب وروز سب کے سامنے شریعت سے بغاوت کا اظہار کر رہا ہے، اللہ تعالیٰ خوفِ آخرت عطا فرمائیں، آمین، فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۵ محرم ۹۸ھ

بوقت اذان تلاوت چھوڑ دینا مستحب ہے :

سوال : تلاوت کرتے ہوئے اذان شروع ہوجائے تو تلاوت میں مشغول رہے یا کہ تلاوت چھوڑ کر اذان سنے، اور اذان ختم ہونے کے بعد پھر تلاوت کرے ؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملہم الصواب

مستحب یہ ہے کہ تلاوت چھوڑ کر اذان کی طرف متوجہ ہو، اور اس کا جواب دے۔ نقل العلائی

رحمہ اللہ تعالیٰ عن النہر معزیا الی المحیط وغیرہ انہ لا یرد السلام ولا یسلم ولا یقرأ بل یقطعہا ویجیب ولا یشتغل بغیر الاجابۃ، وقال ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ فی المعراج وفی التحفۃ وینبغی للسامع ان لا یتکلم ولا یشتغل بشیء فی حالۃ الاذان والاقامۃ ولا یرد السلام ایضاً لان الکل یخل بالنظم اھ اقول یظہر من ھذا ان قولہ لا یرد السلام لیس للوجوب وانہ یتفرع علی القولین (وجوب اجابۃ الاذان وندبہا) والا لزم وجوب ذلک فی الاقامۃ مع ان اصل اجابۃ الاقامۃ مستحبۃ الخ (رد المحتار ص ۳۹۱ ج ۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۰ر شوال سنہ ۹۳ھ

نابالغ کی اذان خلاف اولیٰ ہے:

سوال: نابالغ بچہ جو کلمات صحیح ادا کرتا ہو اس کی اذان تو فقہ کی رُو سے جائز ہے، مگر اب سوال یہ ہے کہ اس کی اجازت کے بغیر بالغ آدمی تکبیر کہدے تو جائز ہے یا نہیں؟ کیونکہ یہ تکبیر کہے گا تو بچے صف میں کھڑا ہونے سے انقطاع صف ہوگا، تو کیا اس نابالغ مؤذن کی تکبیر جائز ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملہم الصواب

سوال میں کئی امور اصلاح طلب ہیں:۔

(۱) بالکل بے سمجھ بچے کی اذان صحیح نہیں، اور سمجھدار بچے کی اذان خلاف اولیٰ ہے،

(۲) اقامت کے لئے پہلی صف کی کوئی خصوصیت نہیں، للذا بچہ پیچھے کھڑا ہو کر بھی اقامت کہہ سکتا ہے،

(۳) اقامت کہنے کے لئے مؤذن سے اجازت لینا ضروری نہیں، صرف افضل ہے،

(۴) سمجھدار بچہ بڑوں کی صف میں کھڑا ہو تو انقطاع صف نہیں ہوگا، صرف خلافِ اولیٰ ہے وہ بھی اس صورت میں کہ بچے متعدد ہوں، اگر بچہ ایک ہو تو اسے بڑوں کی صف میں کھڑا ہونا لازم ہے،

حاصل یہ کہ نابالغ کی اذان پر سوال میں مذکور اشکالات تو وارد نہیں ہوتے، البتہ یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ اس صورت میں افضل طریقہ کیا ہے؟ اقامت بھی یہی نابالغ کہے یا کوئی بالغ اقامت کہے؟ بندہ کے خیال میں بالغ کو ترجیح ہے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم ۲۵ر جمادی الاولیٰ سنہ ۹۱ھ

ایک شخص کا دو مسجدوں میں اذان دینا :

سوال ؛ ایک مؤذن دو مسجدوں میں بیک وقت اذان دے سکتا ہے یا نہیں ؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملهم الصواب

ایک شخص کے لئے ایک ہی وقت میں دو مسجدوں میں اذان دینا مکروہ تحریمی ہے، خواہ وہ شخص کسی مسجد کا مؤذن ہو یا نہ ہو، قال فی العلائیۃ یکرہ لہ ان یؤذن فی مسجدین وفی الشامیة لانه اذا صلی فی المسجد الاول یکون متنفلاً بالاذان فی المسجد الثانی والتنفل بالاذان غیر مشروع ولان الاذان للمکتوبة وهو فی المسجد الثانی یصلی النافلة فلا ینبغی ان یدعو الناس الی المکتوبة وهو لا یساعدهم فیها اھ، بدائع (رد المحتار، ص ۲۷۲ ج ۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۲۹ رجمادی الاولیٰ سنہ ۹۲ھ

اذان میں "اللہ" کو زیادہ کھینچنا غلط ہے :

سوال ؛ آجکل اذانیں عموماً اس طرح ہوتی ہے کہ اللہ کو خوب کھینچتے ہیں، اور الٰہ کو بھی خوب کھینچتے ہیں، اور بھی کلمات اسی طرح توکیا یہ صورت جائز ہے ؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملهم الصواب

اَللّٰهُ اور اِلٰهٌ کے لام کو ایک الف کی مقدار سے زیادہ کھینچنا غلط ہے، قال ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ ان المد ان کان فی الله فاما فی اوله او وسطه او اٰخره (الی قوله) وان کان فی وسطه فان بالغ حتی حدث الف ثانیة بین اللام والهاء کره قیل والمختار انها لا تفسد ولیس ببعید (رد المحتار، ص ۴۸۴ ج ۱) اسی طرح اَلصَّلٰوةُ خَیْرٌ مِّنَ النَّوْمِ، میں "اَلصَّلٰوۃُ" کے لام کو ایک الف سے زیادہ کھینچنا غلط ہے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

(مزید تحقیق تتمہ میں ہے) ۳۰ رشوال سنہ ۹۲ھ

اذان قبل از وقت کا اعادہ ضروری ہے :

سوال ؛ ایک شخص نے فجر کی اذان وقت شروع ہونے سے قبل دیدی اور کچھ الفاظ وقت کے اندر ادا کئے توکیا اب اذان لوٹائی جائے گی ؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملهم الصواب

اگر اذان کا ایک کلمہ بھی وقت سے پہلے ہوگیا، تو پوری اذان کا لوٹانا ضروری ہے، قال فی

العلائیۃ فیعاد اذان وقع بعضہ قبلہ کالاقامۃ خلافا للثانی فی الفجر، وفی الشامیۃ (قولہ خلافا للثانی) ھذا راجع الی الاذان فقط فان ابایوسف رحمہ اللہ تعالیٰ یجوز الاذان قبل الفجر بعد نصف اللیل، (رد المحتار ص ۲۵۸ ج ۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۱۵ ر رجب سنہ ۹۴ھ

تہجد کے لئے اذان منسوخ ہے:

سوال: نماز تہجد کے لئے اذان مسنون ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملہم الصواب

حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ صبح صادق سے کچھ قبل اذان دیا کرتے تھے تاکہ تہجد میں مشغول حضرات ذرا آرام کرلیں، اور سوتے ہوئے لوگ اٹھ کر فجر کی طیاری کریں، مگر بعد میں یہ اذان منسوخ ہوگئی، اسی لئے حضرات صحابۂ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے اس پر عمل نہیں فرمایا، قال ابن نجیم رحمہ اللہ تعالیٰ وعند ابی حنیفۃ ومحمد رحمہما اللہ تعالیٰ لایؤذن فی الفجر قبلہ لما رواہ البیہقی انہ علیہ الصلوٰۃ والسلام قال یا بلال لا تؤذن حتّٰی یطلع الفجر قال فی الامام رجال اسنادہ ثقات (البحر الرائق ص ۲۶۳ ج ۱) واخرج الامام ابوجعفر الطحاوی رحمہ اللہ تعالیٰ عن ابراھیم قال شیعنا علقمۃ الی مکۃ فخرج بلیل فسمع مؤذنا یؤذن بلیل فقال اما ھذا فقد خالف سنۃ اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لو کان نائما کان خیرا لہ فاذا طلع الفجر اذن، قال الطحاوی رحمہ اللہ تعالیٰ فاخبر علقمۃ ان التأذین قبل طلوع الفجر خلاف لسنۃ اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (شرح معانی الآثار ص ۶۹ ج ۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۲۱ ر رمضان سنہ ۹۴ھ

اذان کے بعد مسجد سے جانا:

سوال: بلا عذر شرعی کے بعد اذان مسجد سے نکلنا کیسا ہے؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملہم الصواب

جو شخص مسجد کی حدود کے اندر ہو اس کے لئے اذان کے بعد بلاضرورت شدیدہ نکلنا مکروہ ہے، البتہ اگر واپس آکر اسی مسجد میں نماز پڑھنے کا ارادہ ہو تو بلاکراہت جائز ہے، اگر مسجد کی شرعی حدود سے باہر ہے یا مسجد کے اندر تنہا ہو تو بھی چلے جانا بلاکراہت جائز ہے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۱۱ ر ذیقعدہ سنہ ۹۴ھ

متعدد اذانوں میں سے کس کا جواب دے؟

سوال: اگر کئی مسجدوں سے اذان سنائی دے تو کس مسجد کی اذان کا جواب دے؟ صرف اپنے محلہ کی مسجد کا جواب کافی ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

بہتر یہ ہے کہ سب اذانوں کا جواب دے، اگر اس میں تکلف ہو تو پہلی اذان کا زیادہ حق ہے اس کا جواب دے، خواہ محلہ کی مسجد میں ہو یا دوسری جگہ، قال فی العلائیۃ ولو تکرر اجاب الاول، وفی الشامیۃ سواء کان مؤذن مسجدہ اوغیرہ بحر عن الفتح بحثا (الی قولہ) ویظھر لی اجابۃ الکل بالقول لتعدد السبب وھو السماع کما اعتمدہ بعض الشافعیۃ، (رد المحتار، ص ۳۶۹ ج ۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

(مزید تحقیق تتمہ میں ہے) ۱۲ ربیع الآخر سنہ ۹۹ھ

اذان کے ساتھ جواب نہیں دیا تو بعد میں دے:

سوال: کسی نے غفلت سے اذان کے ساتھ جواب نہیں دیا اور اذان ختم ہوگئی، تو کیا اب پوری اذان کا جواب دے سکتا ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

اگر اذان کے بعد زیادہ وقت نہیں گزرا تو جواب دینا مندوب ہے، قال فی العلائیۃ ولو لم یجبہ حتی فرغ لم ارہ وینبغی تدارکہ ان قصر الفصل وفی الشامیۃ (قولہ لم ارہ الخ) البحث لصاحب البحر وصرح بہ ابن حجر فی شرح المنھاج حیث قال فلو سکت حتی فرغ کل الاذان ثم اجاب قبل فاصل طویل کفی فی اصل سنۃ الاجابۃ کما ھو ظاھر اھ (رد المحتار، ص ۳۶۹ ج ۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۱۳ ربیع الآخر سنہ ۹۹ھ

متنفل کی اقامت مکروہ ہے:

سوال: جو آدمی فرض پڑھ چکا ہے، پھر جماعت کے ساتھ شریک ہو وہ اقامت کہہ سکتا ہے؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملہم الصواب

عبارت ذیل سے معلوم ہوتا ہے کہ متنفل کی اقامت مکروہ ہے، قال فی العلائیۃ

یکرہ لہ ان یؤذن فی مسجدین، وفی الشامیۃ لانہ اذا صلّی فی المسجد الاول یکون متنفلاً بالاذان فی المسجد الثانی والتنفل بالاذان غیر مشروع ولان الاذان للمکتوبۃ وھو فی المسجد الثانی یصلّی النافلۃ فلا ینبغی ان یدعو النّاس الی المکتوبۃ وھولا یساعدھم فیہا اھ بدائع (ردالمحتار ص ۲۷۲ ج ۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۱۳ ربیع الاول سنہ ۹۵ھ

لاؤڈ اسپیکر پر اذان میں بھی دائیں بائیں التفات سنت ہے:

سوال: لاؤڈ اسپیکر پر اذان دیتے وقت بھی دائیں بائیں طرف مُنہ موڑنا ضروری ہے؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملھم الصواب

حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃ اور حَیَّ عَلَی الْفَلَاح کہتے وقت دائیں اور بائیں جانب التفات اذان و اقامت میں بہرحال سنت ہے، حتّٰی کہ بچے کے کان میں اذان دیتے وقت بھی التفات مسنون ہے، لاؤڈ اسپیکر پر اذان کا بھی یہی حکم ہے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۹ ربیع الآخر سنہ ۹۷ھ

اقامت میں بھی دائیں بائیں التفات مسنون ہے:

سوال: اذان کی طرح اقامت میں بھی حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃ اور حَیَّ عَلَی الْفَلَاح کہتے وقت دائیں اور بائیں جانب رُخ کرنا مسنون ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملھم الصواب

اقامت میں بھی مسنون ہے قال فی شرح التنویر ویلتفت فیہ وکذا فیہا مطلقاً، (ردالمحتار ص ۳۶۰ ج ۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۱۳ ربیع الآخر سنہ ۹۹ھ

ریل گاڑی میں اذان کہنا:

سوال: ریل گاڑی میں اگر جماعت سے نماز ادا کریں تو اذان کہنا مسنون ہے یا نہیں؟ اگر مسنون ہے تو ہر ڈبہ میں اذان کہنا مستحب ہو یا ایک ڈبہ کی اذان پوری ریل گاڑی والوں کو کافی ہوگی؟ خواہ دوسرے ڈبہ والوں نے اس کی آواز سنی ہو یا نہیں؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملہم الصواب

سفر خواہ شرعی ہو یا لغوی اس میں اگر سب رفقاء موجود ہوں تو اذان کہنا مستحب ہے، اور اقامت سنتِ مؤکدہ، سفر میں تنہا نماز پڑھنے کا بھی یہی حکم ہے، ریل کے ڈبہ میں چونکہ سب لوگ یکجا ہی ہوتے ہیں اس لئے اس میں خواہ باجماعت نماز ہو یا تنہا دونوں صورتوں میں اذان مستحب ہے، اور اقامت سنت مؤکدہ، چلتی ریل میں ایک ڈبہ کے مسافروں کا دوسرے ڈبہ والوں سے کوئی تعلق نہیں، اس لئے ہر ڈبہ میں اذان واقامت مستقل ہوگی، اگرچہ دوسرے ڈبے سے اذان کی آواز پہونچ چکی ہو، فقط واللہ تعالیٰ اعلم ۲۸ صفر ۹۸ھ ہجری

مسجد کے اندر اذان دینا:

سوال: بہشتی گوہر میں لکھا ہے کہ مسجد کے اندر اذان دینا مکروہ تنزیہی ہے، اور اس کی تشریح نہیں لکھی ہے، براہ کرم اس کی تشریح او تفصیل سے آگاہ فرمائیں، کہ مکروہ ہونے کا کیا سبب ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

بہشتی گوہر میں مسئلہ صحیح لکھا ہے، مسجد میں اذان دینا خلافِ اولیٰ ہے، کیونکہ اذان سے مقصد یہ ہے کہ زیادہ سے زیادہ لوگوں کو اس کا علم ہو جائے کہ جماعت قائم ہونے والی ہے، اور ظاہر ہے کہ مسجد کے اندر اذان دینے سے آواز اتنی دور نہیں جاتی، جتنی مسجد سے باہر اونچی جگہ پر اذان دینے سے جاتی ہے، قال فی الھندیۃ وینبغی ان یؤذن علی المأذنۃ او خارج المسجد ولا یؤذن فی المسجد کذا فی فتاوی قاضی خان والسنۃ ان یؤذن فی موضع عال یکون اسمع لجیرانہ ویرفع صوتہ ولا یجھد نفسہ کذا فی البحر الرائق (عالمگیریۃ، ص۵۵ ج۱) وفی الشامیۃ تحت (قولہ فی مکان عال) فی القنیۃ ویسن الاذان فی موضع عال والاقامۃ علی الارض (الی قولہ) وفی السراج وینبغی للمؤذن ان یؤذن فی موضع یکون اسمع للجیران ویرفع صوتہ ولا یجھد نفسہ لانہ یتضرر اھ (رد المحتار، ص۳۵۷ ج۱)

ان عبارات سے معلوم ہوا کہ خارجِ مسجد اذان دینے سے مقصد صرف تبلیغ صوت ہے، چنانچہ جمعہ کی اذان ثانی کا اندرونِ مسجد ہی تعامل ہے، کیونکہ اس میں صرف حاضرین تک آواز پہنچانا مقصود ہے، آجکل عام طور پر لاؤڈ اسپیکر پر اذان ہوتی ہے جس کی وجہ سے مسجد میں اذان دی جائے یا کسی دوسری نیچی جگہ پر رفعِ صوت بہرحال ہو جاتا ہے، اس لئے لاؤڈ اسپیکر پر مسجد کے اندر اذان دینے میں

کسی قسم کی کوئی کراہت نہیں معلوم ہوتی، نیز قاضی خاں کی عبارت مذکورہ میں "علی المأذنۃ او خارج المسجد" علی سبیل التردید سے معلوم ہوا کہ اذان علی المأذنۃ کی صورت میں خارج مسجد کی ضرورت نہیں، بلکہ عام تعامل یہی ہے کہ مأذنہ فوق المسجد ہوتا ہے خارج مسجد نہیں ہوتا، ویؤیدہ العبارات الآتیۃ قال ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ قلت والظاہر ان ھذا فی مؤذن الحی اما من اذن لنفسہ او لجماعۃ حاضرین فالظاہر انہ لا یسن لہ المکان العالی لعدم الحاجۃ تأمل (رد المحتار ص ۳۵۷ ج ۱) وفی الھندیۃ ویکرہ الاذان قاعدا وان اذن لنفسہ قاعدا فلا بأس بہ (عالمگیریۃ ص ۵۴ ج ۱)، وفی الشامیۃ وقال ابن سعد بالسند الی أم زید بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کان بیتی اطول بیت حول المسجد فکان بلال یؤذن فوقہ من اول ما اذن الی ان بنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسجدہ فکان بعد یؤذن علی ظہر المسجد وقد رفع لشیء فوق ظہرہ (رد المحتار ص ۳۶۰ ج ۱)

شامیہ کی اس آخری عبارت سے خوب واضح ہوگیا کہ کراہۃ الاذان فی المسجد کی علت صرف عدم بلوغِ صوت ہے، ورنہ اگر نفسِ مسجد سے کراہت کا کوئی تعلق ہوتا تو ظہر المسجد پر بھی اذان مکروہ ہوتی، حالانکہ حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں اسی پر عمل تھا، نیز جمعہ کی اذانِ ثانی بالاتفاق مسجد ہی میں مشروع ہے، اس سے بھی ثابت ہوا کہ دوسری اذانوں کے لئے خارجِ مسجد کا حکم محض تبلیغِ صوت کے لئے ہے، وفی اعلاء السنن واعلم ان الاذان لا یکرہ فی المسجد مطلقا کما فہم بعضہم من بعض العبارات الفقہیۃ وعمومہ ھذا الاذان (الاذان بین یدی الخطیب) بل مقیدا بما اذا کان المقصود اعلام ناس غیر حاضرین (الی قولہ) فی الجلابی انہ یؤذن فی المسجد اوما فی حکمہ لا فی البعید عنہ، قال الشیخ قولہ فی المسجد صریح فی عدم کراہۃ الاذان فی داخل المسجد وانما ھو خلاف الاولی اذا مست الحاجۃ الی الاعلان البالغ وھو المراد بالکراہۃ المنقولۃ فی بعض الکتب فافہم (اعلاء السنن، ص ۴۹ ج ۸) البتہ مسجد کے اندر جہر مفرط بالخصوص مسقف حصہ میں خلافِ ادب معلوم ہوتا ہے، اس لئے بہتر یہ ہے کہ لاؤڈ اسپیکر مسجد سے باہر رکھا جائے، اگر باہر کوئی انتظام بسہولت نہ ہو سکے تو مسجد کے اندر بھی کوئی مضایقہ نہیں، فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۳ ربیع الاول سنہ ۹۶ھ

اذان واقامت کا صحیح طریقہ :

سوال : عام طور پر قاری صاحبان اقامت یوں کہتے ہیں اَللّٰہُ اَکْبَرُ اللّٰہُ اَکْبَرُ یعنی پہلی تکبیر کی راء کو مرفوع پڑھتے ہیں، اور دوسری تکبیر میں اسم اللہ کے الف کو ساقط کر کے ملاتے ہیں، اسی طرح ہر پہلے کلمہ پر اعراب پڑھتے ہیں، اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ

اشهد ان محمدا رسول الله اشهد ان محمدا رسول الله، اسی طرح حی علی الصلوٰۃ، حی علی الفلاح، قد قامت الصلوٰۃ پڑھتے ہیں، یہ طریقہ اصول کے مطابق ہے، مگر معلوم ہوا ہے کہ آپ اس کو خلافِ سنت فرماتے ہیں، لہٰذا اس کی وضاحت مطلوب ہے، بینوا توجروا،

الجواب باسم ملهم الصواب

اذان اور اقامت کا مسنون طریقہ یہ ہے کہ ہر کلمہ کو ساکن پڑھا جائے، اذان میں ہر کلمہ پر وقف کرے اور اقامت میں دو کلمات کے بعد، مگر پہلے کلمہ کو بھی بنیت وقف ساکن پڑھے، قد قامت الصلوٰۃ بھی دو مرتبہ اسی طرح کہے، اذان اور اقامت میں دو تکبیروں کو ایک کلمہ شمار کیا جاتا ہے، اذان میں ہر دو تکبیروں میں سے پہلی تکبیر اور اقامت میں پہلی تین تکبیروں کی راء پر رفع پڑھنا خلافِ سنت ہے، اس کو ساکن پڑھنا چاہئے یا مفتوح کرکے دوسری تکبیر کے ساتھ ملایا جائے، قال فی شرح التنویر ولفتح راء اکبر والعوام یضمونها، وقال ابن عابدین رحمه الله تعالیٰ بعد ذکر النقول المختلفة والحاصل ان التکبیرة الثانیة فی الاذان ساکنة الراء للوقف حقیقة ورفعها خطأ واما التکبیرة الاولیٰ من کل تکبیرتین منه وجمیع تکبیرات الاقامة فقیل محرکة الراء بالفتحة علی نیة الوقف وقیل بالضمة اعرابًا وقیل ساکنةٌ بلاحرکةٍ علی ماهو ظاهر کلام الامداد والزیلعی والبدائع وجماعة من الشافعیة (وبعد اسطر) ثم رأیت لسیدی عبد الغنی رسالة فی هٰذه المسئلة سمّاها تصدیق من اخبر بفتح راء الله اکبر اکثر فیها النقل وحاصلها ان السنة أن یسکن الرّاء من الله اکبر الاوّل او یصلها بالله اکبر الثانیة فان سکنها کفٰی وان وصلها نوی السکون فحرّك الرّاء بالفتحة فان ضمها خالف السنة لان طلب الوقف علی اکبر الاوّل صیرہ کالسّاکن اصالة فحرّك بالفتح (ردالمحتار، ص ۳۵۸ ج ۱)

فقط والله تعالیٰ اعلم

۱۳ ذی قعدہ ۹۸ھ

اذان واقامت کی تکبیر میں راء پر پیش پڑھنا غلط ہے:

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین اس مسئلہ میں کہ لفظ اکبر کی راء کا وصل اسم جلالہ سے درست ہے یا کہ نہیں؟ اگر درست ہے تو راء مفتوح یا مضموم کونسا صحیح ہے؟ اور مفتوحہ کی وجہ بھی بیان ہو؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملہم الصواب

اس کی دو صورتیں ہیں، ایک یہ کہ راء کو ساکن پڑھا جائے، اس صورت میں لفظ اللہ کا ہمزہ ساقط نہ ہوگا، دوسری صورت یہ ہے کہ راء کو فتح دے کر اسم اللہ سے ملایا جائے، اور ہمزہ ساقط کیا جائے راء کو مرفوع پڑھنا غلط ہے، اس لئے کہ حدیث الاذان جزم کی وجہ سے راء ساکن اصلی کے حکم میں ہے، لہٰذا بحالتِ وصل التقاءِ ساکنین سے بچنے کے لئے راء پر فتح پڑھا جائے گا، والتفصیل فی الشامیۃ

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۱ رجمادی الاولیٰ سنہ ۹۹ھ

بوقت اقامت ہاتھ باندھنا خلافِ سنت ہے:

سوال: جب مؤذن اقامت کہتا ہے، اس وقت عام طور پر مقتدی ہاتھ باندھ کر کھڑے ہوتے ہیں، مگر اس کو سنت نہیں سمجھتے، پھر تکبیر تحریمہ کے بعد سنت کے مطابق ہاتھ باندھتے ہیں، معلوم ہوا کہ آپ اس سے منع فرماتے ہیں، کیا یہ درست ہے؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملہم الصواب

تکبیر تحریمہ سے قبل ہاتھ باندھنا کہیں ثابت نہیں، اس کو سنت نہ بھی سمجھا جائے تو بھی چونکہ یہ حدودِ شریعت پر زیادتی ہے اس لئے مکروہ ہے، علاوہ ازیں لٹکے ہوئے ہاتھوں کو تکبیرِ تحریمہ کے وقت کانوں تک لے جانے میں جس قدر احکم الحاکمین کی عظمتِ شان کا اظہار ہے بندھے ہوئے ہاتھوں کو اٹھانے میں اتنا نہیں، لہٰذا اس رسم کا ترک اور دوسروں کو اس سے احتراز کی تبلیغ لازم ہے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم ۵ ذی قعدہ سنہ ۹۸ھ

اذان کے بعد دعاء میں ہاتھ اٹھانا ثابت نہیں:

سوال: اکابر علماء کا معمول یہ نظر آتا ہے کہ اذان کے بعد کی دعاء میں ہاتھ نہیں اٹھاتے، حالانکہ متعدد احادیث سے ثابت ہے کہ رفع یدین آدابِ دعاء میں سے ہے، عن الفضل بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الصلوٰۃ مثنیٰ مثنیٰ تشہد فی کل رکعتین وتخشع وتضرع وتمسکن ثم تقنع یدیک یقول ترفعہما الیٰ ربک مستقبلاً ببطونہما وجہک وتقول یارب یارب من لم یفعل ذلک فہی کذا وکذا اخرجہ الترمذی والنسائی وابن خزیمۃ فی صحیحہ ورجالہ ثقات (اعلاء السنن ص ۲۰۵ ج ۳) اور بھی کئی احادیث ہیں، حافظ سیوطی رحمہ اللہ تعالیٰ کا مستقل رسالہ ہے "فض الوعاء فی احادیث رفع الیدین فی الدعاء" امید ہے کہ مفصل جواب تحریر فرما کر تشفی فرمائیں گے، جزاکم اللہ تعالیٰ احسن الجزاء،

الجواب باسم ملهم الصواب

دعاء کی دو قسمیں ہیں، ایک یہ کہ بدون توظیف الفاظ مخصوصہ مطلقاً کوئی حاجت طلب کرنا، دوسری یہ کہ الفاظ موظفہ خواہ کسی خاص وقت سے متعلق ہوں یا مطلق ہوں، احادیث میں مواقع دعاء کے تتبع سے ثابت ہوتا ہو کہ رفع یدین کی احادیث قسم اول سے متعلق ہیں، قسم دوم سے متعلق نہیں، الا ماورد فیہ النص،

چنانچہ بعد وضوء مسجد میں دخول وخروج، گھر میں دخول وخروج، بیت الخلاء میں دخول وخروج، ابتداء سفر، انتہاء سفر، سوار ہوتے وقت، بازار میں دخول، کوئی چیز خریدتے وقت، کسی مصیبت زدہ کو دیکھکر، عیادت مریض وغیرہ سے متعلق ادعیۂ ماثورہ میں کوئی بھی رفع یدین کا قائل نہیں، وقت جماع اور وقت انزال سے متعلق بھی دعائیں منقول ہیں ان میں حکم رفع یدین ویسے ہی مستبعد ہے، بیوی سے پہلی خلوت میں اور غلام لونڈی یا حیوان کی خرید پر وارد ہے کہ اس کی پیشانی کے بال پکڑ کر یہ دعاء پڑھے اللّٰھمّ انی اسألك من خیرھا وخیر ماجبلتھا علیہ واعوذبك من شرھا وشر ماجبلتھا علیہ، اس وقت رفع یدین کی بجائے پیشانی کے بال پکڑنے کا حکم ہے، بلکہ اس صورت میں رفع یدین ہو ہی نہیں سکتا،

اسی طرح کسی فوری حاجت کے لئے مختصر دعاء اور کسی کی درخواست پر اس کے لئے دعائیہ کلمات میں رفع یدین ثابت نہیں، بلکہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا عمل یہ تھا کہ بدون رفع یدین درخواست کنندہ کو سنانے کی غرض سے بآواز بلند دعائیہ کلمات فرماتے تھے روی البخاری رحمہ اللہ تعالیٰ عن جریر رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال کنت لااثبت علی الخیل فضرب النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی صدری حتی رأیت اثر اصابعہ فی صدری وقال اللّٰھم اجعلہ ھادیاً مھدیاً، اس موقع پر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت جریر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لئے دعاء میں رفع یدین کی بجائے ان کے سینے پر ہاتھ مار کر دعائیہ کلمات فرمائے،

مثال کے طور پر یہ ایک واقعہ نقل کیا گیا ہے، ورنہ احادیث میں اس کی نظائر بہت کثرت سے موجود ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی کی طرف سے دعاء کی درخواست پر اس کو سناکر مختصر دعائیہ کلمات فرمائے، ان مواقع میں عدم رفع یدین ظاہر ہے، اور قصۂ جریر رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں عدم رفع یدین متیقن للمنافاۃ الظاھرۃ بین الرفع والضرب فی الصدر، فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۳ ر ذیقعدہ سنہ ۹۹ھ

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

اذا سمعتم النداء فقوموا فانها عزمة من اللہ

رواہ السیوطی عن الحلیۃ

ارشاد الانام

بجواب

ازالۃ الاوہام

حدیث، فقہ، تعامل صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اور مذاہب اربعہ سے
اس کا ثبوت کہ مقتدیوں کو اقامت کی تکبیر اول سنتے ہی کھڑے ہو جانا چاہئے

ارشادُ الانام

تاریخِ تالیف ——— ۳ رصفر ۱۳۷۲ھ
اشاعتِ اول ——— ۱۳۷۹ھ
موضوع ———

مقتدی اقامت کے کس لفظ پر قیام کریں؟

- بحث بطریقِ عقل
- بحث بطریقِ حدیث
- بحث بطریقِ فقہ
- تعاملِ صحابۂ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم
- نصوصِ فقہاء رحمہم اللہ تعالیٰ
- تعامل مذاہبِ اربعہ

اس رسالہ کی تالیف کے بعد اس کی چند نقول مؤلف ازالۃ الاوہام اور بعض دوسرے حضرات کو بھیجدی گئی تھیں، خیال تھا کہ یہ فتنہ یہیں دب جائے گا، اس لئے اس کی اُس وقت عام اشاعت روک دی گئی، مگر افسوس کہ یہ سلسلہ ختم نہ ہوا، لہٰذا ۱۳۷۹ھ میں اسے شائع کیا گیا،

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
حامدًا ومصلیًا ومسلمًا

امابعد۔ بندہ رشید احمد لدھیانوی عفا اللہ عنہ ارباب فہم وفراست کی خدمت میں منظر ہے کہ اس دَورِ پرفتن میں دجل والحاد کی گھٹائیں چارسو آفاق میں چھا چکی ہیں۔ ارتداد کی آندھی عالمگیر ہے۔ صداقت کی کشتی باطل کی بادِ صرصر کے تھپیڑوں سے ڈگمگا رہی ہے۔ اُمّتِ مسلمہ کا جہاز کفر وارتداد کے ہولناک بھنور میں گھرا ہوا ہے انگریزوں کے وقار کو قائم رکھنے کے لئے انگریزی نبی کے چیلے سید الکونین خاتم المرسلین آقائے نامدار (فداہ ابی وامی) صلی اللہ علیہ وسلم کے نام نامی اور ناموسِ رسالت کو دُنیا سے ختم کرڈالنے کے منصوبے سوچ رہے ہیں ایسی حالت میں مسلمانوں کا فرض ہے کہ جمیع اختلافاتِ جزئیہ کو بالائے طاق رکھ کر متحد ہوجائیں اور ناموسِ رسالت کی حفاظت کے لئے خدا اور رسول ؐ کے نام کو دنیا میں بلند رکھنے کے لئے، خدا کی زمین میں خدا کی مخلوق پر خدائی قانون نافذ کرانے کے لئے، نیز اپنے محبوب ملک پاکستان کے استحکام اور اپنے مال، جان، عزّت اور بہو بیٹیوں کی عصمت محفوظ رکھنے کے لئے ہر قسم کا عیش وآرام، سکون وراحت چھوڑ کر ہمہ تن مستعد اور سر بکف ہوجائیں زمانہ ہمیں دونوں کندھوں سے پکڑ کر جھنجھوڑ رہا ہے مگر ہم ہیں کہ اب تک خواب غفلت سے بیدار نہیں ہوتے لیکن یاد رہے کہ "زمانہ بہترین استاد ہے" اگر کہیں خدانخواستہ اُمّتِ مرزائیہ کے منحوس خوابوں کی تعبیر پوری ہوگئی تو یاد رکھو مسلمانوں کے ساتھ اس سے بڑھ کر معاملہ ہوگا جو مشرقی پنجاب میں ہوا ؎

نہ سمجھوگے تو مٹ جاؤگے اے اربابِ پاکستاں ۔۔۔ تمہاری داستاں تک بھی نہ ہوگی داستانوں میں

افسوس اور صد افسوس کہ ہم نے اب تک بھی زمانے کی رفتار کو نہ سمجھا اور آپس میں جزئی اختلافات پر (وہ بھی بالکل معمولی مستحب ومندوب مسائل پر) جھگڑ کر تفریق اور فتنے برپا کر رہے ہیں۔ آج ہماری بعینہٖ وہی حالت ہے جبکہ عیسائیوں سے سلطنتیں چھن رہی تھیں اور ان کے پادری اس وقت حضرت مسیح علیہ السلام کے بول وبراز کی طہارت کے بارے میں آپس میں مناظرے کر رہے تھے۔ اور یہی حالات مسلمانوں کے ہاتھوں سے زمامِ اقتدار سلب ہوجانے کا باعث بنے ؎

جب چلی بغداد میں تاتار کی تیغ نیام ۔۔۔ مفتیانِ شرع میں جاری تھی اک جنگِ کلام
ایک کہتا تھا کہ کوّا ثابت وسالم حلال ۔۔۔ دوسرا کہتا کہ کالی چونچ سے تا دم حرام
اس زمانے کے مؤرخ نے جو دیکھا تو کہا ۔۔۔ مفتیاں را مژدہ کارِ ملّتِ بیضا تمام

مگر کیا کریں مجبور ہیں۔ جب تک امّتِ مسلمہ کے تعامل کے خلاف کوئی نہ کوئی مسئلہ نہیں اٹھایا جاتا اس وقت تک شہرت نہیں ہوتی۔ عنایت اللہ مشرقی نے جمیع مسلمانوں کی سمت قبلہ کو غلط اور نمازوں کو فاسد قرار دیکر علامہ کا لقب پایا جس کا دندان شکن جواب ہم اپنے رسالہ "المشرقی علی المشرقی" میں دے چکے ہیں اور پھر تعجب یہ ہے کہ اس قسم کی شہرت کے خواہاں حضرات یہ ظاہر کرکے کہ یہ مسئلہ سب سے پہلے ہمنے ہی سلجھایا ہے۔ عوام سے مجدد کا خطاب حاصل کرنا چاہتے ہیں حالانکہ سمت قبلہ، کوّے کی حلّت و حرمت، جمعہ کی دوسری اذان کا مسجد میں ہونا، اقامت میں حی علی الفلاح کے وقت قیام کرنا وغیرہ سوالات کئی دفعہ اُٹھائے گئے اور علماءِ حق نے ان فتنوں کو کچل دیا۔ اب یہ مدعیانِ تجدید یا تو اپنی جہالت کی وجہ سے ان فتنوں کے ماضی میں طے شدہ فیصلوں سے ناواقف ہیں اور یا معلوم ہونے کے باوجود تجاہل کرکے ذریعۂ شہرت بنانا چاہتے ہیں۔ اسی سلسلہ کی ایک کڑی رسالہ "ازالۂ اوہام" ہے جس میں یہ ثابت کرنے کی ناکام کوشش کی گئی ہے کہ جب مؤذن اقامت کہتے وقت حی علی الفلاح کہے تو مقتدیوں کے لئے اس وقت کھڑے ہونا بالاتفاق سنت ہے اور اس سے پہلے کھڑے ہونا گناہ ہے۔ ہم نے ایک عرصہ تک تو اسے فضول بحث سمجھ کر اسکی طرف کوئی توجہ نہ کی اور اس بارے میں جو استفسارات آتے رہے انھیں بھی ٹالتے رہے البتہ اس مضمون پر حیرت ضرور تھی ؎

سرِّ خدا کہ عابد و زاہد کسے نہ گفت در حیرتم کہ بادہ فروش از کجا شنید

اب جبکہ یہ فتنہ حد سے زیادہ بڑھ گیا اور اس کے متعلق استفسارات کا ڈھیر میرے سامنے پڑا ہے تو مجبوراً بادل نخواستہ اس بارے میں قلم اُٹھانا پڑا۔ سو واضح ہو کہ اس مسئلہ میں تین طریقوں سے بحث اور استدلال ہو سکتا ہے۔ عقل، حدیث، فقہ۔ لہٰذا تینوں طریقوں سے مختصر بقدر ضرورت تحریر کیا جاتا ہے۔

بحث بطریق عقل:

شرعاً، عرفاً، وضعاً ہر حیثیت سے امام امیر ہے۔ نماز کا قائم کرنا اسی کے اختیار میں ہے۔ لہٰذا اقامت اور قیام ناس دونوں امام کے تابع ہیں۔ قیام ناس کو اقامت کے کسی لفظ سے کوئی تعلق نہیں۔ البتہ اقامت میں امام کے امر باقامۃ الصلوٰۃ کا اعلام ہے۔ اس لئے مقیم کے اللہ اکبر کہتے ہی مقتدی سمجھ جائیں گے کہ امام اقامتِ صلوٰۃ کا امر کر چکا ہے۔ لہٰذا امام کے امر کی تعمیل کے لئے فوراً کھڑے ہو جانا چاہئے۔

بحث بطریق حدیث:

ذخیرۂ حدیث کے تتبع سے بھی یہی معلوم ہوتا ہے کہ قیام ناس کا اقامت کے کسی لفظ کیساتھ

کوئی تعلق نہیں۔ بلکہ یہ دونوں امام کے تابع ہیں۔ چنانچہ اقامت کا امام کے تابع ہونا صحیح مسلم کی اس روایت میں مصرح ہے۔ عن جابر بن سمرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال کان بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ یؤذن اذا دحضت الشمس فلا یقیم حتی یخرج النبی صلی اللہ علیہ وسلم فاذا خرج الامام اقام الصلوٰۃ حین یراہ (مسلم)

اور قیام ناس کا امام کے تابع ہونا اس حدیث میں مذکور ہے عن عبد اللہ بن ابی قتادۃ عن ابیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا اقیمت الصلوٰۃ فلا تقوموا حتی ترونی (بخاری)

معلوم ہوا کہ قیام کو اقامت کے کسی لفظ سے کوئی تعلق نہیں۔ چنانچہ حافظ ابن حجر عسقلانی رحمہ اللہ تعالیٰ فتح الباری میں فرماتے ہیں۔ (قولہ حتی ترونی تسویغ للقیام عند الرؤیۃ وھو مطلق غیر مقید بشیء من الفاظ الاقامۃ ومن ثم اختلف المشایخ فیہ کما سیأتی۔

مقیم کا اللہ اکبر کہنا اعلام ہے کہ امام اقامتِ صلوٰۃ کا امر کرچکا ہے اس پر دلیل یہ حدیث ہے۔ عن عبد الرزاق عن ابن جریج عن ابن شہاب ان الناس کانوا ساعۃ یقول المؤذن اللہ اکبر یقومون الی الصلوٰۃ فلا یأتی النبی صلی اللہ علیہ وسلم مقامہ حتی تعتدل الصفوف (فتح الباری)

اور سیوطی نے حلیہ ابی نعیم سے روایت کیا ہے اذا سمعتم النداء فقوموا فانہا عزمۃ من اللہ اس حدیث کی شرح میں علامہ مناوی رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں ای اسعوا الی الصلوٰۃ او المراد بالنداء الاقامۃ والعزمۃ بالفتح الامر۔

اب یہ سوال رہا کہ جب حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ خروج النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد اقامت کہتے تھے اور صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم اقامت کی تکبیر کو اعلام بخروج النبی صلی اللہ علیہ وسلم سمجھ کر قیام کرتے تھے تو "اذا اقیمت الصلوٰۃ فلا تقوموا حتی ترونی" کا کیا مطلب ہوا؟ کیونکہ اس حدیث سے ظاہر ہوتا ہے کہ اقامت خروج النبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے ہوتی تھی تو تکبیرِ اقامت سے اعلام بالخروج نہ ہوا اس لئے قیام کو خروج سے متعلق کیا گیا۔ اس کا جواب یہ ہے کہ ابتداء میں حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کبھی خروج النبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے بھی اقامت کہدیتے تھے اسی کے متعلق "اذا اقیمت الصلوٰۃ الخ" ارشاد ہوا۔ چنانچہ فتح الباری میں ہے۔ ویان صنیعھم فی حدیث ابی ھریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کان سبب النہی عن ذلک فی حدیث ابی قتادۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ وانھم کانوا یقومون ساعۃ تقام الصلوٰۃ ولو لم یخرج النبی صلی اللہ علیہ وسلم فنہاھم عن ذلک۔

بعدہٗ حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا یہی معمول مقرر ہوگیا کہ بعد خروج النبی صلی اللہ علیہ وسلم اقامت کہتے تھے جیسا کہ مسلم کی گزشتہ حدیث میں مصرح ہے لہٰذا اس کے بعد اقامت کی تکبیر سے اعلام بالخروج ہو جانے کی وجہ سے قیام کرتے تھے جیسا کہ عبدالرزاق کی حدیث میں گزرا۔

غرضیکہ امام خواہ مسجد سے باہر ہو یا محراب کے قریب ہو بہر صورت حدیث میں قیام ناس کو قیام امام سے معلق کیا گیا ہے۔

اسی لئے فیض الباری شرح بخاری میں فرماتے ہیں

ان الامام ان کان خارج المسجد ینبغی للمقتدین ان یقوموا للتسویۃ الصفوف اذا دخل المسجد وان کان فی المسجد فالمعتبر قیامہ من موضعہ۔

اور امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ موطا میں فرماتے ہیں لم اسمع فی قیام الناس بحد محدود الا انی اری ذٰلک علی طاقۃ الناس فان منھم الثقیل والخفیف۔ اس سے معلوم ہوا کہ قیام ناس کو اقامت کے کسی لفظ سے کوئی تعلق نہیں مگر صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم چونکہ اقامت کی تکبیر کو قیام الامام کی علامت سمجھتے تھے۔ اس لئے ان کا تعامل اسی طرح پر تھا کہ اللہ اکبر کا لفظ سنتے ہی کھڑے ہو جایا کرتے تھے۔

خروج امام سے قبل قیام کی نہی جو حدیث میں وارد ہے وہ بھی تنزیہی ہے مندرجہ ذیل دلائل سے یہ امر واضح ہو جاتا ہے۔

(۱) فیض الباری شرح بخاری میں ہے۔ اما القیام قبل رؤیتہ فعدہ عبثاً کما قال مرۃ اربعوا علی انفسکم انکم لا تدعون اصم ولا غائبا حین راٰھم یبالغون فی الجھر فلیس فیہ ان الجھر ممنوع کما فھمہ بعضھم بل فیہ ایذان ان یکون الجھر عبثاً فھٰکذا القیام من قبل۔

(۲) حافظ ابن حجر عسقلانی رحمہ اللہ تعالیٰ فتح الباری میں فرماتے ہیں واما حدیث ابی ھریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ الاٰتی قریباً بلفظ اقیمت الصلوٰۃ فسوّی الناس صفوفھم فخرج النبی صلی اللہ علیہ وسلم ولفظہٗ فی مستخرج ابی نعیم فصف الناس صفوفھم ثم خرج علینا ولفظہٗ عند مسلم اقیمت الصلوٰۃ فقمنا فعدلنا الصفوف قبل ان یخرج الینا النبی صلی اللہ علیہ وسلم فاتی فقام مقامہ الحدیث وعنہ فی روایۃ ابی داؤد ان الصلوٰۃ کانت تقام لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فیاٴخذ الناس مقامھم قبل ان یجیئ النبی صلی اللہ علیہ وسلم فیجمع بینہٗ وبین حدیث ابی قتادۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بان ذٰلک ربما وقع لبیان الجواز۔

اسی قسم کا مضمون عمدۃ القاری وغیرہ میں بھی ہے۔ اس سے ثابت ہوا کہ خروج امام سے پہلے بھی قیام جائز ہے لہٰذا لامحالہ نہی کو تنزیہ پر محمول کیا جائے گا۔

(۳) علامہ بدر الدین عینی رحمہ اللہ تعالیٰ عمدۃ القاری میں فرماتے ہیں قال العلماء والنہی عن القیام قبل ان یروہ لئلا یطول علیہم القیام۔ اور فتح الباری شرح بخاری میں ہے فنہاهم عن ذلك لاحتمال ان یقع له شغل یبطئ فیه عن الخروج فیشق علیهم انتظارہ۔

اس سے معلوم ہوا کہ یہ نہی محض شفقۃً ہے۔

جملہ احادیث کا خلاصہ یہ ہوا کہ قیام امام سے قبل قیام ناس مکروہ تنزیہی ہے بہتر یہ ہے کہ قیام امام کے بعد قیام کیا جائے اور قیام امام کا اعلام ابتداءِ اقامت (لفظ اللہ اکبر) سے ہوتا ہے اس لئے مقتدی اللہ اکبر کا لفظ سنتے ہی قیام کریں۔ اسی پر ہی صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم کا تعامل تھا۔ ابوداؤد میں ہے عن کہمس قال قمنا الی الصلوٰۃ بمنی والامام لم یخرج فقعد بعضنا فقال لی شیخ من اهل الکوفة ما یقعدك قلت ابن بریدۃ قال هذا السمود فقال لی الشیخ حدثنی عبد الرحمٰن بن عوسجة عن البراء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال کنا نقوم فی الصفوف علی عهد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم طویلا قبل ان یکبر الخ قال ابوالحسن السندی هذا الایدل علی ان قیامهم کان لانتظار النبی صلی اللہ علیہ وسلم بل یجوز ان یکون بعد حضورہ صلی اللہ علیہ وسلم (فتح الودود) وقال فی البذل فثبت بهذا ان القیام فی انتظار الامام غیر منهی عنه وثبت ان ما قال ابن بریدۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان هذا السمود المنهی عنه غیر صحیح (بذل المجهود)

بحث بطریق فقہ :

چونکہ حدیث میں قیام ناس کو قیام امام کے تابع قرار دیا گیا ہے اس لئے فقہ میں بھی اسی کو معمول بہ فرمایا گیا۔ چنانچہ عالمگیریہ میں ہے فاما اذا کان الامام خارج المسجد فان دخل المسجد من قبل الصفوف فکلما جاوز صفا قام ذلك الصف والیه مال شمس الائمة الحلوانی والسرخسی وشیخ الاسلام خواهر زادہ وان کان الامام دخل المسجد من قدامهم یقومون کما رأوا الامام۔ یہی مضمون رد المحتار، بدائع الصنائع اور تبیین الحقائق میں بھی ہے بدائع میں یہ عبارت بھی ہے ولان القیام لاجل الصلوٰۃ ولا یمکن اداؤها بدون الامام فلم یکن القیام مفیدًا۔

ان عبارات سے معلوم ہوا کہ قیام ناس کو اقامت سے کوئی تعلق نہیں بلکہ قیام امام کے تابع ہے۔ چنانچہ خود مؤلف ازالۂ اوہام بھی اسے تسلیم کرچکے ہیں اور ازالہ اوہام کے ص۱۰ پر فرماتے ہیں "یہ اس لئے کہ نماز جماعت بغیر امام ناممکن اور نماز کے لئے کھڑا ہوا جاتا ہے تو بغیر امام کے کھڑا ہونا لاحاصل اور مسلمان کی شان نہیں کہ لاحاصل کے درپے ہو" سو معلوم ہوا کہ قیام امام کی حالت میں مقتدی کے قیام میں کوئی کراہت نہیں اگرچہ اقامت سے پہلے ہی ہو۔

باقی یہ سوال رہا کہ امام اگر مسجد میں موجود ہو تو وہ اقامت کے کس لفظ پر کھڑا ہو تاکہ اسکی متابعت میں مقتدی بھی یہ لفظ سُن کر قیام کریں سو اسکے بارے میں چونکہ حدیث میں کوئی حد معین نہ تھی اس لئے امام مالک رحمہ اللہ تعالی اور جمہور علماء نے کوئی حد معین نہیں کی البتہ اقامت کی پہلی تکبیر کو اعلام خیال کرتے ہوئے اُنھوں نے ابتداءِ اقامت سے قیام کرنے کو مستحب قرار دیا۔ علامہ بدرالدین عینی رحمہ اللہ تعالیٰ عمدۃ القاری میں فرماتے ہیں۔ فذهب مالك وجمهور العلماء الى انه ليس لقيامهم حد ولكن استحب عامتهم القيام اذا اخذ المؤذن فى الاقامة

سعید بن المسیب اور عمر بن عبدالعزیز رحمہما اللہ تعالیٰ نے یہ خیال فرمایا کہ تکبیر اعلام بقیام الامام ہے نیز صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم کا تعامل بھی اسی پر ہے کہ لفظ اللہ اکبر سنتے ہی قیام کرتے تھے۔ لہٰذا انھوں نے مؤذن کے اللہ اکبر کہتے ہی وجوب قیام کا قول کیا۔ وعن سعيد بن المسيب وعمر بن عبد العزيز رحمهما الله تعالى اذا قال المؤذن الله اكبر وجب القيام واذا قال حىّ على الصلوة اعتدلت الصفوف واذا قال لا اله الا الله كبر الامام (عمدۃ القاری)

امام اعظم رحمہ اللہ سے حیّ علی الفلاح کے وقت قیام کا ندب منقول ہے مگر اس سے یہ مقصد نہیں کہ اس سے قبل قیام کرنا خلاف ندب ہے بلکہ اس سے تأخیر کو خلاف ندب قرار دینا منظور ہے۔ قال الطحطاوی رحمہ اللہ تعالیٰ (تحت قوله والقيام لامام ومؤتم الخ) والظاهر انه احتراز عن التأخير لا التقديم حتى لو قام اول الاقامة لا بأس وحرر (طحطاوی علی الدر المختار)

حیّ علی الفلاح سے قبل قیام کی کراہت کا قول نہ امام سے کہیں منقول ہے اور نہ مشائخ حنفیہ سے۔ درمختار آخر باب الاذان کا جزئیہ "دخل المسجد والمؤذن يقيم قعد الى قيام الامام فى مصلاه" اور اس پر جو شامیہ میں مضمرات سے بواسطہ ہندیہ نقل کیا ہے ويكره له الانتظار قائما الخ ایسے ہی طحطاوی علی مراقی الفلاح میں بھی مضمرات کا جزئیہ منقول ہے۔ یہ جزئیات اس صورت کے ساتھ مخصوص ہیں کہ امام کھڑا نہ ہوا ہو یا مسجد سے خارج ہو، اس پر چند دلائل ہیں۔

(۱) ان عبارات کے سیاق سے یہ تخصیص ظاہر ہے۔

(۲) درمختار میں " الی قیام الامام " کا لفظ اس کی وضاحت کر رہا ہے۔

(۳) شامیہ اور طحطاوی میں جو مضمرات کا جزئیہ ہے اس میں انتظار کا لفظ قرینہ بیّنہ ہے۔

(۴) یہی صورت احادیث مذکورہ کے مطابق ہے کہ قیامِ ناس کا تعلق قیامِ امام کے ساتھ ہے نہ کہ اقامت کے الفاظ کے ساتھ۔

(۵) علامہ طحطاوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے والقیام لامام ومؤتم کے تحت فرمایا، والظاھر انہ احتراز عن التأخیر الخ حالانکہ مراقی الفلاح کے حاشیہ میں خود ہی مضمرات سے کراہت کا جزئیہ نقل کرنے کے بعد کراہت کو اہتمام سے بیان فرماتے ہیں۔ اور فرمایا والناس عنہ غافلون۔ تو لامحالہ علامہ طحطاوی کے دونوں قولوں کو تدافع اور تعارض سے بچانے کے لئے ضروری ہوا کہ دونوں کا محل جداگانہ ہو۔

(۶) اگر حیّ علی الفلاح سے پہلے قیام کرنا مطلقاً مکروہ ہوتا تو امام کے خارج مسجد سے آنے کی صورت میں امام کو دیکھتے ہی قیام کرنا (اگرچہ مؤذن حیّ علی الفلاح تک نہ پہنچا ہو) مندوب نہ ہوتا۔ اس سے معلوم ہوا کہ کراہت کا جزئیہ مخصوص ہے عدمِ قیامِ امام کے ساتھ اور پھر یہ کراہت بھی تنزیہیہ ہے۔ حاشیۂ درمختار آخر باب الاذان میں طحطاوی رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں (قولہ قعد) لم یبین حکمہ والظاھر انہ مندوب، پھر کراہت تنزیہیہ میں بھی طحطاوی نے اعتراض کیا ہے۔ وفیہ ان قیامہ تھیؤ للعبادۃ فلا مانع منہ (طحطاوی علی الدر المختار ج ۱ ص ۱۸۹)

غرضیکہ امام اعظم رحمہ اللہ کا مذہب یہ ہے کہ حیّ علی الفلاح تک کھڑے ہو جانا مندوب ہے۔ اس سے تأخیر کرنا خلافِ ادب ہے۔ تقدیم خلاف ادب نہیں۔ اور اگر امام نے قیام نہیں کیا یا امام مسجد سے خارج ہے تو قیامِ ناس کی کراہت ائمہ حنفیہ سے تو منقول نہیں البتہ مشائخ حنفیہ نے اس صورت میں قیام کو مکروہ تنزیہی کہا ہے۔ مگر علامہ طحطاوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس پر اعتراض کیا ہے۔ پس مشائخ حنفیہ اس کی کراہت تنزیہیہ میں مختلف ہیں۔

اگر علیٰ سبیل التنزل امام طحطاوی رحمہ اللہ تعالیٰ کی تصریح کے خلاف امام اعظم رحمہ اللہ کے قول کا مطلب وہی لے لیا جائے جو مؤلف ازالۂ اوہام نے سمجھا تو اس صورت میں مندرجہ ذیل امور قابلِ غور ہیں۔

(۱) مندوب پر اصرار اور اسکے تارک پر انکار گناہ اور بدعت ہے۔ کما صرح بہ الطیبی فی شرح المشکوٰۃ تحت حدیث ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فی التزام الانصراف عن الیمین

بعد الصّلوٰۃ مانصہٗ فیہ ان من اصرّ علیٰ مندوب وجعلہ عزمًا ولم یعمل بالرخصۃ فقد اصاب منہ الشیطان ۔ تنویرالابصار میں اس مسئلہ کو آداب میں ذکر کیا ہے اور درمختار میں ادب کی تعریف بایں الفاظ فرماتے ہیں ۔ ترکہ لایوجب اساءۃ ولا عتابا کترک سنۃ الزوائد لکن فعلہ افضل، اور فیض الباری شرح بخاری میں ہے وکیف ما کان لیست المسألۃ من مسائل نفس الصلوٰۃ بل من الاٰداب فان قام احد قبلہ لایکون عاصیا۔

(۲) آداب نماز میں سے یہ بھی ہے کہ قد قامت الصّلوٰۃ کہنے کے وقت امام تکبیر تحریمہ کہے مگر ایک عارض کی وجہ سے تاخیر افضل ہے ۔ وہ عارض یہ ہے کہ مؤذن تکبیر تحریمہ میں امام کے ساتھ شامل ہوسکے ۔ درمختار میں ہے وشرع الامام فی الصّلوٰۃ مذ قیل قد قامت الصّلوٰۃ ولو اخر حتی اتمہا لا بأس بہ اجماعا وھو قول الثانی والثلاثۃ وھو اعدل المذاھب کما فی شرح المجمع لمصنفہ وفی القہستانی معزیا للخلاصۃ انہ الاصح، اور ردالمحتار میں ہے (قولہ انہ الاصح) لان فیہ محافظۃ علیٰ فضیلۃ متابعۃ المؤذن واعانۃ لہ علی الشروع مع الامام ۔

ایسے ہی مسئلہ قیام میں بھی ایک عارض کی وجہ سے جو کہ عوام کے لحاظ سے مثل لازم کے ہے۔ قیام قبل از اقامت کو افضل کہا جائے گا اور یہ عارض تسویۂ صفوف کا اہتمام اور تاکید اور عوام میں تہاون وتکاسل ہے ۔

اگر کہا جائے کہ موطا مالک میں روایت ہے کہ حضرت عمر اور حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہما اقامت کے بعد تسویۂ صفوف کراتے تھے تو جواب یہ ہے کہ ان کا اقامت کے بعد تسویۂ صفوف کرانا بوجہ عذر کے تھا ۔ یہ کہیں ثابت نہیں کہ لوگ پہلے منتشر بیٹھے رہتے تھے اور حیّ علی الفلاح کے وقت کھڑے ہوتے تھے پھر تسویۂ صفوف کیا جاتا تھا بلکہ اوپر ثابت ہو چکا ہے کہ صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم میں تعامل یہ تھا کہ اللہ اکبر کا لفظ سنتے ہی کھڑے ہوجاتے تھے اور تسویۂ صفوف شروع کردیتے تھے ۔ پھر اگر اختتام اقامت تک تسویہ نہ ہوسکا تو اقامت اور تکبیر تحریمہ میں فصل بوجہ عذر ہوا اس میں کوئی کراہت نہیں ۔ بخلاف اس صورت کے کہ پہلے تو آرام سے بیٹھے رہیں اور اقامت کے بعد تسویہ شروع کریں تو یہ فصل بین الاقامۃ والتحریم بلاعذر کے ہے لہٰذا مکروہ ہے ۔

(۳) مندرجہ ذیل اشیاء آداب سے ہیں ۔

(۱) حیّ علی الفلاح کے وقت قیام کرنا ۔

(۲) اقامت کا جواب دینا ۔

(۳) قد قامت الصّلوٰۃ کے وقت امام کا تکبیر تحریمہ کہنا۔

(۴) مقتدی کی تحریمہ کا امام کی تحریمہ سے متصل ہونا۔

(۵) تکبیر تحریمہ سے پہلے "انی وجہت وجہی للذی فطر السمٰوٰت والارض حنیفا وما انا من المشرکین۔ ان صلوٰتی ونسکی ومحیای ومماتی للّٰہ رب العالمین" پڑھنا۔

(۶) امام کے قراءت شروع کرنے سے قبل مقتدی کا ثنا ر سے فارغ ہو جانا وغیرہ۔

ان کے ساتھ ساتھ تسویۂ صفوف بھی نہایت مؤکد ہے۔ ظاہر ہے کہ ان سب چیزوں کو بیک وقت کیسے ادا کیا جا سکتا ہے اسلئے لامحالہ بعض آداب کا ترک لازم آئے گا۔

④ تسویۂ صفوف کی غرض سے دو آداب (حیّ علی الفلاح کے وقت قیام کرنا، اور قد قامت الصّلوٰۃ کے وقت امام کا تکبیر تحریمہ کہنا) میں سے ایک ادب ضرور چھوڑنا پڑیگا۔ پس پہلے کو لینے اور دوسرے کو چھوڑنے میں وجہ ترجیح کیا ہے؟

⑤ مندرجہ بالا دونوں آداب کو بجالانا چونکہ مشکل تھا اس لئے حیّ علی الفلاح کے وقت قیام کرنے کے ادب کو اُمّت نے چھوڑ دیا اور دوسرے پر عمل جاری رکھا۔ اب جمیع بلاد اسلامیہ میں بالاتفاق معمول بہ ادب کو متروک اور متروک کو معمول بہ کروانے اور اس پر زور دیکر فتنہ برپا کرنے کی کیا ضرورت ہے۔

یہ سب اُمور محض علیٰ سبیل الفرض لکھ دیئے ہیں ورنہ ندب کے معنی کی حقیقت اوپر علامہ طحطاوی رحمہ اللہ تعالیٰ کے الفاظ میں گزر چکی ہے کہ حی علی الفلاح سے تاخیر نہ کرنا اداب میں سے ہے نہ یہ کہ اس سے تقدیم کرنا خلاف ادب ہے۔

اس کے بعد ہم رسالہ ازالۂ اوہام کی حقیقت کو بھی ذرا کھولدینا چاہتے ہیں۔ سو واضح ہو کہ رسالہ کا کثیر حصہ یعنی جہانتک احادیث کا مضمون ہے اسے مصنف کے دعوے سے دُور کا بھی تعلق نہیں جملہ احادیث کا مطلب یہ ہے کہ جب تک امام نہ آئے مقتدیوں کو کھڑے نہیں ہونا چاہئیے۔ سو مؤلف نے محض تبرّک یا صرف رسالہ کا حجم بڑھانے کی غرض سے ان روایات کو نقل کرنیکی زحمت فرمائی ہے ایسی ایک حدیث بھی پیش نہ کر سکے جو ان کے دعوی کی مثبت ہو۔

اس کے بعد کتب فقہ کی عبارات ہیں جن میں تصریح ہے کہ حیّ علی الفلاح پر قیام کرنا چاہئیے مگر ان میں یہ کہیں مذکور نہیں کہ اسوقت قیام کرنا مسنون ہے اور اس سے پہلے گناہ ہے بلکہ فقہاء رحمہم اللہ تعالیٰ اسے بایں معنی آداب میں شمار کرتے ہیں کہ اس سے تاخیر نہ کرے جس کی توضیح ہم اوپر تحریر کر چکے ہیں۔

اس کے بعد فقہ کی وہ عبارتیں ہیں جن میں امام کی غیر موجودگی میں قیام کو مکروہ لکھا ہے۔ ان عبارات کو بھی دعویٰ سے کوئی سروکار نہیں۔

آگے چل کر حضرت مصنف فرماتے ہیں:

"باوجودیکہ ائمہ میں صدہا اختلافات ہیں۔ مگر اقامت کے بیٹھ کر سننے کے سنت ہونے میں کسی کو اختلاف نہیں۔ امام مالک، امام شافعی اور امام احمد بن حنبل اور انکے متبعین سب کے سب اسکی سنیت کے قائل ہیں اور ائمۂ احناف کی تصریحات بقدر کفایت سے زیادہ اوپر منقول ہوئیں"

معاذاللہ کتنا بڑا بہتانِ عظیم ہے بزرگانِ ملت پر۔ ہم عمدۃ القاری، فتح الباری وغیرہما شروح حدیث سے مفصل بیان کر چکے ہیں کہ بعض حضرات اقامت میں اللہ اکبر کے لفظ پر قیام کو واجب کہتے ہیں، اور امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک قیام کی کوئی حد معین نہیں، موطا سے آپ کا قول بھی اوپر نقل کیا گیا ہے اور ہم نے حدیث سے ثابت کیا ہے کہ صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم کا عمل اسی پر تھا کہ اقامت میں اللہ اکبر کا لفظ سنتے ہی کھڑے ہوجایا کرتے تھے۔ پھر طرفہ یہ کہ فقہاء احناف رحمہم اللہ تعالیٰ تو اسے آداب میں شمار کر رہے ہیں وہ بھی بمعنی ترک تاخیر، مگر مؤلف ازالۂ اوہام فقہاء پر سنیت کے قول کا الزام لگا رہے ہیں اور دیگر ائمہ سے کوئی تصریح یا اشارہ نقل کئے بغیر ہی ان پر اپنے نظریے کو چسپاں کر رہے ہیں اس سے بڑا ظلم کیا ہوگا؟ اور حقیقت میں تو یہ ظلم اپنے ہی نفس پر ہے۔

آگے فرماتے ہیں:

"اب رہا بعض نادانوں کا یہ جاہلانہ اعتراض کہ اگر اقامت کے وقت بیٹھا جائے اور حیّ علی الفلاح پر یا اس کے بعد اگر کھڑے ہوں تو صفیں کب درست ہونگی۔ اس کا ازالہ بھی احادیث اور ائمہ کی تصریحات سے لیجئے"

اس کے بعد مؤطا کی دو حدیثیں نقل کی ہیں جن میں مذکور ہے کہ حضرت عمر اور حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہما اقامت کے بعد تسویۂ صفوف کا انتظار فرمایا کرتے تھے۔ اس کا جواب ہم اوپر دے چکے ہیں کہ ان احادیث سے یہ کہیں ثابت نہیں کہ لوگ پہلے اطمینان سے منتشر ہی بیٹھے رہتے تھے اور اقامت کے بعد تسویۂ صفوف شروع کرتے تھے بلکہ صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم کا طرز عمل ثابت کیا جا چکا ہے کہ ابتداء اقامت ہی سے تسویۂ صفوف شروع کر دیتے تھے۔ اگرچہ اتمام تسویہ بعض دفعہ اقامت کے ختم ہونیکے بعد ہوتا تھا۔

حضرت علامہ نے بالکل آخر میں جا کر حاشیہ پر ایسی بات لکھی ہے جس نے لیاقت کا رہا سہا پردہ بھی چاک کر ڈالا اور جہالتِ مرکبہ کو فاش کر دیا۔ ملاحظہ ہو قال محمد ینبغی للقوم اذا قال المؤذن حیّ

علی الفلاح ان یقوموا الی الصلوٰۃ الخ پر حاشیہ میں رقمطراز ہیں :

"کہیں بعض حضرات کو امام کا لفظ فینبغی شبہہ میں نہ ڈالے، لہذا اسکے معنی علامہ شامی کی زبان سے سنئے فرماتے ہیں ینبغی فی عرف المتأخرین غلب استعمالہ فی المندوبات واما فی عرف القدماء فاستعمالہ فی عام حتی یشمل الوجوب ایضا"۔

حضرت علّام سے ہم یہ پوچھتے ہیں کہ امام محمد رحمہ اللہ تعالی کے قول ینبغی کو آپ "یندب" پر محمول فرماتے ہیں یا کہ "یجب" پر اگر "یندب" پر محمول ہے تو اس دو سطری حاشیہ بلکہ دو ورقی کتاب چھاپنے کی کیا ضرورت تھی؟ اور اگر "یجب" پر محمول کرتے ہیں جیساکہ طرز بیان سے ظاہر ہے تو

دعوی خاص ہے اور دلیل عام

ہمیں اگرچہ اس لفظ "ینبغی" سے متعلق کچھ لکھنے کی ضرورت نہیں کیونکہ یہ مدعی کا فریضہ ہے۔ تاہم یہ تنبیہ کئے دیتے ہیں کہ جملہ فقہاء رحمہم اللہ تعالی اس مسئلہ کو آداب میں شمار کرتے ہیں اسلئے یہاں "ینبغی" بمعنی "یجب" ہرگز نہیں ہوسکتا۔

سوال ۲ کے جواب میں فرماتے ہیں :

"ایسے مسئلہ شرعیہ کو جسمیں کسی فرد کا اختلاف نہیں بدعت وحادث کہنا سخت حرام ہے"۔

ہم اوپر ثابت کرچکے ہیں کہ اسمیں اختلاف ہے اور یہ جمہور کے خلاف ہے۔ نیز حیّ علی الفلاح تک قیام کرنے کو اور اس سے تاخیر کو خلاف ادب قرار دینے کو بدعت کہنا اگرچہ گناہ ہے مگر اس سے تقدیم کو خلاف ادب کہنا کوتاہ نظری اور اسے سنت یا واجب کہنا اور اسپر اصرار اور تارک پر انکار کرنا یقیناً بدعت اور ضلالت ہے۔

آگے فرماتے ہیں :

"نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد یا اس پر عمل کرنے والے کو اس پر عمل کے باعث معاذاللہ ذلّت کی نگاہوں سے دیکھنا کفر ہے"۔

اس عبارت میں مؤلف نے دعوی کیا ہے کہ حیّ علی الفلاح پر قیام کرنا حضور کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے۔ حالانکہ یہ سید الکونین صلی اللہ علیہ وسلم پر جھوٹ اور بہتان ہے۔ کسی ضعیف سے ضعیف حدیث سے بھی یہ ثابت نہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، من کذب علیّ متعمدًا فلیتبوأ مقعدہ من النار۔ پس تالیف کے شوق میں حدیث وضع کرنے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر جھوٹ تراشنے والے کو اپنے موعود ٹھکانے کا منتظر رہنا چاہئے (اعاذنا اللہ تعالی منہ)

ہم آخر میں مؤلف سے صرف مندرجہ ذیل تین سوالات کے جواب طلب کرتے ہیں۔

(۱) کوئی ضعیف سے ضعیف حدیث پیش کریں جسمیں یہ بیان ہو کہ امام کی موجودگی میں مقتدیوں کو حیّ علی الفلاح پر کھڑے ہونا چاہیئے۔ ہمنے ایک قولی حدیث سے ثابت کیا ہے کہ اقامت میں اللہ اکبر کا لفظ سنتے ہی قیام کرنا چاہیئے اور ایک فعلی حدیث سے واضح کیا ہے کہ صحابہ کرام علیہم الرضوان اقامت میں اللہ اکبر کا لفظ سنتے ہی کھڑے ہو جاتے تھے۔

(۲) امام اعظم رحمہ اللہ سے کوئی ضعیف سے ضعیف روایت دکھائیں کہ آپ نے حیّ علی الفلاح سے قبل قیام سے منع فرمایا ہو یا اسے مکروہ قرار دیا ہو۔

(۳) فقہ کی کسی کتاب کی کوئی عبارت لائیں جس میں حیّ علی الفلاح پر قیام کی سنیت کا ذکر ہو جملہ فقہاء رحمہم اللہ تعالیٰ مندوب لکھتے ہیں اور آداب میں ذکر فرماتے ہیں۔ سنت کوئی نہیں کہتا۔ اور مندوب بھی بایں معنی کہ اس سے تأخیر نہ کرے۔

آخر میں مؤلف سے دوبارہ التماس ہے کہ بجائے طویل و عریض تقاریر کے مختصراً ان تین سوالوں کے جواب عنایت فرمائیں۔ اور یہ بھی گزارش ہے کہ اگر اذان جمعہ کے بارے میں بھی کچھ تحریر فرمانے کا ارادہ ہو تو وہ بھی جلد طبع کروائیں تاکہ حضور کے دلائل قاطعہ کے مطالعہ سے ہم بھی مشرف ہو سکیں۔

فقط واللہ الهادی الی سبیل الرشاد والعاصم من ظلمات الفتن والفساد

۳ صفر سنہ ۷۲ھ

باب استقبال القبلۃ

حد الانحراف عن القبلۃ :

سوال : ایک مسجد سمتِ قبلہ سے بہت زیادہ منحرف ہے، اس کا شرعاً کیا حکم ہے؟ بینوا بیاناً شافیاً توجروا اجراً وافیاً۔

الجواب منہ الصدق والصواب

بیت اللہ سے پینتالیس درجہ تک انحراف مفسد نہیں، اس سے زیادہ ہو تو مفسد ہے، لہٰذا کسی ریاضی کے عالم سے تحقیق کروالیں کہ مسجد کا انحراف کتنے درجے ہے، کوئی ریاضی داں نہ ملے تو مسجد کی قبلہ والی دیوار کا طول اور قطب نما رکھ کر دیوار کی دونوں طرفوں کا تفاوت نہایت احتیاط سے ناپ کر احقر کی طرف لکھ بھیجیں، دیوار کا طول اور شمالی وجنوبی طرفوں کا تفاوت ناپنے کے لئے سمجھدار اور معتبر شخص کی ضرورت ہے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم ،

غرۂ ربیع الآخر ۷۴ھ

شکاگو کی سمت قبلہ :

سوال : شکاگو میں نماز کس رخ کی طرف پڑھی جائے گی؟ یہاں اس میں اختلاف ہو رہا ہے، آپ کے فیصلے کا انتظار ہے،

الجواب باسم ملہم الصواب

مکہ مکرمہ ، طول شرقی = ۹° ، ۳۹ ، عرض شمالی ۲۵° ، ۲۱ ،

شکاگو (امریکہ) طول غربی = ۳۸° ، ۸۷ ، عرض شمالی ۵۲° ، ۴۱ ، سمت قبلہ ۵۴° ، ۴۸ شمال سے مشرق کی طرف

مم عرض موقع = مم عرض مکہ جم فرق طول ،

مس ، سمت قبلہ = جم عرض موقع مس فرق طول قم (عرض موقع ـ عرض البلد)

۶۸۰ء۴۰ + ۷۸۶۴ء۰ (آ) = ۳۲ ۱۹ ۰ء۱۰ (ـ) = ۷° ، ۳۲ (ـ) = عرض موقع ـ ۵۲° ، ۴۲ = ۵° ، ۵ ، ۶ (ـ)

۹۲۵۱ء۰ آ + ۱۱۹ ۰ء۰ (ـ) + ۱۴۱ ۰ء۰ (ـ) = ۵۱۱ ۰ء۰۶۰ = ۵۴° ، ۴۸

تنبیہ؛ معلوم ہوا ہے کہ وہاں لوگ مشرق کی طرف منہ کرکے نماز پڑھتے ہیں جو بالکل غلط ہے لوگوں کو صحیح سمت سمجھانے کی تدبیر کریں، فقط واللہ تعالیٰ اعلم

غرۂ رمضان ۹۱ھ

ہوسٹن کی سمتِ قبلہ؛

سوال؛ ٹیکساس (U.S.A) کے شہر ہوسٹن (HOUSTON) میں میرا بچہ زیر تعلیم ہے، لہٰذا از راہِ کرم وہاں کی صحیح سمتِ قبلہ نکلوا کر ارسال فرمائیں، جس قدر ہوسکے جواب جلد مرحمت فرمائیں، اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر دے،

الجواب باسم ملہم الصواب

ہوسٹن شہر کی سمتِ قبلہ شمال سے مشرق کی طرف ۴۵ درجے ۳۲ دقیقے پر ہے، یعنی شمال اور مشرق کے تقریباً درمیان میں۔

مکہ مکرمہ، طول شرقی = ۹ء۳۹°، عرض شمالی = ۴ء۲۱°،

ہوسٹن، طول غربی = ۲ء۹۵°، عرض شمالی = ۸ء۲۹°، سمتِ قبلہ = ۵ء۴۵°،

مم عرض موقع = مم عرض مکہ جم فرق طول،

مس سمت قبلہ = جم عرض موقع مس فرق طول قم (عرض موقع ـ عرض البلد)

۴۰۶۸ء۰ + ۶۸۵۰۲ء۰ آر (ـ) = ۶۲۵۷۰ء۰ (ـ) = ۲۹° (ـ)، عرض موقع ۸ء۲۹° = ۸ء۵۸° (ـ)

۶۹۴۱۸ء آ + ۶۹۹۸۵ء آر (ـ) + ۶۰۶۷۱ء۰ (ـ) = ۶۰۰۸۱ء۰ = ۵ء۴۵۶° : شمال سے مشرق کی طرف،

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۴ رجب ۹۳ھ

نیویارک کی سمتِ قبلہ:

سوال؛ نیویارک کی سمتِ قبلہ تحریر فرمائیں، یہاں مشرق سے دس درجے جنوب کی طرف رُخ کیا جاتا ہے،

الجواب باسم ملہم الصواب

یہ سمت غلط ہے، حسب ذیل صحیح سمت کی تبلیغ و اشاعت کریں،

مکہ مکرمہ، طول شرقی = ۹ء۳۹°، عرض شمالی = ۴ء۲۱°،

نیویارک، طول غربی = ۴ء۷۴/۱۰، عرض شمالی = ۴۰°/۴۸، سمت قبلہ = ۵۸°/۲۴ شمال سے مشرق کی طرف،

مم عرض موقع = مم عرض مکہ جم فرق طول،

مس، سمتِ قبلہ = جم عرض موقع مس فرق طول قم (عرض موقع - عرض البلد)

(-)۳۶/۸۴° = ۴۸/۴۰° - عرض موقع = (-) ۴۸/۴۳° = (-) ۰۶۰۱۸۳ = (-) آ ۶۶۱۰۴ + ۰۶۴۰۷۹

۰۶۸۵۸۴ + ۰۰۳۵۰۱ (-) + ۰۰۰۰۱۹ (-) = ۰۶۲۱۰۴ = ۲۲/۵۸° نقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۲۹ ذی الحجہ سنہ ۹۳ھ

جہلم کی سمتِ قبلہ:

سوال: جہلم میں ایک جگہ نئی مسجد تعمیر کرانے کی ضرورت ہے، ہم اس کا رُخ درست کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، اکثر مساجد قدیمہ کا رُخ ۹۰ درجے پر رکھا گیا ہے، اگر ہم اس نئی مسجد کا رُخ ۹۰ پر رکھیں تو مدرسہ کی کافی زمین ضائع ہونے سے بچ جاتی ہے، آپ سے گذارش ہے کہ براہِ کرم مسجد کا صحیح رُخ طے کرنے کے لئے کوئی صحیح طریقہ تحریر فرمائیں،

الجواب باسم ملہم الصواب

جہلم کی صحیح سمت قبلہ شمال سے ۱۰۲° - ۳۲ ہے، تخریج کے لئے بندہ کا رسالہ "ارشاد العابد" ملاحظہ ہو، جہلم میں مقناطیسی قطب ۱° - ۱۰ حقیقی قطب سے مشرق کی طرف ہے، لہٰذا بذریعہ قطب نما سمت قائم کی جائے تو صحیح سمت شمال سے ۱۰۳° - ۴۲ ہو گی، مگر شرعاً اس کی پابندی ضروری نہیں، صحیح سمت سے دونوں جانب ۴۵° درجہ تک انحراف سے بھی نماز صحیح ہو جاتی ہے، لہٰذا شمال سے ۹۰ درجہ پر بناءِ مسجد کی گنجائش ہے، البتہ بہتر یہ ہے کہ صحیح سمت سے جتنا قریب ہو سکے اسے اختیار کیا جائے، بلاضرورت انحراف نہ کیا جائے، نقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۴ جمادی الاولیٰ سنہ ۹۳ھ

سمتِ قبلہ جزیرۂ ٹورنٹو:

سوال: جزیرۂ ٹورنٹو کی سمتِ قبلہ تحریر فرمائیں،

الجواب باسم ملہم الصواب

جزیرۂ ٹورنٹو، طول غربی = ۷۹° / ۲۲، عرض شمالی = ۴۳° / ۳۸، سمتِ قبلہ = ۵۴° / ۳۵ شمال سے مشرق کی طرف،

مم عرض موقع = مم عرض مکہ جم فرق طول،

مس، سمتِ قبلہ = جم عرض موقع مس فرق طول قم (عرض موقع - عرض البلد)

۰٫۰۴۰۷۹ + آ٫۶۸۹۲ (−) = ۰٫۰۰۹۷۱ (−) = ۳۸°/۳۹′ (−) = عرض موقع

۳۸°/۳۹′ (−) − ۴۳°/۳۰′ = ۸۲°/۱۷′ (−)

آ٫۸۹۲۶ + ۰٫۰۲۵۱۵ (−) + ۰٫۰۰۰۳۹ (−) = ۰٫۰۱۴۸۰ (+) = ۵۴°/۳۵′

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۳۰ ر جمادی الاولیٰ سنہ ۱۶

سمتِ قبلہ نیوجرسی:

سوال: نیوجرسی کی سمتِ قبلہ نکلوا کر ممنون فرمائیں،

الجواب باسم ملہم الصواب

نیوجرسی، طول غربی ۷۴°/۳۰′، عرضِ شمالی = ۴۰°/۱۵′، سمت قبلہ = ۵۸°/۸′ شمال سے مشرق کی طرف،

مم عرض موقع = مم عرضِ مکہ، جم فرقِ طول

مس ء سمت قبلہ = جم عرض موقع مس فرق طول قم (عرض موقع − عرض البلد)

۰٫۰۴۰۷۹ + آ٫۶۱۶۱ (−)، ۰٫۰۰۲۳۰ (−) = ۴۳°/۲۹′ (−) = عرض موقع

۴۳°/۲۹′ (−) − ۴۰°/۱۵′ = ۸۳°/۴۴′ (−)

آ٫۸۶۰۵ + ۰٫۰۳۴۳۳ (−) + ۰٫۰۰۰۲۶ (−) = ۰٫۰۲۰۶۴ (+) = ۵۸°/۸′

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۳۰ ر جمادی الاولیٰ سنہ ۹۶

سمتِ قبلہ لندن:

سوال: لندن (مغرب ۰° − ۵′، شمال ۵۱° − ۳۱′) سمت قبلہ تحریر فرمائیں،

الجواب باسم ملہم الصواب

مکہ مکرمہ طول شرقی = ۳۹٫۹°، عرض شمالی ۲۱٫۳۵°

لندن، طول غربی = ۰٫۰۰°، عرض شمالی ۵۱٫۵۲°، سمتِ قبلہ ۱۱۹° شمال سے مشرق کی طرف،

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۲۹ ر شوال سنہ ۹۹ھ

سمت قبلہ ونّیپگ (کینیڈا)

LN 58 ASQ883

LT 332P CR WINNIPGE MAN 7 38

LT

MUFTI RASHID AHMED LUDHANVI DAR UL-IFTAE WAL-IRSHAD

NAZIM ABAD NO.4

KARACHI

DETERMINE THE DIRCTION OF QIBLA FOR WINNIPEG 97 DEGRE

15 MINUTES WEST 49 DEGREE 54 MINUTES NORTH INFORM BY

CABLE URGENT PLEASE

AYUB HAMID 529 STYLES STREET WINNIPEG

الجواب باسم ملهم الصواب

LT

AYUB HAMID 800P-9

529 STYLESSTREET

WINNIPEG

WINNIPEG WEST 97.25° NORTH 49.9° QIBLA DIRECTION

39.93° NORTH TO EAST

REFER MY BOOK IRSHADULABID FORMULA NO: 1/2

۸ ذی الحجہ ۹۸ھ

MUFTI RASHID AHMAD.

استقبالِ حطیم سے نماز نہیں ہوگی:

سوال: استقبالِ حطیم سے نماز صحیح ہوگی یا نہیں؟ اگر نہیں تو اس کی کیا وجہ ہے؛ جبکہ حطیم بھی درحقیقت بیت اللہ ہی کا حصہ ہے، بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

کُل حطیم بیت اللہ کا جزء نہیں بلکہ اس میں سے صرف چھ ذراع بیت اللہ کا حصہ ہے، اوّلاً بیت اللہ کی جزئیت اور ثانیاً اس کی تقدیر چھ ذراع سے یہ دونوں امر ظنی ہیں اور حکم استقبال قطعی ہے، اس لئے استقبالِ حطیم سے نماز صحیح نہیں ہوگی، قال فی الشامیۃ فانہ اذا استقبلہ المصلی لم تصح صلاتہ لان فرضیۃ استقبال القبلۃ ثبتت بالنص القطعی وکون الحطیم من الکعبۃ ثبتت بالاٰحاد فصار کأنہ من الکعبۃ من وجہ دون وجہ الخ (ردّ المحتار، ص ۱۸۲ ج ۱، مبحث الطواف) فقط واللہ تعالیٰ اعلم، ۱۱ محرم الحرام ۸۸ھ

قبلہ معلوم نہ ہو تو کیا کرے؟:

سوال: زید نے ناواقفیت کی وجہ سے قبلہ کی طرف مُنہ کرکے نماز ادا نہ کی، کچھ فرق رہ گیا، بعد میں معلوم ہوا تو یہ نماز واجب الاعادہ ہوگی یا نہ؟ جبکہ زید کو قبلہ معلوم نہ ہو، خواہ واقعہ سفر کا ہو یا گھر کا، بینوا توجروا۔

الجواب باسم ملہم الصواب

اگر قبلہ معلوم کرنے کا کوئی ذریعہ نہ ہو، مثلاً کسی مسجد کے رُخ سے یا ستاروں سے یا قطب نما وغیرہ سے، اور نہ ہی وہاں کوئی ایسا آدمی ہو جو قبلہ کی رہنمائی کرسکے تو تحرّی فرض ہے، یعنی حسبِ قدرت غور و خوض کرنے پر جس طرف قلب شہادت دے اس طرف نماز پڑھ لے، نماز سے فراغت کے بعد اگر اس جہت کا غلط ہونا ثابت ہوجائے تو نماز کا اعادہ واجب نہیں، اور اگر قبلہ دریافت کرنے کا کوئی ذریعہ موجود ہوتے ہوئے بھی اس سے کام نہیں لیا بلکہ تحرّی کرکے نماز پڑھ لی، تو اگر جہتِ قبلہ کی طرف رُخ کیا ہو یعنی بیت اللہ کی ہر دو جانب ۴۵ درجہ کے اندر رہو تو نماز ہوگئی، ورنہ واجب الاعادہ ہے، اگر قبلہ دریافت کرنے کا کوئی ذریعہ نہ ہونے کی حالت میں بدون تحرّی نماز پڑھے گا تو یہ نماز صحیح نہ ہوگی اگرچہ صحیح سمت کی طرف ہی پڑھی ہو، بلکہ اگر نماز کی حالت میں یقین بھی ہوجائے کہ اس کا رُخ صحیح سمت کی طرف ہے تو بھی نماز نہیں ہوتی، البتہ اگر نماز سے فارغ ہونے کے بعد اس سمت کی صحت کا یقین ہوا تو یہ نماز واجب الاعادہ نہیں، قال فی العلائیۃ و یتحرّی ھو بذل المجھود لنیل

المقصود عاجز عن معرفۃ القبلۃ بما مرّ فان ظہر خطؤہ لم یعد، وفی الشامیۃ (قولہ بما مرّ متعلق بمعرفۃ والذی مرّ ہو الاستدلال بالمحاریب والنجوم والسؤال من العالم بہا فاذا انہ لا ینحرّی مع القدرۃ علی احد ہذہ حتی لو کان بحضرتہ من یسئلہ ولم یسألہ ان اصاب القبلۃ جاز لحصول المقصود والّا فلا الخ (ردّ المحتار ص ۴۰۳ ج ۱) وفی العلائیۃ وان شرع بلا تحرّ لم یجز وان اصاب لترکہ فرض التحرّی الّا اذا علم اصابتہ بعد فراغہ فلا یعید اتفاقاً، وقال ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ (قولہ وان شرع) الضمیر راجع الی العاجز ای اذا اشتبہت علیہ القبلۃ وعجز عن معرفتہا بالادلّۃ المارۃ فقبلتہ جہۃ تحریہ فلو شرع بلا تحر لم تجز صلوتہ مالم یتیقن بعد فراغہ انہ اصاب القبلۃ لان الاصل عدم الاستقبال استصحاباً للحال فاذا تبیّن یقیناً انہ اصاب ثبت الجواز من الابتداء وبطل الاستصحاب حتی لو کان اکبر رأیہ انہ اصاب فالصحیح انہ لایجوز کما فی الحلیۃ عن الخانیۃ ولو تیقن فی اثناء صلوتہ لایجوز خلافاً لابی یوسف رحمہ اللہ تعالیٰ لان حالہ بعد العلم اقوی وبناء القوی علی الضعیف لایجوز (ردّ المحتار ص ۴۰۵ ج ۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۱۶ رجب ۸۸ھ

مکہ مکرمہ میں استقبال کعبہ کا حکم:

سوال: مکہ مکرمہ کے شہر میں مسجد حرام کے باہر سمت قبلہ کا تعین اور استقبال قبلہ کس طرح کیا جائے؟ جبکہ درمیان میں اونچی اونچی عمارتیں حائل ہیں۔ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملہم الصواب

جو شخص بلندی پر چڑھ کر عمارت کعبہ دیکھ سکتا ہو اس کے لئے استقبال عین کعبہ ضروری ہے ورنہ تحرّی سے جہت کعبہ کی تعیین کافی ہے، قال فی شرح التنویر فللمکیّ اصابۃ عینہا یعم المعاین وغیرہ لکن فی البحر انّہ ضعیف والاصح ان ما بینہ وبینہا حائل کالغائب وفی الحاشیۃ عن الفتح وعندی فی جواز التحری مع امکان صعودہ اشکال لان المصیر الی الدلیل الظنی وترک القاطع مع امکانہ لایجوز وقد قال فی الہدایۃ والاستخبار فوق التحرّی فاذا امتنع المصیر الی ظنی لامکان ظنی اقوی منہ فکیف یترک الیقین مع الظنّ اھ (ردالمحتار ص ۳۹۷ ج ۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۱۷ رجب ۹۰ھ

نماز کے اندر قبلہ سے سینہ پھر جانے کا حکم:

سوال: کیا حکم ہے شریعت کا اس مسئلہ میں کہ نماز کے اندر عذر سے یا بدون عذر کس قدر سینہ پھر جائے تو نماز فاسد ہوگی؟ بینوا توجروا،

الجواب باسم ملهم الصواب

بیت اللہ سے ۴۵ درجہ کے اندر انحراف ہو تو بہرصورت نماز ہو جائے گی، اس سے زیادہ انحراف اگر قصداً کیا تو بہرصورت نماز فاسد ہوگئی، اور اگر غیر اختیاری طور پر سینہ پھر گیا اور تین بار سُبْحَانَ رَبِّيَ الْأَعْلٰى کہنے کی مقدار تک رُکا رہا تو نماز فاسد ہوگئی ورنہ نہیں، فی مفسدات الصلوٰۃ من التنویر وتحویل صدرہ عن القبلۃ بغیر عذر، وفی الشامیۃ عن البحر والحاصل ان المذھب انہ اذا حول صدرہ فسدت وان کان فی المسجد اذا کان من غیر عذر کما علیہ عامۃ الکتب اھ، واطلقہ فشمل ما لو قل اوکثر وھذا لو باختیارہ والا فان لبث مقدار رکن فسدت والا فلا، کما فی شرح المنیۃ من فصل المکروھات، (رد المحتار ص ۵۸۶ ج ۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

۱۸ر ذی قعدہ سنہ ۹۵ھ

بنما بصاحبِ نظرے گوہرِ خود را
عیسیٰ نتواں گشت بتصدیق خرے چند

المشرفی علیٰ المشرق

عنایت اللہ مشرقی اور سمتِ قبلہ
بے نظیر جہلِ مرکّب

المشرقی

تاریخِ تالیف ـــــ ۲۹ رجب ۱۳۶۳ھ
اشاعتِ اول ـــــ ۱۳۶۳ھ

اشاریہ :-

عنایت اللہ مشرقی اور سمت قبلہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بعد الحمد والصلوٰۃ - اخبار مدینہ بجنور بابت ۲۵ مارچ سنہ ۴۴ء میں ایک مضمون بعنوان "قبلہ کدھر ہے" نظر سے گزرا، جس میں مسٹر عنایت اللہ مشرقی کا سمت قبلہ کے متعلق اعتراض نقل کیا گیا ہے۔ شاید بعض لوگوں کی پریشانی کا باعث بنے اس لئے شرعی حیثیت سے اس مسئلہ پر مختصر طور پر روشنی ڈالنا ضروری سمجھتا ہوں۔ قبل از مقصد اوّلاً یہ جان لینا ضروری ہے کہ یہ اعتراض کوئی نیا اعتراض نہیں جس پر مشرقی صاحب فخر کرتے ہیں بلکہ صدیوں سے اس مسئلہ پر بحث چلی آئی ہے۔ شرعی اور فلکیاتی حیثیت سے علماء اُمت کی اس پر متعدد تصانیف مختلف زبانوں میں مل سکتی ہیں۔ حضرت مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی اور حضرت مولانا محمد صاحب لدھیانوی کا پنجاب کی ایک مسجد کے متعلق مکالمہ بھی ہوا تھا۔

دوم یہ کہ غلطی تو انسان سے ہو ہی جاتی ہے مگر غلطی پر اڑنا اور فخر کرنا اس کی نظیر مشرقی صاحب سے پہلے کہیں دیکھی یا سُنی نہیں تھی۔ سو معلوم ہونا چاہیے کہ اس مسئلہ میں قابلِ نظر تین چیزیں ہیں۔

(۱) استقبالِ قبلہ جو نماز میں فرض ہے اس کی حد ضروری کیا ہے ؟

(۲) بلادِ بعیدہ میں اس ضروری سمت قبلہ کے معلوم کرنے کا شرعی طریق کیا ہے ؟

(۳) قواعد ریاضیہ کا استعمال اس کام کے لئے جائز و معتبر ہے یا نہیں۔ اگر ہے تو کس درجہ میں؟

یہ تینوں مسئلے جدا جدا سمجھ لئے جائیں تو مسئلہ زیرِ بحث خود بخود حل ہو جائے گا۔

پہلا مسئلہ، اس کے متعلق قرآنی حکم ہے "فولّ وجھک شطر المسجد الحرام" اور "فولّوا وجوھکم شطرہ" یعنی بوقتِ نماز اپنے چہروں کو مسجدِ حرام کی طرف کرو۔ اس آیت میں بیت اللہ کی بجائے مسجد حرام (جو کہ بیت اللہ سے زیادہ وسیع ہے) کی طرف توجہ کا حکم دینے سے معلوم ہوتا ہے کہ استقبال قبلہ کے مسئلہ میں شریعت سہلہ نے تضییق نہیں رکھی بلکہ کسی قدر وسعت ہے جس کی تائید و تحدید آئندہ بیان سے ہوگی۔ مدینہ منورہ اور اسی طرح مکہ معظمہ سے دوسرے شمالی علاقوں کے متعلق آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے "مابین المشرق والمغرب قبلۃ" یعنی تمہارے لئے مشرق اور مغرب کے درمیان قبلہ ہے۔ اس حدیث سے نقطۂ مشرق و مغرب کی درمیانی قوس یعنی نصف دائرہ (۱۸۰ درجہ) کی مقدار کے متعلق جہت قبلہ ہونے کا دعویٰ کیا جا سکتا تھا، لیکن محققین اُمت نے اسقدر وسعت مراد نہیں لی۔ بلکہ حدیث کو عرف عام پر محمول کر کے مشرق و مغرب سے نقطۃ المشرق والمغرب کی بجائے جہۃ المشرق والمغرب مراد

لے کر اس کا مابین جہت جنوب ربع دائرہ (۹۰ درجہ) لیا ہے۔ یعنی بیت اللہ کی دونوں جانب ۴۵-۴۵ درجہ تک، اور اسی تفصیل کے موافق مشرق والوں کے لئے جہت شمال و جنوب کے درمیان جہت مغرب قبلہ ہے۔ اسی چیز کو فقہاءِ کرام رحمہم اللہ تعالیٰ نے اس طرح بیان فرمایا ہے کہ مصلی کے وسط جبہہ سے خطِ مستقیم نکل کر عین کعبہ پر گزرے تو یہ قبلہ مستقیم ہے۔ اور اگر وسط جبہہ سے نکلنے والا خط تو عین کعبہ پر نہیں پہنچتا مگر مصلی کے جبہہ کے اطراف میں سے کسی طرف سے خارج خط عین کعبہ پر پہنچے تو انحراف قلیل ہے ورنہ انحراف کثیر ہے جو مفسدِ صلوٰۃ ہے۔ اور علماءِ ہیئت و ریاضی نے انحرافِ قلیل وکثیر کی تعیین اس طرح کی ہے کہ ۴۵ درجہ تک انحراف ہو تو قلیل اس سے زائد ہو تو کثیر مفسدِ صلوٰۃ ہے (کما فی الخیریۃ) استقبال قبلہ کے مسئلہ میں شریعت کی مندرجہ بالا وسعت سے یہ بھی معلوم ہوگیا کہ انحراف قلیل جو عام طور پر کہیں جنوباً اور کہیں شمالاً واقع ہوجاتا ہے یہ نا قابلِ التفات ہے۔ اس کی وجہ سے نہ کسی مسجد کی جہت قبلہ بدلنے کی ضرورت ہے نہ اس کو قائم رکھتے ہوئے کسی طرف مائل ہونے کی حاجت۔ مگر جس کی طبیعت میں تنگ دلی بھری ہوئی ہو اور شریعت کی سماحت اور وسعت سے نا آشنا ہو وہ جمیع اُمت کی نمازوں کے فساد اور مساجد کے گرانے کا حکم دے دیگا ؎

سرِّ خدا کہ عابد و زاہد کسے نہ گفت　　　در حیرتم کہ بادہ فروش از کجا شنید

دوسرا مسئلہ، بلادِ بعیدہ میں سمت قبلہ معلوم کرنے کا شرعی طریق کیا ہے اور صحابہ، تابعین اور جمہور اُمت کا اس میں تعامل کس طرح ہے۔ اس بارہ میں پہلے بطور مقدمہ یہ بتلا دینا مناسب ہے کہ شریعت کے تمام احکام کی بنیاد یسر و سہولت اور سادگی و بے تکلفی پر ہے۔ فلسفیانہ تدقیقات پر نہیں کیونکہ اس شریعت کا دائرہ حکومت تمام عالم کے بحر و بر اور اسود و احمر شہری و دیہاتی آبادیوں اور ان کے سکان پر حاوی ہے۔ اسلامی فرائض نماز روزہ وغیرہ جس طرح شہریوں پر عائد ہیں اسی طرح دیہاتیوں اور پہاڑوں، دروں اور جزائر کے رہنے والے ناخواندہ و ناواقف لوگوں پر بھی عائد ہیں۔ اور جو احکام اس درجہ عام ہوں ان میں مقتضائے عقل و حکمت و رحمت یہی ہے کہ ان کو تدقیقات فلسفیہ اور قواعدِ ریاضیہ یا آلاتِ رصدیہ پر موقوف نہ رکھا جائے تاکہ ہر خاص و عام خواندہ ناخواندہ باآسانی اپنے فرائض انجام دے سکے۔ شریعت کے تمام تر احکام اسی نظریہ کے تحت بالکل آسان اور سادہ طریقہ پر آئے۔ روزۂ رمضان کا مدار چاند دیکھنے پر رکھا گیا۔ حسابات ریاضیہ کا اعتبار نہیں کیا گیا۔ مہینے قمری رکھے گئے جن کا مدار رؤیتِ ہلال پر ہے شمسی مہینوں کو نہیں لیا گیا اسلئے کہ انکا مدار حسابات ریاضیہ پر ہے۔ اسی طرح احکام اسلامیہ کے تتبع سے بکثرت اس کے نظائر معلوم کئے جا سکتے ہیں۔ اس مختصر

مقدمہ کے بعد مسئلہ زیر بحث میں بھی یہ فیصلہ کرنا آسان ہوگیا کہ سمت قبلہ جس کا ہر مسلمان دن میں پانچ مرتبہ مأمور ہے اس کے لئے شریعت نے ضرور کوئی آسان اور سادہ طریقہ اختیار کیا ہوگا جس کو ہر شہری و دیہاتی بسہولت عمل میں لاسکے۔ چنانچہ اس سے متعلق آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابۂ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا طرز عمل ملاحظہ ہو۔

① اس پر اتفاق ہے کہ مسجد حرام کے بعد سب سے پہلی مسجد جو اسلام میں بنائی گئی وہ مسجد قبا ہے۔ اس مسجد کی بنیاد تو اس وقت پڑی تھی جبکہ مسلمانوں کا قبلہ بیت المقدس تھا۔ پھر جب تحویل قبلہ کی آیت نازل ہوئی تو اس کی خبر لیکر قبا میں ایک صحابی ایسے وقت پہنچے کہ اس مسجد میں نماز ہو رہی تھی۔ یہ خبر سنتے ہی امام اور پوری جماعت بیت اللہ کی سمت کی طرف پھر گئی۔ یہ واقعہ عام کتب حدیث اور تفسیر میں منقول ہے اس واقعہ کی اطلاع آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو ہوئی تو آپ نے ان لوگوں کے اس فعل کی تصویب فرمائی۔ ظاہر ہے کہ حالت نماز میں جو سمت قبلہ اہل قبا نے اختیار کی اس میں آلاتِ ریاضیہ اور اصطرلاب کا دخل نہیں ہوسکتا۔ محض تخمینہ و تحری سے سمت قائم کی گئی پھر نماز کے بعد بھی کہیں منقول نہیں کہ اس تحری و تخمینہ کے سوا کوئی دوسرا انتظام کیا گیا ہو۔

② حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے عہد خلافت میں تمام اسلامی قلمرو میں ہر صوبہ کے عامل کے نام فرمان بھیجے کہ ہر صوبہ میں مساجد بنائی جائیں۔ عمالِ حکومت نے حکم کی تعمیل کی مگر سمت قبلہ معلوم کرنے کے لئے نہ تو حضرت عمر نے کوئی انتظام کیا اور نہ ہی عمالِ حکومت نے حسابات ریاضیہ کو استعمال کیا بلکہ تحری و تخمینہ سے مساجد تعمیر کی گئیں۔

③ علامہ مقریزی نے کتاب الخطط ص ۲۴۶ و ص ۲۴۷ ج ۲ میں نہایت وضاحت کے ساتھ لکھا ہے کہ حضرات صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے مصر اور دوسرے بلاد میں اسی طرح موٹے موٹے آثار و نشانات شمس و قمر کے ذریعہ اندازہ و تحری سے کام لیا اور مساجد بنائیں اور عام مسلمانوں نے انکا اتباع کیا۔ البتہ احمد بن طولون نے جب مصر میں جامع مسجد کی بنیاد ڈالی تو مدینہ طیبہ آدمی بھیجکر مسجد نبوی کی سمت قبلہ خاص طریق پر دریافت کروائی اور اسکے موافق مسجد بنائی جو عمرو بن العاص فاتح مصر کی جامع مسجد سے کسی قدر منحرف ہے لیکن علماء نے جامع عمرو بن العاص کے اتباع کو اولیٰ قرار دیا ہے اور مصر و اطراف مصر کی عامہ مساجد اسی کے مطابق ہیں۔ حالانکہ مصر جیسا شہر قواعد ریاضیہ کے جاننے والوں سے خالی نہیں ہوسکتا۔

④ علماءِ اُمت کا اتفاق ہے کہ دنیا کی تمام مساجد محض تحری و تخمینہ سے قائم کی گئی ہیں لیکن مسجد نبوی کی سمت بطور وحی و مکاشفہ قائم کی گئی ہے۔ حق تعالیٰ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے بیت اللہ

کو بطور معجزہ کر دیا تھا اس کو دیکھ کر آپ نے مسجد مدینہ کی بنیاد رکھی (کذا فی البحر الرائق ورد المحتار) اس لئے باجماع اُمت مسجد نبوی کی سمت بالکل یقینی ہے۔ لیکن حسابات ریاضیہ سے جانچا گیا تو وہ بھی صحیح نہیں اُتری۔ چنانچہ امیر مصر ابن طولون نے جب مصر میں اپنی جامع مسجد بنانے کا ارادہ کیا تو چند ماہرین ہندسہ کو مدینہ منورہ بھیجکر پہلے مسجد نبوی کی سمت قبلہ کو آلات ریاضیہ سے جانچا تو معلوم ہوا کہ آلات کے ذریعہ نکالے ہوئے خط سمت قبلہ سے مسجد نبوی کی سمت قبلہ دس درجہ مائل بجنوب ہے۔ جیساکہ مقریزی نے کتاب الخطط ج ۲ ص ۲۵۶ میں بالفاظ ذیل اس کا ذکر کیا ہے۔

"ان احمد بن طولون لمّا عزم علی بناء ھذا المسجد بعث الی محراب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من اخذ سمتہٗ فاذا ھو مائل عن خط سمت القبلۃ المستخرج بالصناعۃ نحو عشر درج الی جھۃ الجنوبیۃ انتہیٰ"

اب وہ لوگ جو آلات رصدیہ پر سمت قبلہ کا مدار رکھنا چاہتے ہیں اور ان پر فخر کرتے ہیں وہ دیکھیں کہ ان کی تجویز پر تو مسجد نبوی کی سمت قبلہ بھی پوری نہیں اُترتی۔ معلوم نہیں کہ مشرقی صاحب جو ہندوستانی مساجد میں ان ہی حسابات کی بنا پر نماز ناجائز قرار دیتے ہیں مسجد نبوی کے متعلق کیا فتوی صادر فرمائیں گے۔ مشرقی صاحب کچھ بھی کہیں لیکن مذکور الصدر تعامل مسلمانوں کے اطمینان کے لئے انشاء اللہ کافی اور وافی ہے۔

یہانتک تقریر کا خلاصہ یہ ہے کہ سمت قبلہ معلوم کرنے میں سلف کا طریقہ یہ ہے کہ جن بلاد میں مساجد قدیمہ موجود ہوں ان کا اتباع کیا جائے اور جن جنگلات یا نو آبادیات میں مساجد قدیمہ موجود نہ ہوں وہاں شمس و قمر اور قطب وغیرہ کے مشہور ومعروف ذرائع سے اندازہ قائم کر کے سمت متعین کر لی جائے اس میں معمولی میلان وانحراف بھی رہے تو اسے نظر انداز کیا جائے کیونکہ حسب تصریح صاحب بدائع ان بلاد بعیدہ میں تحری واندازہ سے قائم کردہ جہت ہی قائم مقام کعبہ ہے اور اسی پر احکام دائر ہیں، جیسے شریعت نے نیند کو قائم مقام خروج ریح قرار دیکر اسی پر نقض وضو کا حکم کر دیا سفر کو قائم مقام مشقت قرار دیکر اسی پر مطلقاً رخصتیں مرتب کر دیں۔ حقیقۃً مشقت ہو یا نہو اسی طرح بلاد بعیدہ میں مشہور ومعروف نشانات وعلامات کے ذریعہ جو سمت قبلہ تحری واندازہ سے قائم کی جائے گی وہی قائم مقام کعبہ ہو گی۔

تیسرا مسئلہ، قبلہ دریافت کرنے کے لئے آلات ریاضیہ کا استعمال جائز ہے یا نہیں، اسکے متعلق نتیجہ پر پہنچنے سے قبل چند مقدمات قابل ذکر ہیں۔

(۱) اوپر مذکور ہوا کہ شریعت کا ہر فعل یسر وسہولت پر مبنی ہے۔ جس قدر کوئی کام عام ہو گا،

عـہ ان ماہرین کی تخریج غلط تھی، صحیح تخریج مسجد نبوی کی سمت قبلہ کے عین مطابق ہے ۱۲ رشید احمد عفا اللہ عنہ

اسی قدر اسمیں سہولت زیادہ ہوگی اور آلات وحسابات ریاضیہ اسقدر عام نہیں کہ ہر شخص کو ہر جگہ میسّر آسکیں۔

(۲) حساباتِ ریاضیہ وآلاتِ رصدیہ کے ذریعہ بھی عینِ کعبہ تو درکنار مسجدِ حرام بلکہ مکّہ مکرمہ کے استقبال کا بھی یقین نہیں ہوسکتا مندرجہ ذیل وجوہ کی بناپر۔

(۱) فلکیات کی عام کتابوں میں سمتِ قبلہ کے جو طریقے لکھے جاتے ہیں یا سمتِ قبلہ کے جو نقشے مرتب کئے جاتے ہیں وہ تقریبی ہوتے ہیں۔

(۲) سمتِ قبلہ معلوم کرنے کے لئے اگر وہ طریقے بھی استعمال کئے جائیں جن کو تحقیقی کہا جاتا ہے تو بھی بالکل صحیح سمت نہیں نکالی جاسکتی۔ کیونکہ ہر مقام کا بالکل صحیح طول البلد وعرض البلد معلوم کرنا مشکل ہے۔ ذرا سے تفاوت سے بھی نتیجہ مختلف ہوگا اور نتیجہ میں ذرا سے فرق سے بھی دور جاکر کئی میلوں کا فرق پڑجاتا ہے۔

(۳) کسی شہر میں ایک مخصوص مقام کا طول وعرض لیکر سمتِ قبلہ نکالی گئی تو اسی شہر کے دوسرے مقامات کا طول وعرض اس مقام سے مختلف ہونے کی وجہ سے ان کی سمتِ قبلہ بھی اس مقام کی سمتِ قبلہ سے مختلف ہوگی اور اس شہر کی مضافات کی سمتِ قبلہ میں تو اور بھی زیادہ فرق ہوگا اور ہر مقام کی الگ سمتِ قبلہ نکالنا ناممکن ہے۔

(۴) بالکل صحیح سمت کی تعیین فرض بھی کرلی جائے تو عملی طور پر استقبالِ کعبہ یا مسجدِ حرام بلکہ استقبالِ مکّہ مکرمہ کا بھی یقین نہیں کیا جاسکتا اس لئے کہ کسی جانب بال برابر بھی انحراف ہوگیا تو نمازی کا رُخ مکہ مکرمہ سے میلوں دُور ہوجائے گا۔

(۳) اس فن میں ماہرین کی بنسبت مسٹر مشرقی کی طرح مدعین کی تعداد بہت زیادہ ہے جن کو سمتِ قبلہ نکالنے کا شوق تو ہے اس لئے وہ اس کام میں پیش پیش رہتے ہیں مگر فن میں مہارت نہ رکھنے کی وجہ سے غلط سمت نکالتے ہیں یا فلکیات کی عام کتابوں کے مطابق تقریبی طریقے استعمال کرتے ہیں یا تقریبی نقشوں کے ذریعے سمتِ قبلہ معلوم کرتے ہیں اس لئے ان میں اختلاف رونما ہوتا ہے بلکہ طول البلد وعرض البلد قدرے مختلف لے لینے کی وجہ سے ماہرینِ فن کی نکالی ہوئی سمتِ قبلہ بھی ایک دوسرے سے کچھ مختلف ہوجاتی ہے اس کی وجہ سے عوام میں اختلاف وانتشار پیدا ہوتا ہے۔

(۴) بلاوجہ شبہاتِ فلسفیہ وریاضیہ میں پڑنا شرعاً مذموم وموجبِ تشویش ہے۔ بسااوقات ان تدقیقات میں پڑنے کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ حضور کریم صلی اللہ علیہ وسلم، صحابۂ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم،

تابعین رحمہم اللہ تعالیٰ اور عامۃ المسلمین پر بدگمانی ہوجاتی ہے کہ ان کی نمازیں اور قبلہ درست نہیں۔ حالانکہ یہ باطل محض اور سخت جسارت ہے۔

ان مقدمات سے روزِ روشن کی طرح واضح ہوگیا کہ سمت قبلہ میں آلات ریاضیہ کا التزام مذموم ہے۔ آٹھویں صدی ہجری کے مشہور و معروف عالم علامہ ابن رجب حنبلی اسی بنا پر سمت قبلہ میں آلاتِ رصدیہ و تدقیقات ریاضیہ میں پڑنے کو منع فرماتے ہیں۔ امام احمد سے بھی سمت قبلہ میں آلاتِ رصدیہ استعمال کرنے کی ممانعت منقول ہے۔

مذکور الصدر مضمون ایک سلیم الطبع طالبِ حق مسلمان کی تسکین کے لئے کافی ووافی ہے۔ البتہ جس کی طبیعت میں عناد واعتساف گھر کرچکا ہو اس کا کوئی علاج نہیں "ومن یضلل اللہ فلا ھادی لہ"

مشرقی صاحب علماء کو علم ریاضی سے ناواقف گردانتے ہیں اور اپنے کو اس فن میں یکتا خیال فرمارہے ہیں اور بعض سادہ لوح لوگ ان کو علامہ کے لقب سے یاد کررہے ہیں انھیں واضح ہو کہ قواعد ریاضیہ کی مدد سے کسی مقام کی سمت کی تخریج تو ہر ریاضی دان کرسکتا ہے مگر سمت قبلہ کی شرعی حیثیت کی تعیین اور اس کے پیش نظر نماز کی صحت یا فساد کا حکم لگانا صرف علماء شریعت ہی کا کام ہے، مشرقی صاحب اگرچہ بزعم خود علوم شرعیہ میں بھی اپنی نظیر نہیں رکھتے مگر حقیقت یہ ہے کہ وہ علوم شرعیہ میں ایک طفل مکتب کی حیثیت بھی نہیں رکھتے۔ ہاں اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (فداہ ابی وامی) اور آپ کے اصحاب وتابعین بلکہ جمیع امت کو گمراہی کی طرف منسوب کرنے کا نام علم ہے تو ایسا علم انہی کو مبارک ہو "ونعوذ باللہ من ذلک" مشرقی صاحب کے علمی پایہ کو اچھی طرح سے تو وہی لوگ سمجھ سکتے ہیں جو علوم عربیہ سے کچھ واقفیت رکھتے ہیں مگر بعض چیزیں ایسی ہیں کہ معمولی پڑھا لکھا آدمی بھی انھیں دیکھ کر مشرقی صاحب کی قابلیت معلوم کرسکتا ہے۔ بطور نمونہ صرف ایک مثال پیش کی جاتی ہے۔

آیت قرآنیہ "وکفی اللہ المؤمنین القتال" کا ترجمہ بیان کرتے ہیں:

"مؤمن کے لئے صرف ایک عمل کفایت کرتا ہے وہ سپاہی بن کر لڑنا ہے"

تفسیر ماثور اور مراد الٰہی کے خلاف ہونے سے قطع نظر ادنیٰ صرف نحو پڑھا ہوا طالب علم بھی سمجھ سکتا ہے کہ یہ ترجمہ اس عبارت کا کسی طرح ہوہی نہیں سکتا۔

بے نظیر جہل مرکب

مسٹر مشرقی سے متعلق یہ تو پہلے ہی سے معلوم تھا کہ وہ علم دین سے بالکل کورے ہیں، علم دین سے

ان کو دُور کا بھی کوئی واسطہ نہیں۔ اکبر مرحوم کا یہ شعر ان پر بالکل صحیح منطبق ہوتا ہے ؎

انھوں نے دین کب سیکھا ہے رہ کر شیخ کے گھر میں
پلے کالج کے چکر میں مرے صاحب کے دفتر میں

مگر ان کے بانگ دہل دعووں، مختلف علوم و فنون میں ولایت سے کئی درجن ڈگریاں حاصل کرنے کی تشہیر اور بے بصیرت عوام کی طرف سے ملے ہوئے خطاب "علامہ" کے پیشِ نظر خیال تھا کہ آپ فنون دنیویہ میں یقیناً مہارت رکھتے ہونگے، لیکن آپ کے رسالہ "مولوی کا غلط مذہب ۹" میں سمت قبلہ سے متعلق آپ کا مضمون دیکھ کر ہماری یہ خوش فہمی بھی حیرت وتعجب سے بدل گئی اور یہ حقیقت منکشف ہوئی کہ فنون دنیویہ میں بھی آپ کا مبلغ علم صرف چند اصطلاحی الفاظ رٹ لینے تک محدود ہے۔ البتہ اگر آپ واقعۃً کئی ولایتی ڈگریوں کے مالک ہیں تو اس کی وجہ سوائے اس کے اور کچھ نہیں کہ اہلِ یورپ کو ایسے احمق سے اسلام کی تخریب اور اہلِ اسلام میں ارتداد پھیلانے کا کام لینا مقصود تھا۔

اب مختلف فنون میں آپ کی قابلیت کے چند نمونے ملاحظہ فرمائیں۔

مسٹر مشرقی اور علم ریاضی :

آپ نے صرف ایک مضمون "سمت قبلہ" میں ریاضی کی کئی فحش غلطیاں کی ہیں۔

(۱) غرور کے وبال سے سمتیں اُلٹ گئیں۔

فرماتے ہیں،

" لاہور کی مسجدوں کا رُخ صحیح رُخ سے قریباً ۲۵ درجہ جنوب کی طرف ہٹا ہے"

آپ کا مقصد یہ ہے کہ لاہور کی مسجدوں کا رُخ نقطۂ مغرب کی طرف ہے جو صحیح سمت قبلہ سے ۲۵ درجہ جانب جنوب میں ہے، یعنی لاہور کی صحیح سمت قبلہ نقطۂ مغرب سے ۲۵ درجہ شمال کی طرف ہے۔

آج تک کسی سطحی سے سطحی فہم والے نے بھی لاہور کی سمت قبلہ کا انحراف شمالی نہیں بتایا، ملاؤں کا مذاق اُڑانے والے پُرغرور دماغ سے اللہ تعالیٰ نے شمال وجنوب کا امتیاز سلب فرمالیا اور ٹیڑھے دماغ کی کج فہمی کے اظہار کے لئے مسٹر مشرقی کے خیال میں شمال کو جنوب اور جنوب کو شمال بنادیا۔

(۲) لاہور کی سمت قبلہ،

آپ فرماتے ہیں کہ لاہور کی مسجدیں نقطۃ المغرب کی طرف ہیں اور صحیح رُخ سے ۲۵ درجہ منحرف ہیں یعنی آپکے خیال میں لاہور کی صحیح سمت قبلہ نقطۃ المغرب سے ۲۵ درجہ منحرف ہے حالانکہ لاہور کی سمتِ قبلہ نقطۃ المغرب سے ۲۵ درجہ نہیں بلکہ ۹، ۹ درجہ مائل بجنوب ہے۔ صورت تخریج ملاحظہ ہو۔

مکہ مکرمہ ، طول = ۳۹ر۹ْ ، عرض = ۲۱ر۴ْ ،

لاہور ، طول = ۷۴ر۳ْ ، عرض = ۳۱ر۶ْ ، سمت قبلہ = ۹ر۹ْ بطرف جنوب

تم عرض موقع = تم عرض مکہ جم فرق طول

مس ۓ سمت قبلہ = جم عرض موقع مس فرق طول قم (عرض موقع ـ عرض البلد)

۰ر۴۰۶۸ + ۱̄ر۹۱۶۵ = ۰ر۳۲۳۳ = ۲۵ر۴ْ (عرض موقع) − ۳۱ر۶ْ = ۶ر۲ْ (−)

۱̄ر۹۵۵۸ + ۱̄ر۸۳۵۵ + ۰ر۹۶۶۶ (−) = ۰ر۷۵۷۹ (−) = ۸۰ر۱ْ (−)

= ۹۹ر۹ْ − ۹۰ْ = ۹ر۹ْ بجانب جنوب

③ لاہور سے مکہ مکرمہ کا فاصلہ ،

آپ نے لاہور سے مکہ مکرمہ ۲۳۰۰ میل بتایا ہے ، حالانکہ صحیح فاصلہ ۲۲۳۰ر۵ میل ہے ۔ صورت تخریج یوں ہے ۔

جب ما بین البلدین = جم عرض مکہ جب فرق طول قم ۓ سمت قبلہ ،

۱̄ر۹۶۹۰ + ۱̄ر۷۵۲۰ + ۰ر۰۰۶۵ = ۱̄ر۷۲۷۵ = ۳۲ر۲۸ْ × ۶۹ر۱ میل = ۲۲۳۰ر۵ میل

دوسرا قاعدہ :

تم عرض موقع = تم عرض مکہ جم فرق طول ،

جم ما بین البلدین = جب عرض مکہ قم عرض موقع جم (عرض موقع ـ عرض البلد)

۰ر۴۰۶۸ + ۱̄ر۹۱۶۵ = ۰ر۳۲۳۳ = ۲۵ر۴۲ْ (عرض موقع) − ۳۱ر۶ْ = ۶ر۱۸ْ (−)

۱̄ر۵۶۲۱ + ۰ر۳۶۷۳ + ۱̄ر۹۹۷۵ = ۱̄ر۹۲۶۹ = ۳۲ر۲۸ْ

مسٹر مشرقی اگر فاصلہ معلوم کرنے کا طریقہ نہیں جانتے تھے تو کرۂ ارضی (گلوب) ہی پر تاگہ رکھ کر پیمائش کر لیتے ۔

④ سطحی دماغ نے کرۂ ارض کو سطحی بنا دیا ،

ارشاد ہے :

"نقشۂ اصلاح یا اس سے بہتر صحیح نقشہ یعنی اسکولوں کا نکالو اور جس شہر کا سمت قبلہ معلوم کرنا چاہتے ہو اُس شہر اور مکہ معظمہ کے درمیان خط کھینچ کر جو سمت معلوم ہو ٹیڑھا یا سیدھا جس طرح کا خط ہو ، اسی طرح راست یا کج سمت قبلہ ہے ۔"

مسٹر مشرقی کو ابھی تک یہ بھی معلوم نہیں کہ زمین گول ہے ، اس لئے وہ سمت قبلہ کی تخریج

المشرقی ——— ۱

کے لئے مسطح نقشہ کے استعمال کا مشورہ دے رہے ہیں، حالانکہ کرہ اور مسطح دونوں کا حساب بہت مختلف ہے۔
چنانچہ مسطح نقشہ کے مطابق کراچی کی سمت قبلہ ۵°ر٧ مائل بجنوب ہے جیساکہ اس شکل سے ظاہر ہے،

١°ر٢٧

۵°ر٣

۵°ر٣

کراچی مکہ مکرمہ
طول ٦٧°−٩°ر٣٩=١°ر٢٧
عرض ٩°ر٢۴−۴°ر٢١=۵°ر٣

١°ر٢٧

اور کروی حساب سے کراچی کی سمت قبلہ صرف ۴°ر٢ جنوب کی طرف ہے اور یہی صحیح ہے۔ دونوں طریقوں میں ١°، ۵ درجہ کا غیر معمولی تفاوت ہے۔

مثلث کروی کے حساب سے صورتِ تخریج یہ ہے۔

مم عرض موقع = مم عرض مکہ جم فرق طول،

مس ے سمت قبلہ = جم عرض موقع مس فرق طول قم (عرض موقع − عرض البلد)

٢٠٦٨ر٠ + ٩۴٩٥ر١̄ = ٣٥٦٣ر٠ = ٧٢°ر٢٣ = عرض موقع − ٩°ر٢۴ = ١٣°ر١ (−)

٩٦١٣ر١̄ + ٧٠٩٠ر١̄ + ٧٠٣٨ر١ (−) = ٣٧۴١ر١ (−) = ٦°ر٨٧ (−)، ١٨٠° − ٩°ر٨٧

= ۴°ر٩٢ = زاویہ سمت قبلہ − ٩٠° = ۴°ر٢ مائل بجنوب

مسٹر مشرقی زمین کی کرویت کا علم نہیں رکھتے تو کاش اُن کے کوئی عقلمند دوست ہی انکو کرۂ ارضی (گلوب) پر ڈوری رکھ کر صحیح سمت قبلہ کا مشاہدہ کرادیتے، مگر ان کا کوئی دوست اگر عقلمند ہوتا تو وہ

ان کا دوست ہی کیوں بنتا ،

⑤ الفے فی الماء واستے فی السماء (ناک پانی میں اور چوتڑ آسمان میں) فرماتے ہیں :

"تمام ہندوستان میں ماسوا سورت ، ناگپور ، کٹک وغیرہ جو اسی عرض البلد پر واقع ہیں جس پر کہ مکہ معظمہ ہے ، ہندوستان کی تمام نئی مسجدوں کا قبلہ غلط ہے ، ایک مسجد ایسی نہیں جسکے نمازیوں نے آج تک ایک نماز قبلہ رو ہو کر پڑھی ہو ، لاہور اور امرتسر والوں کا قبلہ بیت المقدس ہے راولپنڈی والوں کا بغداد اور دمشق ، پشاور والوں کا بیروت ، دہلی والوں کا بوشہر ، ملتان کا کوفہ ، کراچی والوں کا مدینہ ، مدراس والوں کا عدن ، بمبئی والوں کا بندرگاہ سواکن"

مقصد یہ ہے کہ ہندوستان کی تمام مسجدوں کا رُخ مغرب کی طرف ہے ۔ چونکہ سورت ، ناگپور اور کٹک مکہ مکرمہ ہی کے عرض البلد پر ہیں اس لئے ان کی مساجد صحیح ہیں ۔ ان کے سوا ہندوستان کی مساجد جو مغرب کی سمت پر ہیں ان کا رُخ مکہ مکرمہ کی بجائے ان شہروں کی طرف ہے جو انکے عرض البلد پر واقع ہیں اس سے ثابت ہوا کہ مسٹر مشرقی کے ہاں مشرق و مغرب کے معنی ایک عرض البلد پر وقوع ہے ، اس سے بڑھ کر "الفے فی الماء" کی مثال کیا ہوگی کہ یورپ کی درجنوں ڈگریاں حاصل کرنے کے باوجود مشرق و مغرب کی حقیقت سے نابلد ہیں ۔

"استے فی السماء" کی بھی بطور نمونہ صرف ایک مثال ملاحظہ فرمائیں ، یہ شمال وجنوب اور مشرق و مغرب کی سمتوں تک سے نابلد مسٹر ملّا سے مخاطب ہے ۔

"آپ کی بلا جانتی ہے کہ مکّہ کا رُخ دریافت کرنا کسے کہتے ہیں ، آپ کو معلوم ہے جغرافیہ کس بیل کا نام ہے ، علم نجوم کسے کہتے ہیں ، دُور بین کیا ہوتی ہے ، خطِ سرطان کس مرض کو کہتے ہیں ، آپ صرف اپنی رات کی باسی روٹیاں گن بیچنا نہیں جانتے اور اگر روٹیاں زیادہ ہوں اور آنے پورے نہ بیٹھیں تو حساب میں گھنٹوں غلطی نہیں کرتے بلکہ آنوں کو ان روٹیوں پر بٹھا لیتے ہیں"

نخوت و غرور سے پُر مدعیِ ہمہ دانی و ہمچو ما دیگرے نیست دماغ پر قدرت کی طرف سے یہ کھُلا عذاب نہیں تو اور کیا ہے کہ مشرق و مغرب جیسی بدیہی اشیاء سمجھنے کا بھی شعور نہیں رہا ، کاشکہ اتنی موٹی سی بات کسی رات کی باسی روٹیاں بیچنے والے ملّا ہی سے دریافت کرلی ہوتی ، آئیے اب بھی وقت ہے ملّا سے مشرق و مغرب کا ایک سبق پڑھ لیجئے ورنہ جس مشرقی کو مشرق ہی کا پتہ نہ ہو وہ "زنگی کو نارنگی"

"نامِ کافور برائے زنگی" کا مصداق ہے۔

دائرۂ افق و معدل النہار کے موضع تقاطع کو نقطۂ مشرق و مغرب کہا جاتا ہے اور جو مقامات کسی مقام کے دائرۂ اول السمت کے تحت واقع ہونگے وہ اسکی مشرق اور مغرب کی سمت میں ہونگے، علامہ بہاؤ الدین عاملی تشریح الافلاک میں فرماتے ہیں :

"السادسۃ الافق وھی واسطۃ بین النصف الفوقانی والتحتانی وتنصف الاولی (ای المعدل) علی نقطتی المشرق والمغرب والخط الواصل بینھما خط الاعتدال، و قال العلامۃ امام الدین المھندس اللاھوری فی شرحہ المسمی بالتصریح فی شرح التشریح ویلاحظ فی مفھومھا الارض وقطباھا سمتا الرأس والقدم" (تصریح ص۲۵)

اگر ایک عرض البلد پر وقوع کا نام مشرق و مغرب ہے تو ملاّ بھی مسٹر کی طرح آسان سی بات کہہ دیتا کہ جو شہر مکہ مکرمہ کے عرض البلد پر واقع ہیں ان کا قبلہ مغرب ہے، اس حالت میں سمت قبلہ کی تخریج کے لئے کسی تکلف کی ضرورت نہ تھی حالانکہ اس صورت میں تخریج سمت قبلہ نسبۃً زیادہ مشکل ہے، چنانچہ تشریح الافلاک میں تخریج سمت قبلہ کا ایک سادہ اور عام فہم طریقہ بیان کرنے کے بعد مکہ مکرمہ سے مساوی العرض مقامات کے لئے بذریعہ اصطرلاب ذرا پیچیدہ طریقہ بیان فرماتے ہیں :

"وان ساوی عرضہ عرضھا فضع ثامنۃ الجوزاء اوالثالثۃ والعشرین من السرطان حال کون الشمس فی احدھما علی خط وسط السماء فی صفیحۃ الاصطرلاب المعمولۃ لعرض البلد واعلم موضع المرئی من اجزاء الحجرۃ ثم ادر العنکبوت بقدر ما بین الطولین الی المغرب ان کان طولہ اکثر واداربالخلاف ان کان اقل احد الجزئین من مقنطرات الارتفاع فظل المقیاس وقت بلوغ الشمس الیہ علی صوب القبلۃ (تصریح ص۵۷)

اس تحقیق سے ثابت ہوا کہ خطِ استوار کے سوا باقی پوری دنیا میں کہیں بھی کوئی دو مقام ایک عرض البلد پر واقع ہونگے تو ان میں سے کوئی ایک مقام دوسرے مقام کی مشرق یا مغرب میں ہرگز ہرگز واقع نہیں ہو سکتا، اس لئے کہ ہر مقام کے دائرۂ اول السموت کا زیادہ سے زیادہ عرض اس مقام کے دائرۂ نصف النہار پر ہوتا ہے، پھر اس کی قوس جسقدر نقطتی المشرق والمغرب سے قریب ہوتی جائے گی اسی قدر اسکا عرض بھی کم ہوتا جائے گا، حتی کہ نقطتی المشرق والمغرب پر عرض البلد صفر ہوگا، مثلاً لاہور کی مغرب یا مشرق میں جو مقام واقع ہو گا اس کا عرض البلد لازماً لاہور کے عرض البلد

سے کم ہوگا اور جو مقام لاہور کے عرض البلد پر ہوگا وہ ہرگز لاہور کی مغرب یا مشرق میں نہیں ہوسکتا بلکہ لاہور کی مشرق یا مغرب سے شمال کی طرف مائل ہوگا، یہ واضح حقیقت ویسے سمجھ نہ آئے تو کرۂ ارضی (گلوب) پر اس کا مشاہدہ کیا جاسکتا ہے، مزید وضاحت کے لئے ہم ان شہروں کی صحیح سمت کی تخریج تحریر کرتے ہیں جن کو مسٹر مشرقی نے اتحاد عرض البلد کی بنا پر بطرف مغرب قرار دیا ہے، پہلے سورت، ناگپور اور کٹک کو لیجئے جن کی سمت قبلہ مسٹر مشرقی ٹھیک جانب مغرب بتاتے ہیں۔

تخریج سمت قبلہ کا جو قاعدہ لاہور اور کراچی کی سمت قبلہ کے بیان میں گزر چکا ہے اسکے مطابق ان کی سمت قبلہ کی تخریج یوں ہوگی۔

سورت، طول ۷۲ر۸°، عرض ۲۱ر۲°، سمت قبلہ ۶ر۴° مغرب سے شمال کی طرف،

۰ر۴۰۷۹ + ۱̄ر۹۲۴۱ = ۰ر۳۳۲۰ = ۲۴ر۹۷° = عرض موقع - ۲۱ر۲° = ۳ر۷۷°

۱̄ر۹۵۷۴ + ۱̄ر۸۱۰۹ + ۱ر۱۸۲۵ = ۰ر۹۵۰۸ = ۸۳ر۶°، ۹۰° - ۸۳ر۶° = ۶ر۴°،

ناگپور، طول ۷۹ر۱°، عرض ۲۱ر۱°، سمت قبلہ ۷ر۲° مغرب سے شمال کی طرف،

۰ر۴۰۷۹ + ۱̄ر۸۸۹۳ = ۰ر۲۹۷۲ = ۲۶ر۷۲° = عرض موقع - ۲۱ر۱° = ۵ر۶۲°

۱̄ر۹۵۰۷ + ۱̄ر۹۱۱۵ + ۱ر۰۰۵۵ = ۰ر۸۶۷۷ = ۸۲ر۳°، ۹۰° - ۸۲ر۳° = ۷ر۲°،

کٹک، طول ۸۵ر۹°، عرض ۲۰ر۵°، سمت قبلہ ۹ر۷° مغرب سے شمال کی طرف

۰ر۴۰۷۹ + ۱̄ر۸۴۱۸ = ۰ر۲۴۹۷ = ۲۹ر۳۷° = عرض موقع - ۲۰ر۵° = ۸ر۸۷°

۱̄ر۹۴۰۹ + ۰ر۰۱۵۲ + ۰ر۸۱۲۰ = ۰ر۷۶۸۱ = ۸۰ر۳°، ۹۰° - ۸۰ر۳° = ۹ر۷°

اب ان شہروں کو لیجئے جن کے عرض البلد پر واقع ہونے والے مقامات کو مسٹر مشرقی نے ان کا قبلہ بتایا ہے۔

لاہور سے بیت المقدس

لاہور، طول ۷۴ر۳°، عرض ۳۱ر۶°، بیت المقدس طول ۳۵ر۲° عرض ۳۱ر۸°

۰ر۲۰۷۶ + ۱̄ر۸۸۹۹ = ۰ر۰۹۷۵ = ۳۸ر۶۲° = عرض موقع - ۳۱ر۶° = ۷ر۰۲°

۱̄ر۸۹۲۸ + ۱̄ر۹۰۹۹ + ۰ر۹۱۱۰ = ۰ر۷۱۳۷ = ۷۹ر۱°، ۹۰° - ۷۹ر۱° = ۱۰ر۹° مغرب سے شمال کی طرف۔

امرتسر سے بیت المقدس

امرتسر، طول ۷۴ر۸°، عرض ۳۱ر۶°، بیت المقدس طول ۳۵ر۲°، عرض ۳۱ر۸°

۰٫۲۰۷۶ + آ٫۸۸۶۸ = ۰٫۰۹۴۴ = ۳۸٫۸۲° = عرض موقع - ۳۱٫۶° = ۷٫۲۲°

آ٫۸۹۱۶ + آ٫۹۱۷۶ + ۰٫۹۰۰۹ = ۰٫۷۱۰۱ = ۷۹°، ۹۰° - ۷۹° = ۱۱° مغرب سے شمال

راولپنڈی سے بغداد

راولپنڈی، طول ۷۳٫۱°، عرض ۳۳٫۶°، بغداد، طول ۴۳٫۸°، عرض ۳۳٫۴°،

۰٫۱۷۱۰ + آ٫۹۴۰۶ = ۰٫۱۱۱۶ = ۳۷٫۷۲° = عرض موقع - ۳۳٫۶° = ۴٫۱۲°

آ٫۸۹۸۰ + آ٫۷۴۹۱ + ۱٫۱۴۴۰ = ۰٫۷۹۱۱ = ۸۰٫۸°، ۹۰° - ۸۰٫۸° = ۹٫۲° مغرب سے شمال

راولپنڈی سے دمشق

راولپنڈی، طول ۷۳٫۱°، عرض ۳۳٫۶°، دمشق، طول ۳۶٫۳°، عرض ۳۳٫۵°

۰٫۱۷۹۲ + آ٫۹۰۳۵ = ۰٫۰۸۲۷ = ۳۹٫۵۸° = عرض موقع - ۳۳٫۶° = ۵٫۹۸°

آ٫۸۸۶۹ + آ٫۸۷۴۰ + ۰٫۹۸۲۰ = ۰٫۷۴۲۹ = ۷۹٫۸°، ۹۰° - ۷۹٫۸° = ۱۰٫۲° مغرب سے شمال

پشاور سے بیروت

پشاور، طول ۷۱٫۵°، عرض ۳۴°، بیروت، طول ۳۵٫۵°، عرض ۳۳٫۹°

۰٫۱۷۲۶ + آ٫۹۰۸۰ = ۰٫۰۸۰۶ = ۳۹٫۷۲° = عرض موقع - ۳۴° = ۵٫۷۲°

آ٫۸۸۶۱ + آ٫۸۶۱۳ + ۱٫۰۰۱۷ = ۰٫۷۴۹۱ = ۷۹٫۹°، ۹۰° - ۷۹٫۹° = ۱۰٫۱° مغرب سے شمال

دہلی سے بوشہر

دہلی، طول ۷۷٫۲°، عرض ۲۸٫۶°، بوشہر، طول ۵۰٫۹°، عرض ۲۹°

۰٫۲۵۶۲ + آ٫۹۵۲۵ = ۰٫۲۰۸۷ = ۳۱٫۷۳° = عرض موقع - ۲۸٫۶° = ۳٫۱۳°

آ٫۹۲۹۶ + آ٫۶۹۳۹ + ۱٫۲۶۲۳ = ۰٫۸۸۵۸ = ۸۲٫۶°، ۹۰° - ۸۲٫۶° = ۷٫۴° مغرب سے شمال

ملتان سے کوفہ

ملتان، طول ۷۱٫۴°، عرض ۳۰٫۲°، کوفہ، طول ۴۴٫۴°، عرض ۳۲°

۰٫۲۰۴۲ + آ٫۹۴۹۹ = ۰٫۱۵۴۱ = ۳۵٫۰۵ = عرض موقع - ۳۰٫۲° = ۴٫۸۵°

آ٫۹۱۳۷ + آ٫۷۰۷۲ + ۱٫۰۷۲۹ = ۰٫۶۹۳۸ = ۷۸٫۶°، ۹۰° - ۷۸٫۶° = ۱۱٫۴° مغرب سے شمال

کراچی سے مدینہ منورہ

کراچی، طول ۶۷°، عرض ۲۴٫۹°، مدینہ منورہ، طول ۴۰°، عرض ۲۴٫۹°

۰٫۳۳۹۳ + آ٫۹۴۹۹ = ۰٫۲۸۹۲ = ۲۷٫۲° = عرض موقع - ۲۴٫۹° = ۲٫۳°

آر۹۴۹۱ + آر۷۰۷۲ + ۱ر۳۹۶۵ = ۱ر۰۵۲۸ = ۸۴ر۹° ، ۹۰° − ۸۴ر۹° = ۵ر۱° مغرب سے شمال

مدراس سے عدن

مدراس ، طول ۸۰ر۳° ، عرض ۱۳ر۱° ، عدن ، طول ۴۵ر۱° ، عرض ۱۲ر۹°

۰ر۶۴۰۱ + آر۹۱۲۳ = ۰ر۵۵۲۴ = ۱۵ر۶۲° = عرض موقع − ۱۳ر۱° = ۲ر۵۲°

آر۹۸۳۶ + آر۸۴۸۴ + ۱ر۳۴۸۹ = ۱ر۱۸۰۹ = ۸۶ر۲° ، ۹۰° − ۸۶ر۲° = ۳ر۸° مغرب سے شمال

بمبئی سے سواکن

بمبئی ، طول ۷۲ر۹° ، عرض ۱۹° ، سواکن ، طول ۳۷ر۳° ، عرض ۱۹ر۱°

۰ر۴۶۰۶ + آر۹۱۰۱ = ۰ر۳۷۰۷ = ۲۳ر۰° = عرض موقع − ۱۹° = ۴ر۰°

آر۹۶۳۸ + آر۸۵۴۹ + ۱ر۱۴۹۲ = ۰ر۹۶۷۹ = ۸۳ر۹° ، ۹۰° − ۸۳ر۹° = ۶ر۱° مغرب سے شمال

اب آپ کو اندازہ ہو گیا ہو گا کہ مغرب سے درجنوں ڈگریاں حاصل کرنے والے مشرقی کی مشرق ومغرب سے جہالت کا کیا عالم ہے۔ مزید طرفہ یہ کہ آپ کٹک کو مکہ مکرمہ کے عرض البلد پر اور ملتان کو کوفہ کے عرض البلد پر بتا رہے ہیں حالانکہ کٹک اور مکہ مکرمہ کے عرض البلد میں ایک درجہ اور ملتان اور کوفہ کے عرض البلد میں دو درجہ کا فرق ہے۔

(۶) مشرق ومغرب سے جہالت کی ایک اور ڈگری

مدعیٔ "ہمہ اوست" مجسمۂ جہلِ مرکب فرماتے ہیں :

"مکہ معظمہ سے سورت جہاں عرب پہلی صدی میں سب سے پہلے اُترے تھے ٹھیک مشرق کی طرف تھا۔"

اس سے قبل ہم مسٹر مشرقی کی عبارت نقل کر چکے ہیں جس کا حاصل یہ ہے کہ سورت، ناگپور اور کٹک کی مسجدیں صحیح رُخ پر ہیں اس لئے کہ مکہ مکرمہ وہاں سے ٹھیک مغرب میں ہے ان دونوں عبارتوں کو ملانے سے ثابت ہوا کہ چند ہجنس جہال سے "علامہ" کا خطاب پانے والے اور ملاّؤں کی باسی روٹیاں گننے والے مسٹر مشرقی کی ریاضی دانی کی پرواز صرف یہاں تک ہے کہ ان کے خیال میں اگر ایک مقام دوسرے مقام کی مشرق میں ہے تو دوسرا پہلے کی مغرب میں ہوگا ؎

بنما بصاحب نظرے گوہر خود را عیسیٰ نتواں گشت بتصدیق خرے چند

حقیقت یہ ہے کہ خطِ استوار کے سوا باقی پوری دُنیا میں یہ کسی صورت ہو ہی نہیں سکتا کہ دو مقام آپس میں ایک دوسرے کی مشرق اور مغرب میں واقع ہوں، اگر ایک مقام دوسرے کی مشرق میں ہے

تو دوسرا قطعاً اس کی مغرب میں نہیں ہو سکتا، اسی طرح ایک مقام دوسرے کی مغرب میں ہے تو دوسرا قطعاً اس کی مشرق میں نہیں ہو سکتا،

اس کی تفصیل ہم اوپر بیان کر چکے ہیں کہ دائرۂ معدل النہار اور دائرۃ الافق کے نقطۂ تقاطع کو نقطۃ المشرق والمغرب کہا جاتا ہے اور ہر مقام کے دائرۂ اول السموت (وہ دائرہ جو کسی مقام کے سر پر سے گزر کر نقطۃ المشرق والمغرب سے گزرے) کے نیچے آنے والے مقامات اس مقام کی مشرق اور مغرب میں ہونگے،

ہر مقام کے دائرۂ اول السموت کا زیادہ سے زیادہ عرض البلد اس مقام کے دائرۂ نصف النہار پر ہوتا ہے، اسکے بعد مشرق ومغرب دونوں جانب اسکا عرض البلد کم ہوتا جاتا ہے حتی کہ دائرۂ اول السموت نقطۃ المشرق والمغرب پر دائرۂ معدل سے تقاطع کرتا ہے جہاں اسکا عرض البلد بالکل صفر ہوتا ہے، اس لئے ہر مقام کی مشرق اور مغرب میں جو مقامات آئیں گے انکا عرض البلد اس مقام کے عرض البلد سے لازماً کم ہوگا۔ پس اگر مقام "الف" مقام "ب" کی مغرب میں ہے تو "الف" کا عرض البلد "ب" کے عرض البلد سے کم ہوگا، اب اگر کوئی ناقص العقل مسٹر "ب" کو "الف" کی مغرب میں بتانے لگے تو اس پر لازم آئیگا کہ "ب" کا عرض "الف" کے عرض سے کم ہو، حالانکہ "ب" کا عرض "الف" کے عرض سے زیادہ تھا، مگر مسٹر مشرقی جیسی موٹی عقل کا آدمی شاید ریاضی کا یہ بدیہی مسئلہ سمجھانے پر بھی نہ سمجھے، مسٹر کو ریاضی سے اتنی بھی نسبت تو نہیں جتنی گوہ کو مچھلی سے، کاشکہ مسٹر کا کوئی ہمدرد کرۂ ارضی (گلوب) پر معدل النہار، افق اور اول السموت کے دوائر سے مسٹر کو اس حقیقت کا مشاہدہ کرا دے، اگرچہ اس پر یہ خطرہ ضرور ہے کہ مسٹر اپنے ہمدرد ہی کی تحمیق کرے اور اسکا مذاق اُڑانے لگے، اس لئے کہ ہم اوپر لکھ چکے ہیں کہ مسٹر زمین کی گولائی تک سے نابلد ہے چنانچہ وہ تخریج سمت قبلہ کے لئے سطح نقشے استعمال کرتا ہے۔

اس کے بعد ہم مثال کے طور پر مثلث کروی کے ذریعہ سمت نکال کر دکھاتے ہیں کہ مکہ مکرمہ کوہ اردلی سے مغرب میں ہے، نقطۂ مغرب سے صرف ۰٫۱° مائل بشمال ہے اور کوہ اردلی مکہ مکرمہ کی مشرق میں نہیں بلکہ مشرق سے ۳° ۱۳٫ شمال کی طرف منحرف ہے۔

کوہ اردلی سے مکہ مکرمہ

کوہ اردلی، طول ۳۰° ۷٫۳، عرض ۲۵°، مکہ مکرمہ، طول ۹° ۳۹٫، عرض ۲۱٫۳۵°

۰٫۴۰۷۹ + ۲̄٫۹۲۱۶ = ۰٫۳۲۹۵ = ۲۵٫۰۸ = عرض موقع − ۲۵° = ۰٫۰۸

۲̄٫۹۵۷۶ + ۲̄٫۸۱۹۱ + ۲̄٫ ۰٫۸۳۷۰ = ۲̄٫۶۱۳۷ = ۸۹٫۹° ، ۹۰° − ۸۹٫۹° = ۰٫۱° مغرب سے شمال

مکہ مکرمہ سے کوہ اردلی،

۲۲

۰٫۳۳۱۳ + آ٫۹۲۱۶ = ۰٫۲۵۲۹ = ۲۹٫۱۸ْ = عرض موقع - ۲۱٫۳۵ْ = ۷٫۸۳ْ

آ٫۹۴۱۸ + آ٫۸۱۹۱ = آ٫۸۶۵۵ = ۰٫۶۲۶۴ = ۷۶٫۷ْ ، ۹۰ْ - ۷۶٫۷ْ = ۱۳٫۳ْ مشرق سے شمال،

ہم نے یہ حسابات لکھ تو دیئے مگر سمت مشرق و مغرب تک سے نابلد مسٹر کے سامنے ایسے ہی ہیں جیسے بھینس کے سامنے بین،

⑦ عرض البلد سے نابلد، ،

ریاضی سے نابلد مسٹر ریاضی کے ذریعہ تو کیا ہی کسی مقام کا طول و عرض معلوم کرتا تعجب تو اس پر ہے کہ کسی نقشہ سے طول و عرض دیکھنے کی بھی صلاحیت نہیں، چند مثالیں ملاحظہ ہوں۔

(۱) مسٹر کے خیال میں کٹک اور مکہ مکرمہ کا عرض البلد ایک ہے جبکہ دونوں میں ایک درجہ کا فرق ہے،

(۲) کوفہ ملتان کے عرض البلد پر ہے، حالانکہ ان میں دو درجہ کا فرق ہے،

(۳) مسٹر کے نقشۂ اصلاح "بمعنی افساد" میں کئی شہروں کے طول و عرض غلط ہیں۔

(۴) مسٹر نے لاہور کی سمت قبلہ کا انحراف ۲۵ درجات بتایا ہے، اور یہ تخریج سمت قبلہ کے اس غلط طریقہ کے مطابق بھی درست نہیں جو مسٹر نے لکھا ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ اس میں بھی مسٹر نے طول عرض لینے میں غلطی کی ہے، ورنہ خود مسٹر کے غلط طریقے کے مطابق بھی لاہور کی سمت قبلہ کا انحراف ۱۸ْ بنتا ہے۔ شکل ملاحظہ ہو۔

۳۴٫۴ْ

لاہور ، مکہ مکرمہ

طول ۷۴٫۳ْ - ۳۹٫۹ْ = ۳۴٫۴ْ

عرض ۳۱٫۹ْ - ۲۱٫۴ْ = ۱۰٫۳ْ

۱۰٫۲ْ

۱۰٫۲ْ

۱۸ْ

۳۴٫۴ْ

المشرقی —— ۱۸

لاہور کی یہ سمت قبلہ مسٹر کے قاعدہ کے مطابق ہے جو آج تک یہ نہیں سمجھ سکا کہ زمین گول ہے ورنہ مثلث کروی کے حساب سے صحیح سمت ۹ء۹ مغرب سے جنوب کی طرف ہے، جس کی تخریج ہم اوپر کرچکے ہیں۔

⑧ دُمدار تارا زمین پر:

مسٹر مشرقی ملاؤں سے مخاطب ہیں

"آپ کی بلا جانتی ہے کہ مکہ کا رُخ دریافت کرنا کسے کہتے ہیں؟ آپ کو معلوم ہے جغرافیہ کس بیل کا نام ہے؟ علم نجوم کسے کہتے ہیں؟ دُور بین کیا ہوتی ہے، خطِ سرطان کس مرض کو کہتے ہیں؟"

آگے چل کر فرماتے ہیں،

"میں نے ایک شخص کو لاہور کے ملاؤں اور معماروں کے پاس بھیجا کہ وہ مسجد بناتے وقت قبلہ کا رُخ کیونکر مقرر کرتے ہیں، ایک بڑی عمر کے جاہل نے کہا: واہ جی یہ تو بہت آسان ہے، قطب تارے کیطرف ہاتھ پھیلا کر اور کندھے کی طرف دیکھ کر کھڑے ہوگئے تو ناک کی سیدھ میں قبلہ ہے، خیر میں سمجھ گیا کہ ملاّ کی نجوم دانی کس قدر بے خطا ہے"

مگر مسٹر اس بڑی عمر کے جاہل سے بھی زیادہ جاہل ہے، اس لئے کہ یہ بڑے میاں قطب ستارہ کی مدد سے مغرب کی صحیح سمت تو جانتے تھے مسٹر تو مشرق و مغرب کی سمت سے بھی جاہل ہے، مسٹر مشرقی جیسے ہی نجوم دان سے متعلق کسی نے خوب کہا ہے ؎

عجوبہ فقط آسماں ہی نہیں یہاں پر عجائب نظارے بہت
فلک پر ہی دُمدار تارا نہیں زمیں پر بھی دُمدار تارے بہت

یہاں تک مسٹر کی ریاضی دانی کا بیان تھا، اب ذرا دوسرے فنون میں بھی آپکے کمالات ملاحظہ فرمائیں۔

⑨ مسٹر مشرقی اور جغرافیہ،

ہم اوپر لکھ چکے ہیں کہ مسٹر مشرقی نقشے سے طول البلد اور عرض البلد معلوم کرنے کی بھی صلاحیت نہیں رکھتے، اس کی چند مثالیں بھی اوپر بیان کی جاچکی ہیں، انھوں نے خود جو نقشہ شائع کیا ہے اس میں بھی کئی غلطیاں کی ہیں، کئی شہروں کا محلِ وقوع غلط دیا ہے۔ اپنے نقشے کے بارے میں خود فرماتے ہیں،

"میں چاہتا ہوں کہ ہندوستان کے سب نمازی مسلمان اگر اپنی نمازوں کو بارگاہِ خداوندی

المشرقی ———— ۱۹

میں پھر قبول کرانا چاہتے ہیں تو سب سے پہلے اپنے غلط قبلوں کو اس صحیح نقشے سے درست کرلیں جو مَیں نے "الاصلاح" میں دیا ہے یا اس سے بہتر نقشے سے درست کریں"۔

سوال یہ ہے کہ اگر آپ بہتر نقشہ بنانا نہیں جانتے تو اپنے پرچہ "الاصلاح" میں غلط نقشہ شائع کرکے خدمت افساد انجام دینے میں مغربی خداؤں کے حکم کی تعمیل کے سوا اور کیا فائدہ ؟

(۱۰) مسٹر مشرقی اور تاریخ ،

ارشاد ہے :

"عرب جیسی جاہل اور اجڈ قوم چند برسوں کے اندر اندر دو ہزار میل دُور مقام کی صحیح سمت دریافت کرسکی حالانکہ اس وقت جغرافیہ کا نام و نشان موجود نہ تھا اور نہ سطح زمین پر طول بلد و عرض بلد کے خطوط کوئی متنفس جانتا تھا"۔

مسٹر کا تاریخ سے جہل مرکب بھی بے نظیر ہے، آپ کے خیال میں عرب مسلمانوں کے ہندوستان میں آنے کے وقت تک دنیا میں علم جغرافیہ کا نام و نشان نہ تھا اور طول البلد و عرض البلد سے کوئی متنفس واقف نہ تھا، حالانکہ دوسری صدی عیسوی میں علم جغرافیہ مدوّن ہوچکا تھا، بطلیموس نے مجسطی کے بعد فن جغرافیہ میں بھی ایک کتاب لکھی جو جغرافیہ ہی کے نام سے معروف ہے۔

حاجی خلیفہ کشف الظنون میں جغرافیہ کی تعریف یوں لکھتے ہیں ،

"وھو کلمۃ یونانیۃ بمعنی صورۃ الارض ویقال جغراویا بالواو علی الاصل وھو علم یتعرف منہ احوال الاقالیم السبعۃ الواقعۃ فی الربع المسکون من کرۃ الارض وعروض البلدان الواقعۃ فیھا واطوالھا وعدد مدنھا وجبالھا وبراریھا وبحارھا وانھارھا الی غیر ذلک کذا فی مفتاح السعادۃ، قال الشیخ داؤد فی تذکرتہ جغرافیا علم باحوال الارض من حیث تقسیمھا الی الاقالیم والجبال والانھار وما یختلف حال السکان باختلافہ انتھی، وھو الصواب لشمولہ علی غیر السبعۃ وجغرافیا علم لم ینقل لہ فی العربیۃ لفظ مخصوص واول من صنف فیہ بطلیموس القلوذی فانہ صنف کتابہ المعروف بجغرافیا ایضاً بعد ما صنف المجسطی"،

(کشف الظنون ص۵۹ ج۱)

بطلیموس سے متعلق معلم بطرس بستانی دائرۃ المعارف میں فرماتے ہیں ،

بطلیموس ۔ کلودیوس بطلیموس ریاضی فلکی جغرافی یونانی مصری یقال انہ ولد فی

بیلوسیوم ونشأ فی الاسکندریۃ فی القرن الثانی للمیلاد
(دائرۃ المعارف ص ۸۴۲ ج ۵ مطبوعہ بیروت)

(۱۱) خود مشرقی دل مغربی ،

مسٹر مشرقی کی مغرب سے مرعوبیت کہیئے یا اپنی نالائقیوں پر مغرب سے ڈگریوں کے انعامات کے صلہ میں مغرب کی بیجا مدح سرائی، فرماتے ہیں۔

"اگر یہی خوتوا دجوھکو شطر المسجد الحرام کا حکم کسی مغربی قوم پر نازل ہوتا تو مجھے یقین ہے کہ یورپ کے ہر حصہ میں کروڑوں نہایت باریک بین رصدی آلات اس مطلب کے لئے شہر بشہر نصب ہوجاتے کہ خدائے عز وجل کے آسمانی حکم کی رو سے شطر المسجد الحرام صحیح طور پر دریافت کریں، وہ قوم ایسے دقیقہ رس اور نازک آلات ایجاد کرتی کہ شمال و مغرب کے درمیان تین لاکھ چوبیس ہزار سمتوں سے ایک گز کا بھی فرق نہ آنے پاتا، ان کے قبلہ کی سمت عین کعبہ کے سیاہ غلاف کے نصف پر آکر پڑتی جو چھ فٹ لمبا اور چھ فٹ چوڑا ہے۔"

مسٹر سے کوئی پوچھے کہ کیا مغربی قوم پر بیت المقدس کے استقبال کا حکم نازل نہیں ہوا اس حکم خداوندی کی تعمیل کی خاطر انھوں نے استقبال بیت المقدس کے لئے کس شہر میں کروڑوں نہایت باریک بین رصدی آلات نصب کئے؟ حقیقت یہ ہے کہ مسٹر مغربی نے مسٹر مشرقی کو تو اُلو بنادیا مگر وہ خود الو نہیں بلکہ اُلو گر ہے۔ وہ "شطر المسجد" کا صحیح مفہوم وہی سمجھتا ہے جو عام مسلمان سمجھتے ہیں۔

(۱۲) مسٹر معمی ۱

دُنیا بھر کے دانشوروں کو چیلنج ہے کہ مندرجہ ذیل "مسٹر معمی" حل کیجئے ورنہ مسٹر مشرقی کی قابلیت کا لوہا مان لیجئے، ملاحظہ ہو مسٹر معمی

"کعبہ کا سیاہ غلاف چھ فٹ لمبا چھ فٹ چوڑا
میری سہیلی بوجھ پہیلی گھوڑا فکر اپنے کا دوڑا"

بیت اللہ		
عرض	=	۱۰٫۱ میٹر
طول	=	۱۲ "
ارتفاع	=	۱۶ "

(۱۳) مسٹر معمی ۲

آپ بیت اللہ کے کسی کونے کے سامنے اس طرح کھڑے ہوکر دکھائیں کہ آپ کی سمت کعبہ کی کسی دیوار کے عین نصف پر آکر پڑے،

(۱۴) مسٹر معمی ع۳
اگر آپ مسٹر کی انمول تحقیق کے مطابق غلاف کعبہ کے عین نصف ہی پر اپنی سمت ڈالنے کے لئے کعبہ کے کونوں سے ہٹ کر کھڑے ہونے کا اہتمام کریں تو نماز باجماعت میں صف بندی اس طرح کر کے دکھائیں کہ ہر نمازی کی سمت غلاف کعبہ کے عین نصف پر پڑے۔

معذرت:

مسٹر کے تعاقب میں بُت شکن قلم نے چند شوخ فقرے بھی چست کر دیئے ہیں جو مسٹر ہی کی ہرزہ سرائی کی صدائے بازگشت ہے بلکہ حقیقت یہ ہے کہ مسٹر کی ناپاک تحریروں اور اس کے دل اور زبان و قلم کی غلاظتوں کے مقابلہ میں یہ فقرے بہت ہلکے ہیں اور قانون الٰہی وجزاء سیئة سیئة مثلها اور وان عاقبتم فعاقبوا بمثل ما عوقبتم به کے تحت انتقام کی حدّ جواز سے بہت کم درجہ کے ہیں، ورنہ ہر شخص جانتا ہے کہ مرتد کی اصل سزا تو یہ ہے کہ اس کے ناپاک وجود سے اللہ کی زمین کو پاک کر دیا جائے۔

مغرور مسٹر اور مسکین مُلّا

مسٹر کے صرف ایک مضمون "سمت قبلہ" کے سرسری جائزہ سے اسمیں ایک درجن سے بھی زیادہ فحش غلطیاں نکلیں، اُس عزیز ذو انتقام کی شان دیکھئے کہ مغربی خداؤں کو خوش کرنے کے لئے ملاؤں کا مذاق اُڑانے والے مشرقی کے غرور کو ایک بوریہ نشین ملاّ کے ذریعہ خاک میں ملا دیا، یورپ کی درجنوں ڈگریاں رکھنے والے مسٹر کے پندار ہمہ دانی کے ایسے ناچیز ملاّ کے ہاتھوں پرخچے اڑا دیئے جس نے اسکول میں پرائمری سے زیادہ نہیں پڑھا، واہ ملاّ مسکین! تو نے تو یورپ کی ڈگریوں کے بخیے تک ادھیڑ ڈالے،

میرے ربّ کریم! یہ محض تیرا کرم ہے کہ تو نے مجھے ملاؤں کے خاندان میں اور ملاّ کے گھر میں پیدا فرمایا اور خود مجھے بھی ملاّ بنا کر ایسا علم عطا فرمایا کہ مسٹروں کے دماغ اس کے قدمبوس ہیں، میرے ربّ کریم! تیرے اس کرم کا صدقہ تو مجھے ملائیت پر زندہ رکھ اور ملائیت ہی پر مجھے موت دے اور ملاؤں کی مقدس جماعت میں میرا حشر فرما، اور قیامت تک میری اولاد کو ملاّئیت کی دولت عطا فرما اور ان کو عملی صلاح و فلاح کے ساتھ علمی فضل و کمال بھی ایسا عطا فرما جو تیری معرفت اور تیرے دین کی خدمت کا ذریعہ بنے اور اس کے سامنے مسٹروں کا غرور پامال ہوتا رہے، یا اللہ! تو نے ان مسٹروں کو مسلمان گھرانوں میں پیدا فرمایا ہے اس کرم کے طفیل تو ان کو سچّے مسلمان بنا دے، اسلام کے ساتھ ان کے بغض کو محبت سے بدل دے، انکے قلوب کو یورپ کی محبت سے پاک فرما کر اپنی محبت سے منوّر فرما، آمین ے

کیمیا داری کہ تبدیلش کنی ❖ جوئے خوں باشد اگر نیلش کنی

فقط واللہ المستعان ——— ۲۹ رجب سنہ ۶۳ھ

المشرقی ——————— ۲۲

اَلشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ ۝ وَّالنَّجْمُ وَالشَّجَرُ يَسْجُدٰنِ ۝

اِرْشَادُ الْعَابِد

الی

تَخْرِيْجِ الْاَوْقَاتِ وَ تَوْجِيْهِ الْمَسَاجِدِ

اوقاتِ نماز کی تخریج اور سمتِ قبلہ کی تعیین کے
نہایت قیمتی قاعدے،
یہ کتاب اپنے موضوع میں جامعیت و تحقیق کے
لحاظ سے منفرد ہے،

تالیف
حضرت مولانا مفتی رشید احمد صاحب لدھیانوی

- دنیا کے ہر مقام کے اوقاتِ نماز اور سمتِ قبلہ کی تخریج کے قاعدے
- دو شہروں کے درمیان فاصلہ معلوم کرنے کے قاعدے
- ہجری اور عیسوی سالوں اور تاریخوں میں تطبیق اور ہر تاریخ کا دن نکالنے کے قاعدے
- پاک و ہند کے ہر بڑے شہر کی سمتِ قبلہ اور طول البلد و عرض البلد کے درجات

اِنَّ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّیْلِ وَالنَّهَارِ لَاٰیٰتٍ لِّاُولِی الْاَلْبَابِ

یُقَلِّبُ اللّٰهُ الَّیْلَ وَالنَّهَارَ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّاُولِی الْاَبْصَارِ

اشاب الصغیر وافنی الکبیر ★ کر الغداۃ و مر العشی

صبح ہوتی ہے شام ہوتی ہے ★ عمر یونہی تمام ہوتی ہے

وقتِ طلوع دیکھا وقتِ غروب دیکھا ★ اب فکرِ آخرت کر دنیا کو خوب دیکھا

- مختلف شہروں میں سایہ سے سمتِ قبلہ معلوم کرنے کے اوقات
- نہایت مفید گراف جس سے دنیا کے ہر مقام کا قبلہ بہت آسانی سے معلوم ہو سکتا ہے
- تخریجِ اوقاتِ نماز و سمت قبلہ و رؤیتِ ہلال کے کمپیوٹر پروگرام
- دنیا بھر کے تمام مشہور شہروں کی سمتِ قبلہ کے نقشے

عرصۂ دراز تک فنونِ عقلیہ (جن کو آجکل علومِ جدیدہ کہا جاتا ہے مگر شاید یہ کوئی بھی نہ بتا سکے کہ ان قدیم ترین فنون کو علومِ جدیدہ کیوں کہا جاتا ہے) کے حاملین سے ملاقات اور مختلف مکالمات کے بعد معلوم ہوا کہ علومِ دینیہ کی طرح فنونِ عقلیہ میں بھی ماہرین کی بنسبت مدّعین کی تعداد بہت زیادہ ہے۔ چنانچہ بناءِ مسجد کے بارے میں تجربہ ہوا کہ اکثر انجینئر سمتِ قبلہ غلط نکالتے ہیں اور تخریج اوقات کے سلسلہ میں تو جرأت کا یہ عالم ہے کہ جن لوگوں کو اس فن کی ہوا بھی نہیں لگی اور بالکل ابتدائی اصطلاحات سے بھی واقف نہیں وہ اوقاتِ نماز کے نقشے شائع کر رہے ہیں۔

اسی ناواقفیت کا کرشمہ ہے کہ

گرینچ کی شاہی رصدگاہ سے شائع ہونے والی ناٹیکل المینک میں صبح کاذب کے دیئے ہوئے وقت کو مرتب اوّل نے صبح صادق سمجھ لیا اور اس کے بعد اوقاتِ نماز کے نقشوں کی اشاعت کے شائقین سالہا سال سے اسی کی تقلید کرتے چلے آرہے ہیں۔ اس سے بھی بڑھ کر اضحوکہ یہ ہے کہ مختلف مقامات کے فرق نصف النہار پر سب اوقات کو قیاس کیا جاتا ہے۔ اور اس فراست کا تو کیا ہی ٹھکانہ کہ دہلی کے نقشے کراچی پر چسپاں کئے جا رہے ہیں۔

ان حالات کے پیشِ نظر تخریج سمت قبلہ و اوقات نماز کے چند محقق اور مفید ترین طرق لکھے جاتے ہیں اللہ تعالیٰ طالبین کو ان سے استفادہ اور اوقات نماز کی جنتریوں کے شائقین کو اس کے مطابق عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائیں آمین ۔ ع بر رسولاں بلاغ باشد و بس۔

اللّٰھم اجعلنی ممن یحاسب حسابا یسیرا و ینقلب الی اھلہ مسرورا

رشید احمد

۱۶ ذیقعدہ سنہ ۱۳۸۹ ہجری

مقدمہ

اب / اج = سائن	ج	،	(جیب، جب)
ب ج / اج = کوسائن	ج	،	(جیب التمام، جم)
اب / ب ج = ٹینجنٹ	ج	،	(مماس، ظل، مس)
ب ج / اب = کوٹینجنٹ	ج	،	(مماس التمام، مم ظم)
اج / ب ج = سیکنٹ	ج	،	(قاطع، قع)
اج / اب = کوسیکنٹ	ج	،	(قاطع التمام، قم)

عمود، وتر، قاعدہ

جب ج = ج (۱۸۰ − ج) / (۱۰۱۲۵ − ج (۱۸۰ − ج) / ۴) تقریباً

جم ج = √(۱ − جب² ج)

مس ج = جب ج / جم ج

مم ج = جم ج / جب ج یا ۱ / مس ج

قع ج = ۱ / جم ج

قم ج = ۱ / جب ج

۹۰ +، ۳۶۰، ۱۸۰، ۲۷۰ −

جب (ج − ۱۸۰ یا ۳۶۰) یا (۱۸۰ یا ۳۶۰ − ج) = جب ج، اسی طرح جم حاصل تفریق = جم ج۔

جم (ج − ۹۰ یا ۲۷۰) یا (۹۰ یا ۲۷۰ − ج) = جب ج، اور جب حاصل تفریق = جم ج۔

علیٰ ہذا القیاس مس، مم اور قع، قم

طرق معرفة نصف النهار

① طریق البیرونی

قال فی القانون المسعودی (بعد ابطال الطرق المتعددة منها الدائرة الهندیة) فانا نعدل عنه الی عمل اخر یحصل منه المطلوب ای وقت اتفق القیاس فیه وذلك ان یکون الظل وقت القیاس : اه، ونقیم علیه عمود : ھب، مساویا للمقیاس ونصل : اب، قطر الظل ونخرج : ھج، موازیا له ومساویا له : اه، وندیر علی مرکز : ه، ببعد الظل : اطج، وعلی قطر: ھج،

نصف دائرة : ه د ج، ونخرج : ا ه، علی استقامتہ الی : د، وندیر علی قطر : ه د، نصف دائرة : ه ل د، فی خلاف الجهة التی فیها خط نصف النهار اعنی الجانب الذی منه تأتی الشمس قبل نصف النهار والذی الیه تذهب بعده ثم نأخذ : ا ط، مساویة لعرض البلد و : ط ز، مساویة لتمام میل الشمس ان کان شمالیا ولمجموع میلها وتسعین ان کان جنوبیا ونخرج : ز ح، عمودا علی : ه ط، و : ج ك، موازیا له ونقدر : ك م، مساویا لـ : ه ح، ان کان المیل شمالیا فنحو : د، وان کان جنوبیا فالی مرکز : ه، ثم ندیر علی : د، ببعد : د م، قوسا ینتهی الی : ل، ونصل : د ل، ونخرج : ه س، علی موازاته فیکون خط نصف النهار -

② بذریعہ قطب نما

مقناطیسی قطب جغرافیائی قطب سے مختلف ہے، اسکا مقام طولاً و عرضاً بدلتا رہتا ہے۔ ۱۹۶۷ء میں طول غربی ۱۰۱° اور عرض ۷۵° پر تھا، اسکی حرکت مشرق کی طرف ہے اور ۹۶۰ سال میں دَور پورا کرتا ہے۔ زمین کے اندر مقناطیسی لہریں مقناطیسی قطب کی طرف سیدھی نہیں اس لئے قطب نما مقناطیسی قطب پر منطبق نہیں ہوتا لہٰذا قطب نما کا جغرافیائی قطب سے فرق معلوم کرنیکے لئے مقناطیسی قطب کا مقام دریافت کرلینا کافی نہیں بلکہ اس مقصد کے لئے ہر مقام پر پہنچکر عمل اور مشاہدہ کیا جاتا ہے۔ ۱۹۶۵ء میں سروے کیمطابق چند شہروں میں قطب نما کا جغرافیائی قطب سے انحراف درج کیا جاتا ہے۔ یہ فرق ہر سال ۱ تا $2\frac{1}{2}$ دقیقہ کم ہوتا جاتا ہے۔

شہر	انحراف			شہر	انحراف		
گلگت	$2\frac{1}{2}$	درجہ	مائل بمشرق	ساہیوال، ملتان	$\frac{5}{6}$	درجہ	مائل بمشرق
اٹک، پشاور	$1\frac{5}{6}$	〃	〃	بہاولپور	$\frac{5}{6}$	〃	〃
راولپنڈی	$1\frac{2}{3}$	〃	〃	رحیم یار خاں، لاڑکانہ	$\frac{1}{2}$	〃	〃
جہلم، کوئٹہ	$1\frac{1}{6}$	〃	〃	خیرپور	$\frac{1}{3}$	〃	〃
سیالکوٹ	$1\frac{1}{12}$	〃	〃	نواب شاہ	$\frac{1}{12}$	〃	〃
لاہور، گجرانوالہ	۱	〃	〃	ٹنڈو محمد خاں	۰	〃	〃
جھنگ، شیخوپورہ، قلات	۱	〃	〃	حیدرآباد، کراچی	۰	〃	〃

(۳) بذریعہ قطب ستارہ

چونکہ قطب ستارہ حقیقی قطب کے گرد ۵۴ دقیقہ کے بُعد (نصف قطر) پر گردش کرتا ہے، لہٰذا صحیح شمال معلوم کرنے کے لئے ضروری ہے کہ قطب ستارہ کی انتہائی بلندی یا انتہائی پستی کا وقت دریافت کیا جائے جو گرینج سے شائع ہونے والی ایرالمینک سے معلوم کیا جا سکتا ہے۔

چنانچہ ایرالمینک سے معلوم ہوا کہ کراچی میں ۱۶ر دسمبر ۱۹۶۹ء کو انتہائی بلندی کا وقت رات کے آٹھ بجکر ۵۳ منٹ اور ۳۹ سیکنڈ ہے۔

قطب ستارہ بھی دیگر ستاروں کی طرح ۲۳ گھنٹے ۵۶ منٹ ۰۹۰۱۶ر۴ سیکنڈ میں اپنی گردش مکمل کرتا ہے یعنی روزانہ ۳ منٹ ۹۰۹۸۴ر۵۵ سیکنڈ فرق پڑتا ہے۔ اس طرح ایک سال (۳۶۵ دن) گزرنے پر وقت سابق سے ۹۹۸۵۶ر۵۶ سیکنڈ بعد ٹھیک اسی سابق مقام پر آجاتا ہے اور لیپ کے سال کی وجہ سے ہر چار سال کے بعد وہی وقت لَوٹ آتا ہے۔

اس سے ہر تاریخ اور ہر شہر کا حساب لگایا جا سکتا ہے۔

سہل ترین طریقہ

جب ذات الکرسی کا آخری ستارہ قطب ستارہ کے ٹھیک اوپر دائرۂ نصف النہار پر پہنچ جائے اُس وقت قطب ستارہ انتہائی بلندی پر ہوگا۔ اور قطب ستارہ کی انتہائی پستی کے وقت دبِّ اکبر (بنات النعش) کا آخری ستارہ قطب ستارہ کے اوپر دائرۂ نصف النہار سے ذرا سا آگے گزر جاتا ہے۔ یہ طریق سہل ترین ہونے کی وجہ سے بہت قیمتی ہے۔

نصف النہار کا مقامی وقت اور درجات میل شمس

تاریخ	جنوری گھنٹہ	جنوری منٹ	جنوری درجہ	فروری گھنٹہ	فروری منٹ	فروری درجہ	مارچ گھنٹہ	مارچ منٹ	مارچ درجہ
۱	۱۲	۳	۲۳/۱	۱۲	۱۴	۱۷/۳	۱۲	۱۲	۷/۵
۲	۱۲	۴	۲۳/۰	۱۲	۱۴	۱۷/۰	۱۲	۱۲	۷/۱
۳	۱۲	۴	۲۲/۹	۱۲	۱۴	۱۶/۷	۱۲	۱۲	۶/۷
۴	۱۲	۵	۲۲/۸	۱۲	۱۴	۱۶/۴	۱۲	۱۲	۶/۳
۵	۱۲	۵	۲۲/۷	۱۲	۱۴	۱۶/۱	۱۲	۱۲	۵/۹
۶	۱۲	۶	۲۲/۶	۱۲	۱۴	۱۵/۸	۱۲	۱۱	۵/۵
۷	۱۲	۶	۲۲/۵	۱۲	۱۴	۱۵/۵	۱۲	۱۱	۵/۱
۸	۱۲	۶	۲۲/۳	۱۲	۱۴	۱۵/۲	۱۲	۱۱	۴/۸
۹	۱۲	۷	۲۲/۲	۱۲	۱۴	۱۴/۹	۱۲	۱۱	۴/۴
۱۰	۱۲	۷	۲۲/۱	۱۲	۱۴	۱۴/۶	۱۲	۱۰	۴/۰
۱۱	۱۲	۸	۲۱/۹	۱۲	۱۴	۱۴/۲	۱۲	۱۰	۳/۶
۱۲	۱۲	۸	۲۱/۸	۱۲	۱۴	۱۳/۹	۱۲	۱۰	۳/۲
۱۳	۱۲	۸	۲۱/۶	۱۲	۱۴	۱۳/۶	۱۲	۹	۲/۸
۱۴	۱۲	۹	۲۱/۴	۱۲	۱۴	۱۳/۲	۱۲	۹	۲/۴
۱۵	۱۲	۹	۲۱/۲	۱۲	۱۴	۱۲/۹	۱۲	۹	۲/۰
۱۶	۱۲	۱۰	۲۱/۱	۱۲	۱۴	۱۲/۶	۱۲	۹	۱/۶
۱۷	۱۲	۱۰	۲۰/۹	۱۲	۱۴	۱۲/۲	۱۲	۸	۱/۲
۱۸	۱۲	۱۰	۲۰/۷	۱۲	۱۴	۱۱/۹	۱۲	۸	۰/۸
۱۹	۱۲	۱۱	۲۰/۵	۱۲	۱۴	۱۱/۵	۱۲	۸	۰/۴
۲۰	۱۲	۱۱	۲۰/۳	۱۲	۱۴	۱۱/۲	۱۲	۷	۰/۰ ش
۲۱	۱۲	۱۱	۲۰/۰	۱۲	۱۴	۱۰/۸	۱۲	۷	۰/۴
۲۲	۱۲	۱۱	۱۹/۸	۱۲	۱۴	۱۰/۴	۱۲	۷	۰/۸
۲۳	۱۲	۱۲	۱۹/۶	۱۲	۱۴	۱۰/۱	۱۲	۷	۱/۲
۲۴	۱۲	۱۲	۱۹/۴	۱۲	۱۳	۹/۷	۱۲	۶	۱/۶
۲۵	۱۲	۱۲	۱۹/۱	۱۲	۱۳	۹/۳	۱۲	۶	۱/۹
۲۶	۱۲	۱۲	۱۸/۹	۱۲	۱۳	۹/۰	۱۲	۶	۲/۳
۲۷	۱۲	۱۳	۱۸/۶	۱۲	۱۳	۸/۶	۱۲	۵	۲/۷
۲۸	۱۲	۱۳	۱۸/۴	۱۲	۱۳	۸/۲	۱۲	۵	۳/۱
۲۹	۱۲	۱۳	۱۸/۱	۱۲	۱۳	۷/۸	۱۲	۵	۳/۵
۳۰	۱۲	۱۳	۱۷/۸				۱۲	۴	۳/۹
۳۱	۱۲	۱۳	۱۷/۶				۱۲	۴	۴/۳
			ج			ج			ش

تاریخ	اپریل گھنٹہ	اپریل منٹ	اپریل درجہ ش	مئی گھنٹہ	مئی منٹ	مئی درجہ ش	جون گھنٹہ	جون منٹ	جون درجہ ش
۱	۱۲	۴	۴/۷	۱۱	۵۷	۱۵/۲	۱۱	۵۸	۲۲/۱
۲	۱۲	۴	۵/۱	۱۱	۵۷	۱۵/۵	۱۱	۵۸	۲۲/۲
۳	۱۲	۳	۵/۴	۱۱	۵۷	۱۵/۸	۱۱	۵۸	۲۲/۴
۴	۱۲	۳	۵/۸	۱۱	۵۷	۱۶/۱	۱۱	۵۸	۲۲/۵
۵	۱۲	۳	۶/۲	۱۱	۵۷	۱۶/۴	۱۱	۵۸	۲۲/۶
۶	۱۲	۲	۶/۶	۱۱	۵۷	۱۶/۶	۱۱	۵۹	۲۲/۷
۷	۱۲	۲	۷/۰	۱۱	۵۶	۱۶/۹	۱۱	۵۹	۲۲/۸
۸	۱۲	۲	۷/۳	۱۱	۵۶	۱۷/۲	۱۱	۵۹	۲۲/۹
۹	۱۲	۲	۷/۷	۱۱	۵۶	۱۷/۵	۱۱	۵۹	۲۳/۰
۱۰	۱۲	۱	۸/۱	۱۱	۵۶	۱۷/۷	۱۱	۵۹	۲۳/۰
۱۱	۱۲	۱	۸/۴	۱۱	۵۶	۱۸/۰	۱۲	۰	۲۳/۱
۱۲	۱۲	۱	۸/۸	۱۱	۵۶	۱۸/۲	۱۲	۰	۲۳/۲
۱۳	۱۲	۰	۹/۲	۱۱	۵۶	۱۸/۵	۱۲	۰	۲۳/۲
۱۴	۱۲	۰	۹/۵	۱۱	۵۶	۱۸/۷	۱۲	۰	۲۳/۳
۱۵	۱۲	۰	۹/۹	۱۱	۵۶	۱۸/۹	۱۲	۰	۲۳/۳
۱۶	۱۲	۰	۱۰/۲	۱۱	۵۶	۱۹/۲	۱۲	۱	۲۳/۴
۱۷	۱۲	۰	۱۰/۶	۱۱	۵۶	۱۹/۴	۱۲	۱	۲۳/۴
۱۸	۱۱	۵۹	۱۰/۹	۱۱	۵۶	۱۹/۶	۱۲	۱	۲۳/۴
۱۹	۱۱	۵۹	۱۱/۳	۱۱	۵۶	۱۹/۸	۱۲	۱	۲۳/۴
۲۰	۱۱	۵۹	۱۱/۶	۱۱	۵۶	۲۰/۱	۱۲	۱	۲۳/۴
۲۱	۱۱	۵۹	۱۲/۰	۱۱	۵۷	۲۰/۳	۱۲	۲	۲۳/۴
۲۲	۱۱	۵۸	۱۲/۳	۱۱	۵۷	۲۰/۵	۱۲	۲	۲۳/۴
۲۳	۱۱	۵۸	۱۲/۶	۱۱	۵۷	۲۰/۶	۱۲	۲	۲۳/۴
۲۴	۱۱	۵۸	۱۳/۰	۱۱	۵۷	۲۰/۸	۱۲	۲	۲۳/۴
۲۵	۱۱	۵۸	۱۳/۳	۱۱	۵۷	۲۱/۰	۱۲	۳	۲۳/۴
۲۶	۱۱	۵۸	۱۳/۶	۱۱	۵۷	۲۱/۲	۱۲	۳	۲۳/۴
۲۷	۱۱	۵۸	۱۳/۹	۱۱	۵۷	۲۱/۴	۱۲	۳	۲۳/۳
۲۸	۱۱	۵۷	۱۴/۳	۱۱	۵۷	۲۱/۵	۱۲	۳	۲۳/۳
۲۹	۱۱	۵۷	۱۴/۶	۱۱	۵۷	۲۱/۷	۱۲	۳	۲۳/۲
۳۰	۱۱	۵۷	۱۴/۹	۱۱	۵۷	۲۱/۸	۱۲	۴	۲۳/۲
۳۱			ش	۱۱	۵۸	۲۲/۰ ش			ش

تاریخ	جولائی			اگست			ستمبر		
	گھنٹہ	منٹ	درجہ ش	گھنٹہ	منٹ	درجہ ش	گھنٹہ	منٹ	درجہ ش
۱	۱۲	۴	۲۳/۱	۱۲	۶	۱۷/۹	۱۲	۰	۸/۲
۲	۱۲	۴	۲۳/۰	۱۲	۶	۱۷/۷	۱۲	۰	۷/۸
۳	۱۲	۴	۲۲/۹	۱۲	۶	۱۷/۴	۱۱	۵۹	۷/۴
۴	۱۲	۴	۲۲/۹	۱۲	۶	۱۷/۲	۱۱	۵۹	۷/۱
۵	۱۲	۴	۲۲/۸	۱۲	۶	۱۶/۹	۱۱	۵۹	۶/۷
۶	۱۲	۵	۲۲/۷	۱۲	۶	۱۶/۶	۱۱	۵۸	۶/۳
۷	۱۲	۵	۲۲/۶	۱۲	۶	۱۶/۳	۱۱	۵۸	۵/۹
۸	۱۲	۵	۲۲/۴	۱۲	۶	۱۶/۱	۱۱	۵۸	۵/۶
۹	۱۲	۵	۲۲/۳	۱۲	۵	۱۵/۸	۱۱	۵۷	۵/۲
۱۰	۱۲	۵	۲۲/۲	۱۲	۵	۱۵/۵	۱۱	۵۷	۴/۸
۱۱	۱۲	۵	۲۲/۱	۱۲	۵	۱۵/۲	۱۱	۵۷	۴/۴
۱۲	۱۲	۶	۲۱/۹	۱۲	۵	۱۴/۹	۱۱	۵۶	۴/۱
۱۳	۱۲	۶	۲۱/۸	۱۲	۵	۱۴/۶	۱۱	۵۶	۳/۷
۱۴	۱۲	۶	۲۱/۶	۱۲	۵	۱۴/۳	۱۱	۵۵	۳/۳
۱۵	۱۲	۶	۲۱/۵	۱۲	۴	۱۴/۰	۱۱	۵۵	۲/۹
۱۶	۱۲	۶	۲۱/۳	۱۲	۴	۱۳/۶	۱۱	۵۵	۲/۵
۱۷	۱۲	۶	۲۱/۱	۱۲	۴	۱۳/۳	۱۱	۵۴	۲/۱
۱۸	۱۲	۶	۲۱/۰	۱۲	۴	۱۳/۰	۱۱	۵۴	۱/۷
۱۹	۱۲	۶	۲۰/۸	۱۲	۴	۱۲/۷	۱۱	۵۴	۱/۴
۲۰	۱۲	۶	۲۰/۶	۱۲	۳	۱۲/۳	۱۱	۵۳	۱/۰
۲۱	۱۲	۶	۲۰/۴	۱۲	۳	۱۲/۰	۱۱	۵۳	۰/۶
۲۲	۱۲	۶	۲۰/۲	۱۲	۳	۱۱/۷	۱۱	۵۳	۰/۲
۲۳	۱۲	۶	۲۰/۰	۱۲	۳	۱۱/۳	۱۱	۵۲	ج ۰/۲
۲۴	۱۲	۶	۱۹/۸	۱۲	۲	۱۱/۰	۱۱	۵۲	۰/۶
۲۵	۱۲	۶	۱۹/۶	۱۲	۲	۱۰/۶	۱۱	۵۲	۱/۰
۲۶	۱۲	۶	۱۹/۴	۱۲	۲	۱۰/۳	۱۱	۵۱	۱/۴
۲۷	۱۲	۶	۱۹/۱	۱۲	۱	۱۰/۰	۱۱	۵۱	۱/۸
۲۸	۱۲	۶	۱۸/۹	۱۲	۱	۹/۶	۱۱	۵۱	۲/۲
۲۹	۱۲	۶	۱۸/۷	۱۲	۱	۹/۲	۱۱	۵۰	۲/۵
۳۰	۱۲	۶	۱۸/۴	۱۲	۱	۸/۹	۱۱	۵۰	۲/۹
۳۱	۱۲	۶	۱۸/۲	۱۲	۰	۸/۵	۱۱		
			ش			ش			ج

تاریخ	اکتوبر گھنٹہ	اکتوبر منٹ	اکتوبر درجہ	نومبر گھنٹہ	نومبر منٹ	نومبر درجہ	دسمبر گھنٹہ	دسمبر منٹ	دسمبر درجہ
۱	۱۱	۵۰	۳/۳	۱۱	۴۴	۱۴/۵	۱۱	۴۹	۲۱/۹
۲	۱۱	۴۹	۳/۷	۱۱	۴۴	۱۴/۹	۱۱	۵۰	۲۲/۰
۳	۱۱	۴۹	۴/۱	۱۱	۴۴	۱۵/۲	۱۱	۵۰	۲۲/۲
۴	۱۱	۴۹	۴/۵	۱۱	۴۴	۱۵/۵	۱۱	۵۰	۲۲/۳
۵	۱۱	۴۸	۴/۹	۱۱	۴۴	۱۵/۸	۱۱	۵۱	۲۲/۴
۶	۱۱	۴۸	۵/۲	۱۱	۴۴	۱۶/۱	۱۱	۵۱	۲۲/۵
۷	۱۱	۴۸	۵/۶	۱۱	۴۴	۱۶/۴	۱۱	۵۲	۲۲/۷
۸	۱۱	۴۸	۶/۰	۱۱	۴۴	۱۶/۷	۱۱	۵۲	۲۲/۸
۹	۱۱	۴۷	۶/۴	۱۱	۴۴	۱۷/۰	۱۱	۵۲	۲۲/۹
۱۰	۱۱	۴۷	۶/۸	۱۱	۴۴	۱۷/۲	۱۱	۵۳	۲۲/۹
۱۱	۱۱	۴۷	۷/۲	۱۱	۴۴	۱۷/۵	۱۱	۵۳	۲۳/۰
۱۲	۱۱	۴۶	۷/۵	۱۱	۴۴	۱۷/۸	۱۱	۵۴	۲۳/۱
۱۳	۱۱	۴۶	۷/۹	۱۱	۴۴	۱۸/۱	۱۱	۵۴	۲۳/۲
۱۴	۱۱	۴۶	۸/۳	۱۱	۴۴	۱۸/۳	۱۱	۵۵	۲۳/۲
۱۵	۱۱	۴۶	۸/۶	۱۱	۴۵	۱۸/۶	۱۱	۵۵	۲۳/۳
۱۶	۱۱	۴۶	۹/۰	۱۱	۴۵	۱۸/۸	۱۱	۵۶	۲۳/۳
۱۷	۱۱	۴۵	۹/۴	۱۱	۴۵	۱۹/۱	۱۱	۵۶	۲۳/۴
۱۸	۱۱	۴۵	۹/۷	۱۱	۴۵	۱۹/۳	۱۱	۵۷	۲۳/۴
۱۹	۱۱	۴۵	۱۰/۱	۱۱	۴۵	۱۹/۵	۱۱	۵۷	۲۳/۴
۲۰	۱۱	۴۵	۱۰/۵	۱۱	۴۶	۱۹/۸	۱۱	۵۸	۲۳/۴
۲۱	۱۱	۴۵	۱۰/۸	۱۱	۴۶	۲۰/۰	۱۱	۵۸	۲۳/۴
۲۲	۱۱	۴۴	۱۱/۲	۱۱	۴۶	۲۰/۲	۱۱	۵۹	۲۳/۴
۲۳	۱۱	۴۴	۱۱/۵	۱۱	۴۶	۲۰/۴	۱۱	۵۹	۲۳/۴
۲۴	۱۱	۴۴	۱۱/۹	۱۱	۴۷	۲۰/۶	۱۲	۰	۲۳/۴
۲۵	۱۱	۴۴	۱۲/۲	۱۱	۴۷	۲۰/۸	۱۲	۰	۲۳/۴
۲۶	۱۱	۴۴	۱۲/۶	۱۱	۴۷	۲۱/۰	۱۲	۱	۲۳/۴
۲۷	۱۱	۴۴	۱۲/۹	۱۱	۴۸	۲۱/۲	۱۲	۱	۲۳/۳
۲۸	۱۱	۴۴	۱۳/۲	۱۱	۴۸	۲۱/۴	۱۲	۲	۲۳/۳
۲۹	۱۱	۴۴	۱۳/۶	۱۱	۴۸	۲۱/۵	۱۲	۲	۲۳/۲
۳۰	۱۱	۴۴	۱۳/۹	۱۱	۴۹	۲۱/۷	۱۲	۳	۲۳/۱
۳۱	۱۱	۴۴	۱۴/۲	۱۱			۱۲	۳	۲۳/۱
			ج			ج			ج

طول البلد معلوم کرنے کا طریقہ

مغربی پاکستان میں ۷۵ درجہ اور مشرقی پاکستان میں ۹۰ درجہ طول البلد کا مقامی وقت رائج ہے آپ مقام مطلوب کے نصف النہار کا گذشتہ نقشے کے نصف النہار سے فرق نکال کر چار منٹ فی درجہ کے حساب سے مجموعہ درجات کو ۷۵ یا ۹۰ کے ساتھ جمع یا اس سے تفریق کرلیں۔

عرض البلد معلوم کرنے کا طریقہ

(۱) قطب ستارہ جب انتہائی بلندی یا انتہائی پستی پر ہو اسوقت اصطرلاب یا ربع مجیب یا ربع مقنطر وغیرہ کے ذریعہ اسکا ارتفاع معلوم کرکے اسکی مدار کی نصف قطر (۴۵ دقیقہ) جمع یا تفریق کریں،

(۲) ٹھیک نصف النہار کے وقت مس (عمود ظل) کے ذریعہ ارتفاع شمس کے درجات معلوم کر کے نوّے سے تفریق کریں، پھر نقشہ سے میل[1] شمس کے درجات معلوم کریں۔ اگر میل جنوبی ہو تو درجات میل کو حاصل تفریق اول سے تفریق کریں اور میل شمالی ہو تو اس کے درجات کو حاصل تفریق کے ساتھ جمع کریں، دونوں صورتوں میں جواب عرض البلد ہوگا۔ مثلاً ۲۳ دسمبر کو کراچی میں بوقت نصف النہار ارتفاع شمس کے درجات ۴۱/ ۴۳ ہیں اور میل جنوبی ۲۳/ ۲۶ ہے۔ لہٰذا کراچی کا عرض البلد ۹۰/ ۰ ـ ۴۱/ ۴۳ ـ ۲۳/ ۲۶ = ۲۴/ ۵۱

تخریج اوقات

ھدایات :

(۱) طلوع و غروب کا وقت معلوم کرنے کے لئے آفتاب کو اُفق سے ۸ر۰ درجہ نیچے لیا جاتا ہے جس کی تفصیل یہ ہے شمس کی نصف قطر ۱۶ دقیقہ + افق حقیقی و افق ترسی کا فرق ۳۴[2] دقیقہ = ۵۰ دقیقہ = ۸ر۰ درجہ۔

(۲) صبح صادق اور عشاء کے لئے شمس کو ۱۵ درجہ زیر افق لیا جائے گا۔ عام جنتریوں اور اوقات نماز کے نقشوں میں ۱۸ درجات زیر افق لئے گئے ہیں یہ صحیح نہیں، یہ وقت صبح کاذب کا ہے۔ صبح صادق

---

[1] نقشہ میں صفر طول البلد پر بوقت نصف النہار میل شمس دیا گیا ہے، تخریج اوقات وغیرہ میں زیادہ صحیح عمل کیلئے مقامی میل لینا چاہئے ۱۲ منہ

[2] اس میں کچھ فرق افق کا اثر ہے اور کچھ شعاعوں کے انعکاس کا اثر ۱۲ منہ

اس سے تین درجہ بعد میں ہوتی ہے۔ شفق احمر ۱۲ درجہ زیر افق کے وقت غروب ہوتی ہے۔

(۳) مشاہدات سے ثابت ہوا کہ ابتدار وقت اشراق میں آفتاب افق سے ۴ر ۱ درجہ بلند ہوتا ہے

(۴) وقت عصر کی تخریج کے لئے پہلے مثلین کے وقت ارتفاع شمس کے درجات معلوم کئے جاتے ہیں، جسکا قاعدہ یہ ہے کہ بوقت نصف النہار ارتفاع کے درجات یوں معلوم کریں۔

۹۰ ـ عرض البلد ـ میل شمس مخالف یا ۹۰ ـ عرض البلد + میل شمس موافق۔ مثلاً کراچی میں ۲۳ر دسمبر کو ارتفاع شمس بوقت نصف النہار ۹۰ ـ ۹ر ۲۴ ـ ۴ر ۲۳ = °۷ر ۴۱

پھر م °۷ر ۴۱ = ۳۸ ۱۲۲ر ۱ + ۲ (مثلین) = ۳۸ ۱۲۲ر ۳ = ۸ر ۱۷ درجہ بوقت عصر۔

تخریج اوقات کے قواعد

(۱) ب = قوس ادار شمس مابین افق و مرکز شمس

$$\frac{\text{(جب میل × جب عرض) + جب درجہ طلوع یا صبح صادق یا عصر}^{(-)(+)}}{\text{جم میل × جم عرض}}$$

میل مخالف میں جب میل (ـ) ہوگا اور میل موافق میں (+) ہوگا۔

مثلاً ۲۳ر دسمبر میں کراچی کا وقت طلوع یوں نکلے گا۔

جب میل ۴ر ۲۳ (ـ) = ۰ر ۳۹۷۱ (ـ)

جب عرض ۹ر ۲۴ = ۰ر ۴۲۱۰

جب درجہ طلوع ۸ر۰ = ۰ر ۰۱۴۰

جم میل ۴ر ۲۳ = ۰ر ۹۱۷۸

جم عرض ۹ر ۲۴ = ۰ر ۹۰۷۰

$$\frac{\text{۰ر ۰۱۴۰ + \{۰ر ۴۲۱۰ × (ـ) ۰ر ۳۹۷۱\}}}{\text{۰ر ۹۰۷۰ × ۰ر ۹۱۷۸}} = \frac{\text{۰ر ۰۱۴۰ + (ـ) ۰ر ۱۶۷۲}}{\text{ر ۸}}$$

$$= \frac{\text{(ـ) ۰ر ۱۵۳۲}}{\text{۰۰۸۳۲۴}} = \text{(ـ) ۰ر ۱۸۴۰} = \text{(ـ) °۹ر ۱۰} = \text{(ـ) ۴ر ۴۲} + \text{۶ ـ ۰ (گھنٹہ منٹ)}$$

(°۹۰) = ۵۰ گھنٹہ / ۶ر ۱۷ منٹ

وقت نصف النہار ۱۲گ ۱۴م ۳۱س ـ ۵گ ۱۸م ۱ = ۷گ ۱۳م وقت طلوع بتاریخ ۲۳ر دسمبر

(۲) ن = (ا + ب + ج)/۲

مس ق/۲ = √(جب (ن − ا) × جب (ن − ب) / جب ن × جب (ن − ج))

(۶۵٫۱ + ۱۱۳٫۴ + ۹۰٫۸) ÷ ۲ = ۱۳۴٫۶۵

۱۳۴٫۶۵ − ۶۵٫۱ = ۶۹٫۵۵

۱۳۴٫۶۵ − ۱۱۳٫۴ = ۲۱٫۲۵

۱۳۴٫۶۵ − ۹۰٫۸ = ۴۳٫۸۵

ق قطب شمالی — شمس — کراچی — ج ۹۰٫۸

(لوک جب ۶۹٫۵۵ = ۱̅٫۹۷۱۷) + (لوک جب ۲۱٫۲۵ = ۱̅٫۵۵۹۳) = ۱̅٫۵۳۱۰

(لوک جب ۴۳٫۸۵ = ۱̅٫۸۴۰۶) + (لوک جب ۱۳۴٫۶۵ = ۱̅٫۸۵۲۱) = ۱̅٫۶۹۲۷

= ۱̅٫۸۳۸۳ ÷ ۲ = ۱̅٫۹۱۹۱ = ۳۹٫۷ = ق/۲ ، ق = ۷۹٫۴ = ۵ گھنٹہ / ۱۷٫۶ منٹ

(۳) ن = (ا + ب + ج)/۲ جب ق/۲ = √(جب (ن − ا) جب (ن − ب) / جب ا جب ب) (۱̅٫۹۷۱۷ + ۱̅٫۵۵۹۳ = ۱̅٫۵۳۱۰)

− (۱̅٫۹۵۷۶ + ۱̅٫۹۶۲۷ = ۱̅٫۹۲۰۳) = ۱̅٫۶۱۰۷ ÷ ۲ = ۱̅٫۸۰۵۳ = ۳۹٫۷ ق/۲

(۴) سب سے آسان قاعدہ، ن = (ج + عرض + میل مخالف یا − میل موافق)/۲ جب ق/۲ = √(جب ن جب (ج − ن) / جم میل جم عرض)

(۱̅٫۹۷۱۷ + ۱̅٫۵۵۹۳) − (۱̅٫۹۶۲۷ + ۱̅٫۹۵۷۶) = ۱̅٫۶۱۰۷ ÷ ۲ = ۱̅٫۸۰۵۳ = ۳۹٫۷ = ق/۲

(۵) ۳۵° عرض البلد تک صرف طلوع و غروب کے لئے سہل ترین طریقہ، جب تعدیل النہار = مس عرض مس میل، آخر میں درجۂ طلوع و غروب (۰٫۸°) کے مطابق چار منٹ کی کمی بیشی کرلیں اس طرح بیک وقت چار ایام (دو میل موافق اور دو مخالف) کے اوقات نکالے جا سکتے ہیں۔

تنبیہ: ۴۰ عرض البلد سے زائد عرض پر اوقات تیزی سے بدلتے ہیں لہٰذا صبح و شام کے لئے میل شمس الگ الگ لیا جاتا ہے یا اختصارِ عمل کے لئے ہر تاریخ کے وقت غروب و عشا میں آئندہ تاریخ تک فرق وقت کے نصف کا حساب بھی لگایا جاتا ہے اور وقت فجر و طلوع میں گزشتہ تاریخ تک فرق وقت کا نصف شمار کیا جاتا ہے۔

(۶) خط نصف النہار پر ۹۰ درجہ کا عمود بنائیں، پھر میل شمالی ہو تو ۹۰ سے بائیں طرف اور جنوبی ہو تو دائیں طرف درجات میل پر نقطہ "ا" لگائیں۔ پھر اس سے دائیں جانب مثل یا مثلین کے درجات اور بائیں جانب طلوع یا صبح صادق کے درجات کے مطابق نقطہ "۲" لگائیں۔ چنانچہ شکل میں ہمنے صبح صادق کے لئے نقطہ "ا" سے بائیں جانب ۱۵ درجات پر نقطہ "۲" لگایا۔

پھر خط نصف النہار سے درجات عرض البلد کے بُعد پر خط نصف النہار سے متوازی خط ۳، ۴، ۵ کھینچیں پھر "۱" سے مرکز تک جانیوالے خط سے متوازی نقطہ "۲" سے خط ۳، ۴، ۵ تک خط ۲، ۶ کھینچیں اور خط ۴، ۵ کے برابر نصف قطر کا اندرونی دائرہ بنائیں اور نقطہ ۶ سے اندرونی دائرہ تک خط ۶، ۷ عموداً گرائیں، پھر مرکز سے بیرونی دائرہ تک خط کھینچیں جو نقطہ ۷ پر سے گزرے اور بیرونی دائرہ پر محل وقوع نقطہ ۸ متعیّن کریں۔ اب نصف النہار سے نقطہ ۸ تک کی قوس کے درجات معلوم کرلیں۔ اس طرح بیک وقت طلوع، عصر اور صبح صادق کے درجات لگاکر سب کا وقت نکالا جاسکتا ہے۔ شکل میں میل شمس شمالی ۲۰ درجہ لیا گیا ہے جو ۲۰ رمئی کو ہوتا ہے اور عرض البلد کراچی کا ۲۵ درجہ لیا گیا ہے اس حساب سے شکل کے مطابق طلوع صبح صادق کے ۹۰ + ۲۸ر۲ درجات بنتے ہیں، اور ۲۰ رمئی کو نصف النہار ۱۲ گھنٹہ ۲۸ منٹ پر ہے لہٰذا صبح صادق ۴ گھنٹہ ۳۵ منٹ پر ہوگی۔ عام نقشوں میں دیا ہوا وقت صحیح نہیں۔ تفصیل کے لئے دیکھئے بندہ کا رسالہ "صبح صادق"

(۷) کرۂ ارضیہ پر دائرۃ الارتفاع کے ذریعہ صبح صادق اور طلوع و غروب وغیرہ کے درجات کے مطابق مدار آفتاب پر نشان لگائیں پھر اس نشان سے نصف النہار تک مدار کے درجات شمار کرکے چار منٹ فی درجہ کا حساب لگالیں

ضروری تنبیہ: سب اوقات میں دو تین منٹ کی احتیاط ضروری ہے اس لئے کہ کسی مقام کے طول و عرض میں فرق کی بنا پر ان اوقات میں معمولی فرق پڑسکتا ہے علاوہ ازیں ہر سال میں میل شمس بھی قدرے مختلف ہوتا ہے جو ہر چار سال کے بعد لیپ کے سال کے ذریعہ سابق معیار پر آجاتا ہے۔

برائے طلوع ــــ بلندی کی وجہ سے فرقِ وقت کا نقشہ ــــ وغروب

بلندی (فٹ)	۵۰۰	۱۰۰۰	۲۰۰۰	۳۰۰۰	۴۰۰۰	۵۰۰۰	۱۰۰۰۰
فرق درجات	۰ر۵°	۰ر۷°	۰ر۹°	۱ر۱°	۱ر۳°	۱ر۴°	۲ر۰°

۱۵ ہزار	۲۰	۲۵	۳۰	۳۵	۴۰	۴۵	۵۰	۵۵	۶۰
۲ر۴°	۲ر۸°	۳ر۱°	۳ر۴°	۳ر۶°	۳ر۹°	۴ر۱°	۴ر۳°	۴ر۵°	۴ر۷°

ارشاد العابد ــــ ۱۴

صبح صادق وعشار، سول ٹوائیلائٹ (۶° زیرافق) میں ۳۵ ہزار فٹ کی بلندی پر صرف ۱°٫۱ کا فرق پڑتا ہے۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ صبح صادق وعشار (۱۵° زیرافق) کے اوقات پر بلندی کی وجہ سے کوئی معتد بہ اثر نہیں پڑتا۔

عصر، چونکہ آفتاب بہت دُور ہے اس لئے بلندی پر جانے سے وقت عصر میں کوئی فرق نہیں آتا۔

فائدہ: فوکر طیارہ ۱۵ تا ۱۹ اور بوئنگ طیارہ ۲۹ تا ۳۵ ہزار فٹ کی بلندی پر پرواز کرتا ہے۔

طرق تخریج سمت قبلہ

① ۲۷ مئی اور ۱۶ جولائی کو آفتاب مکہ مکرمہ کے عرض پر سے گزرتا ہے لہٰذا فرق وقت کے حساب سے آفتاب کے نصف نہار مکہ پر پہنچنے کا وقت معلوم کریں، ٹھیک اسوقت عمود کا سایہ سمت قبلہ پر ہوگا، مثلاً مغربی پاکستان کا معیاری وقت مطابق طول ۷۵°/۰′۔ طول مکہ ۳۹°/۵۴′ = ۳۵°/۶′ = ۲گ/۲۰م/۲۴ث، ۲۷ مئی کو مقامی نصف النہار ۱۱گ/۵۷م + ۲گ/۲۰م = ۱۴گ/۱۷م، ۱۶ جولائی کو مقامی نصف النہار ۱۲گ/۶م + ۲گ/۲۰م = ۱۴گ/۲۶م، یعنی مغربی پاکستان میں ۲۷ مئی کو ۲ بجکر ۱۷ منٹ پر اور ۱۶ جولائی کو ۲ بجکر ۲۶ منٹ پر عمود کا سایہ سمت قبلہ پر ہوگا۔

ان مقامات کیلئے جو مکہ مکرمہ سے مشرق یا مغرب میں ۹۰° سے دُور ہیں یہی عمل ۲۸ نومبر اور ۱۴ جنوری میں کیا جائیگا۔ ان تاریخوں میں جب آفتاب مکہ مکرمہ کے نصف النہار ۱۸۰° پر ہوگا اسوقت عمود کا سایہ سمتِ قبلہ پر ہوگا۔

طرق المثلث الکروی

(۱/۲) ق م = ۹۰ — عرض مکہ مکرمہ

ق ب = ۹۰ — عرض کراچی

ق^ = طول کراچی — طول مکہ

$$\text{ظم ب} = \frac{(\text{جب ق ب} \times \text{ظم ق م}) - (\text{جم ق ب} \times \text{جم ق}^\wedge)}{\text{جب ق}^\wedge}$$

$$\frac{(۰٫۸۹۰۲ \times ۰٫۴۲۰۲) - (۰٫۳۹۰۹ \times ۰٫۹۰۷۴)}{۰٫۴۵۵۵} = (-)۰٫۰۴۲۳ = (-)۸۷°/۳۵′$$

۱۸۰°/۰′ — ۸۷°/۳۵′ = ۹۲°/۲۵′ = (ب) — ۹۰°/۰′ = ۲°/۲۵′ مائل بجنوب

$$\text{(۲/۳) مس ب} = \frac{\text{جب ق}^\wedge}{(\text{جم عرض البلد مس عرض مکہ}) - (\text{جب عرض البلد جم ق}^\wedge)}$$

(۳/۴) مم ب = (مس عرض مکہ جم عرض البلد قم فرق طول) ـ (جب عرض البلد مم فرق طول)

(۴/۵) مم عرض موقع = مم عرض مکہ جم فرق طول، مس ب = جم عرض موقع مس فرق طول قم (عرض موقع ـ عرض البلد)

۰٫۴۰۷۹ + ۱٫۹۴۹۵ = ۰٫۳۵۷۴ = ۲۳°/۴۳ = عرض موقع ـ ۲۴°/۵۱ = ۱/۸ (–)

۱٫۹۶۱۸ + ۱٫۷۰۹۰ + ۱٫۷۰۳۸ (–) = ۱٫۳۷۴۶ (–) = ۸۲°/۳۵ (–)

(۵/۶) ب = م + ن، مس م = مم ق/۲ × جب (ق م – ق ب)/۲ ÷ جب (ق م + ق ب)/۲ ، مس ن = مم ق/۲ × جم (ق م – ق ب)/۲ ÷ جم (ق م + ق ب)/۲

(لوک جب (ق م – ق ب)/۲ = ۲٫۴۸۴۸) ـ (لوک جب (ق م + ق ب)/۲ = ۱٫۹۶۳۷) = ۲٫۵۲۱۱ +

(لوک مم ق/۲ = ۰٫۶۱۷۹) = ۱٫۱۳۹۰ = ۷°/۵۰ (م)

(لوک جم (ق م – ق ب)/۲ = ۱٫۹۹۹۸) ـ (لوک جم (ق م + ق ب)/۲ = ۱٫۵۹۳۷) = ۰٫۴۰۶۱ + (لوک مم ق/۲

= ۰٫۶۱۷۹) = ۱٫۰۲۴۰ = ۸۴°/۳۵ (ن) + ۷°/۵۰ = ۹۴°/۲۵

(۷) کرۂ ارضیہ پر دائرۃ الافق متعین کریں پھر بلد سے مکہ مکرمہ پر خط گزار کر دائرۃ الافق تک پہنچائیں اور انحراف کے درجات شمار کرلیں۔

(۸) طریق ابی ریحان البیرونی، مرکز ہ پر دائرہ کھینچکر اس پر ا ہ ج خط نصف النہار کھینچیں اور نقطۃ الجنوب ا متعین کریں پھر عرض البلد کے مطابق مشرق کی طرف قوس ج ط کا ملکر ہ ط کو ملائیں اور ط ز کو تمام عرض مکہ کے مطابق بنائیں پھر ہ ط پر عمود ز ک کھینچیں اور ک کو مرکز بناکر ز کے بُعد پر نصف دائرہ ز ح د بنائیں پھر بلد اور مکہ کے درمیان فرق طول کے تمام سے مساوی قوس ط ب کاٹکر ہ ب کو ملائیں اور اس کی موازاۃ پر خط ک ح نکالیں پھر ا کو مرکز بناکر ز ح کے بُعد پر م س کی قوس بنائیں اور ک ز پر ح ل اور ا ہ ج پر ل ی عمود گرائیں۔ پس اگر مکہ کا طول زیادہ ہو تو نقطۂ م سے اور اگر طول مکہ کم ہو تو س سے ا ہ ج کے موازی خط نکالیں، اور اس کے خط ل ی سے تقاطع پر نقطہ ع متعین کریں پھر مرکز سے اس پر خط ہ ع ص نکالیں، یہ سمت قبلہ ہوگی۔

ذیل میں خود بیرونی کی عبارت مع برہان القانون المسعودی سے نقل کی جاتی ہے۔ کتابت میں اغلاط بہت ہیں۔ بدون کاوش جو الفاظ ذہن میں آئے انکے مطابق تصحیح کردی ہے۔ کتابت کی اصل عبارت کو برقرار رکھتے ہوئے تصحیح کے الفاظ کو بین القوسین لکھدیا ہے۔

ع ۵ نصف النہار پر اس عمود کا محل وقوع جو راس مکہ پر گذرے ۱۲

ادرنا علی سطح مستوی (مستوٍ) فی موازاۃ الافق دائرۃ واستخرجنا فیہا خط نصف النہار وقسمنا محیطہا بثلاث مأۃ وستین جزءً قسمۃ مستویۃ، ولیکن تلک الدائرۃ : ابجد علی مرکز : ہ، وخط نصف النہار فیہا : اہ ج، و : ا، نقطۃ الجنوب ونقرر قوس : ج طن علی (الی) الجنوب مساویۃ لعرض بلدنا ونصل : ہ ط، ونجعل : طز، تمام عرض مکۃ او البلد الذی نرید سمتہ وننزل علی : ہ ط، عمود : زک، وندیر علی مرکز : ک، وببعد : ک ز، نصف دائرۃ : زح د، ثم نفصل : ط ب، مساویا لتمام ما بین بلدنا وبین مکۃ او ذلک البلد فی (من) الطول ونصل : ی ہ (ب ہ) ونخرج ک ح علی موازاۃ (موازاتہ) وندیر علی مرکز : ا، وببعد : زح، قوس : م س، و ننزل عمود : ح ل، علی : ک ز، ونخرج : ل ع، قائما (علی) : اہ ج، فان کان طول مکۃ اکثر من طول بلدنا اخرجنا من نقطۃ : م، الشرقیۃ عن : ا، خطًّا موازیًا لقطر : اہ ج، وان کان طول مکۃ اقل اخرجناہ من : س، موازیًا لـ : اہ ج

ولیکن ملتقاه مع خط : ل ع ، علی نقطة : ع ، ونخرج من المرکز علیه خط : ه ع ص ، فیکون خط القبلة الذی یصلی علیه المصلی من مرکز : ه ، فیکون مواجهاً لمکة او البلد الذی نفرض للاستقبال ،

برهان ذلك انا نتوهم نصف دائرة : ا ب ج ، ونصف فلك نصف النهار قائماً علی نصف دائرة : ا ص ج ، الذی للافق واذا کان : ج ط ، عرض البلد کان : ط ، قطب الکل و : ه ط ، من المحور ومتی فرضنا : ط ز ، مساویاً لتمام عرض مکة کان : ك ، مرکز المدار المار علیها ولذلك یکون نصف هذا المدار : ز ح د ، وهو فی الوهم قائم علی فلك نصف النهار فاذا جعلنا : ط ب ، مساویاً لتمام مابین الطولین وفضل (فصل) خط : ك ح ، الموازی لـ : ه ب ، من المدار مابین الطولین لتوازی خطی : ك ز ، والخارج من : ه ، عمود : ا ع ل ، (عموداً علی) : ط ه وتساوی زاویتی : ح ك ز ، والتی محیطها : ب ه ، والخط المذکور مقابلة (والخط المذکور ، وهی مقابلة) لازمان مابین الطولین ونقطة : ح ، فی هذا المدار القائم مسامتة لمکة والعمود النازل منها علی افق بلدنا ولیقع علی : ع ، هی فی سطح دائرة الارتفاع المارة علی مکة والاستقبال یکون فی سطحها فلذلك صار وکدنا مقصوراً علی معرفة وضع نقطة : ی ع ، (نقطة : ع ،) ومعلوم ان : ع ، (: ی ع ،) یوازی : ح ل ، ویساویه لتوازی : ل ی ، (: ل ع ،) مع العمود النازل من : ح ، علی : ع ، فان ادرنا الکرة علی محور : ا ه ج ، رسم خط : ل ی ، (: ل ع ،) القائم علیه سطحاً مستقیماً یقاطع الافق علی : ی ع ، وینطبق : ی ل ، فیه علی استقامته فنقطة : ع ، علی خط : ی ل ، عند موافاته الافق ، واذا ادرنا دائرة : س م ، ببعد : ز ح ، ساوی جیب : س ا ، فیها : ح ل ، ولذلك یفضل (یفصل) خط : س ع ، الموازی لـ : ا ه ج ، خط : ی ع ، مساویاً لـ : خ ل ، ویصیر وضع نقطة : ع ، التی مسقط حجر مکة فی افقنا معلوماً ،

(القانون المسعودی ص ۵۲۶ تا ص ۵۲۸ ج ۲)

⑨ ایک دائرہ پر خط المشرق والمغرب اور خط الشمال والجنوب کھینچیں پھر فرق بین الطولین کے مطابق خط الشمال والجنوب سے متوازی اور فرق بین العرضین کے مطابق خط المشرق والمغرب سے متوازی خط کھینچیں دونوں کے موضع تقاطع پر مرکز سے خط مستقیم کھینچیں ، یہ سمت قبلہ تقریبی ہے ۔ چنانچہ اس طریقہ سے کراچی کی سمت قبلہ مغرب سے ۵ درجے مائل بجنوب نکلتی ہے جبکہ صحیح

خط الشمال والجنوب

خط المشرق والمغرب

سمت ۴° ر ۲ جنوب کی طرف ہے۔ یہ طریقہ اگرچہ تقریبی ہے مگر آسان ہونے کی وجہ سے صاحبِ تصریح وغیرہ نے اسے بیان کیا ہے۔

(۱۰) دائرہ یا نصف دائرہ پر خط المشرق والمغرب اور خط الشمال والجنوب کھینچیں۔ نقطۂ ۱ شمال کی طرف ہو، قوس ۲، ۴ پر زاویہ ۲، ۵ فرق طول کے برابر بنائیں، اور زاویہ ۵، ۶ عرض مکہ کے برابر بنائیں اور خط ۶، ۷ کو خط ۳، ۵ پر عموداً گرائیں اور خط ۷، ۸، ۹ کو خط ۱، ۳، ۲ کے متوازی کھینچیں۔ پھر مرکز سے ۸، ۹ کے برابر نصف قطر کا اندرونی دائرہ بنائیں اور خط ۷، ۱۰ کو خط ۳، ۴ کے متوازی کھینچیں۔ نقطۂ ۱۰ اندرونی دائرہ پر واقع ہو۔ اور زاویہ ۱۰، ۳، ۱۱ تمام عرض البلد کے برابر بنائیں اور خط ۷، ۸، ۹ پر خط ۱۱، ۱۲ کو عموداً گرائیں، ضرورت پڑے تو خط ۷، ۸، ۹ کو بڑھالیں پھر ۳، ۱۲ کو خطِ مستقیم سے ملائیں یہ خطِ سمت قبلہ ہوگا۔

مکہ مکرمہ سے فاصلہ معلوم کرنے کے طریقے

(۱) شکل مذکور میں خط ۳، ۱۳ کو خط ۳، ۱۲ پر عمود بنائیں، اگر نقطہ ۱۱ قوس ۱، ۴، ۲ کی طرف

واقع ہو تو خط ۱۲، ۱۴ کو خط ۳، ۱۲ پر عمود اً گرائیں اور اگر نقطہ دائرہ کے دائیں نصف پر ہو تو خط ۱۲، ۱۵ کو خط ۳، ۱۲ پر عموداً گرائیں شکل مسطور میں صورت اول واقع ہوئی ہے لہٰذا قوس ۱۳، ۱۴ کی پیمائش کریں اور فی درجہ ۱ر ۶۹ میل کا حساب لگالیں۔

(۲) بطریق تخریج سمت قبلہ زاویہ سمت قبلہ معلوم کرکے یہ کلیہ استعمال کریں۔

جب مابین البلدین = جم عرض مکہ جب فرق طول قم ۷ سمت قبلہ مثلاً کراچی تا مکہ مکرمہ۔

۹۶۹۰،آ + ۶۵۸۵،آ + ۰،۰۰۰۴ = ۶۲۷۹،آ = ۲۵،۱° × ۶۹،۱ = ۱۷۳۴،۴۱ میل۔

(۳) مم عرض موقع = مم عرض مکہ جم فرق طول

جم مابین البلدین = جب عرض مکہ قم عرض موقع جم (عرض موقع ـ عرض البلد)

(۴) کرۂ ارضیہ پر دونوں شہروں کا فاصلہ دھاگے سے ناپ کر خط استواء پر رکھ کر درجات معلوم کرلیں۔

سمت قبلہ کے درجات قائم کرنے کے قواعد

(الف) بذریعہ سایہ

(۱) کرۂ ارضیہ پر دائرہ سمت قبلہ اور مدار آفتاب کے تقاطع کا وقت نکالیں اسوقت عمود کا سایہ سمت قبلہ پر ہوگا۔ اور اگر دائرۂ سمت قبلہ پر نقطۂ شمال سے مدار شمس تک جانیوالے خط کو بطور عمود گزاریں تو مدار شمس پر اسکی جائے وقوع کے وقت عمود کا سایہ خط سمت قبلہ پر عمود واقع ہوگا۔ مسجد کی شرقی یا غربی دیوار اسکے مطابق بنائیں۔

(۲)

ق قطب
شمس
س
ب
بلد

شمال
شمس
شمس
مغرب
مکہ
شمس
شمس

پہلے زاویہ ب ذیل کے جدول سے معلوم کریں

نمبر شمار	سایہ کی کیفیت	جب زاویہ سمت قبلہ ۹۰° سے بڑا ہو	جب زاویہ سمت قبلہ ۹۰° سے کم ہو
۱	سمت قبلہ پر قبل از دوپہر	۱۸۰ ـ زاویہ سمت قبلہ	۱۸۰ ـ زاویہ سمت قبلہ
۲	عمود 〃 〃 〃	۲۷۰ ـ زاویہ سمت قبلہ	۹۰ ـ زاویہ سمت قبلہ
۳	سمت قبلہ پر بعد از دوپہر	زاویہ سمت قبلہ	زاویہ سمت قبلہ
۴	عمود 〃 〃 〃	زاویہ سمت قبلہ ـ ۹۰	۹۰ + زاویہ سمت قبلہ

مثلاً کراچی کا زاویہ سمت قبلہ ۴ء۹۲ ہے۔ لہٰذا زاویہ ب (۱) ۶ء۸۷ (۲) ۶ء۱۷۷ (۳) ۴ء۹۲ (۴) ۴ء۲ ، پھر جدول ذیل سے یہ معلوم کریں کہ زاویہ ب کی کونسی قیمت مشاہدہ کے لئے مفید ہوسکتی ہے۔ بعض حالات میں ایک ہی قسم کے مشاہدہ کے لئے دو مختلف اوقات حاصل ہوسکتے ہیں، جیسا کہ نچلے جدول میں ہے۔

صورت اوّل عام

(عرض شمالی و جنوبی)

	صورت	کیفیت	تعداد اوقات
ا	ق ب اور ق ش میں °۹۰ سے زیادہ فرق ہو	۲۴ گھنٹے رات رہے گی	صفر
ب	دونوں کا مجموعہ °۹۰ سے کم ہو یا °۲۷۰ سے زیادہ	۲۴ گھنٹے دن رہے گا ث کی ہر قیمت مفید ہوگی	۱
ج	ق ب = ق ش ہو	بشرطیکہ ث مط سے بڑا ہو، ۹۰ سے کم ہو	۱

صورت دوم عرض البلد شمالی

	صورت	شرط	
د	ق ش، ق ب سے بڑا ہو مگر ق ش - ق ب ۹۰ سے کم ہو	ث مط سے بڑا ہو	۱
ہ	ق ب، ق ش سے بڑا ہو مگر ق ب - ق ش °۹۰ سے کم ہو	(۱) ث مط سے چھوٹا ہو (۲) مط سے بڑا ما سے چھوٹا ہو	۱ ۲

صورت سوم عرض البلد جنوبی

	صورت	شرط	
و	ق ب، ق ش سے بڑا ہو مگر ق ب - ق ش °۹۰ سے کم ہو	ث مط سے کم ہو	۱
ز	ق ش، ق ب سے بڑا ہو مگر ق ش - ق ب °۹۰ سے کم ہو۔	(۱) ث مط سے بڑا ہو (۲) مط سے کم ما سے بڑا ہو	۱ ۲

پہلے صورت اول دیکھی جائے۔ اگر اس کی شرائط نہ ملیں تو صورت دوم یا سوم دیکھی جائے۔ مط سے مراد ث کی وہ مقدار ہے جو طلوع کے وقت ہو یعنی جب ضلع ب ش °۹۰٫۸ ہو۔ ما سے مراد ث کی وہ مقدار ہے جبکہ زاویہ ش = °۹۰ ہو۔

مط اور ما کی مقدار معلوم کرنیکا قاعدہ

جب ضلع ب ق = °۹۰ ہو اس وقت مط اور ما میں سے ہر ایک ضلع ق ش کے برابر ہوگا، ورنہ بطریق ذیل معلوم کریں۔

مط، ن = (ب ش + عرض + میل مخالف یا - میل موافق) / ۲ ، جب (مط / ۲) = √(جب ن جب (ش ق - ن) / جم عرض جب ب ش)

"ما" جب ما = $\frac{\text{جب ش ق}}{\text{جب ق ب}}$ ، ما کی دو مختلف قیمتوں میں سے وہ قیمت لی جائیگی جو عرض البلد شمالی میں ۹۰° سے کم اور جنوبی میں ۹۰° سے زیادہ ہو۔

پھر زاویہ ش اس طرح معلوم کریں، جب ش = $\frac{\text{جب ب} \times \text{جب ق ب}}{\text{جب ق ش}}$ جدول میں سے ھ (۲) اور ز (۲) میں اس قاعدہ سے اخذ کردہ ش کی دونوں قیمتیں صحیح ہوں گی۔ باقی سب صورتوں میں صرف ایک قیمت صحیح ہوگی اسے کلیات ذیل سے معلوم کرلیں۔

(۱) اگر ق ب + ق ش = ۱۸۰ ہو تو ش + ب = ۱۸۰ ہو، اگر ق ب + ق ش ۱۸۰ سے کم ہو تو ش + ب ۱۸۰ سے کم ہو، اگر ق ب + ق ش ۱۸۰ سے زیادہ ہو تو ش + ب ۱۸۰ سے زیادہ ہو۔

(۲) اگر ش کی دونوں قیمتوں میں یہ شرط پائی جائے تو دونوں قیمتوں کے ساتھ الگ الگ یہ عمل کریں کہ $\frac{\text{ب+ش}}{۲}$ اور ۹۰ کا فرق معلوم کریں جس صورت میں فرق کم ہو ش کی وہی قیمت صحیح ہوگی۔ مثلاً ش کی ایک قیمت ۶۰° اور دوسری ۱۲۰° ہو اور ب = ۱۱۰° ہو تو $\frac{\text{۱۱۰+۶۰}}{۲}$ = ۸۵، ۹۰ − ۸۵ = ۵ اور $\frac{\text{۱۱۰+۱۲۰}}{۲}$ = ۱۱۵ − ۹۰ = ۲۵، معلوم ہوا کہ ش کی قیمت ۶۰° صحیح ہے،

پھر زاویہ ق معلوم کریں اس کے دو قاعدے ہیں۔ اگر زاویہ ش + زاویہ ب = ۱۸۰ ہو یا اسکے قریب قریب ہو (خواہ کچھ کم ہو یا زیادہ) تو پہلا قاعدہ استعمال نہ ہوگا اور اگر زاویہ ش = زاویہ ب ہو تو دوسرا قاعدہ استعمال نہ ہوگا۔ ش اور ب میں ذرا بھی تفاوت ہو تو استعمال ہوسکتا ہے۔ دیگر حالات میں دونوں قاعدے استعمال کئے جاسکتے ہیں۔

(۱) $\text{مم}\ \frac{\text{ق}}{۲} = \frac{\text{مس}\ \frac{\text{ب+ش}}{۲} \times \text{جم}\ \frac{\text{ق ش + ق ب}}{۲}}{\text{جم}\ \frac{\text{ق ش − ق ب}}{۲}}$

(۲) $\text{مم}\ \frac{\text{ق}}{۲} = \frac{\text{مس}\ \frac{\text{ب−ش}}{۲} \times \text{جب}\ \frac{\text{ق ش + ق ب}}{۲}}{\text{جب}\ \frac{\text{ق ش − ق ب}}{۲}}$

کراچی ۱۳/ اپریل کے لئے جدول میں سے د کی صورت بنتی ہے لہٰذا مط = ۷۹ر۲°

(۱) صبح ۷ گھنٹہ — ۲۹ منٹ قبلہ رُخ

(۲) " ۱۲ گھنٹہ — ۳۰ منٹ عمود

(۳) شام ۴ گھنٹہ — ۴۹ منٹ قبلہ رُخ

(۴) د کی صورت میں ث کا مط سے زیادہ ہونا شرط ہے جو یہاں مقصود ہے لہٰذا

یہ مشاہدہ نہیں ہو سکتا۔

③ بہت آسان قاعدہ ق = م – ن

جب م = جب ق ب مس ب مم ق ش / √(۱ + (جم ق ب مس ب)) مس ن = جم ق ب مس ب

بشرطیکہ م – ن کی قیمت مثبت ہو اور نصف النہار سے طلوع و غروب تک کی قوس سے کم ہو اگر م کی دونوں قیمتوں میں یہ شرط پائی جائے تو دونوں مفید ہونگی۔ مثلاً ۱۵ اپریل برائے کراچی

سمتِ قبلہ صبح	(م = ۲۲٫۱) – (ن = ۸۴٫۳) = ۶۲٫۲ (–)	غیر مفید
	۱۸۰ – ۲۲٫۱ – ۸۴٫۳ = ۷۳٫۶	مفید
عمود قبل دوپہر	۰٫۴ (–) + ۱٫۰ = ۰٫۶	مفید
	۱۸۰ + ۰٫۴ + ۱٫۰ = ۱۸۱٫۴	غیر مفید
سمتِ قبلہ شام	۲۲٫۱ (–) + ۸۴٫۳ = ۶۲٫۲	مفید
	۱۸۰ + ۲۲٫۱ + ۸۴٫۳ = ۲۸۶٫۴	غیر مفید
عمود بعد دوپہر	۰٫۴ – ۱٫۰ = ۰٫۶ (–)	غیر مفید
	۱۸۰ – ۰٫۴ – ۱٫۰ = ۱۷۸٫۶	غیر مفید

م کی دونوں قیمتیں مفید ہونے کی مثال، چاٹگام ۲۰ جون سمتِ قبلہ شام

۸۰٫۶ – ۶۷٫۱ = ۱۳٫۵ مفید

۱۸۰ – ۸۰٫۶ – ۶۷٫۱ = ۳۲٫۳ مفید

(ب) بذریعہ پیمائش درجات قائم کرنیکے قواعد

① نصف زاویہ کے جب کو ضعف ساق سے ضرب دیں تو زاویہ کی وسعت معلوم ہو جائیگی۔ مثلاً زاویہ ۱۰° اور ساق ۳۰ فٹ ہو تو جب ۵° = ۰٫۰۸۷۲ × ۶۰ = ۵٫۲۳۲ فٹ زاویہ کی وسعت ہوگی۔

② قطب نما یا قطب ستارہ کے ذریعہ خط شمال و جنوب ش ج ۴ فٹ لمبا کھینچیں پھر نقطہ ج پر عمود ج م ۳ فٹ لمبا اس طرح بنائیں کہ خط ش م ۵ فٹ ہو تو زاویہ ج = ۹۰° ہوگا۔ پھر ج م کو م کی طرف ایک فٹ بڑھائیں تاکہ خط ج ع ۴ فٹ ہو جائے، پھر خط ش ع کے نصف پر خط ج ن کھینچیں تو زاویہ ج کے دو برابر حصے ہو کر ہر ایک حصہ = ۴۵° ہوگا۔

اب سمت مطلوب خط ش ج، ن ج، ع ج میں سے جس سے زیادہ قریب ہو اس خط کو نقطہ ہ تک اتنا کھینچیں کہ خط ج ہ ۵ فٹ ہو جائے۔ پھر ڈوری کی ایک جانب کو مرکز ج پر قائم رکھیں اور دوسری جانب کو نقطہ ہ سے سمتِ مطلوب کی طرف قوس بناتے ہوئے لائیں پھر ۰۴ء۱ انچ فی درجہ کا حساب لگاکر اس کے برابر خطِ مستقیم ہ س اس طرح کھینچیں کہ نقطہ س قوس مذکور پر واقع ہو اور ج س ۵ فٹ ہو۔ یہ خط ج س سمت قبلہ ہوگی۔

مثلاً کراچی کی سمتِ قبلہ مغرب سے ۴ء۲ جنوب کی طرف ہے لہٰذا ۴ء۲ × ۰۴ء۱ = ۴۹۶ء۲ انچ یعنی ۵ فٹ کی لمبائی پر زاویہ کی وسعت تقریباً ½ ۲ انچ ہوگی۔

چند مفید قواعد (مزید تحقیق تتمہ میں ہے)

(۱) تاریخ ماہ قمری کا دن معلوم کرنیکا قاعدہ:

قمری تاریخ کے دن کی صحیح تعیین اور اسی طرح ہجری و عیسوی تاریخوں کا صحیح تقابل مشکل ہے۔ قواعد ذیل تقریبی ہیں ان کے ذریعہ حاصل شدہ نتیجہ میں ایک روز کی تقدیم یا تاخیر ہو سکتی ہے۔ اگر قمری تاریخ کا دن، شمسی تاریخ کا دن اور ہجری و عیسوی تاریخوں کا تقابل، ان تینوں کا حساب لگا کر باہم مقابلہ کر لیا جائے تو نتیجہ زیادہ صحیح برآمد ہو سکتا ہے۔

(۱) سن ہجری کو آٹھ پر تقسیم کریں باقی کا قائم مقام عدد آئندہ جدول سے لیکر اسمیں ماہ کا قائم مقام عدد اور تاریخ مطلوب جمع کریں۔ پھر مجموعہ کو سات پر تقسیم کریں۔ اگر باقی کچھ نہ بچے تو تاریخ مطلوب بروز شنبہ ہوگی۔ اگر ایک بچے تو یکشنبہ، دو بچیں تو دوشنبہ ہوگا۔ اسی طرح چھ بچیں تو جمعہ کا دن ہوگا۔ یہ قاعدہ ۱ھ سے ۱۲۶ھ تک ہے اس کے بعد ایک دن کم ہو جائے گا اسی طرح ہر ۱۲۶ سال پر ایک دن کم کرتے جائیں، اس حساب میں قمری سال = ۳۵۴٫۳۶۷۰۵۶ دن لیا گیا ہے اور غرۂ محرم ۱ھ بروز پنجشنبہ قرار دیا گیا ہے اور یہی راجح ہے،

سن ہجری کو آٹھ پر تقسیم کرنے کے بعد					۰	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷
باقی کا قائم مقام عدد					۰	۴	۱	۶	۳	۰	۵	۲
ماہ	محرم	صفر	ربیع الاول	ربیع الآخر	جمادی الاولیٰ	جمادی الآخرہ	رجب	شعبان	رمضان	شوال	ذی قعدہ	ذی الحجہ
قائم مقام عدد	۰	۲	۳	۵	۶	۱	۲	۴	۵	۰	۱	۳

مثال :

(ل) اس پر اجماع ہے کہ حجۃ الوداع سنہ ۱۰ھ میں بروز جمعہ ہوا ہے۔ لہٰذا ۱۰ ÷ ۸ باقی ۲، اسکا قائم مقام ۱ اور ذوالحجہ کا قائم مقام ۳، تاریخ مطلوب ۹، پس ۱ + ۳ + ۹ = ۱۳ ÷ ۷، باقی ۶، معلوم ہوا کہ ۹ ذوالحجہ بروز جمعہ تھی۔

(ب) سنہ ۱۴۰۰ھ کا غرۂ محرم یوں نکلے گا۔ ۱۴۰۰ ÷ ۸ باقی ۰، اسکا قائم مقام ۰ + محرم کا قائم مقام ۰ + تاریخ ۱ = ۱، پھر ۱۴۰۰ ÷ ۱۲۶ = ۱۱، ۱ − ۱۱ = ۱۰ (−) ÷ ۷، باقی ۳ (−) = ۴، پس غرۂ محرم سنہ ۱۴۰۰ھ بروز چہارشنبہ ہوگا۔

(۲) سن ہجری کو آٹھ پر تقسیم کرنے کے بعد باقی کا قائم مقام عدد "جزد بوجاہ" سے یوں معلوم کریں کہ تقسیم کے بعد کچھ نہ بچے تو ج کا عدد یعنی ۳ لیں اور ایک بچے تو ز کا عدد ۷ لیں۔ علیٰ ہٰذا القیاس سات بچیں تو ہ کا عدد ۵ لیں۔

اور مہینے کا قائم مقام عدد اس طرح حاصل کریں کہ محرم کے لئے صفر اور اسکے بعد ہر مہینے پر $1\frac{1}{2}$ کا اضافہ کریں۔ جہاں حاصل جمع میں کسر آئے اس کو کامل کریں۔ مثلاً ذوالحجہ کا قائم مقام عدد $11 \times 1\frac{1}{2} = 16\frac{1}{2} + \frac{1}{2} = 17$، سن اور ماہ کے قائم عدد میں تاریخ مطلوب جمع کر کے سات پر تقسیم کریں۔

یہ قاعدہ سنہ ۱۳۸۷ھ سے لیکر سنہ ۱۵۱۲ھ تک ۱۲۶ سال کے لئے ہے۔ سنہ ۱۳۸۷ھ سے قبل کے لئے ۱۵۱۲ سے مطلوب سن تفریق کر کے باقی کو ۱۲۶ پر تقسیم کریں۔ حاصل تقسیم کو مجموع اول میں جمع کر کے سات پر تقسیم کریں اور سنہ ۱۵۱۲ھ کے بعد کے لئے مطلوب سن سے ۱۳۸۷ تفریق کر کے باقی کو ۱۲۶ پر تقسیم کریں اور حاصل تقسیم کو مجموع اول سے تفریق کر کے سات پر تقسیم کریں۔

مثال :

(ل) غرۂ محرم سنہ ۱۴۰۰ھ اس طرح نکالیں ۱۴۰۰ ÷ ۸ باقی ۰، اس کا قائم مقام عدد ۳ + محرم کا قائم مقام عدد ۰ + تاریخ ۱ = ۴ = چہارشنبہ

(ب) حجۃ الوداع کے دن کی تخریج یوں ہوگی، ۱۰ ÷ ۸ باقی ۲، اس کا قائم مقام ۴ + ذوالحجہ کا قائم مقام ۱۷ + تاریخ ۹ = ۳۰

پھر ۱۵۱۲ - ۱۰ = ۱۵۰۲ ÷ ۱۲۶ = ۱۱ + ۳۰ = ۴۱ ÷ ۷ باقی ۶ = یوم جمعہ

محسنِ اعظم صلی اللہ علیہ وسلم کی تاریخ ولادت :

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر مبارک بوقت ہجرت ۵۳ سال تھی، اس سے آپکی تاریخ ولادت کا حساب یوں ہوگا، ۵۳ (-) ÷ ۸ باقی ۵ (-) = ۴ یعنی قمر کے ہشت سالہ دَور سے منفی سال پانچواں ہوا تو مثبت چوتھا ہوگا، ۴ کا قائم مقام عدد ۳ + ربیع الاوّل کا قائم مقام عدد ۳ + تاریخ ۱ + ۱۲۶ اسالہ دَورِ معہود سے تقدم ۱ = ۸ ÷ ۷ باقی ۱ = یکشنبہ۔ ولادتِ مبارکہ بالاتفاق دوشنبہ = ۲ یا ۹ ربیع الاوّل۔ مغلطائی نے اوّل کو ترجیح دی ہے مگر حضرت عبد اللہ ابن عباس و جبیر بن مطعم رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے ۸ ربیع الاوّل منقول ہے اور جمہور محدثین و مؤرخین کا یہی مختار ہے، حسابی قاعدہ میں ایک دن کا فرق معمولی بات ہے۔

تاریخ وفات :

